اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

Posted On Kitab Nagri

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

ابے پہلے چپ کر پھر بات کرنا مجھ سے۔

مان نے مغیرہ کو مسلسل ہنستے دیکھ غصے سے کہا۔

ابے یار جو شخص اپنے باپ کو شیشے میں اتار دے اس سے بڑا گیمنگ کون ہو گا؟

مان کے غصے سے کہے ہر مغیرہ نے سنجیدہ ہوتے آئی رواچکاتے ہوئے کہا۔

بس ہو گیا اب تیرا چک نکل مجھے آرام کرنا ہے۔

مان نے مغیرہ کی بات سن کر بیزاری سے کہا۔

اچھا جا رہا ہوں لیکن مجھے تجھ سے ایک ضروری بات کرنی ہے اس لئے چپ چاپ بیٹھ کر میری بات سن

۔

Posted On Kitab Nagri

اچھا بول کیا بات ہے۔

ماں نے مغیرہ کو سیریئس دیکھ کر بیڈ پر بیٹھتے ہوئے کہا۔

ماں تو کہہ رہا ہیکہ تو ازدیان سے نکاح کریگا وہ بھی کہ لیکن تو نے ازدیان سے تو اس بارے میں کوئی بات نہیں کی اور مجھے نہیں لگتا کی وہ تجھ سے نکاح پر راضی ہو گی کیونکہ جس شخص کے باپ نے اس کے ساتھ اتنا ظلم تو وہ کیوں اس شخص سے نکاح کریگی اس کے ذہن میں یہی ہو گا کہ جیسا باپ ہے ویسا ہی بیٹا ہو گا اور اگر اس نے بھرے مجمعے میں تجھ سے نکاح کرنے سے انکار کر دیا تو یہ تو بہت بے عزتی والی بات ہو گی۔

مغیرہ نے ماں کو اپنی بات سمجھاتے ہوئے پوچھا۔

کہہ تو تو تھیں رہا ہے میں بات کرتا ہو عائزہ اور رومیشہ سے کے وہ بتادے اسکو اور اگر اس نے انکار کیا تو اسکو میرے قہر سے کوئی نہیں بچاسکے گا وہ مانے یانا مانے مجھے کوئی نہیں پڑیا لیکن اسے مجھ سے نکاح کرنا پڑیگا اور تو دیکھنا وہ نکاح کے لئے ہاں ہی کریگی کیونکہ اسکے پاس اور کوئی آپشن بھی نہیں ہے۔

مغیرہ کے پوچھنے پر ماں نے ضدی لہجے میں کہا۔

Posted On Kitab Nagri

مان تو زبردستی نکاح نہیں کر سکتا اور جہاں تک میرا اندازہ ہے وہ تیرے اس دھونس بھرے رویے سے تو بلکل بھی نہیں مانے گی لیکن ہو سکتا ہے اگر تق اس سے نرمی سے بات کرے تو وہ مان جائے یا ایک اور بات نکاح کی بات تو خود اس سے کریگا بھلے عائزہ اور رویشہ کے سامنے کرنا لیکن تو خود ہینڈل کرنا کیونکہ جس طرح تو ہینڈل کریگا وہ دونوں نہیں کر سکینگی۔

ہہمم۔۔۔شاید تو ٹھیک کہہ رہا چک ابھی چلتے ہیں مجھے اس سے بات کرنی ہے۔۔۔ مغیرہ کی بات پر مان نے اٹھتے ہوئے کہا۔

نہیں مان ابھی نہیں ابھی سب ہونگے لنچ کا ٹائم ہو رہا ہے رات کو بات کرنا جب سب اپنے اپنے کمروں میں ہو۔

مغیرہ نے مان کو اٹھتے دیکھ سمجھاتے ہوئے کہا۔

مغیرہ میں بزدل نہیں ہو جو رات کے اندھیرے میں اسکے کمرے میں جاؤ اور نا ہی میری نیت میں کھوٹ ہے جسکی وجہ سے مجھے رات کا انتظار کرنا پڑے۔۔۔

مغیرہ کے بات پر مان نے ماتھے پر بل ڈالتے ہوئے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

ابے او بیو قوف میر اوہ مطلب نہیں تھا مجھ سے زیادہ تجھے کونسا جان سکتا ہے جگر لیکن تیری اس بہادری کے چکر میں ازدیان کے کردار پر سوال اٹھ سکتے ہیں اور تو کسی کو کچھ کہہ بھی نہیں سکے گا کیونکہ تیرا اس پر ابھی کوئی حق نہیں اور کیا تو چاہے گا کہ لوگ تیری ہونے والی بیوی پر سوال اٹھائے اور پھر تو جرگے میں ازدیان سے نکاح کا اعلان کریگا تو سب یہیں کہینگے کہ تمہارا پہلے سے چکر تھا نہیں بلکہ یوں کہاں جائیگا کہ لڑکی نے اپنی اداؤں سے تجھ معصوم کو بھنسالیا جو کہ تو بلکل بھی نہیں ہے۔

مغیرہ نے مان کو گھورتے ہوئے کہا اور آخر میں طنز کیا۔

تجھے بس عورتوں کی طرح مجھے طعنے مارنے کا موقع چاہئے۔

مغیرہ کے کہنے پر مان نے بھی طنز کیا۔

کیا کرو تیرا ہی تو بھائی اور دوست ہوں اثر تو آئیگا نہ۔

مان کے کہنے پر مغیرہ نے بھی اسے سلگایا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میرا اثر آہی نا جائے تجھ میں میرے جیسا بنے کے لئے تجھے صدیوں محنت کی ضرورت ہے میرے دوست۔

مغیرہ کے کہنے پر مان نے فرضی کالر جھاڑتے ہوئے کہا۔

او بھائی مجھے تیرے جیسا آدم بیزار بننا بھی نہیں ہے۔

Posted On Kitab Nagri

مان کے کہنے پر مغیرہ نے اسکی غلط فہمی دور کرنا اپنا فرض سمجھا۔

اچھا اب بہت ہو گیا اب تو دفعہ ہو جا یہاں سے۔

مان ماتھے پر بل ڈالتے ہوئے مغیرہ سے کہا۔

ابھی مغیرہ کوئی جواب دیتا کے جیسمین بنا نوک کیے دھاڑ سے دروازہ کھولتی ہوئی اندر داخل ہوئی۔

یہ کیا بد تمیزی ہے تمہیں تمیز نہیں ہے کسی کمرے میں داخل ہونے سے پہلے نوک کرتے ہیں اور ایسی کونسی ایمرجنسی ہو گئی تھی جو تمہیں میرے کمرے بنا نوک کے آنا پڑا۔

مان جو کہ مغیرہ کے سب زچ کرنے پر پہلے ہی سلگا ہوا تھا جیسمین کو بنا نوک کیے اپنے کمرے میں آتا دیکھ دھاڑتے ہوئے کہنے لگا۔

ووہ۔۔۔انکل تمہیں اور اس کو کھانے پر بلا رہے تھے۔

مان کے دھاڑتے ہوئے کہنے پر جیسمین جو کہ مان سے باتیں کرنے کے لئے آئی تھی جلدی سے بات بدل کر کہتی فوراً سے بھاگ گئی۔

ہاہاہاہاہاہاہاہا۔۔۔یار اتنی دہشت۔

جیسمین کے بھاگنے پر مغیرہ نے قہقہہ لگاتے ہوئے مان سے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

چل اب آٹھ تو نے آرام تو مجھے کرنے نہیں دیا چل کر کھانا کھاتے ہیں۔

مان نے مغیرہ ہنستے دیکھ اسکو تھپڑ مارتے ہوئے کہا اور دونوں لنچ کرنے کے لئے چل دیے۔

بھائی آپ جہاں کیوں آئے ہیں اگر بابا کو پتہ چل گیا تو بہت برا ہو جائیگا پلیز آپ جہاں سے جائیں خدا کے لئے یہاں سے جائیں۔

مان جو کہ لنچ کے بعد اپنی ماں کے کمرے میں آیا تھا عائزہ اور رو بیشہ بھی وہی تھی مان کو کمرے میں دیکھ کر کہنے لگی۔

گڑیا یہ میری ماں کے ان سے ملنے سے یا ان کے کمرے میں آنت سے مجھے کوئی نہیں روک سکتا اور آپ اتنا ڈر کیوں رہی ہو اور ایسا کیا ہو جائیگا جو آپ لوگ اتن ڈر رہے ہو۔

بھائی آپ نہیں جانتے جب آپ باہر تھے مما جب بھی بابا کو آپ سے بات کروانے کا کہتی باب مما کو بہت مارتے تھے کہ وہ آپ سے دور رہیں آہ انکی سوتیلی اولاد ہیں اور خود تو مجھے بیٹ نہ دے سکی لیکن میرے بیٹے کو خود کی جانب راغب کرنا چاہتی ہے ایک دفعہ تو بابا نے مما کو اتن مار تھا کہ۔

عائزہ زبان کو لگام تو بابا ہیں وہ تمہارے۔

عائزہ ابھی بول ہی رہی تھی کہ عافیہ بیگم کہنے لگی۔

Posted On Kitab Nagri

نہیں مما پہلے تو ہمارا غمگسار اللہ تعالیٰ کے سوآء کوئی نہیں تھا لیکن اب ہمارے بھائی ہے اور اب میں ان سے کچھ نہیں چھپاؤنگی کیونکہ بھائی بہنوں کے محافظ ہوتے ہیں اوہ مجھے یقین ہے میرا بھائی بھی ہمیں اس گھر نامی قید سے باہر نکالینگے۔

مما آپ کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے آپ لوگوں کو اب کوئی کچھ کہنا تو دور کی بات غلط نیت سے بھی دیکھے تو آپکا بیٹا اسکے آنکھیں نوچ لیگا اور عائزہ بیٹا پہلے اپنے آنسو صاف کرو اور بتاؤ کیا ہوا تھا اس دن۔

مان نے عافیہ بیگم کو تسلی دینے کے ساتھ عائشہ کو مخاطب کیا جسکا چہرہ آنسوؤں سے بھیگ ہوا تھا۔

بھائی ایک دن چھپکے سے مما نے آپ کا نمبر ڈائل کرلیا تھا اور شاید آپ فون بھی اٹھالیتے لیکن پھوپھو نے باب کو گھر میں داخل ہوتے ہی بابا کو بتادیا پھر بابا نے سب کے سامنے ہی مما کو اتنا مارا کہ وہ بے ہوش ہوگئیں اور انکا سر ٹیبل سے لگا جسکی وجہ سے وہ پورے سال کومہ میں رہیں لیکن کسی کو پرواہ نہیں تھی اور پھر جب سے ہی مما نے آپ سے بات کرنے کی کوششیں بند کردی۔

بھھائیی-----

Posted On Kitab Nagri

جی گڑیا کیا ہوا۔۔۔۔۔

ابھی عائزہ بول ہی رہی تھی کہ روبیشہ نے مان کو پکارا۔

کیا ہوا گڑیا آپکا چہرہ اتنا سفید کیوں ہو رہا ہے اور آپ رو کیوں رہی ہو۔

مان نے روبیشہ کا سفید چہرہ دیکھتے ہوئے کہ جو کہ آنسوؤں سے تر تھا۔

بھائی وہ منیزہ نے ساری باتیں سن لی اب وہ بابا کو بتا دیگی پھر پتا نہیں بابا ہمارے ساتھ کیا کرینگے۔

روبیشہ کے خوف سے کہنے پر عائزہ کے چہرے پر بھی خوف کے آثار نظر آنے لگے۔

کچھ نہیں ہوگا گڑیا پ کا بھائی ہے نہ یقین رکھو اپنے بھیا پر اب آپ لوگوں کو کسی سے بھی ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے اب آپ لوگوں کے برے دن ختم اور اچھے دن شروع اس لئے ریلیکس رہو۔

بھائی آپ بیسٹ ہو۔

Kitab Nagri

مان کے کہنے پر روبیشہ اور عائزہ نے مان کے گلے لگتے ہوئے کہا۔

www.kitabnagri.com

بھائی کی جان اب آپ لوگ بھی کھل کر زندگی جیو کسی سے بھی ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے ٹھیک ہے
۔

مان باری باری دونوں کے سر پر پیار کرتے ہوئے کہا تو سر اثبات میں ہلا گئی۔

میرا بچہ اپنی ماں کے گلے نہیں لگیگا؟

Posted On Kitab Nagri

عافیہ بیگم نے بہن بھائیوں کا پیار دیکھتے ہوئے اپنے بازوؤں وا کرتے ہوئے کہا تو مان انکے بازوؤں میں سما گیا اور انکو پیار کیا۔

میر ا بیٹا بھلے ہی مان پ میری بہن کے بیٹے ہو لیکن میں نے آپ کے لئے ماں کی طرح تڑپی ہوں کیونکہ کہتے ہیں نہ خالہ دوسری ماں ہوتی ہے اور پھر جب میں تمہاری ماں کی حیثیت سے اس گھر میں آئی تب سے میں نے آپ کو اپنا سگا بیٹا مانا ہے خدارا میری محبت پر کبھی شک مت کرنا۔

مما کیا ہو گیا ہے اس دنیا میں آپ ہی میری ماں ہیں اور اسکے علاوہ میں کچھ نہیں جانتا یہ سگا سوتیلا کی ہوتا ہے میں ان چیزوں کو نہیں جانتا بس میں اتنا جانتا ہوں پ۔ میری ماں ہی اور عائزہ اور رومیشہ میری بہنیں اور میں انکا بھائی اور آپکا بیٹا ابو اور اس سے زیادہ میں جاننا چاہتا بھی نہیں ہوں۔
عافیہ بیگم کے روتے ہوئے کہنے پر مَن نے انکے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

-------------------

بھائی دروازہ بجائیں۔

Posted On Kitab Nagri

روبیشہ نے مغیرہ سے کہا جو کہ ڈنر کے بعد جب سب اپنے کمروں میں چلے گئے تو وہ چاروں اب ازدیان کے روم کے باہر کھڑے تھے تاکہ اس سے کل نکاح کے معاملے میں بت کر سکیں۔

ٹک ٹک ٹک۔۔۔

عائزہ کے کہنے پر مغیرہ نے ازدیان کے کمرے کے دروازے پر دستک دی۔

کون؟

ازدیان جو کہ ابھی عیشاء کی نماز پڑھ کر فارغ ہوئی تھی دروازہ پر دستک ہوتے دیکھ پوچھنے لگی۔

کھولو دروازہ۔۔۔

مان جو کہ گوفت سے کھڑ دروازہ کھلنے ک انتظار کر رہا تھا ازدیان کے پوچھنے پر گھمبیر لہجے میں کہنے لگا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

معذرت لیکن میں جب تک دروازہ نہیں کھولو نگی جب تک پ کسی لیڈیز کے ساتھ نہیں آئینگے اگر آپ کو کوئی بات کرنی ہے تو عائزہ آپی اور روبیشہ آپی کو لیکر آئیں میں اکیلے آپ کو روم میں آنے نہیں دو نگی۔

مان کے کہنے پر ازدیان نے دوٹوک کہا۔

گڑیا ہم بھی ساتھ ہیں دروازہ کھولو کچھ بات کرنی ہے آپ سے۔

Posted On Kitab Nagri

روبیشہ نے مان کا غصے سے سرخ ہوتا چہرہ دیکھ جلدی سے کہا جبکہ مغیرہ سے پانی ہنسی کنٹرول کرنے مشکل ہو رہا تھا۔

روبیشہ کی آواز سنتے ہی ازدیان نے بڑی سی چادر پہن کر نقاب کیا اور دروازہ کھول دیا۔

دروازہ کھولتے ہی وہ چاروں اندر داخل ہوئے جبکہ مان ابھی ابھی غصے سے ازدیان کو ہی گھور رہا تھا۔

جی کہیں کی بات ہے جو آپی اتنی رات کو آپکو یہاں آنا پڑا۔

ازدیان نے مغیرہ اور مان کو اگنور کرتے ہوئے عائزہ سے پوچھا جو کہ بیڈ پر بیٹھی ہوئی تھی جبکہ مان اور مغیرہ سامنے رکھے صوفوں پر بیٹھے ہوئے تھے۔

گڑیا دراصل وہ۔۔۔۔

کل تمہارا نکاح ہے وہ بھی مجھ سے اس لئے چپ چاپ قبول کرلینا۔

مغیرہ ابھی بول ہی رہا تھا کہ مان جو کہ پہلے سے ہی غصے میں تھا اپنے اگنور کیے جانے پر اسکو اور غصہ آیا اس لئے مغیرہ کے کہنے سے پہلے ہی خود اسپاٹ لہجے میں کہہ کر اپنی موجودگی کی احساس دلایا۔

اور آپ کو ایس کیوں لگتا ہیکہ میں آپ کی بات کے آگے چپ چاپ سر تسلیمِ خم کرونگی۔

Posted On Kitab Nagri

مان کے کہنے پر ازدیان نے آئیبر و اچکاتے ہوئے پوچھا۔

کیونکہ میری بات پتھر پر لکیر ہوتی ہے اور مجھے نہ سننا پسند نہیں اور رہی تمہارے قبول کرنے کی تو تمہارے پاس اس کے علاوہ کوئی آپشن بھی نہیں۔

آپ میری بات بسی کا مزاق اڑانے آئیں ہیں یہاں اور میں ابھی اتنی پاگل نہیں ہوں کی ایک زندان سے نکل کر دوسرے زندان میں چلی جاؤ۔

مان کی بات ازدیان کو ناگوار گزری تھی تبھی ماتھے پر بل ڈالے دوٹوک کہا جبکہ وہ تینوں تو ان دونوں کی لڑائی سے لطف اندوز ہو رہے تھے۔

تمہیں جو سمجھنے ہے سمجھو لیکن یہ بات نہیں بھولنا کہ اس،ندام سے تمہیں نکالنے والے بھی میں ہی ہوں اور رہی بات نکاح کی تو وہ تمہیں ہر حال میں کرن ہو گا چاہیے پھر اسکے بعد کی زندگی تمہارے لئے زندان جیسی ہوی پھر آزادی کی۔

مان نے بھی دوٹوک کہا اور وہاں سے جانے لگا۔

دیکھیں میں آپکی زر خرید غلام نہیں ہوں جس لئے آپ جیسے کہینگے میں ویسا کرونگی اور اگر آپکو نہ سننے کے اتنی ہی عادت نہیں ہے تو اس شخص سے اپنی بات منوائیں جو آپکے آگے ملکے بچھائے ہمیشہ تیار بیٹھا

Posted On Kitab Nagri

ہوں لیکن مجھ سے غلط امید باندھی ہے آپ نے کے میں بھی ان لوگوں کی طرح چل چاپ آپکی بات مانو گی۔

مان ابھی جانے کے لئے کھڑا ہی ہوا تھا کہ ازدیان بھی کھڑے ہوتی تیز آواز میں کہنے گی۔

وہ کہ سب کو پتہ پڑ جائیگا کہ تم میری زر خرید نہیں البتہ بیوی ضرور ہو اور کل سے تم بھی مجھے کسی چیز کے لئے نہ نہیں کر سکو گی اور تم ہی میرا انتظار کرو گی اور تم ہی میری ساری مریدوں پر پورا اترو گی اس لئے کل نکاح کے لئے تیار رہنا سامنے تمہیں مل جائیگا اور زرا اپنی آواز نیچے رکھ کر مجھ سے بات کیا کرو مجھے اپنے سامنے زبان خانے والے لوگ زرا پسند نہیں کہ ملاقات ہوگی نکاح کے بعد جب تم میری دسترس میں ہوگی مسز ٹوبی۔

مان اسکو سلگارے ہوئے وہاں سے چلا گیا جبکہ پیچھے وہ بس اپنی مٹھیاں بھینچ کر رہ گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

گڑیا میر دوست بُرا نہیں ہے وہ تمہیں تحفظ دینا چاہتا ہے تمہاری حفاظت کرنا چہتا ہے اسکی کوئی غلط نیت نہیں ہے تم سے نکاح کرنے کی میں گارنٹی دیتا کو وہ کچھ برا نہیں کریگا اور اگر اس نے کچھ غلط کیا آپ کے ساتھ تو میں آپکا ساتھ دونگا پھر جو پ کہو گی وہی ہو گا لیکن پلیز ابھی اپنے بھائی کی بات من کر کل

Posted On Kitab Nagri

نکاح کرلینا ابھی وعی رات باقی ہے آپ سوچ سمجھ لو اور اگر پھر بھی آپکا جواب نہ ہی ہو تو میں اپنی بہن کے ساتھ زبردستی نہیں ہونے دونگا لیکن میری باتوں کو سوچنا ضرور۔

مغیرہ نے ازدیان کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا اور وہاں سے چلا گیا۔

شہزادی میرے بھائی بہت اچھے ہیں اور ہم تم کو بھی اب خود سے دور جنت نہیں دیکھ سکتے جسکا ایک ہی حل ہے آپ بھائی سے نکاح کرلو میری گڑیا آپ ہمیشہ خوش رہو گی لیکن اسکے پکو نکاح کرنا پڑیگا آپ کو شادی کرنی ہی تو ہے کیونکہ آپ کے پاس دنیا میں کوئی سہارا نہیں بچا تو کیوں نہ میرے بھائی پر قسمت آزمالو مجھے امید ہے وہ تو مایوس نہیں کرینگے باقی کیسے تمہاری مرضی۔

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

عائزہ نے اسے سمجھایا اور وہ دونوں بھی اپنے اپنے کمروں۔ کی طرف چل دی جبکہ پیچھے ازدیان سر ہاتھوں میں گرائے بیڈ پر ڈھ گئی۔

آج جمعۃ المبارک کا دن تھا آج بہت سے لوگوں کی قسمت کا فیصلہ ہونا تھا اب دیکھنا یہ تھا کہ کس کے حق میں آج کا دن خوشیاں لاتا ہے اور کس کے حق میں غم۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

صبح کا وقت تھا اور ازدیان فجر کی نماز کے بعد اپنے رب سے گفتگو میں مصروف خود کے فیصلے اللہ کے سپرد کر کے اب سکوں سے اپنے رب سے محو گفتگو تھی کیونکہ کل رات سب کے جانے کے بعد ازدیان نے استخارہ کر کے اپنے رب سے اپنی زندگی کے اس اہم فیصلے میں مدد مانگی اور پھر ایسا کیسے

Posted On Kitab Nagri

ہو سکتا ہے کہ انسان اپنے رب کو پکارے اور اسکا رب اسکی التجانہ سنے اسی طرح ازدیان بھی اپنے رب سے مدد مانگ کر پر سکون ہو کر سو گئی تو اللہ نے بھی اسکا دل مطمئین کر کے اسکی مدد کی اور اب وہ اپنے رب کی رضامان کر نکاح کے لئے راضی ہو گئی تھی باقی مستقبل کا اس نے رب پر چھوڑ دیا تھا اور اسکو اپنے مستقبل کی زرہ برابر بھی پرواہ نہ تھی کیونکہ اسکو توکل تھا کہ اسکا رب کبھی بھی اپنے بندوں کے ساتھ ظلم نہیں کرتا اللہ اتنا رحیم ہیکہ وہ تو کافروں پر بھی رحم اور محبت کرتا ہے تو مومنوں سے اسکی محبت کی حد کیا ہو گی لیکن پھر بھی ہم اسکو بھولے بیٹھے ہیں۔

ازدیان نے نماز پڑھ کر قرآن پاک کی تلاوت کی سورۃ الکہف پڑھی اور صبح کے اذکار پڑھے اتنے میں سورج نکل آیا تو ازدیان دوبارہ اپنے رب کے آگے سجدہ ریز ہوئی اور اشراق کی بارہ رکعتیں ادا کی اتنے میں ملازمہ ناشتہ لے آئی تو وہ ناشتہ کرنے لگی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ٹک ٹک ٹک۔۔۔

ابھی وہ ناشتہ ہی کر رہی تھی کہ دروازہ بجا۔

آجائیں۔۔۔ دروازہ بجنے کی آواز پر ازدیان نے آنے والے وجود کو کمرے میں آنے کی اجازت دی۔

اسلام علیکم کیسی ہو آپ شہزادی؟

Posted On Kitab Nagri

روبیشہ نے اندر داخل ہوتے ہی سلام کے ساتھ ازدیان کا حال احوال پوچھا۔

وعلیکم سلام اور الحمدللہ میں بلکل ٹھیک آپ بتائیں کیسے آنا ہوا خیریت؟

ازدیان نے روبیشہ جواب دینے ساتھ آنے کی وجہ پوچھی حالانکہ وہ جانتی تھی پھر بھی روبیشہ کے منہ سے سننا چاہتی تھی۔

آپ جنتی ہو ہم کیوں آئے ہیں اور اگر پھر بھی آپ ہمارے منہ سے سننا چاہتی تو کوئی بات نہیں میں پوچھ لیتی ہو کہ---۔

کیا میری شہزادی میری بھابھی بننا قبول کریگی؟

ابھی روبیشہ کوئی جواب دیتی کہ پیچھے آتی عائزہ نے ازدیان سے پوچھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپی میں جانتی ہوں کہ میرے پاس اسکے علاوہ کوئی اور آپشن نہیں ہے اور شاید اللہ نے کوئی اور آپشن اس لئے نہیں چھوڑا کیونکہ شاید اللہ تعالیٰ بھی یہی چاہتے ہیں لیکن میں ایک بات کلئیر کر دیتی ہوں کہ میں نے یہ فیصلہ آپکے بھائی کے روب میں آکر یا ان سے متاثر ہو کر نہیں کیا شاید آپ میری بات کا یقین نہ کریں لیکن سچ یہی ہیکہ میں نے انہیں ابھی تک دیکھا بھی نہیں ہے اس لئے متاثر ہونے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کل آپ سب کے جانے کے بعد میں نے استخارہ کیا تھا اور اپنے اللہ سے مدد

Posted On Kitab Nagri

مانگی تھی اور اللہ تعالٰی نے میرے دل کو مطمئین کر کے میری مدد بھی کی ہے اور باقی سب میں نے اپنے رب پر چھوڑ دیا کیونکہ مجھے یقین ہے وہ کبھی اپنے بندوں کے ساتھ کچھ بھی برا نہیں کرتا اور اللہ کی رضا میں راضی ہو کر یہ فیصلہ کیا ہے اور میں چاہتی ہو کہ آپ میرا یہ پیغام نکاح سے پہلے اپنے بھائی کو پہنچائیں کہ میں کوئی ایسی ویسی لڑکی نہیں ہو جو انکے روب میں آجاؤنگی یا ان پر مر مٹو گی کیونکہ میرا ایمان اتنا کمزور نہیں ہیکہ ایک غیر محرم پر مر کر میں اپنے رب کی بنائی ہوئی حدود بھول جاؤ اس لئے ان سے کہئیگا کہ یہ فیصلہ میں نے صرف اپنے رب کی رضا میں راضی ہو کر کیا ہے ورنہ میں کسی سے نہیں ڈرتی۔

عائزہ کے کہنے پر ازدیان نے انکو تفصیل سے نڈر انداز میں جواب دیا جسکو باہر کھڑے مغیرہ اور مان نے بھی باخوبی سنا جو کہ ناشتہ کر کے زوبیشہ اور عائزہ کے ساتھ ہی آئے تھے لیکن ازدیان کا کل کا ریکشن دیکھ کر باہر ہی کھڑے ہو گئے جبکہ وہ دونوں اندر چلی گئی۔

اور اب ازدیان کی بات سن کر مان وہاں سے پلٹ گیا تو مغیرہ بھی اپنے کمرے میں چلا گیا۔

مجھے خوشی ہوئی میری شہزادی کے آپ نے حالات کی نزاکت کو سمجھا اور سمجھداری سے بہترین فیصلہ کیا آپ عمر میں بہت چھوٹی ہو لیکن حالات نے آپکو وقت سے پہلے بہت سمجھدار کر دیا ہے اور مجھے امید

Posted On Kitab Nagri

ہے ایک دن آپ اپنی سمجھداری علم و ذہانت اور عقل و شعور سے بہت کچھ بدلو گی آپ کی باتوں کا سحر بہت سے لوگوں کو جکڑ کر آپکا گرویدہ کردیگا اور آپکے لفظوں کا چناؤ آپ کو چھوٹی سی عمر میں ایک دن بہت بلند مقام پر پہنچائیگا اور میری دعا ہے ان سب کاموں میں اللہ آپکا حامی و ناصر ہو اور آپ میرے بھائی کی ہدایت کا ذریعہ بنے اور انکو انکے رب سے جوڑ دے تاکہ وہ دنیا کے ساتھ ساتھ آخرت کے سفر میں آپکے ہم قدم ہو۔

آمین۔۔۔روبیشہ نے ازدیان کو دعا دیتے ہوئے کہا جس پر عائزہ کے ساتھ ساتھ ازدیان نے بھی آمین کہا۔

اچھا اب آپ تھوڑا آرام کرلو تھوڑی دیر میں جب سب جرگے میں جائینگے تو میں آپکا سامان لے آؤنگی اور آپکو تیار کردونگی ابھی آرام کرو۔

عائزہ نے ازدیان سے کہا اور روبیشہ کو لیکر باہر چلی گئی تو پیچھے ازدیان بھی تھوڑی دیر آرام کے غرض سے لیٹ گئی۔

---------------

Posted On Kitab Nagri

یار ایسے کیوں ٹہل رہا ہے تیار ہو جانا جلدی سے تایا ابو بھی تیرا پوچھ رہے تھے تو میں نے کہا میں لیکر آتا ہوں لیکن تو ابھی تک تیار ہی نہیں ہوا۔

مغیرہ میں مان کے کمرے آتے ہوئے تھوڑے غصے سے کہا جو کہ جب سے ازدیان کی باتیں سن کر آیا تھا پریشانی سے ٹہل رہا تھا جبکہ مغیرہ اپنے کمرے میں جا کر تیار بھی ہو چکا تھا اور اب عدنان صاحب کے کہنے پر مان کو لینے آیا تھا لیکن مان بھائی صاحب کو ابھی تک ایسے ہی دیکھ کر مغیرہ نے غصے سے کہا۔

یار مجھے سمجھ نہیں آتا یہ لڑکی ہے کیا آخر ہر بات کو کیسے ہینڈل کرتی ہے بلکہ سامنے والے کا سکون غارت کر دیتی ہے سنی تھی تو نے اسکی باتیں کہ اس نے تو مجھے ابھی تک دیکھا بھی نہیں ہے کیونکہ ابھی تک مجھے پکا یقین تھا کہ وہ لڑکی مجھ سے متاثر ہو کر ضرور نکاح کے لئے ہاں کریگی آخر کو میں کرش ہو لڑکیوں کا لڑکیاں مجھ سے کلام کرنے کو ترستی ہیں اور میری توجہ پانے کے لئے الٹی الٹی حرکتیں کرتیں ہیں اسی وجہ سے مجھے پکا یقین تھا کہ وہ کبھی مجھے منع نہیں کریگی اور ایسا ہوا بھی لیکن وجہ سن کر میں دنگ رہ گیا کہ اس نے اللہ کی رضا سمجھ کر اتنا بڑا فیصلہ کیا ہے صرف اللہ پر یقین رکھ کر وہ اپنے نصیب کا جوا کھیل رہی ہے جس میں اگر وہ جیتی تو خوشیاں اسکی مقدر بنے گی اور اگر ہاری تو زندگی بھر رسوائی ذلت اور پچھتاوے اسکا مقدر بنے گے کوئی اتنا یقین کیسے کر سکتا ہے میں نے بہت سے لوگوں کو یہ باتیں صرف بولتے دیکھا ہے لیکن وقت آنے پر وہ بھی اپنے قول سے پھر جاتے ہیں لیکن یہ چھوٹی سی لڑکی ہر

Posted On Kitab Nagri

لمحے مجھے حیران کرتی ہے جب بھی اسکی بات سنتا ہو ایک نئ سوچ میں پڑ جاتا ہوں اور اب تو میں خود سے الجھ کر رہ گیا ہوں میں جو کہتا ہوں کہ انسان ہی سب کچھ کرتے ہے میں کسی خدا کو نہی مانتا (نعوذ باللہ من ذالک) لیکن ان دو تین دنوں میں اس لڑکی کا اتنا کامل یقین مجھے اپنے قول اور اپنے موقوف سے پھرنے پر مجبور کر رہا ہے مجھے سمجھ نہیں آرہا میں کرو تو کرو کیا۔

میرے بھائی فلحال تو ابھی کچھ بھی نہیں کرا بھی ریلیکس ہو کر تیار ہو ٹائم ہو رہا ہے اور رہی بات تیرے الجھنے کی تو جو تجھے الجھا رہی ہے سلجھائیں گی بھی خود ہی کچھ ہی گھنٹوں کی بات ہے پھر تو وہ تیرے نکاح میں آجائیگی پھر اپنی ساری الجھنیں اس سے سُلجھوا لینا اور مجھے یقین ہے وہ بہت اچھے طریقے سے تجھے گائیڈ کریگی لیکن فلحال ابھی تو تیار ہو جا کر انکل انتظار کر رہے ہیں۔

مغیرہ نے مان کو سمجھاتے ہوئے وقت کا احساس دلایا تو مان نے سمجھنے والے انداز میں سر اثبات میں ہلایا اور اپنے کپڑے لیتا واشروم چلا گیا۔

ویسے کیسا لگ رہا ہے پہلی مرتبہ یہ کاٹن کا کلف لگا ہوا سوٹ پہن کر۔

Posted On Kitab Nagri

مغیرہ نے مان کو واشروم سے باہر آتا دیکھ کر پوچھا کیونکہ مان نے آج سے پہلے کبھی ایسے کپڑے نہیں پہنے تھے مان ہمیشہ ہی پینٹ شرٹ پہنتا تھا لیکن عدنان صاحب کے کہنے پر مان کو ناچاہتے ہوئے بھی کاٹن کا سفید سوٹ پہنا پڑا۔

ایسا لگ رہا ہے میں پورا اکڑ گیا ہو گردن میں تو ایسا لگ رہا ہے جیسے سریہ ڈال دیا ہو بہت انکمفرٹیبل فیل ہو رہا ہے۔

مغیرہ کی بات پر مان نے جھنجھلائے ہوئے کہا جس پر مغیرہ نے ایک زوردار قہقہہ لگایا۔

چل کوئی نہیں فرسٹ ٹائم پہنا ہے نہ اس لئے لگ رہا ہے آہستہ آہستہ عادت ہو جائیگی۔

مغیرہ نے مان کو سمجھاتے ہوئے کہا جس پر مان نے برا سا منہ بنایا اور ڈریسنگ ٹیبل سے پرفیوم اٹھا کر خود پر چھڑکنے لگا۔

رک میں سیٹ کرتا ہو۔

مغیرہ نے مان کو شال سے الجھتے دیکھ کہا جو کہ پرفیوم لگانے کے بعد مان بیڈ سے اٹھا کر پہنے لگا تھا۔

ٹک ٹک ٹک۔۔۔۔

ابھی مغیرہ مان کی شال سیٹ کر ہی رہا تھا کہ کمرے کا دروازہ نوک ہوا۔

Posted On Kitab Nagri

آجائیں۔۔۔ مغیرہ نے مان کی شال کو کندھے پر ڈالتے ہوئے آنے والے وجود کو کمرے میں آنے کی اجازت دی۔

چھوٹے سردار یہ کوئی پارسل آیا ہے آپ کے نام پر اور سردار صاحب آپ دونوں کو نیچے بلا رہے ہیں

۔

ملازم نے ایک بڑا سا باکس کمرے میں رکھتے ہوئے کہا اور ساتھ عدنان صاحب کے پیغام سے بھی آگاہ کیا۔

ٹھیک ہے آپ جائیں اور بابا سے کہیں ہم پانچ منٹ میں آرہے ہیں۔

مان نے ملازم سے کہا تو وہ سر اثبات میں ہلاتا وہاں سے چلا گیا۔

اس میں کیا ہے مان؟

مغیرہ نے بیڈ پر رکھے بوکس کو تجسس سے دیکھتے ہوئے مان سے پوچھا۔

ویڈنگ ڈریس سینڈل اور جیولری ہے اس لڑکی کی۔

مغیرہ کے پوچھنے پر مان نے بتایا۔

اوہ ہو یعنی اتنے سخت حالات میں بھی تو نے پوری تیاری کی ہے اپنی شادی کی۔

Posted On Kitab Nagri

مغیرہ نے مان کو چھیڑتے ہوئے کہا۔

ہاں کی ہے تجھے کوئی مسلئہ صرف ایک سوٹ ہی تو ہے اور تجھے بتاتا چلو یہ نکاح سب کے سامنے ہو گا کوئی چھپ کر نہیں اور ایک سردار کی دلہن کو سادے کاٹن کے سوٹ میں دیکھ کر یہاں کتنی باتیں بنے گی اس بات سے مجھ سے زیادہ تو واقف ہے اس لئے میرا دماغ نہ کھا اور چل بابا انتظار کر رہے ہیں۔

اچھا چل چلتے ہیں۔

مان کے کہنے پر مغیرہ نے کہا اور دونوں کمرے سے چل دیے۔

عائزہ اور روبیشہ بھائی کی جان سامان آگیا ہے اور آپ دونوں کے ڈریسز بھی میرے روم کی وارڈروب میں ہے اور مماکا بھی آپ لوگ وہاں سے لے لینا اور میرے بیڈ پر ایک بڑا سا باکس رکھا ہے اس میں اس لڑکی کا سارا سامان ہے آپ لوگ جلدی سے ریڈی ہو جایئگا منیشہ پھوپھو اور جیسمین ہمارے ساتھ جارہے ہیں اس لئے آپ لوگ آسانی سے اور جلدی جلدی ریڈی ہو جایئگا کیونکہ جمعہ کی نماز کے فوراً بعد نکاح ہو گا ٹھیک ہے۔

مان اپنے کمرے سے نکل کر عائزہ اور روبیشہ کے روم میں آیا اور انکو سب باتیں سمجھانے لگا جس پر انہوں نے سمجھتے ہوئے سر اثبات میں ہلایا۔

Posted On Kitab Nagri

جی بھائی آپ ٹینشن نہ لیں سب اچھے سے ہو جائیگا انشاءاللہ۔

چلو پھر ٹھیک ہے ہم چلتے بابا انتظار کر رہے ہیں۔

عائزہ کے کہنے پر مان نے کہا اور ان دونوں کو پیار کیا اور پھر اپنے ماں کے پاس گیا ان کو گلے لگا کر پیار کیا اور انکی دعاؤں میں اپنی منزل کو پانے کے لئے چلا گیا جبکہ مغیرہ بھی اسکے ہم قدم تھا۔

روبیشہ آپ گڑیا کے پاس جاؤ میں انکا سامان لیکر نکلے ہی روم میں آتی ہوں۔

مان کے جانے کے بعد عائزہ نے روبیشہ سے کہا تو وہ سر ہلاتی ازدیان کے روم میں چلی گئی اور روبیشہ مان کے روم کی طرف۔

روبیشہ نے مان کے روم میں آکر اپنا عائزہ اپنی مما اور ازدیان کا سارا سامان نکلا اور روم اچھی لاک کر کے ازدیان کے روم کی طرف بڑھی ابھی وہ لاؤنج میں ہی پہنچی تھی کہ لاؤنج میں رکھا لینڈ لائن بجا تو روبیشہ نے سارا سامان لاؤنج میں رکھے صوفے پر رکھا اور فون اٹھانے اسٹینڈ کی طرف بڑھی۔

اسلام علیکم کون۔

عائزہ نے فون اٹھاتے ہی سلام کرنے کے ساتھ پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

وعلیکم سلام عائزہ میں مغیرہ بات کر رہا ہو مجھے آپ کو بتانا تھا کہ مان کا موبائل اسکے روم میں ڈریسنگ ٹیبل پر رکھا ہے جو آپ لوگوں کے لئے چھوڑ کر گیا ہے لیکن دینا بھول گیا تھا آپ لوگ وہاں سے موبائل اٹھاؤ اور میں وڈیو کال کر رہا ہوں آپ لوگ یہاں تو نہیں آئے لیکن اپنے بھائی کو سردار بنتا ہوا دیکھنا پ لوگوں کا حق ہے اس لئے آپ تائی جان گڑیا اور بھابھی وڈیو کال پر مان کو سرپنچ بنتا ہوا دیکھ لیں۔

مغیرہ نے رو بیشہ کے فون اٹھاتے ہی اپنے فون کرنے کی وجہ بتائی۔

جی ٹھیک ہے شکریہ میں اٹھالو نگی۔

مغیرہ کے بتانے پر عائزہ نے کہا اور فون رکھ کر تمام سامان اٹھا کر ازدیان کے کمرے کی طرف چل دی

۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

رو بیشہ کاش اپن بھی بھائی کو سردار بنت ہوا دیکھتے کیا ہوتا اگر آج بابا ہمیں بھی وہاں لے جاتے پھوپھو اور اس ڈائن اور اس گوری کو لے گئے۔

ارے ارے بریک پر پاؤں رکھ میری جان اور دونوں مما کے روم میں چلو ابھی مغیرہ بھائی کا فون آیا تھا کہ مان بھائی ہمارے لئے اپنا موبائل چھوڑ کر گئے ہیں اور مغیرہ بھائی وہاں سے ویڈیو کال کرینگے جس

Posted On Kitab Nagri

سے ہم سب بھی بھائی کو سرپنچ بنتا ہوا دیکھ لینگے اس لئے جلدی سے پ دونوں مما کے روم میں جاؤ میں بھی موبائل لیکر وہی آرہی ہوں۔

ہائے اللہ تعالیٰ میرے بھائی کو میری بھابھی کے ساتھ ہمیشہ خوش رکھے کتنے اچھے ہیں بھائی۔

بس بس بھائی کے قصیدے بعد میں پڑھ لیجئیگا آپی ابھی چلیں آنٹی کے روم میں۔

ازدیان کو مان کی تعریف ہضم نہیں ہوئی تو فوراً بول پڑی ازدیان کو پتہ نہیں من سے کونسا بیر تھا مان کا تحکم بھرا انداز ازدیان کو ایک آنکھ نہیں بھاتا تھا اس لئے وہ مان کی تعریف پر خاموش نہ رہ سکی اور فوراً سے بول پڑی۔

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کرسکتے ہیں۔
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

ہاں ہاں چلو کہیں ایس نہ ہو وہاں پگڑی بھائی کے سر پر رکھ بھی دی جائے اور ہم یہیں بیٹھے ہو۔

عائزہ نے ازدیان سے کہا اور دونوں آنٹی کے روم کی طرف بڑھ گئی۔

-------------------

مان جیسے ہی ڈیرے پہنچا تو اسے یاد آیا کہ وہ اپنا موبائل گھر چھوڑ تو آیا ہے لیکن عائزہ یا روبیشہ کو بتانا بھول گیا مان نے پریشانی سے اپنا ماتھا مسلا۔

کیا ہوا اندر چلو۔

مغیرہ نے مان کو ڈیرے کے دروازے پر کھڑا دیکھ پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

کچھ نہیں وہ بس اپنا موبائل گھر چھوڑ کر تو آ گیا لیکن روبیشہ اور عائزہ کو کو بھی نہیں بتایا اب وہ کیسے دیکھیں گی۔

مان نے مغیرہ سے اپنی پریشانی کا اظہار کیا۔

تو اس میں اتنا پریشان ہونے والی کونسی بات ہے میں لینڈ لائن پر کال کر کے کہہ دیتا ہوں وہ تیرے روم موبائل اٹھالینگی۔

مان کے پریشان ہونے پر مغیرہ نے حل پیش کیا اور ساتھ میں جیب سے اہم فون نکالا۔

ہاں یہ ٹھیک ہے اور جو فون اٹھائے اسکو بتا دینا میری ڈریسنگ پر رکھا ہے موبائل۔

مان نے مغیرہ کو لینڈ لائن پر کال کرتے دیکھ کہا۔

ٹھیک ہے تو اندر جا میں آتا ہوں۔

مغیرہ کے کہنے پر مان سر ہلاتا اندر چلا گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام علیکم عِلمان کیا ہوا کام شروع کروا دیا کیا۔

مغیرہ نے عائزہ کا فون رکھنے کے بعد علمان کو فون کیا جو کہ لان میں من کے نکاح کے لئے ڈیکوریٹنگ کروا رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

وعلیکم سلام ہاں میں نے تمہارے نکلتے ہی کم شروع کروادیا تھا اور انشاءاللہ تمہارے واپس آنے تک ساری ڈیکوریشن ہو جائیگی۔

چک ٹھیک ہے میں رکھے ہوں۔

عِلمان کے مثبت جواب دینے پر مان نے فون بند کیا اور اور مان کے نمبر پر ویڈیو کال کر کے اندر چلا گیا۔

---------------------

میں سردار عدنان درانی آج اپنی سدارت اپنے بیٹے دہمان درانی کو دیتا ہوں آج سے آپ سب کا مکھ خیر خواہ رہنما آپ لوگوں کے فیصلے لینے والا سب یہی ہونگے اور مجھے امید ہے آپ سب لوگ اپنے نئے سردار جو مان بخشے گے۔

عدنان صاحب نے مان کو اپنی جگہ چڑھا کر اسکے سر پر پگڑی رکھتے ہوئے کہا۔

www.kitabnagri.com

خوش آمدید سردار آج سے آپ کی بات ہمارے لئے حرفِ آخر ہو گی۔

عدنان صاحب کے کہنے پر تمام لوگوں نے یک زبان ہو کر کہا اور ایک ایک کر کے اپنی روایت کے مطابق مان کا ہاتھ چوم کر اپنے آنکھوں سے لگانے لگے جبکہ مان ایک افسوس بھری نظر سب پر ڈال کر رہ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

یہ ایک ہال نما کمرہ تھا جس میں ایک طرف مرد تو دوسری طرف عورتیں تھی بیچ میں جالیدار پردہ لگ ہوا تھا مردوں کے بعد جب عورتوں کی باری آئی مان نے برے برے بنا کر مغیرہ کی طرف دیکھا جو اپنی ہنسی ضبط کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔

آج میرے سردار بننے کے ساتھ ساتھ میرا نکاح بھی ہے حویلی میں اور مجھے خوشی ہو گی میرے لوگ میری خوشی شریک ہوں اس لئے آپ سب حویلی پہنچ جائیں جہاں کی محفل برخاست کی جاتی ہے۔

سب سے فارغ ہونے کے بعد مان نے آرام سے عدنان صاحب منیشہ جیسمین اور پھوپھو کے سر پر بم پھوڑا اور اپنی جگہ سے کھڑا ہو گیا۔

یہ کیا کہہ رہے ہو تم مان تم نے مجھ سے اس بارے میں کوئی بات نہیں کی اور کون ہے وہ لڑکی جس سے تم نکاح کر رہے ہو اور تم نے کسی کو بتانا بھی مناسب ن سمجھا۔

عدنان صاحب نے من کے پاس آتے ہوئے غصے سے کہا جو کہ مغیرہ سے ڈیکوریشن کے بارے میں پوچھ رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

بابا کل آپ سے میں نے وعدہ لیا تھا کہ آپ مجھ سے کل تک کچھ نہیں پوچھینگے اور اب بھی میں یہی کہونگا کہ آپ مجھ پر شک نا کریں آپکا بیٹا آپکا سر کبھی نہیں جھکائیگا میں آپکو اس لئے کچھ نہیں بتا رہا کیونکہ میں نہیں چاہتا کہ میں صرف باتوں سے آپکو مطمئین کروں بلکہ میں چاہتا ہوں کہ آپ میرے عمل سے مطمئین ہو لیکن آپکا بار بار مجھ پر شک کرنا مجھے رنج میں مبتلاء کر رہا ہے۔

نہیں میرے شہر ایسی بات نہیں ہے تم نے مجھ سے اس معاملے میں بات نہیں کی تو مجھے ایک دم غصہ آگیا ورنہ مجھے اپنے شیر پر مکمل بھروسہ ہے اور اب چلو حویلی چلیں۔

مان کے کہنے پر عدنان صاحب نے نرم لہجے میں اپنی صفائی دی اور حویلی چلنے کی کہا تو وہ دونوں بھی انکے پیچھے چل دیے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

-------------------

شہزادی آپ اپنے روم میں جا کر نماز پڑھ لو اور پھر تیار ہو جانا ہم بھی ابھی تیار ہو رہے ہیں۔

ویڈیو کال کے بند ہوتے ہی روبیشہ نے سن بیٹھی ازدیان سے کہا جانے جب سے دہمان کو دیکھ تھا اسے ایسا لگ رہا تھا جیسے اس نے کہیں دیکھا ہو مان کو۔

جی میں نماز پڑھنے ہی جا رہی ہو۔

Posted On Kitab Nagri

روبیشہ کے کہنے پر ازدیان نے جواب دیا اور اٹھ کر اپنے کمرے میں چلی گئی۔

کمرے میں جا کر ازدیان نے نماز پڑھی اور پھر تیار ہونے کے غرض سے سامان کھول کر اس میں جوڑا نکالا۔

جبکہ اپنے نکاح کا سوٹ دیکھ کر ہی ازدیان کا دم گھٹنے لگا تھا ہاف وائٹ کلر کا انتہائی ہیوی اور انتہائی خوبصورت لہنگا تھا جو کہ ازدیان سے اٹھایا بھی نہیں جا رہا تھا۔

یا اللہ اس میں ایسا لگ رہا ہے لوہے کا کام ہوا ہو اتنا بھاری مجھ سے تو اٹھایا بھی نہیں جا رہا پہنو گی کیسے کیا ضرورت تھی اتنا ہیوی لینے کی مجھ سے زیادہ تو اس لہنگے کا وزن ہو گا لیکن اب کیا کرو پہنا تو پڑیگا نہ۔

ازدیان خود سے بڑبڑاتی ہوئی لینگ لیکر چینج کرنے چلی گئی چینج کرنے بعد ڈریسنگ ٹیبل پر آئی اور مان کے ہی لائی گئے میک اپ سے خود کا میک اپ کرنے لگی میک اپ کرنے کے بعد ازدیان نے اپنے گھٹنوں تک آتے بال کا جوڑا بنایا اور پھر بھاری بھرکم لال دوپٹہ اٹھا کر اپنے سر پر رکھا جس کا باڈر ایک بالشت کا تھا باقی تینوں طرف چار چار انگل کا خوبصورت کام کیا گیا تھا اور باقی بیچ میں چھن ڈالی گئی تھی۔

ماشاءاللہ میری شہزادی کو اللہ نظرِ بد سے بچائے۔

روبیشہ نے کمرے میں آتے ہی ازدیان کو دیکھ کر کہا۔

Posted On Kitab Nagri

صحیح کہا تم نے رو بیشہ۔

عائزہ نے بھی رو بیشہ کی تاکید کرتے ہوئے کہا جو کہ رو بیشہ کے پیچھے ہی اپنا دوپٹہ سنبھالتی ہوئی آرہی تھی۔

رو بیشہ اور عائزہ نے سیم وائٹ شارٹ فراک کے ساتھ بنارسی کا سگریٹ پاجامہ اور ہم رنگ دوپٹہ سر پر اچھے سے سیٹ کیے ہلکے سے میک اپ میں دونوں بہت پیاری لگ رہی تھی۔

رو بیشہ باہر سب آ گئے ہیں باہر چلو ہاں ہاں چلو۔

عائزہ نے باہر گاڑیوں کے رکنے کی آواز سنتے ہوئے کہا اور دونوں وہاں سے چلی گئی جبکہ ازدیان نے ایک اور دوپٹہ اٹھایا جو کہ مان نے سامان کے ساتھ بھجا تھا اور اٹھا کر ہیوی دوپٹے کے اوپر سے آگے گھونگھٹ ڈال لیا تاکہ کوئی غیر محرم نا دیکھ سکے جبکہ اس پوری تیاری میں ازدیان سوچنے میں مصروف تھی کہ اس نے مان کو کہاں دیکھا ہے۔

---------------

سب لوگ جب حویلی پہنچے تب تک ساری ڈیکوریشن ہو چکی تھی مغیرہ اور مان سب سے مل کر اسٹیج پر چلے گئے۔

Posted On Kitab Nagri

بیٹا جلدی سے نکاح کی تقریب شروع کرو تاکہ پھر سب کھانا کھا کر اپنے اپنے گھر جائیں اور یہ سارا کام جلدی سے نبٹنے کیونکہ پھر کل پارٹی بھی رکھی ہے میں نے اپنے بیٹے کے لئے۔

عدنان صثنے اسٹیج پر آتے ہوئے مان سے کہا تو مان نے اشارے سے مغیرہ کو کہا جس پر وہ سمجھتے ہوئے سر اثبات میں ہلاتا اسٹیج سے نیچے چلا گیا۔

بھابھی کو لے آؤ آپ لوگ گڑیا۔

مغیرہ نے عائزہ اور روبیشہ کے پاس آتے ہوئے کہا تو وہ سر اثبات میں ہلاتی ازدیان کو لینے اندر چلی گئی۔

چلو میری گڑیا نکاح کا وقت ہو گیا ہے۔

عائزہ نے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے کہا اور ازدیان کو لیکر باہر لان میں آگئی۔۔

دلہن کو آتا دیکھ جو سب اپنی اپنی چیمہگویوں میں مصروف تھے خاموش ہوتے دلہن کو دیکھنے لگے جبکہ سب کے خاموش ہونے پر مان نے سامنے دیکھا جہاں ازدیان گھوگھنٹ ڈالے عائزہ اور روبیشہ کے ساتھ اسٹیج پر ہی آرہی تھی مان نے ایک بھرپور نظر ازدیان پر ڈالی جس کا کوئی حصہ بے پردہ نہیں تھا ازدیان کو بلکل باپردہ دیکھ کر مان کو خوشی ہوئی تھی جس کا اظہار اس نے مسکرا کر کیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

عائزہ اور روبیشہ نے ازدیان کو لا کر مان کے سامنے بٹھایا کیونکہ اسٹیج کے درمیان پردہ لگایا گیا تھا جسکی ایک طرف من تو دوسری طرف ازدیان بیٹھی تھی ازدیان کے بیٹھتے ہی عدنان صاحب کے اشارہ کرنے پر مولوی صاحب نے نکاح شروع کیا۔

ازدیان شیخ ولد یوسف احمد شیخ تیس لاکھ حق مہر کے عوض آپکو دہمان درانی ولد عدنان درانی کے نکاح میں دیا جاتا ہے کیا آپکو قبول ہے ؟

مولوی صاحب نے ازدیان سے پوچھا جبکہ سب کی نظریں ازدیان پر ہی تھی۔

مولوی صاحب نے دوبارہ پوچھا جب بھی ازدیان خاموش رہی۔

ازدیان شیخ ولد یوسف احمد شیخ آپکو تیس لاکھ حق مہر کے عوض دیا من درانی ولد عدنان درانی کے نکاح میں دیا جاتا ہے کیا آپکو قبول ہے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں---------

مولوی صاحب کے تیسری دفعہ پوچھنے پر ازدیان نے یک لفظی جواب دیا اور اپنا بھاری بھر کم لہنگا سنبھالتی وہاں سے نکلتی چلی گئی جبکہ دہمان اپنی بے عزتی پر ضبط کرتے اسکے پیچھے گیا۔

Posted On Kitab Nagri

مغیرہ عائزہ اور رویشہ عِلمان شاک میں تھے اور پھر دہمان کو ازدیان کے پیچھے جاتا دیکھ چاروں اسکے پیچھے بھاگے باقی تمام دعوت میں مدعو لوگ آپس میں چہ میگوئیاں کرنے لگے جس پر عدنان صاحب خون کے گھونٹ پی کر رہ گئے۔

مسلئہ کیا ہے آخر تمہارے ساتھ سمجھتی کیا ہو خود کو میری عزت کا تماشہ بنا دیا ہے تم نے تمہاری رضامندی سے ہی یہ نکاح ہو رہا تھا تو اب اس انکار کی وجہ میں تم سے نرمی سے پیش آرہا ہو تو دماغ آسمان پر پہنچ گیا ہے تمہارا مجھے مجبور مت کرو کہ میں تمہیں اپنے اصل روپ سے روشناس کرواؤ۔

مان ازدیان کے پیچھے ہی لاؤنج میں آتے دھاڑا۔

میں راضی تھی لیکن آپ نے میرے ساتھ دھوکہ کیا ہے میرے ساتھ آپ مجھے کنویں سے نکل کر کھائی میں پھینک رہے تھے یہ تو شکر ہے میرے رب جس نے مجھے یاد کروادیا کہ پ کون ہے آپ ایک ایتھیسٹ ہیں کب آپ اللہ کو مانتے ہی نہیں ہیں تو پھر اس کے احکام پر اس کے نبی کی سنت پر عمل کیوں کر رہے ہیں اور اگر آپ کو شادی کرنی ہی تھی تو کورٹ میرج کیوں نہیں کر رہے اور ایک مسلم لڑکی سے شادی کیوں کر رہے ہیں پ کا مجھے نہیں پتہ لیکن میرے رب کے احکام کے مطابق میرا اور آپکا نکاح جائز نہیں ہے ایک مسلم لڑکے کا نکاح ایک مسلم لڑکی سے ہی جائز ہے اور بلکل اسی طرح ایک مسلم لڑکی کا نکاح ایک مسلم لڑکے سے ہی جائز اور آپ تو کھلے عام اللہ کو ماننے سے انکار کرتے

Posted On Kitab Nagri

ہیں اس لئے آپکا اور میرا نکاح جائز نہیں ہے آپکی جگی اگر کوئی جھگی میں رہنا والا مسلم لڑکی ہوتا تو میں کبھی انکار نہیں کرتی اور میں معذرت کرتی ہو لیکن قصور میرا بھی نہیں ہے میں نے آپکو دیکھا ہی صبح تھا اور جب سے میں سوچ رہی تھی میں نے آپکو کہیں دیکھا ہے اور پھر نکاح کچھ دیر پہلے ہی مجھے یاد آیا کہ آپ ہمارے کالج آئے تھے اور میں نے تب بھی آپکی مخالفت کی تھی۔

میں مسلم ہی ہوں منہ سے بولنے سے کی ہوتا ہے میں پیدائشی مسلم ہو اگر میں منہ سے نہیں بولتا وہ الگ بات ہے میں مسلم ہی ہوں اس لئے اب چپ چاپ چلو اور نکاح کرو۔

ازدیان کی بات پر مان جو کہ کافی دنوں سے کشمکش کا شکار تھا آج اپنے اچانک ہی فیصلہ کر گیا جبکہ مغیرہ اور علمان آج بے انتہا خوش تھے اور باقی عائزہ اور رویشہ معاملہ سمجھنے کی کوشش کر رہی تھی۔

مجھے کیا پتہ ابھی پ ہاں کر رہے ہیں اور نکاح کے بعد اپنی بات سے پھر جائے اور میں گناہ کی مرتکب ہو جاؤ اور اگر مسلم ہونا ہے تو میرے لئے نہیں اپنے رب کے لئے ہو جس نے آپکو پیدا کیا ہے میں نے اپنے ایمان کی خاطر اپنی سانسیں تک داؤ پر لگا دی تو یہ بدنامی تو بہت چھوٹی چیز ہے اور جب میرا اور آپکا نکاح ہی نہیں ہو گا تو ہم ایک دوسرے کے لئے نا محرم ہی ہیں اس لئے ب میں یہ نکاح کرنا نہیں چاہتی۔

Posted On Kitab Nagri

میں تمہیں ساری بات بعد میں سمجھاؤنگا فلحال بس اتنا کہونگا کہ میں تمہارے لئے نہیں اللہ کے لئے ہی مسلم ہوا ہو اور میں اللہ کی قسم کھاتا ہوں تم مرتے دم تک مجھے دینِ اسلام پر ہی پاؤ گی۔

ازدیان کی بات پر مان نے اسے اپنا یقین دلاتے ہوئے کہا۔

ٹھیک ہے پھر میں تیار ہو نکاح کے لئے لیکن اگر پھر بھی پ نے دھوکہ کیا تو اسکا گناہ آپ کے سر ہو گا اور ہاں حق مہر میری مرضی کا ہو گا یہ حق مجھے میرے رب نے دی ہے اس لیے میرا حق مہر ایک کروڑ ہو گا اگر منظور ہو تو ٹھیک ہے ورنہ جیسے آپکی مرضی۔

ٹھیک ہے اب چلو سب انتظار کر رہے ہیں۔

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri
آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

ازدیان کی بات پر مان نے رضامند ہوتے ہوئے کہا جبکہ سب لوگ ازدیان کی ڈیمانڈ پر اور مان کے مان جانے پر حیران و پریشاں سے ایک دوسرے کو دیکھنے لگے اور پھر سب لوگ دوبارہ اسٹیج طرف بڑھ گئے

۔

اسٹیج پر بیٹھتے ہی مان نے مولوی صاحب کے کان میں کچھ کہا جس کو سمجھتے ہوئے مولوی صاحب نے نکاح شروع کیا جبکہ عدنان صاحب خون آشام نگاہوں سے ازدیان کو گھور رہے تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ازدیان شیخ ولد یوسف احمد شیخ آپکو ایک کروڑ حق مہر کے عوض دیا من درانی ولد عدنان درانی کے نکاح میں دیا جاتا ہے کی آپکو قبول ہے۔

قبول ہے۔۔

Posted On Kitab Nagri

مولوی صاحب کے پوچھنے پر ازدیان نے تین دفعہ قبول ہے کہ کردہمان کو اپنے نکاح میں قبول کی جبکہ سب کی آنکھیں ایک کروڑ حق مہران کر پھٹنے کو تھی۔

جبکہ ازدیان کا دل آج اس مقام پر خود لاوارث دیکھ کر خون کے آنسو رو رہا تھا اور چہرہ بھی آنسوؤں سے تر آج اسے شدّت سے اپنی یاد آرہی تھی کتنا کچھ اپنی استطاعت کے مطابق جمع کیا تھا انہوں نے کتنے خواب سجائے تھے انہوں نے ازدیان کے شدہ کے اور آج جب وہ موقع آیا تو وہ منوں مٹی تلے جا سوئی تھی اور انکو ادھر سلانے والا بھی اسکا اپنا باپ تھا اسکا سگا باپ تھا اپنی ساری زندگی فلم کے طرح اسکی آنکھوں سامنے چلنے لگی اور پھر ماؤف ہوتے دماغ کے ساتھ کپکپاتے ہاتھوں سے اس نے سائن کیا جبکہ آنکھوں بار بار اندھیرا آرہا تھا اپنی ہر عزیت یاد کرتے اسکا دماغ چکرا رہا تھا جبکہ وہ بار بار آنکھیں جھپک کر خود کو ہوش کی دنیا میں لانے کی کوشش کررہی تھی۔

Kitab Nagri

نکاح کے بعد بیچ کا پردہ ہٹا دیا گیا تھا اور عائزہ اور رویشہ نے ازدیان کو مان کے ساتھ بٹھایا تھا جبکہ گھوگھنٹ ازدین نے ابھی بھی ڈال ہو تھا اور علمان اور مغیرہ نے کھانا کھلوادیا تھ اس لئے سب لوگ کھانا کھارہے تھے۔

www.kitabnagri.com

بابا اب ہم اندر جارہے ہیں۔

مان نے اپنے پاس کھڑے عدنان صاحب سے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

نہیں ابھی سب باری باری تمہاری دلہن کی رسم کرینگے جیسے تمہاری جرگے میں ہوئی تھی۔

عدنان صاحب نے من کو ناکر کرتے ہوئے کہا جس پر مان لب بھینچ کر رہ گیا۔

ابھی تھوڑی دیر ہی گزری تھی کہ ازدیان کا سر مان کے کندھے پر ڈھلک گیا مان نے اپنے کندھے پر اچانک وزن محسوس کر کے گردن موڑ کر ازدیان کو دیکھا جس کا سر ابھی بھی اسکے کندھے پر تھا۔

بھائی کیا ہوا ہے بھابھی کو ایسے کیوں ہو گئی؟

عائزہ نے ازدیان کو دیکھتے ہوئے مان سے پوچھا۔

پتہ نہیں گڑیا کیا ہوا ہے میں نے آوازیں بھی دی ہے اب آپ دیکھو۔

مان کے کہنے پر سب فکر مندی سے ازدیان کو دیکھنے لگے کیونکہ مغیرہ نے مان اور ازدیان کے لئے کھانا لگوایا تھا اس لئے وہ چاروں بھی انکے ساتھ کھانا کھانے کے لئے اسٹیج پر آئے تھے لیکن مان کی بات سن کر ازدیان کو پریشانی سے دیکھنے لگے۔

بھائی یہ تو بے ہوش ہو گئی ہیں آپ بھابھی کو کمرے میں لے جاؤ۔

عائزہ نے مزدلفہ کا ہلکہ سا گھونگھٹ اٹھا کر دیکھتے ہوئے کہا جس پر سب پریشانی سے ازدیان کو ہی دیکھنے لگے۔

Posted On Kitab Nagri

ٹھیک ہے آپ لوگ کھانا کھاؤ میں ازدیان کو لیکر اندر جا رہا ہوں۔

مان نے ان سب سے کہا اور ازدیان کو لیکر اپنے کمرے میں چلا گیا جبکہ پیچھے سے سب چہ میگوئیاں کرنے لگے اور عدنان صاحب اپنی بات کے رد کیے جانے پر اپن غصہ ضبط کرنے لگے۔

-------------

مان نے ازدیان کو کمرے میں لٹایا اور خود چینج کرنے باتھروم میں چلا گیا۔

ازدیان کو ہوش آیا تو اس نے خود کو کمرے میں پایا ہوش کی دنیا میں آتے ہی ماں کا چہرہ ذہن کے پردوں میں لہرایا تو آنکھوں سے آنسو سے بہہ نکلے ازدیان کچھ سوچ کر اٹھی اور کبرڈ سے چادر نکالی اور سب کو نظر انداز کرتی بھاگتی ہوئی حویلی کا گیٹ کراس کر گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سب لوگ جا چکے تھے باقی گھر کے لوگ لاؤنج میں بیٹھے چائے سے لطف اندوز ہو رہے تھے ازدیان کو بھاگتے دیکھ عائزہ اور رویشہ نے بھی آوازیں دی لیکن اس وقت وہ اپنے ہوش میں نہیں تھی سب کی آوازیں نظر انداز کرتی گیٹ کراس کر گئی جبکہ عائزہ بھاگتی مان کر روم میں گئی۔

بھائی بھابھی کہاں گئی ہے؟

Posted On Kitab Nagri

عائزہ نے ماں سے پوچھا جو کہ ابھی باتھروم سے سے نکلا تھا۔

کیا ہوا اگڑیا بیڈ پر تو ہے۔

عائزہ کی بات پر ماں نے لاپرواہی سے بنا بیڈ پر دیکھتے ہوئے کہا۔

بھائی بھابھی بھاگتی ہوئی گئی ہیں گھر سے باہر آپ دیکھیں۔

کیا مطلب ابھی تو یہی تھی۔

عائزہ کی بات پر ماں نے بیڈ پر دیکھتے ہوئے پریشانی سے کہا۔

بھائی جلدی جائے دیکھیں وہ کہاں گئی ہیں۔

عائزہ نے ماں سے کہا تو اپنا موبائل اٹھاتا باہر بھاگا۔

ڈرائیور گاڑی نکالو۔

ماں نے باہر آکر ڈرائیور سے کہا تو وہ سر اثبات میں ہلاتا فوراً سے گاڑی نکالنے بھاگا۔

سر کہاں جانا ہے؟

ڈرائیور نے گاڑی حویلی سے نکالتے ہوئے ماں سے پوچھا۔

تم نے اپنی بیبی جی کو دیکھا تھا کہاں گئی ہے وہ۔

سر دار میں نے انکو باہر جاتے دیکھا تھا لیکن مجھے نہیں معلوم کہاں گئی ہے۔

Posted On Kitab Nagri

مان کے پوچھنے پر ڈرائیور نے ادب سے کہا جبکہ ایک گارڈ کی گاڑی مان کے پیچھے اور دوسری مان کی گاڑی کے آگے تھی۔

کیا تمہیں پتہ ہے تمہاری بی بی کا گھر۔

مان نے کچھ سوچتے ہوئے ڈرائیور سے پوچھا۔

جی سردار مجھے پتہ ہے مان کے پوچھنے پر ڈرائیور نے جواب دیا۔

ٹھیک ہے پھر وہی چلو وہ وہی ہوگی۔

مان نے ڈرائیور سے کہا تو ڈرائیور نے سر اثبات میں ہلاتا گاڑی ازدیان کے گھر کی طرف موڑلی۔

------------------

ازدیان بھاگتے بھاگتے اپنے گھر کے دروازے پر پہنچی جبکہ پورا محلہ باہر نکلتے اسے ہی دیکھ رہا تھا۔

ازدیان نے گھر کی کنڈی کھولی اور اندر داخل ہوئی۔

اندر داخل ہوتے ہی سارا بچپن جوانی سب اسکے سامنے کسی فلم کی طرح چلنے لگی۔

مما آپکی بیٹی آئی ہے استقبال نہیں کرینگی دیکھیں آپ مجھے دلہن بنا دیکھنا چاہتی تھی نہ دیکھیں آج دلہن بنی آپ کے گھر میں کھڑی ہوں مما کہاں ہو آپ مما دیکھو آپکی لاڈو آئی ہے آپ کہتی تھی نہ میں آپکا جگر ہوں آپکی بیٹی اور بیٹا دونوں میں ہوں مما آج مجھے دعائیں نہیں دینگی آج کے دن کا تو آپکو کتنا انتظار تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مما مما کہاں ہیں آپ دیکھیں آپکی بیٹی آئی ہے دیکھیں اب آپ مجھے پریشان کر رہی ہیں آپ جانتی ہیں نہ آپکی لاڈو آپکے بغیر نہیں رہ سکتی مما کیوں تنگ کر رہی ہیں اپنی لاڈو کو آپ جانتی ہے نہ کوئی نہیں ہے آپکی لاڈو کا آپکے سواء آپکو پتہ ہے آپکی گڑیا آپکو نہ دیکھیں تو اسکا دن شروع نہیں ہوتا اب اگر آپ میرے سامنے نہیں آئی تو میں رونے لگ جاوگی۔

چلیں ٹھیک ہے آپ نہیں آرہی نہ تو کوئی بات نہیں اب میں آپ کو ڈھونڈونگی مما کہاں ہو آپ آپ میرے ساتھ کھیل رہی ہے نہ کوئی بات نہیں اب میں خود ڈھونڈونگی آپکو۔

ازدیان اپنی مما کو آواز دیتی اب کمرے کھول کر دیکھنی لگی چادر تو کب کی زمین بوس ہو چکی تھی لیکن اسے ہوش کہا تھا وہ تو اپنے حواس میں نہیں تھی وہ تو بس اپنی ماں کو ڈھونڈ رہی تھی جو کہ وہاں تھی نہیں وہ تو ڈیڑھ سال پہلے ہی منوں مٹی تلے سو چکی تھی۔

مما مما کہاں ہے۔

ازدیان ہر کمرے میں اپنی ماں کو ڈھونڈتی آوازیں دے رہی تھی جبکہ گھر کے باہر سارا محلہ جمع ہو چکا تھا

۔

ازدیان کوئی نہیں ہے یہاں چلو۔

مان جو کہ کب سے کھڑا ازدیان کی آواز سن رہا تھا اب اسکا صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا تھا تو اس کے پاس آکے اسے کہنے لگا۔

Posted On Kitab Nagri

یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں میری مما نے میرا جہیز بنایا ہے یہ دیکھیں یہ بیڈ شیٹ میری مما نے اپنے ہاتھوں سے اس بیڈ شیٹ پر کڑاہی کی تھی وہ کہتی تھی میں نے اپنی گڑیا کے جہیز کے لئے بنایا ہے دیکھیں یہ کتنی خوبصورت ہے میری مما نے بنائی تھی میرے لئے اور اب جب میری شادی ہو گئی تو دیکھیں مجھے میرے جہیز کا سامان دینے نہیں آرہی دیکھیں مجھے اپنی دعاؤں میں رخصت نہیں کر رہی دیکھیں تو میرے سامنے نہیں آرہی شاید ناراض ہیں ہاں ہاں مجھ سے ناراض ہے تبھی تو مجھے نظر نہیں آرہی لیکن کوئی بات نہیں آپ دیکھنا میں انہیں منالونگی ہاں میں انکو اپنے ساتھ ہی لیکر جاؤنگی۔

ازدیان نہیں ہے وہ یہاں وہ دنیا میں نہیں ہے ہوش کرو۔

ازدیان کی باتیں ماں کی بھی آنکھیں نم کر گئی تھی لیکن ماں نے خود کو سنبھالتے ہوئے ازدیان کو جھنجھوڑتے ہوئے کہا۔

نہیں وہ یہی ہے میں یہیں چھوڑ کر گئی تھی انہیں دیکھیں یہیں ہونگی مجھ سے ناراض ہیں میں ملنے نہیں آئی نہ ان سے اس لئے چھپ گئی ہیں لیکن آپ پریشان نہ ہو میں انہیں منالونگی۔

ماں کے کہنے پر ازدیان نے اسکے ہاتھ اپنے کندھوں سے جھٹکتے ہوئے کہا۔

نہیں ہے وہ یہاں ازدیان پاگل مت بنو چلو میرے ساتھ وہ نہیں ہے اس دنیا میں ہوش میں آؤ قبول کرو اس بات کو نہیں ہے وہ دنیا میں۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں مار دیا ظالموں نے میرے ظالم باپ نے ایک ماں ہی تو تھی میری ہمدرد میرے جینے کی وجہ وہ بھی نہیں رہی ظالموں نے آخری چہرہ بھی نہیں دیکھنے دیا کتنی بدنصیب ہونا میں اپنے ماں باپ کا آخری چہرہ بھی نہیں دیکھا مجھے یتیم کر دیا لاوارث ہو گئی میں میں کس سے اپنے دل کی بات کرو کس کو اپنا حالِ دل سناؤ یہ دیکھیں میرے زخم کس کو دیکھاؤ کس کو سناؤ اپنی عزیتیں کس کو سناؤ اپنا حال ایک ماں تھی اللہ کے بعد میری ہمدرد میری غمگسار وہ بھی چلی گئی مجھے چھوڑ کر لیکن پتہ ہے مجھے اللہ سے کوئی شکوہ نہیں ہے آپکو پتہ ہے اللہ نے کیوں لیا ہے ؟

کیونکہ میرے اللہ کو پسند نہیں میں اپنے رب کی محبت میں شریک کرو آپکو پتہ ہے جب اللہ کسی سے بے حد محبت کرتا ہے نہ تو اسکی سب سے قیمتی اور قریبی چیز اس سے چھین لیتا اور دیکھیں اللہ نے مجھ سے میری مما لے لی کیونکہ اللہ مجھ سے بہت محبت کرتے ہیں اور اللہ کی محبت کی خاطر میں نے صبر کر لیا لیکن آج کے دن مجھے بہت یاد آرہی ہے لیکن میں آج بھی صبر کرونگی آنا اللہ مع الصابرین

ازدیان مان سے کہتی اسکے بازوؤں میں جھول گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مان نے اسے گاڑی میں بٹھایا اور ڈرائیور کو گاڑی گھر کی طرف موڑنے کا اشارہ کیا گھر پہنچ کر مان نے ازدیان کو گاڑی سے نکالا اور کمرے میں جا کر اسکو لٹا کر باہر لاؤنج میں آیا جہاں ابھی بھی سب بیٹھے تھے جبکہ عدنان صاحب غصے بھری نظروں سے اسے ہی دیکھ رہے تھے۔

یہ سب کیا ہے مان اور اس لڑکی کی ہمّت کیسے ہوئی یہ دہلیز پار کرنے کی۔

Posted On Kitab Nagri

عدنان صاحب ماں کو دیکھ کر بمشکل اپنے غصے کو ضبط کرتے ہوئے ماں سے استفسار کرنے لگے۔

بابا وہ اپنے گھر گئی تھی اور اسکو اپنے گھر جانے سے آپ تو کیا میں بھی نہیں روک سکتا اور وہ کوئی غلام نہیں ہے بیوی ہے میری اس لئے اس حویلی کے ہر فرد کی طرح اسے کھلی آزادی ہے کہ وہ جو چاہئے کرے جیسے چاہے رہے اس پر کوئی بھی کسی بھی قسم کی روک ٹوک نہیں کر سکتا اور رہی بات سوال جواب کی تو اپنی بیوی سے سوال جواب کرنے کا حق صرف مجھے ہے اور ابھی کافی رات ہو گئی ہے جا کر سب سوجائیں اور روبیشہ گڑیا آپ ملازمہ سے کہہ کر میرا اور آپکی بھابھی کا کھانا میرے روم میں بھجوائے۔

ماں نے عدنان صاحب سے دوٹوک کہا اور آخر میں روبیشہ سے کہتا اپنے روم کی طرف بڑھ گیا جبکہ عدنان صاحب پھوپھو منیشہ اور جیسمین منہ کھولے حیران و پریشاں ماں کو دیکھ رہے تھے جو کہ اپنے کمرے میں جاچکا تھا۔

منہ تو بند کرو مکھی چلی جائیگی میں تو چلا اپنے روم میں کافی تھک گیا آج تو مغیرہ نے اپنے پاس کھڑی جیسمین سے کہا اور ایک زبردست انگڑائی لیتا اپنے روم کی طرف چلا گیا عائزہ بھی اپنی ماں کو لیکر کمرے میں چلی گئی اور روبیشہ ماں کے کمرے میں کھانا بھجوانے کے لئے کچن کی طرف چلی گئی اور وہ چاروں ایک دوسرے کے چہرے دیکھ کر رہ گئے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مان نے کمرے میں آتے ہی ازدیان کی چادر اتاری جو وہ پہن کر گئی تھی اور ازدیان کے بے ہوش ہونے کے بعد مان نے اس کو چادر میں اچھے سے لپیٹا اور منہ ڈھک کر ازدیان کو کار میں بٹھایا تھا۔

ازدیان اٹھو ازدیان۔

مان نے پاس رکھے جگ میں سے تھوڑا سا پانی لیکر ازدیان کے چہرے پر چھڑکا اور اس کو آواز دیکر ہوش میں لانے کی کوشش کرنے لگا۔

شکر ہے تمہیں ہوش تو آیا آج دو دفعہ بے ہوش ہو گئی آپ میڈم۔

مان نے ازدیان کو ہوش میں آتے دیکھ مسکراتے ہوئے کہا جب سے مان کو پتہ لگا تھا ازدیان وہی لڑکی ہے جس کی تلاش میں وہ پاکستان آیا تھا اس کے ہونٹوں سے مسکراہٹ ہی جدا نہیں ہو رہی تھی۔

ٹک ٹک ٹک۔۔۔

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

Posted On Kitab Nagri

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

ابھی ازدیان کچھ کہتی کہ دروازہ بجا۔

آجائیں۔۔۔۔۔۔۔دروازہ بجنے پر مان نے آنے والے وجود کو کمرے میں آنے کی اجازت دی۔

سردار یہ کھانا روبیشہ بی بی نے بھیجا ہے۔

ٹھیک ہے یہاں رکھ دو اور آپ جاؤ۔

ملازمہ کے کہنے پر مان نے سامنے پڑی ٹیبل کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا تو ملازمہ سر اثبات میں ہلاتی کھانا ٹیبل پر رکھ چلی گئی۔

چلو آؤ اٹھ کر کھانا کھاؤ میں نے بھی نہیں کھایا۔

مان نے ازدیان کو سہارا دیتے ہوئے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

کیوں نہیں کھایا آپ نے کھالیتے اور ویسے بھی مجھے ابھی بھوک نہیں ہے۔

ماں نے کہنے پر ازدیان نے نم لہجے میں کہا۔

دیکھو ازدیان مجھ سے زیادہ دین کو تم جانتی ہو میں جاہل ہو اسلام کے معاملے میں لیکن تم تو سب کچھ جانتی ہو تم نے ہی کہا تھا نہ کہ اللہ جس بندے سے محبت کرتا ہے اسکی سب سے قیمتی چیز اس سے لے لیتا ہے تو دیکھو تمہیں تو خوش ہونا چاہئے اللہ تعالیٰ تم سے کتنی محبت کرتے ہیں میں مانتا ہو عزیتیں بھلائی نہیں جاتی لیکن اپنے گزرے کل کو یاد کر کے اپنے آج کو تباہ کرنا عقلمندی تو نہیں ہے نا موٴمن تو صبر کرتے ہیں تم تو بہت صابر ہو تم نے اس وقت صبر کیا جب تم اندھیری گلی میں تنہا تھی جب تمہیں کوئی راستہ کوئی روشنی اور نہ ہی کوئی منزل دیکھائی دے رہی تھی پھر اللہ تعالیٰ نے مجھے تمہارا محافظ بنا کر بھیجا اور اللہ کے حکم سے میں تمہاری نجات کا سبب بنا مجھے تمہیں بہت کچھ بتانا ہے لیکن ابھی فلحال چپ چاپ کھانا کھاؤ اور پھر ساتھ میں نوافل ادا کرینگے۔

ازدیان کے نم لہجے میں کہنے پر ماں نے اسکے آنسو صاف کرتے ہوئے سمجھایا اور اس کو صوفے پر بٹھا کر اس کی پلیٹ میں کھانا ڈالا اور دونوں ایک ہی پلیٹ سے کھانا کھانے لگے۔

چلو اب وضو کر لو پھر نوافل ادا کرتے ہیں۔

ماں نے ازدیان سے کہا تو وہ اپنا لہنگا سنبھالتی واشروم میں چلی گئی تھوڑی دیر میں وضو کر کے آئی اور لہنگے کے دوپٹے پر ہی چادر لپیٹ لی اور جائے نماز بچھائی اتنے میں ماں بھی وضو کر کے آگیا پھر دونوں نے

Posted On Kitab Nagri

ساتھ نوافل پڑھے اور دعا کی پھر مان نے ازدیان کے سر پر ہاتھ رکھ کر کچھ پڑھ کر اس پر دم کیا اور اسکے ماتھے پر بوسہ دیا۔

آپ نے کس چیز کا دم کیا ہے اور آپکو آتا ہے دم کرنا۔

ازدیان نے مان سے پوچھا جو کہ جائے نماز تہہ کر رہا تھا۔

میری حیات آج بہت پیاری لگ رہی تھی اس لئے مجھے ڈر تھا کہ نظر نہ لگ جائے اس لئے میں نے اپنی زوجہ پر دم کر کے اللہ کی امان میں دیا اور الحمدللہ میں حافظِ قرآن ہوں۔

ماشاءاللہ میں بھی حافظِ قرآن ہو۔

اچھا چلو چینج کر کے سو جاؤ رات بہت ہو گئی ہے۔

مان کے کہنے پر ازدیان نے سر اثبات میں ہلایا اور چینج کرنے چلی گئی جبکہ مان بھی سونے کے لیٹ گیا آج بہت تھکن ہو رہی تھی جس کی وجہ سے لیٹتے ہی نیند کی وادی میں اتر گیا اور پانچ منٹ بعد مزدلفہ بھی تمام چیزیں جگہ پر رکھتی سو گئی۔

----------------

اسلام علیکم۔۔۔

مان اور ازدیان نے ڈائننگ پر آتے ہی سلام کیا۔

Posted On Kitab Nagri

وعلیکم سلام عدنان صاحب نے ماں کو سلام کا جواب دیا جبکہ ازدیان کی طرف دیکھنا بھی ضروری نہیں سمجھا۔

اس لڑکی کی یہاں بیٹھنے کی اوقات نہیں ہے اس لئے یہ یہاں نہیں بیٹھے گی۔

معذرت بابا جان اوقات تو میری آپکی اور یہاں بیٹھے ہر فرد کی ہی ایک ہے ہم سب گندی مٹی سے بنے انسان ہیں اور مٹی سے پیدا ہو کر مٹی میں ہی جانا ہے تو پھر کس چیز کی اوقات اور اگر آپ اس مال و دولت کی بات کر رہے ہیں تو قارون اور فرعون کی مثال آپکے سامنے ہے اور تم کھڑی کیوں ہو بیٹھو اور ناشتہ کرو۔

ماں نے عدنان صاحب کو تحمل سے جواب دیتے ہوئے ازدیان سے کہا تو وہ بھی چیئر گھسیٹ کر بیٹھ گئی اور ناشتہ کرنے لگی۔

یہ انڈہ بھی کھاؤ ڈاکٹر نے کہا تھا تمہارے لئے مفید ہے اس لئے کھاؤ اسے۔

ماں نے ازدیان کی پلیٹ میں انڈہ رکھتے ہوئے کہا جبکہ سب آنکھیں پھاڑے اس مغرور شہزادے کا کیئرنگ انداز دیکھ رہے تھے۔

ماں اسکو اللہ نے ہاتھ دیے ہیں وہ کھالیگی تم اپنا ناشتہ کرو۔

پھوپھو کو ماں کا ازدیان کی کیئر کرنا ایک آنکھ نا بھایا تو فوراً سے کہنے لگی۔

Posted On Kitab Nagri

پھوپھو آپکو تو پتہ ہی ہو گا اللہ نے ہسبینڈ وائف کا رشتہ کتنا خوبصورت بنایا ہے اور اس رشتے میں ایک دوسرے کی کئیر کرنا ایک دوسرے کی عزت کرنا اور ایک دوسرے کی ڈھال بننا اور ایک دوسرے سے محبت کرنا یہ وہ چیزیں ہے جو اس رشتے کو اور خوبصورت اور معتبر بناتی ہے اور میں نہیں چاہتا کہ ہمارے رشتے کی خوبصورتی کسی کی بھی وجہ سے ماند پڑے اور اپنی وائف کی کئیر کرنا ایک ہسبینڈ کا فرض ہے اور یقین جانیے میں اپنے فرائض نبھانے اچھے سے جانتا ہو۔

شاید تم بھول رہے ہو یہ ایک غلام ہے اس کی حیثیت کسی باندھی سے زیادہ نہیں ہے۔

ماں کی بات پر منیشہ نے ناگواری سے کہا جبکہ عائزہ روبیشہ شگفتہ بیگم اور عافیہ بیگم پریشانی سے سب دیکھ رہی تھی جبکہ مغیرہ سب انجوائے کرنے کے ساتھ ساتھ ناشتے سے بھی انصاف کر رہا تھا۔

سب سے پہلی بات میں نے ہزار دفعہ کہا ہے مجھے ماں بلانے کا حق صرف میرے قریبی لوگوں کا ہے اس لئے لاسٹ وارننگ ہے آئیندہ مجھے اس نام سے مخاطب نہیں کرنا اور دوسری بات اسکی حیثیت یہ ہیکہ یہ اس گاؤں کے سردار کامیاب بزنس ٹائیکون دہمان درانی کی بیوی اور اس گاؤں کی سردارنی ہے اور یقین جانیے سردارنی کی توہین کرنے کی سزا ہر ایک کو ملیگی چاہیئے وہ کوئی بھی کیوں نہ ہو خواہ چھوٹا ہو یا بڑا اس لئے اب چپ چاپ سب اپنا ناشتہ کریں۔

منیشہ کی بات ماں کو ناگوار گزری تو ماں نے ایک نظر اب پر ڈال دو ٹوک کہا۔

آج گرینڈ پارٹی ہے میں نے بتایا تھا نہ تمہیں اس لئے ساری تیاریاں دیکھ لینا۔

Posted On Kitab Nagri

ماں کے دوٹوک کہنے پر عدنان صاحب نے بات بدلتے ہوئے ماں سے کہا۔

جی ٹھیک ہے مغیرہ سب دیکھ لیگا مجھے کچھ کام ہے اس لئے میں چلتا ہوں۔

ماں نے عدنان صاحب کو جواب دیتے ہوئے کہا جبکہ اپنے زمے کام کا سن کر مغیرہ نے برا سامنہ بنایا۔

ازدیان روم میں آؤ۔

ماں نے جاتے ہوئے ازدیان سے کہا تو وہ بھی اسکے پیچھے ہی روم میں چلی گئی۔

میں ابھی کام سے جا رہا ہو بارہ بجے تک آجاؤنگا پھر شاپنگ پر چلینگے اور لنچ بھی باہر ہی کرینگے جب تک روبیشہ اور عائزہ آپ کے ساتھ ہونگی اور اگر کوئی بھی کچھ بھی کہے یا بد تمیزی کرے تو برداشت کرنے کی ضرورت نہیں ہے چاہے وہ میرے بابا بھی کیوں نہ ہو تم یہاں کی سردارنی ہو اپنی حیثیت پہچانوں اور لوگوں کو بھی اپنی حیثیت سے آگاہ کرو ٹھیک ہے اب میں چلتا ہوں اللہ حافظ اپنا خیال رکھنا۔

ماں نے ازدیان کو سمجھاتے ہوئے کہا اور سر پر پیار کرتے چلا گیا پیچھے ازدیان بھی کمرے سے باہر نکل گئی اب اسکا ارادہ لان میں دھوپ سینکنے کا تھا چونکہ موسم ٹھنڈا تھا اس لئے اس نے آج دھوپ سینکنے کا ارادہ کیا۔

-------------------

روبیشہ بیبی جی اور عائزہ بی بی جی آپ دونوں کو بڑی بیگم بلا رہی ہیں۔

Posted On Kitab Nagri

ملازمہ نے لان میں آتے رو بیشہ اور عائزہ سے کہا جو کہ ازدیان کے ساتھ ہی لان میں بیٹھی آپس میں باتیں کر رہی تھی۔

بھابھی آپ بیٹھو ہم آتے ہیں۔

ملازمہ کے کہنے پر ان دونوں نے ازدیان سے کہا اور اندر کی طرف چلی گئی۔

ان دونوں کی جانے کے بعد ازدیان نے پورے لان کا جائزہ لیا اور پھر اپنی پسندیدہ نظم پڑھنے لگی جو کہ اس کے آج کے حالات سے میچ کرتی تھی۔

میرے زندان کے ساتھی کہیں تم بھول نہ جانا۔

عزیت کے کٹھروں میں جو ہم نے دن گزارے تھے۔

میرے زندان کے ساتھی کہیں تم بھول نہ جانا۔

عزیت کے کٹھروں میں جو ہم نے دن گزارے تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میرے زندان کے ساتھی کہیں بھول نہ جانا۔

عزیت کے کٹھروں میں جو ہم نے دن گزارے تھے۔

میرے زندان کے ساتھی کہیں تم بھول نہ جانا۔

Posted On Kitab Nagri

عزیت کے کٹہروں میں جو ہم نے دن گزارے تھے۔

وہ میدانوں کی جنگ جب ہم حیوانوں میں ہارے تھے۔

عدّو کی صف میں جس دم کھڑے محسن ہمارے تھے۔

میرے زندان کے ساتھی کہیں بھول نہ جان۔

عزیت کے کٹہروں میں جو ہم نے دن گزارے تھے۔

اگر آزاد دنیا کی طرف جاؤ تو وہاں جا کر۔

ہمیں دل کے نہاں خانوں سے یکسر مت ہٹا دینا۔

ہمارے انتظارِ آرزو کا عزم کا قصہ۔

اُدھر جا کر سنا دینا سبھی کو یہ بتا دینا۔

وہاں پر دور پنجروں میں کچھ ایسے لوگ بستے ہیں۔

جو حق کے مارکوں کے واسطے ہر دم ترستے ہیں۔

میرے زندان کے ساتھی کہیں تم بھول نہ جان۔

عزیت کے کٹہروں میں جو ہم نے دن گزارے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

وہ سب رحمٰن کے بندے عجم کی آنکھ کے تارے۔

وہ سب ایمان کے ساتھی عرب کے وہ گوہر پارے۔

جنہیں دشت و جبل کے عزم کے پیکر میں ڈھالا تھا۔

جنہیں مالک نے کتنی بھٹّیوں سے چن نکالا تھا۔

وہ جن کے سوز میں اخلاص کے ساغر جھلکتے تھے۔

وہ جن کی آنکھ میں امید کے جگنو چمکتے تھے۔

میرے زندان کے ساتھی کہیں تم بھول نہ جانا۔

عزیت کے کٹھروں میں جو ہم نے دن گزارے تھے۔

جو دن روزے سے رہتے تھے غمِ شب ہنس کے سہتے تھے۔

ہمارے رب ہے اِک اللہ بس یہ بات کہتے تھے۔

میرے مشکل دنوں کے ہمسفر زندان کے ساتھی۔

ہمارے دل کے ٹکڑے انکے آگے پیش کر دینا۔

ہمارے دل کے ٹکڑے ان کے آگے پیش کر دینا۔

دعاؤں سے ہماری انکے دامن خوب بھر دینا۔

Posted On Kitab Nagri

میرے زندان کے ساتھی کہیں تم بھول نہ جانا۔
عزیت کے کٹھروں میں جو ہم نے دن گزارے تھے۔

انہیں یہ بھی بتا دینا جو ہم اس راہ پہ نکلے۔
سوائے دردِ امّت کے ہمیں در پیش غم نہ تھے۔
ابھی بیمار ماں کو بھی معالج کو دیکھانا تھا۔
ضعیف اِک باپ کا بھی ہاتھ پھر ہم کو بٹانا تھا۔
مگر سر ہتھیلی پر لئے فلحال نکل آئے۔
یہ فرضِ عین بھی آخر ہمیں ہی تو نبھانا تھا۔
میرے زندان کے ساتھی کہیں تم بھول نہ جانا۔
عزیت کے کٹھروں میں جو ہم نے دن گزارے تھے۔

میرے زندان کے ساتھی اگر تم یاد رکھ پاؤ۔
انہیں پیغام دے دینا جنہیں آزاد تم پاؤ۔
کہ آؤ اِک حسین دنی کے مل کر خواب ہم دیکھیں۔

Posted On Kitab Nagri

خلافت ہو جہاں اسلام کی غالب شریعت ہو۔

جہاں پر آخرت کا خوف ہو یہ دل جہاں پگھلے۔

جہاں انّس و اقصیٰ کی جانب قافلے نکلے۔

میرے زندان کے ساتھی کہیں تم بھول نہ جانا۔

عزیت کے کٹہروں میں جو ہم نے دن گزارے تھے۔

جہاں تے روز پر ایمان اور صبر و توّکل ہو۔

جہاں پر شوکتِ اسلام کے لشکر مشکّل ہو۔

ہر اِک طاغوت سے ہر شرک سے انکار کی دنیا۔

ابو بکر و عمر عثمان کے قرّار کی دنیا۔

جہاں اسلام کی خوشبو سے یہ آنگن معطّر ہو۔

جہاں ہو نور کی بارش سبھی دل یوں منّور ہو۔

میرے زندان کے ساتھی کہیں تم بھول نہ جانا۔

عزیت کے کٹہروں میں جو ہم نے دن گزارے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

ہر اِک دوجے سے پوچھیں تیرا ایمان کیسا ہے؟

ہے علمِ دین کیا تعلقِ قرآن کیسا ہے؟

اُخّوت کے حسین رشتوں محبت پیار کی بستی۔

مہاجر کے لئے جائے پناہ انصار کی بستی۔

مگر وہ دن تو آئیگا جب یہ جان لینگے ہم۔

وہ اِک اللہ کی رسّی کو مل کر تھام لینگے ہم۔

میرے زندان کہیں تم بھول نہ جانا۔

عزیت کے کٹہروں میں جو ہم دن گزارے تھے۔

اگر تم نرم قالینوں کُھلے صحنوں بھرے بینکوں کی دنیا میں پلٹ جاؤ تو ان سے یہ بھی کہہ دینا۔

شبرہ غانوں ابو ہُرّیب اور دو نتاناموں کے۔

اُجین و ہند کے القُدس اور اس پار آموں کے۔

اسیروں ک چھڑانا اِک معیّن فرض ہے تم پر۔

اُفّقُ الآن ہے حکمِ نبی جو قرض ہے تم پر۔

میرے زندان کے ساتھی کہیں تم بھول نہ جانا۔

Posted On Kitab Nagri

عزیت کے کٹھروں میں جو ہم نے دن گزارے تھے۔

بڑے ہم منتظر ہیں کب کوئی طارق کوئی قاسم۔
ہماری چو کھٹوں کی یہ سلاخیں توڑ ڈالے گا۔
سَہُونی اور صُلیبی دستِ قاتل توڑ ڈالے گا۔
مسلّت کتنی مدّت کے یہ پہرے یہ سب ہٹالیگا۔
نگاہیں منتظر ہیں دل تمہیں آواز دیتا ہے۔
تمہارا رب تمہیں خود جنتوں کے راز دیتا ہے۔
میرے زندان کے ساتھی کہیں تم بھول نہ جانا۔
عزیت کے کٹھروں میں جو ہم نے دن گزارے تھے۔

www.kitabnagri.com

بس اِک وعدہ کرو ہم سے کہ آزاد ہو کر بھی۔
دعائے نیم شب سے تم ہمیشہ شاد رکھو گے۔
میرے زندان کے ساتھی ہمیں تم یاد رکھو گے۔
میرے زندان کے ساتھی کہیں تم بھول نہ جانا۔

Posted On Kitab Nagri

عزیت کے کٹھروں میں جو ہم نے دن گزارے تھے۔

وہ میدانوں کی جنگ جب ہم حیوانوں میں ہارے تھے۔

عدّو کی صف میں جس دم کھڑے محسن ہمارے تھے۔

میرے زندان کے ساتھی کہیں تم بھول نہ جانا۔

عزیت کے کٹھروں میں جو ہم نے دن گزارے تھے۔

ازدیان آنکھیں بند کر کے نظم پڑھتی ہوئی کسی اور ہی دنیا میں پہنچی ہوئی تھی جبکہ آنسوؤں سے چہرہ بھیگ چکا تھا جبکہ عائزہ روبیشہ ماں مغیرہ شگفتہ بیگم عافیہ بیگم سب ازدیان کے آواز کے سحر کے زیرِ اثر تھے۔

روبیشہ اور عائزہ عافیہ بیگم کو باہر لان میں لیکر آرہی تھی اور ساتھ میں شگفتہ بیگم بھی کچھ کھانے کی چیزیں لارہی تھی تاکہ کچھ دیر ازدیان سے باتیں کر سکیں لیکن ازدیان کو نظم پڑھتے دیکھ سب خاموشی سے اسکے اطراف میں لگی کرسیوں پر بیٹھ گئے ماں اور مغیرہ بھی وہیں بیٹھ گئے تھے جبکہ ازدیان تو کسی اور ہی دنیا میں پہنچی ہوئی تھی اس لئے سب لوگوں کے آنے کی اسے خبر ہی نا ہوئی

بھابھی آپکی آواز بہت اچھی ہے۔

Posted On Kitab Nagri

مغیرہ نے ازدیان کو دیکھتے ہوئے کہا جو کہ ابھی بھی آنکھیں بند کیے بیٹھی تھی۔

جزاک اللہ بھائی آپ لوگ کب آئے؟

ازدیان نے مغیرہ کا شکریہ ادا کرنے کے ساتھ پوچھا۔

جب میری شہزادی اپنی پیاری سی آواز میں نظم پڑرہی تھی۔

ازدیان کے پوچھنے پر رومیشہ نے پیار سے کہا۔

ازدیان روم میں آؤ۔

مان سب کی بات نظر انداز کرتا ازدیان کو روم میں آنے کا کہتا روم میں چلا گیا تو ازدیان بھی اسکے پیچھے ہی روم میں چل دی۔

یہ عبایا پہنو اور جلدی سے ریڈی ہو جاؤ باہر لنچ کرینگے۔

مان نے ازدیان کو آتا دیکھ اپنے ہاتھ میں پکڑا بیگ اسکی طرف بڑھاتے ہوئے کہا تو ازدیان سر اثبات میں ہلاتی ڈریسنگ روم میں چلی گئی تو مان بھی فریش ہونے وارڈروب سے کپڑے نکالتا باتھروم چلا گیا۔

چلیں۔۔۔ازدیان نے مان کو بال بناتے دیکھ کہا۔

ہاں چلو مان نے ازدیان سے کہا اور گاڑی کی چابی وائلٹ وغیرہ اٹھا کر ازدیان کا ہاتھ پکڑتا باہر نکل گیا۔

ارے واہ بھئی آج کل تو بیغرتی کی حد ہو گئی ہے شادی سے پہلے ہی معصوم اور امیر لڑکوں کو ایسے پھنساتی ہیں پھر اس بچارے لڑکے کو اس بیغرت کے سواء کوئی نظر نہیں آتا۔

Posted On Kitab Nagri

پھوپھو ماں اور ازدیان کو ایک ساتھ لاؤنج میں آتا دیکھ بلند آواز سے کہنے لگی۔

ابھی ماں کچھ بولتا کہ ازدیان نے اسکا ہاتھ دبا کر اسے چپ رہنے کا اشارہ کیا تو ماں بمشکل اپنا غصہ ضبط کرتا ازدیان کو لیے چپ چاپ وہاں سے چل دیا۔

تم نے مجھے کیوں روکا اگر میں آج جواب دیتا تو آئندہ انکی ہمت نہیں ہوتی تمہارے بارے میں ایسی بات کرنے کی میری غیرت کو گوارہ نہیں ہیکہ کوئی بھی میری بیوی میری عزت کو گالی دے اور میں چپ چاپ خاموش تماشائی کی طرح سنتا رہو آئندہ مجھے روکنے کی غلطی مت کرنا ورنہ سب سے پہلے میرے عتاب کا نشانہ تم ہی بنو گی۔

ماں نے اسٹیئرنگ پر اپنی گرفت مضبوط کرتے ہوئے ازدیان پر دھاڑا۔

ریلیکس کچھ نہیں ہوا وہ بول رہی ہیں بولنے دیں انکے کہنے سے میں ہو جاؤنگی کیا اور ضروری نہیں ہے ہر کسی کو جواب دیا جائے خاموشی بھی کسی چیز کا نام ہے آپ تھپڑ مارتا ہوا ہاتھ روک سکتے ہیں لیکن لوگوں کی زبان نہیں اور جب آپ نے مجھ سے شادی کرنے کی غلطی کر ہی لی ہے تو یہ سب برداشت کرنا پڑیگا بلکے یہ تو کچھ بھی نہیں ابھی تو بہت کچھ برداشت کرنا پڑیگا آپ ابھی سے غصہ ہو گئے ابھی تو بہت کچھ سہنا باقی ہے برداشت کرنا سیکھیں۔

ماں کے غصے سے کہنے پر ازدیان نے ماں کو سمجھاتے ہوئے کہا جس پر ماں نے کوئی جواب نہ دیا اور خاموشی سے ڈرائیو کرنے لگا۔

Posted On Kitab Nagri

ویسے ایک بات بتائیں آپ نے مجھ سے شادی کیوں کی آخر ایسی کیا وجہ تھی کہ آپ مجھ جیسی بیمار لاغر اور غلام لڑکی سے شادی کرنے پر مجبور ہو گئے نہ میں آپکے اسٹیٹس سے بلونگ کرتی ہوں اور نہ ہی آپ نے مجھے دیکھا تھا جو آپ میری خوبصورتی پر فدا ہوئے ہو۔

ازدیان نے اپنے ذہن میں کب سے چلتا ہوا سوال ماں سے پوچھا۔

بہت لمبی کہانی ہے پھر کبھی سناؤنگا۔

ازدیان کے پوچھنے پر ماں نے ٹالنے والے انداز میں کہا۔

ٹھیک ہے مرضی ہے نہ بتائیں لیکن کبھی نہ کبھی تو بتائیں گے ہی آپ خیر ویسے یہ بتائیں آپ نے اچانک اسلام قبول کرنا اور وہ نماز پڑھنا اور آپکا قرآن حافظ ہونا مجھے الجھا رہا ہے ذرا وضاحت کرینگے۔

ازدیان میں تمہیں تمہارے ہر سوال کو جواب دونگا لیکن زبان سے نہیں اپنے عمل سے تمہیں بتانا چاہتا ہو کیونکہ میں نہیں چاہتا کہ جن وعدوں اور باتوں پر میں تمہیں یقین دلاؤں اور وقت آنے پر پورا نہ کرسکوں اور اس وقت مجھے تمہارے سامنے شرمندگی اٹھانی پڑے اس لئے تمہیں صبر کرنا پڑیگا اور اب چھوڑو یہ باتیں مال آگیا ہے باہر چلو۔

www.kitabnagri.com

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

Posted On Kitab Nagri

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

ازدیان کے دوسرا اسوال پوچھنے پر مان نے کہا اور اسے سامنے مال کی طرف توجہ دلائی اور پھر خود باہر نکل کر ازدیان کا دروازہ کھول کر اسے باہر نکالا اور اسے لیکر اندر کی طرف بڑھ گیا۔

مال میں آتے ہی مان ازدیان کو لیکر لیڈیز بوتیک میں آیا اور اپنی پسند سے ڈریسز خریدنے لگا۔

مان بس کر دیں بہت ہیں اتنے کپڑے میں کیا کرونگی اتنے سارے کپڑوں کا۔

ازدیان نے مان سے کہا جو کہ اسکے منع کرنے کے باوجود بھی پندرہ بیس دریسز لے چکا تھا۔

اچھا ٹھیک ہے چلو آج رات کے لئے برائیڈل ڈریس لے لیں۔

Posted On Kitab Nagri

ازدیان کے کہنے پر مان نے کہا اور اسے لیے برائیڈل شاپ میں داخل ہوا۔

سر میں آپکی کیا ہیلپ کر سکتا ہو۔

مان کے شاپ میں داخل ہوتے ہی ایک سیل بوائے اس سے کہنے لگا۔

میں نے کچھ آڈر کیا تھا اپنا آرڈر لینا ہے۔

جی سر آپکا آڈر ریڈی ہے میں ابھی لیکر آتا ہوں۔

مان کے بتانے سیل بوئے نے کہا اور آرڈر لینے وہاں سے چلا گیا۔

تھینکس۔۔۔مان نے آرڈر لیکر پیمنٹ کرتے ہوئے سیل بوائے سے کہا اور شاپ سے باہر نکل گیا۔

اب کہاں جانا ہے؟

نیچے پارلر ہے تم وہاں سے مہندی لگوا لو مجھے تھوڑی اور شاپنگ کرنی ہے۔

نہیں بس آپ مہندی لے لیں میں خود لگا لونگی مجھے آتی ہے۔

مان کے کہنے پر ازدیان نے انکار کرتے ہوئے کہا۔

نہیں ابھی اتنا وقت نہیں ہے یہاں سے لگوا لو۔

ایکسکیوزمی۔۔۔میں نے یہاں بکنگ کروائی تھی مہندی کے لئے یہ انکے لگا دیں مہندی زرہ جلدی کیجئیگا میں ایک گھنٹے تک آتا ہوں آپ پہلے انکے لگا دیں۔

مان ازدیان کو مال میں ہی نیچے بنے پارلر میں لایا تھا اور اب پارلر کی ایک لڑکی سے کہنے لگا۔

Posted On Kitab Nagri

اوکے سر آپ آجائیں۔۔۔۔۔آئیں میم۔۔۔

اس لڑکی نے مان سے کہا اور اور ازدیان کو لیکر اندر چلی گئی تو مان بھی دوبارہ مال کی طرف چل دیا۔

-----------------------

مان نے اوپر آکر سب سے پہلے ازدیان کے لئے موبائل لیا پھر ڈریسز کی میچنگ کے شوز بیگ جیولری لیکر اب وہ ازدیان کے لئے گولڈ کی شاپ میں منہ دیکھائی کا گفٹ دیکھ رہا تھا جو کہ وہ لینا بھول گیا تھا۔

آپ کوئی خوبصورت سا ڈائمنڈ سیٹ دیکھائیں۔

دیکھیں یہ سر یہ ہماری دکان سا سب سے ایکسپینسیو اور خوبصورت سیٹ ہے یہ ابھی صرف ایک ہی پیس آیا ہے۔

مان کے کہنے پر ایک لڑکے نے ایک انتہائی خوبصورت سیٹ مان کو دیکھایا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہہم یہ پیک کر دو۔۔۔

مان نے سیٹ کو دیکھتے ہوئے کہا جس میں ایک چین ٹاپس رنگ اور بریسلٹ تھا اور انتہائی خوبصورت اور ڈیسینٹ تھا۔

یہ لیں سر۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

سیل بوائے نے بیگ مان کی طرف بڑھایا تو مان پیمنٹ کرتا باہر چل دیا سارا سامان مان نے کار میں رکھا اور اب اسکا رخ پارلر کی طرف تھا۔

ایکسکیوزمی مسز دہمان درانی کو بلادیں۔

مان نے ریسیپشن پر بیٹھی لڑکی سے کہا تو اس نے فون اٹھا کر اندر اطلاع دی۔ تھوڑی ہی دیر میں ازدیان باہر آئی دونوں ہاتھوں اور پیروں پر مہندی لگی ہوئی تھی پاؤں کی مہندی سوکھ چکی تھی جبکہ ہاتھ کی ابھی گیلی تھی۔

مان ابھی مہندی گیلی ہے اب میں دوپٹہ کیسے باندھو نقاب بھی لگانا ہے۔

ازدیان نے اپنا خراب دوپٹہ دیکھ کر جھنجھلاتے ہوئے مان سے کہا۔

بس اتنی سی بات لاؤ میں دوپٹہ باندھوں۔

مان نے ازدیان سے کہا اور پھر اسکا دوپٹہ باندھ کر نقاب لگایا جبکہ پارلر کی سب لڑکیاں رشک سے اس چھوٹی سی لڑکی کو دیکھنے لگیں۔

چلو اب تو کوئی مسلئہ نہیں نا۔

مان نے ازدیان سے کہا اور اسکو ساتھ لیکر گاڑی کی طرف چل دیا۔

اب کہاں جانا ہے؟

ازدیان نے مان سے پوچھا جو کہ ڈرائیونگ کر رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

پہلے کچھ کھالیں پھر گھر چلینگے مجھے اندازہ نہیں تھا اتنا ٹائم ہو جائیگا ورنہ پہلے لنچ کر لیتے۔۔۔

کوئی بات نہیں مجھے ابھی بھی بھوک نہیں ہے گھر چلیں رات میں ڈنر کر لینگے۔

مان کے افسردہ لہجے میں کہنے پر ازدیان نے مان کو دیکھتے ہوئے کہا۔

نہیں پہلے کچھ کھاؤ چلو صبح بھی ناشتہ ٹھیک سے نہیں کیا تھا تم نے۔

مان نے باہر نکل کر ازدیان کا دروازہ کھول کر اسے باہر نکالا اور اسکو لیکر ریسٹورنٹ میں داخل ہوا۔

سر آپ اس کیبن میں چلے جائیں۔

مینیجر نے مان سے کہا جو کہ پہلے ہی ایک پرائیویٹ کیبن بک کروا چکا تھا۔

چلو بتاؤ کیا کھاؤ گی۔

مان نے مینیو کارڈ ازدیان کو دیتے ہوئے پوچھا۔

نہیں آپ خود منگوالیں مجھے ویسے بھی بھوک نہیں ہے۔

چلو ٹھیک ہے۔۔۔ازدیان کے کہنے پر مان نے ویٹر کو آرڈر لکھوایا تو وہ وہاں سے چلا گیا۔

یہ لو یہ تمہارا موبائل۔

مان نے ازدیان کی طرف بیگ بڑھاتے ہوئے کہا جو کہ وہ آتے ہوئے گاڑی سے نکال کر لے آیا تھا۔

لیکن مجھے ضرورت نہیں تھی اسکی۔

Posted On Kitab Nagri

لیکن مجھے تھی اگر میں باہر ہوا اور تم سے بات کرنی ہوئی کسی کام سے تو کیسے کرونگا اس لئے چپ چاپ رکھ لو۔

مان نے ازدیان کو سمجھاتے ہوئے کہا تو وہ چپ ہو گئی اتنے میں ویٹر آڈر لے آیا اور کھانا سرو کر کے واپس چلا گیا۔

اب میں کیسے کھاؤ میرے ہاتھ میں تو مہندی لگی ہے۔

کوئی بات نہیں میں کھلا دیتا ہوں نقاب اتار دو اب کوئی نہیں آئیگا۔

مان ازدیان سے کہا اور خود ہی اسکو نقاب اتار کر کھانا کھلانے لگا ساتھ میں خود بھی کھانے لگا۔

کھانا کھا کر وہ دونوں گھر کی طرف چل دیے

بھائی آپ نے کہا تھا کہ منیشہ مان کی بیوی بنے گی اور اب دیکھو وہ کیسی اس کم ذات کو آپکی بہو اور اس گاؤں کی سردارنی کا حق دیے بیٹھا ہے ان سب چیزوں پر میری بیٹی کا حق جس پر اس ڈائن نے قبضہ کر لیا ہے پتہ نہیں کونسا تعویز پڑھ کر پھونکا ہے اس جادوگرنی نے کہ مان تو اسکا غلام ہی بن گیا میں آپکو بتا رہی ہو جلدی کچھ کریں اس لڑکی کا کیونکہ میں اپنی بیٹی کے حق پر کسی کو بھی قبضہ نہیں کرنے دونگی مان نے تو آپ کو بھی کتنا بڑا دھوکہ دیا ہے اور آپ نے کچھ بھی نہیں کہا چپ چاپ سارا تماشہ دیکھ رہے ہیں آپ کچھ بول کیوں نہیں رہے بھائی۔

سائرہ پھوپھو مان کے جاتے ہی عدنان صاحب کے کمرے میں آتے ہی شروع ہو گئی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

تم بے فکر رہو سائرہ میری بہو منیشہ ہی بنے گی اور رہی اس گالی کی بات تو یوں سمجھو یہ کہ اب اسکی زندگی کہ چند دن ہی بچے ہیں مان نے اس گالی کی وجہ سے مجھے دھوکہ دیا ہے نہ تو اب مان کے دھوکے کی سزا بھی وہ گالی بھگتے گی اور ایسی سزا دونگا کہ اسکی روح کانپ اٹھے گی ابھی تو میں نے اس کے ساتھ کچھ بھی نہیں کیا تھا لیکن مان نے مجھے دھوکہ دیکر میرے اندر چھپے شیطان کو جگایا ہے اور اب یہ شیطان اس گالی کا کیا حشر کریگا اسکا مان نے کبھی تصور بھی نہیں کیا ہو گا کیونکہ مجھے دھوکہ دینے والوں کی سزا موت کے سواء کچھ نہیں لیکن اس گالی کو میں اتنی آسانی سے موت نہیں دونگا اتنا تڑپاؤنگا کہ وہ خود موت کی دعائیں مانگے گی بس تم اب دیکھتی جاؤ میں کرتا کیا ہو اس کے ساتھ اور میں مان کی شادی منیشہ سے کرواؤنگا یہ میرا وعدہ ہے بس آج کا یہ ولیمہ نپٹنے دو پھر اسکے بعد ایسا بدنام کرونگا اس گالی کو کہ لوگ تھو تھو کرینگے اور خود اسکو دھکے دیکر گاؤں سے نکالینگے بس تم فکر نہ کرو میں نے بہت کچھ سوچ رکھا ہے کیونکہ جب تک میں اس گالی کا کام تمام نہیں کر دیتا مجھے بھی سکھ کا سانس نہیں آئیگا آج تک کسی کی ہمّت نہیں ہوئی عدنان درانی کو دھوکہ تو دور کی بات میری کسی بات سے انکار کرنے کی لیکن یہ گالی پچھلے ایک سال سے مجھے للکارتی آرہی ہے بڑی بہادر بنتی ہے نہ اب اسکی ساری بہادری میں نکالونگا بس بہت جی لیا اس نے اب اسکی زندگی کی آخری دن ہے تم فکر مت کرو بس اپنے بھائی پر یقین رکھو۔

سائرہ پھوپھو کے کہنے پر عدنان صاحب نے اپنے غلیظ ارادوں سے انہیں آگاہ کیا لیکن شاید وہ بھول بیٹھے تھے کہ انسان کتنی ہی سازشیں کرلیں ہوتا وہی ہے جو اللہ چاہتا ہے۔

Posted On Kitab Nagri

)بیشک وہ ہر چیز پر قادر ہے(القرآن)۔

----------------

اسلام علیکم۔۔

اسلام علیکم۔۔

مان اور ازدیان نے لاؤنچ میں آتے ہی سلام کیا جہاں روبیشہ مغیرہ عائزہ شگفتہ بیگم اور مافیہ بیگم سب بیٹھے چائے سے لطف اندوز ہو رہے تھے۔

وعلیکم سلام میرے پاس آؤ میری جان میری شہزادی۔

مافیہ بیگم نے سلام کا جواب دیتے ہوئے ازدیان سے کہا تو وہ انکے پاس صوفے پر بیٹھ گئی۔

ماشاءاللہ کتنی پیاری لگ رہی ہے میری بیٹی کی مہندی اللہ حاسدوں کی نظر سے بچائے۔

مافیہ بیگم نے ازدیان کے ماتھے پر پیار کرتے ہوئے کہا۔

واقع بھابھی آپ کی مہندی تو بہت پیاری لگ رہی ہے۔

جزاک اللہ۔۔۔عائزہ کے تعریف کرنے پر ازدیان نے مختصر سا جواب دیا۔

عائزہ کیوں بیچاری سے جھوٹ بول رہی ہو ایسے لوگوں کو ہی تو لگے گی نظر جنکو ڈریسنگ سنس تک نہیں ہے اوہ سوری بلکہ یہ کہنا درست ہو گا جنکی اوقات ہی نہیں اچھی ڈریسنگ کرنے کی۔

Posted On Kitab Nagri

عائزہ کے ازدیان کی تعریف کرنے پر منیشہ نے ازدیان کا مزاق اڑاتے ہوئے جیسمین کے ہاتھ پر تالی ماری جو کہ دونوں ابھی باہر سے آرہی تھی۔

ازدیان کمرے میں جاؤ۔

مان نے منیشہ کی بات پر بمشکل اپنے غصہ کنٹرول کرتے ہوئے ازدیان سے سرد لہجے میں کہا۔

ارے مان ایسے لوگوں کی جگہ شاندار کمروں میں نہیں جھگیوں میں ہوتی ہے صحیح کہا نہ جیسمین۔

منیشہ ایک بار پھر ازدیان کا مزاق اڑاتے ہوئے جیسمین سے تائید چاہی جس پر جیسمین نے بھی اسکی تائید کی۔

اپنے رویے کی سزا کے لئے تیار رہنا اب میں کیا کرتا ہوں تم دونوں کے ساتھ ایک سردارنی کی توہین کرنے کی سزا اب تم دونوں کو مل کر رہیگی جسٹ ویٹ اینڈ واچ۔

مان نے جیسمین اور منیشہ کے کھکھلاتے چہروں کو دیکھتے ہوئے سرد لہجے میں کہا اور ازدیان کا ہاتھ پکڑتا اپنے کمرے کی طرف چل دیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چلو بھئی ٹیلر تو دیکھ لیا اب مجھے تو فلم کا بڑا بے صبری سے انتظار ہے اور مجھے امید ہے وہ بھی جلدی دیکھنے کو ملیگی۔

مغیرہ نے منیشہ اور جیسمین کو دیکھتے ہوئے کہا جنکے چہرے مان کی بات پر ایک دم خوفزدہ ہوگئے تھے۔

-----------------

Posted On Kitab Nagri

میں نے آپکو کیا سمجھایا تھا کہنے دیں جو کہہ رہے ہیں جس کا جو معیار ہوتا ہے نہ وہ اپنے معیار کے ہی مطابق بات کرتا ہے عزت اور ذلت اللہ دیتا ہے انکے بولنے سے کچھ نہیں ہوتا سوائے انکے دل میں ڈھنڈک پڑنے کے اور میں ایسے لوگوں کی بات کا بلکل برا نہیں مانتی پتہ ہے کیوں؟

کیونکہ ایسے لوگ نادان ہے جاہل ہیں جنکو اس دنیا کہ علاوہ کسی چیز کا ہوش نہیں جو دنیا کی رنگینیوں میں اس قدر کھو گئے ہیں کہ اپنے اصل کو بھول بیٹھے ہیں مجھے برا لگنے کے بجائے ایسے لوگوں پر ترس آتا ہے جو اپنی آخرت کے بدلے اپنی دنیا کا سودا کرتے ہیں جو کہ سراسر خسارہ ہے اور جب مجھے برا نہیں لگتا تو آپ کیوں اتنا ہائپر ہو رہے ہیں بولنے دیں جو بول رہے ہیں اگنور کریں وہ تو چاہتے ہی یہی ہیکہ آپ غصے میں آکر کوئی ایسا کام کریں جس سے آپ سے سرداری چھین لی جائے اور پھر جو آپکا خواب ہے نہ لوگوں کو انصاف دلانا انکے لئے لڑنا انکو ایک امن و سکون والی زندگی مہیا کرنا وہ دھرا کا دھرا رہ جائیگا آپ کو اپنے غصے کو کنڑول کرنا پڑیگا۔

تمہیں کیسے پتہ کہ میرا یہ خواب ہے میں نے تو کبھی تم سے اس بات کا زکر تو کیا بھنک بھی نہیں لگنے دی بلکہ میں نے یہ بات مغیرہ سے بھی نہیں کہی تو تمہیں کیسے پتہ لگا۔

مجھے تو یہ بھی پتہ ہیکہ آپ شروع سے مسلم ہیں بس اپنے بابا کو لوگوں پر ظلم کرتا دیکھ کر آپ نے اپنے ذہن میں یہ بات بٹھالی کہ جس کے پاس پیسہ اور اقتدار ہو اسی کے ہاتھ میں سب کچھ ہوتا ہے اس لئے ہی آپ دل میں خدا کو مانتے تھے لیکن زبان سے اسکا انکار کرتے تھے لیکن شاید آپ اپنے رب کے

Posted On Kitab Nagri

معجزے اسکی نعمتیں اور اس کی رحمتوں سے غافل ہو گئے تھے لیکن کوئی بات نہیں ابھی بھی وقت ہے توبہ کر کے اپنے رب کو راضی کرلیں اور اپنی آخرت سنوار لیں لیکن اتنا کہونگی زندگی میں کتنی ہی مشکلات کیوں نہ آجائے کتنی ہی سخت آزمائیشیں آئیں لیکن اپنے رب کا انکاری مت ہونا ورنہ تباہ و برباد ہو جائینگے ایک دفعہ آپ یہ غلطی نہیں بلکہ گناہ کر چکے ہیں لیکن اب نہیں کیجئیگا کیونکہ توبہ کی شرط ہی یہی ہیکہ جس گناہ سے آپ توبہ کر رہے ہیں اسے کبھی بھی دوبارہ نہ کرنے کا اللہ سے اور خود سے وعدہ کریں اور ساری زندگی اس وعدے کی پاسداری کریں اگر آپ ایسا کرینگے تو آپکی توبہ قبول ہونے سے کوئی نہیں روک سکتا کیونکہ میرا رب تو ہے ہی غفور الرّحیم خیر سب چیزیں چھوڑیں جائے عصر کی نماز کا وقت ہو رہا ہے جائیں نماز پڑھ کر آئیں اور میں بھی نماز پڑھنے جا رہی ہو۔

ازدیان نے ماں کو سمجھاتے ہوئے کہا اور وضو کرنے کی غرض سے باتھروم چلی گئی تو ماں بھی مسجد جانے کے لئے کمرے سے نکل گیا۔

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

اوئے نئے سردار کہاں کی تیاری ہے۔

مغیرہ نے ماں کو باہر کی طرف جاتے دیکھ پوچھا جبکہ خود ابھی تک لاؤنج کے صوفے پر ہی بیٹھا موبائل یوز کر رہا تھا۔

نماز پڑھنے جا رہا ہوں چل تو بھی ساتھ پڑھ کر آتے ہیں۔

مغیرہ کے پوچھنے پر ماں نے اسے بتاتے ساتھ آفر کی۔

ہائے اللہ کہیں میں خواب تو نہیں دیکھ رہا کہ ماں ذرا چٹکی کاٹ۔

ماں کے کہنے پر مغیرہ نے ڈرامائی انداز میں اپنا بازو ماں کے سامنے کرتے ہوئے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

آوچ امی ڈیش انسان اتنی زور سے چٹکی کاٹتے ہیں۔

مغیرہ نے اپنے بازو سہلاتے ہوئے مان کو گھورتے ہوئے کہا۔

تو نے ہی کہا تھا چٹکی کاٹنے کا یہ تھوڑی کہا تھا کہ آہستہ کاٹنا اور اب چھوڑ یہ فضول بکو اس چل آٹھ میرے ساتھ مسجد چل دیر ہو رہی ہے۔

مان نے مغیرہ کا بازو پکڑ کے اٹھاتے ہوئے کہا۔

ابے یار مجھے چائے پینی تھی۔

مان کے کہنے پر مغیرہ نے بہانا بناتے ہوئے کہا۔

جانتا ہو تیرے سارے بہانے چپ چاپ آٹھ چل آ کر پی لینا چائے۔

مان نے مغیرہ کا بازو چھوڑ کر اسکی گدی پکڑتے ہوئے اسے جھڑکا۔

اچھا نا چل رہا ہو میری گردن تو چھوڑ ابھی تو تیرے ولیمے کا کھانا بھی نہیں کھایا اتنی محنت سے سارا کام کروا کر آیا ہوں تیرے ولیمے سے پہلے فوت نہیں ہونا چاہتا ہائے اللہ یہ میں نے کیا بول دیا فوت ہو میرے دشمن۔

مغیرہ نے مان سے اپنی گردن چھڑاتے دہائیاں دیتے ہوئے کہا جبکہ مان تاسف سے اپنی گردن نفی میں ہلا کر رہ گیا یعنی اس کا کچھ نہیں ہو سکتا۔

Posted On Kitab Nagri

یار مغیرہ جلدی کر ایسا لگ رہا ہے میرا نہیں تیرا ولیمہ ہو کب سے شیشے کے آگے کھڑا ہے اب تو شیشہ بھی تیری شکل سے بیزار ہو گیا ہو گا اس سے پہلے کہ شیشہ خودکشی کر لے رحم کر دے اس پر اور ہٹ جا سامنے سے۔

مغیرہ اور مان ولیمے کے لئے مغیرہ کے روم میں تیار ہو رہے تھے کیونکہ مان کے روم میں عائزہ روبیشہ اور ازدیان تیار ہو رہی تھی مان کب سے بلیک پینٹ کوٹ میں تیار بیٹھا مغیرہ کو دیکھ رہا تھا جس کی تیاری ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی آخر کار مان کا صبر کا پیمانہ لبریز ہوا تو جھنجھلا کر کہنے لگا۔

ہاں بھئی تجھے مل گئی نہ اس لئے اتنی زبان چل رہی ہے کیا پتہ آج مجھے بھی کوئی مل جائے لیکن مجال ہے جو تو مجھے تھوڑا سا خوش ہونے دے۔

مان کے کہنے پر مغیرہ نے اسے گھورتے ہوئے کہا۔

بس بس جب ملنی ہو گی مل جائیگی ابھی جلدی کر تقریباً سارے مہمان ہال میں جا چکے ہیں تو روبیشہ اور عائزہ کو لیکر جائیگا تو میں بھی اپنی بیگم کو لیکر آؤنگا اس لئے اب دفع ہو۔

مان نے مغیرہ کو دروازے کی طرف دھکّہ دیتے ہوئے کہا۔

ٹک ٹک ٹک۔۔۔

ابھی دونوں لڑ ہی رہے تھے کہ دروازہ نوک ہوا۔

آجائیں۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

مغیرہ نے آنے والے وجود کو کمرے میں آنے کی اجازت دی۔

سر وہ چھوٹے سر دار کو بڑے سر دار بلا رہے ہیں۔

اجازت ملنے پر ملازمہ نے کمرے میں داخل ہوتے ہی مان کو عدنان صاحب کا پیغام دیا۔

آپ جائیں میں آتا ہوں۔

مان نے ملازمہ سے کہا تو سر اثبات میں ہلاتی چلی گئی۔

میں بابا کے روم میں جارہا ہوں دو منٹ میں تو بھی وہی آجا ورنہ بہت ماروں گا میں تجھے۔

مان نے مغیرہ کو وارن کرتے ہوئے کہا اور عدنان صاحب کے کمرے کی طرف چل دیا۔

---------------------

ٹک ٹک ٹک---

مان نے عدنان صاحب کے روم کے باہر کھڑے ہو کر دروازے پر دستک دی۔

آجاؤ---

کیسے یاد کیا آپ نے مجھے سب خیریت تھی۔

عدنان صاحب کے اجازت دینے پر مان نے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے کہا۔

ہاں بیٹھو بات کرنی ہے اور مجھے امید ہے تم مجھے مایوس نہیں کروگے ورنہ تمہارے انکار کا خمیازہ تمہاری ماں کو بھگتنا پڑیگا۔

Posted On Kitab Nagri

آپ مجھے دھمکا رہے ہیں؟

عدنان صاحب کے دھمکانے پر مان نے ماتھے پر بل ڈالتے ہوئے پوچھا۔

نہیں میں صرف بتا رہا ہو باقی جیسا تم سمجھو۔

آپ بات بتائیں کیوں بلایا ہے مجھے۔

عدنان صاحب کی بات پر مان نے ناگوار لہجے میں کہا۔

آج میں نے تمہارے سردار بننے کی خوشی میں پارٹی رکھی ہے جس میں میں تمہیں سرپرائز دینے والا تھا لیکن اس سے پہلے ہی تم نے مجھے دھوکہ دیکر سرپرائز کر دیا خیر آج میں اپنا سرپرائز دونگا اس لئے خود کو تیار رکھنا۔

عدنان صاحب نے گھما پھرا کر شاطر لہجے میں کہا۔

آپ کو جو کہنا ہے کھل کر کہیں مجھے نہیں سمجھ آرہی آخر آپ کہنا کیا چاہتے ہیں۔

عدنان صاحب کے گھما پھرا کر بات کرنے پر مان نے ناسمجھی سے کہا۔

ٹھیک ہے کھل کر بات کر لیتے ہیں دراصل بات یہ ہے کہ میں نے بچپن میں ہی تمہاری منگنی منیشہ سے کر دی تھی منیشہ بچپن سے تمہارے نام پر بیٹھی ہے اور اب منیشہ کو مکمل تمہارے نام کرنے کا وقت آگیا ہے اس لئے آج تمہاری اور منیشہ کی آفیشل منگنی ہوگی ساری دنیا کے سامنے اور اگر تم نے انکار کیا تو اسی بھری محفل میں میں تمہاری ماں کو اپنے نام سے آزاد کر دونگا۔

Posted On Kitab Nagri

عدنان صاحب نے اپنے ارادے بتاتے ہوئے آخر میں دھمکی دی۔

اور آپکو ایسا کیوں لگتا ہے کہ میں ایسا کرونگا؟

عدنان صاحب کے بات پر مان نے ماتھے پر بل لاتے ہوئے پوچھا۔

تو ٹھیک ہے پھر تمہاری ماں سے بڑھاپے میں میں اپنا نام اور اسکا مقام سب چھین لونگا اس لئے سوچ سمجھ کر فیصلہ کرنا چلتا ہو امید ہے تم سمجھداری کا ثبوت دو گے۔

عدنان صاحب مان کا کندھا تھپتھپاتے وہاں سے چلے گئے جبکہ پیچھے مان ساکت سا بیٹھا رہ گیا۔

-------------

ماشاءاللہ میری بیٹی تو بہت پیاری لگ رہی ہے۔

مافیہ بیگم نے ازدیان کا ماتھا چومتے ہوئے اسکی تعریف کی جو کہ بلیک ویلویٹ کا مغل کوٹ پہنے جو ازدیان کے پیروں کو چھو رہا تھا جس پر زرقون کا کام تھا ساتھ میں میچنگ دوپٹہ جس سے ازدیان نے حجاب اور نقاب کیا ہوا تھا اور ایک اور بھاری دوپٹہ جو اس نے اپنے سر پر پن سے سیٹ کر کے باقی سارا پیچھے چھوڑ دیا تھا اور اس پر کراؤن لگایا ہوا تھا ہاتھوں میں بنا پوروں والے بلیک ہی دستانے پہنے ہوئے تھے اور پاؤں میں دو انچ ہیل کی سینڈل پہنے وہ واقع کسی محل کی شہزادی ہی معلوم ہو رہی تھی۔

اچھا لڑکیوں اب آپ لوگ جلدی کرو میں اور آپکی چچی ہال جا رہے ہیں روبیشہ اور عائزہ آپ لوگ مغیرہ کے ساتھ آجانا اور ازدیان کو مان خود لے آئیگا۔

Posted On Kitab Nagri

ماشاءاللہ ہمارے شہزادے کی بیگم بلکل شہزادی ہے ویسے بھابھی ماں نے بھی بیوی اپنے ٹکّر کی ڈھونڈی ہے۔

ہاں یہ تو ہے۔

شگفتہ بیگم کے کہنے پر عافیہ بیگم نے بھی انکی تاکید کی۔

چلیں بھابھی دیر ہو رہی ہے ہال میں مہمان آنا شروع ہو گئے ہیں۔

ہاں چلو شگفتہ بیگم کے کہنے پر عافیہ بیگم نے کہا اور پھر دونوں چلی گئیں۔

میں بھی مغیرہ بھائی سے کہہ کر آؤ کہ ہمیں لیکر جائیگا۔

عائزہ نے ان دونوں سے کہا اور وہ بھی مغیرہ کے کمرے کی طرف چل دی۔

ابھی عائزہ مغیرہ کے روم کی طرف بڑھتی کہ مغیرہ کو اپنے بابا کے کمرے کے باہر کھڑا دیکھ کر وہی چل دی اور وہاں پہنچ کر جو اس نے سنا اسکے پیروں تلے زمین نکلنے کے لئے کافی تھا۔

ابھی عدنان صاحب کمرے سے باہر آتے اس سے پہلے ہی عائزہ بھاگتی ہوئی ماں کے روم میں چلی گئی۔

کیا ہوا ہے عائزہ آپی آپ اس طرح کیوں رو رہی ہو آپ تو مغیرہ بھائی کو بلانے گئی تھی نہ تو آپ اتنا کیوں رو رہی ہو۔

ازدیان نے عائزہ کو زارو قطار روتے دیکھ پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ بابا نے بھائی کے سامنے شرط رکھی ہیکہ وہ آج سب کے سامنے اس چڑیل منیشہ سے انگیجمینٹ کرینگے ورنہ وہ مما کو طلاق دے دینگے۔

عائزہ نے روتے ہوئے ساری بات رویشہ اور ازدیان کو بتائی جبکہ عائزہ کی بات سن کر رویشہ بھی رونے لگی جبکہ ازدیان کو ایک دم دم گھٹنے کا احساس ہونے لگا لیک جلد ہی خود پر قابو پا کر عائزہ کو تسلی دینے لگی

۔

آپی آپ پریشان نہ ہو وہ آپ دونوں کی ہی نہیں میری بھی ماں ہیں اور میں ایسا ہر گز نہیں ہونے دونگی میں اللہ کی قسم کھا کر کہتی ہو اپنی ماں کے لئے جو مجھ سے ہو سکا وہ میں کرونگی آپ لوگ بے فکر رہو جیسا آپکے بابا نے کہا ہے ایسا کچھ نہیں ہو گا بس اللہ کے بعد اپنے بھائی اور اپنی چھوٹی بہن پر بھروسہ رکھیں انشاءاللہ سب بہتر ہو گا۔

انشاءاللہ۔۔ ازدیان کے مضبوط لہجے میں کہنے پر عائزہ اور رویشہ نے اپنے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا

۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا اب آپ لوگ مغیرہ بھائی کے ساتھ چلے جاؤ میں مان کے ساتھ آجاؤنگی۔

ازدیان نے ان دونوں سے کہا تو وہ دونوں بھی سر اثبات میں ہلاتی چلی گئی جبکہ پیچھے ازدیان عیشاء کی نماز کے ساتھ دو رکعت نفل پڑھ کر اپنے رب سے مدد طلب کرنے لگی چونکہ تیار ہونے سے پہلے ہی ازدیان وضو کر چکی تھی اس لئے اب جائے نماز بچھا کر اپنے رب کے آگے سجدہ ریز ہو گئی۔

Posted On Kitab Nagri

--------------

مان تو جا کر بھابھی سے بات کر وہ کافی سمجھدار ہیں تجھے سمجھے گی بھی اور بہترین مشورہ بھی دینگی میرا تو خود تایا ابو کی بات سن کر دماغ ماؤف ہو گیا ہے۔

عدنان صاحب کے جاتے ہی مغیرہ کمرے میں داخل ہوا اور ساکت بیٹھے مان کے کندھے کو ہلا کر اسکو ہوش کی دنیا میں لا کر سمجھانے لگا۔

ایرہ ابھی اسکی خوشیوں کو دن ہی کتنے ہوئے تھے مشکل سے ایک دن پھر سے اللہ نے اسکو ایک اور آزمائش میں ڈال دیا اور ایسی آزمائش جس میں میں گاؤں کا سردار بھی کچھ نہیں کر سکتا آج مجھے اندازہ ہو رہا ہے کہ بے بسی آخر ہوتی کیا ہے۔

مان دیکھ ابھی ان سب باتوں کا وقت نہیں ہے تو جا بھابھی کے پاس ان سے بات کر وہ سمجھدار ہیں تیری مجبوری سمجھینگی۔

مان کی بات پر مغیرہ نے ایک بار پھر اسے سمجھاتے ہوئے کہا تو مان سر اثبات میں ہلاتا اپنے روم کی طرف بڑھ گیا جبکہ مغیرہ کمرے کے دروازے پر کھڑی روبیشہ اور عائزہ کو اپنے پیچھے آنے کا اشارہ کرتا پورچ کی طرف بڑھ گیا تو وہ دونوں بھی مغیرہ کا اشارہ سمجھتی اس کے پیچھے چلی گئی۔

----------------

مان کمرے میں آیا تو ازدیان کو نماز پڑھتا دیکھ بے چینی سے ٹہلنے لگا۔

Posted On Kitab Nagri

کیا ہو گیا ہے مان اتنے پریشان کیوں ہیں آرام سے بیٹھے ایسے کیوں ٹہل رہے ہیں کچھ ہوا ہے کیا۔

ازدیان نے سلام پھیر کر مان کو مسلسل ٹہلتا دیکھ جائے نماز اٹھاتے ہوئے کہا۔

ازدیان کے کہنے پر مان بیڈ پر بیٹھ کر ازدیان سے بات کرنے کے لئے اپنے ذہن میں الفاظ ترتیب دینے لگا۔

میری طرف دیکھیں آپکو مجھے کوئی وضاحت دینے کی ضرورت نہیں ہے مجھے پتہ ہے یہ آزمائش کا وقت ہے اور میں اپنے رب کی رضا میں راضی ہوں اس لئے آپ بھی حالات کو اللہ کی رضا سمجھ کر قبول کریں اور جو ہو رہا ہے وہ ہونے دیں۔

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri
آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

ازدیان ماں کے قدموں میں بیٹھ کر اسکے گھٹنوں پر ہاتھ رکھتے ہوئے سمجھانے لگی۔

ازدیان تم نہیں جانتی میں کیوں پریشان ہو میں وہ کرنے پر مجبور کیا جا رہا ہو جو میں کرنا نہیں چاہتا۔

میں سب جانتی ہو آپ کے بابا نے آپکے سامنے شرط رکھی ہیکہ آج آپ سب کے سامنے منیشہ آپی سے منگنی کرینگے ورنہ وہ مما کو طلاق دے دینگے۔

اس لئے میری بات غور سے سنیے آپ آج منیشہ آپی سے منگنی کر رہے ہیں میں اپنی خاطر اپنی ماں کی خوشیاں داؤ پر نہیں لگاؤنگی انہوں نے مجھے بیٹی کہا ہے اور مجھے اتنی محبت دی ہے تو کیا میرا حق نہیں بنتا انکی محبت کا جواب محبت سے دوں اور محبت کا تو دوسرا نام ہی قربانی ہے پھر چاہے وہ کسی بھی رشتے میں ہو بلکہ آج میں نہیں جاتی ویسے بھی اپن کے ولیمے کا کسی کو نہیں پتہ اس لئے آپ جائیں اور منیشہ آپی سے منگنی کر لیں اور ویسے بھی لوگ انہیں ہی غلط کہینگے کہ وہ ایک شادی شدہ مرد سے منگی کر رہی ہیں اور اگر آپ منیشہ آپی سے منگنی کر لیتے ہیں تو مما کے دل میں آپکا مقام اور آپکی عزت بڑھ جائیگی کہ

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

آپ نے انکے لئے اتنی بڑی قربانی دی اور آپکے بابا صرف آپکو ایموشنلی بلیک میل کر رہے ہیں کیونکہ وہ ابھی غصّے میں ہیں کیونکہ انکی نظر میں آپ نے مجھ سے شادی کر کے انہیں دھوکہ دیا ہے اس لئے وہ اس طرح اپنا غصّہ نکال رہے ہیں آپ اپنے بابا سے بدگمان نہ ہو کیونکہ ماں باپ کتنے ہی برے سہی لیکن اپنی اولاد کا برا نہیں چاہتے اور اگر چاہتے بھی ہیں تو وہ اپنے کیے کا روزِ محشر خود جواب دینگے لیکن اللہ تعالیٰ نے اولاد کو اجازت نہیں دی کہ وہ اپنے والدین کو برا بھلا کہے یا انکے ساتھ بدتر سلوک کرے حضرت ابراہیم علیہ سلام نے اپنے بابا کو جب اسلام کی دعوت دی تو انہوں نے حضرت ابراہیم سے کہا کہ اب ابراہیم تو دفع ہو جا میری نظروں سے تب بھی حضرت ابراہیم علیہ سلام نے اپنے بابا سے یہ کہا تھا کہ بابا میں دعا کرونگا اپنے رب سے کہ وہ آپکو ہدایت دے تب بھی انہوں نے اپنے والد کو نہ کوئی بد دعا دی اور نہ ہی برا بھلا کہا بلکہ اللہ تعالیٰ سے انکے حق میں ہدایت کی دعا کی تھی اور جب ابو لہب اپنے نبی کے چچا نے اپنے نبی کو بد دعا دی تھی کہ اے محمد ٹوٹ جائیں تیرے دونوں ہاتھ اور تو برباد ہو جائے ( نعوذ باللہ من ذٰالک ) تب بھی اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انکو بد دعا نہ دی اور نہ ہی انکو برا بھلا کہا بلکہ یہی کہا کہ میں دعا کرونگا اپنے رب سے کہ وہ آپکو ہدایت دے اور آپکو پتہ ہے جب حضرت عمر رضہ اللہ تعالیٰ عنہ مشرک تھے تب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی تھی کہ اے اللہ عمر یا ابو لہب میں سے کسی ایک کو ہدایت عطا کر دے کیونکہ اس وقت مشرکینِ مکّہ بہت طاقتور تھے اور حضرت عمر رضہ اللہ تعالیٰ عنہ بہت بہادر سپاہی تھے پھر اللہ تعالیٰ نے اپنی نبی کی دعا

Posted On Kitab Nagri

قبول کرتے ہوئے سورۃ طٰہٰ کی آیت نمبر 17 نازل کی حضرت عمر کو اسلام کی طرف رغبت دلائی اور وہ مسلمان ہوگئے خیر یہ پوراواقعہ میں پھر کبھی آپ کو سناؤں گی بس میرے سمجھانے کا مطلب اتناہیکہ آپکے بابا آپکے ساتھ کچھ بھی کریں لیکن آپکو حق نہیں پہنچتا کہ آپ ان سے بدگمان ہو یا انکے ساتھ بدتر سلوک کریں کیونکہ وہ اپنے اعمال کا جواب خود دینگے اور آپ کے اعمال کا جواب آپ کو خود دینا ہوگا اس لئے ساری ٹینشن کو رکھیں سائیڈ پر کیونکہ جو اللہ پر توکّل رکھتے ہیں انکو کوئی ٹینشن کوئی ڈپریشن اور نہ ہی کوئی مستقبل کی فکر ہوتی ہے کیونکہ انکو اپنے رب پر یقین ہوتا ہیکہ بیشک وہ اپنے بندوں کے حق میں بہتر سے بھی زیادہ بہترین کرنے والا ہے اس لئے اٹھیں اور اپنے چہرے پر مسکراہٹ لائیں کسی کو بھی یہ محسوس نہ ہونے دیں کہ آپکے ساتھ زبردستی ہورہی ہے آپکو زبردستی اس رشتے میں باندھا جارہا ہے اور آپ اپنے بابا سے بھی یہی کہینگے کہ آپ انکی دھمکی کی وجہ سے نہیں بلکہ اس وجہ سے یہ منگنی کر رہے ہیکہ منیشہ آپی بچپن سے آپ کے نام پر بیٹھی ہیں اپنی کمزوری اللہ کے علاوہ کسی کو مت دیجئیگا اب چلیں کافی ٹائم ہوگیا ہے۔

ازدیان نے ماں کو بہت ہی خوبصورت طریقے سے سمجھاتے ہوئے کہا۔

ازدیان مجھے یاد نہیں پڑتا کہ میں نے اپنی زندگی میں کوئی ایسی نیکی کی ہو جس کے اجر میں اللہ نے تمہیں میری بیوی بنایا میں اس دنیا کا خوش نصیب انسان ہو جسکی بیوی تم ہو اور میں دعا کرونگا اللہ مجھے اولاد بھی تم جیسی نیک عطا کرے آمین۔

Posted On Kitab Nagri

آمین۔

ازدیان کے سمجھانے پر مان نے اسکے سر پر پیار کرتے ہوئے کہا جس پر ازدیان نے بھی آمین کہا اور پھر وہ دونوں ہال جانے کے لئے پورچ میں کھڑی گاڑی کی طرف بڑھ گئے۔

ازدیان ہم پہنچ گئے اترو گاڑی سے۔

مان نے ہال کے باہر گاڑی روکا اور خود گاڑی سے اتر کر ازدیان کی طرف کا دروازہ کھول کے اسے ہلاتے ہوئے کہا جو کہ آنکھیں موندے سیٹ سے ٹیک لگائے ناجانے کونسی دنیا میں چلی گئی تھی۔

مان کے کہنے پر ازدیان نے آنکھیں کھول کر اسے دیکھا اور پھر مان کا ہاتھ پکڑ کر باہر نکلی۔

ارے مان بیٹا آپ آگئے سب آپکا انتظار کر رہے تھے منیشہ ابھی تک برائیڈل روم میں بیٹھی ہے اب آپکی اور منیشہ کی ساتھ انٹری کرینگے آپ یہاں رکو میں منیشہ کو لے آؤ پھر آپ دونوں ساتھ ہال میں انٹر ہونا۔

نہیں اسکی کوئی ضرورت نہیں ہے مجھے نہیں پسند یہ چونچلے آپ لوگ جو چاہے کرو لیکن مجھے ان چیزوں سے دور رکھیں۔

پھوپھو کے کہنے پر مان نے دوٹوک کہا اور ازدیان کا ہاتھ پکڑتا اندر داخل ہوا اور انکے داخل ہوتے ہی ساری لائٹس آف ہوگئی اور ایک اسپاٹ لائٹ کی روشنی ان پر تھی یہ سب انتظام منیشہ اور مان کی

Posted On Kitab Nagri

انٹری کے لئے کیا گیا تھا لیکن مان کی وجہ سے منیشہ کی جگہ ازدیان کے ساتھ مان کی انٹری ہوئی جبکہ سب رشک سے دونوں کو دیکھ رہے تھے اور آپس میں چہ میگوئیاں کر رہے تھے۔

مان یہ کیا کر دیا آپ نے کتنا سمجھایا تھا میں نے آپ کو میری جگہ یہاں منیشہ آپی کو ہونا چاہئے تھا میں نے آپکو سمجھایا بھی تھا کہ کسی کو بھی یہ پتہ نہیں لگنے دیجئیگا کہ یہ منگنی زبردستی ہو رہی ہے لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا کی آپ نے اپنی۔

ازدیان نے مان کے ساتھ چلتے ہوئے آہستہ سے کہا۔

چپ چاپ چلو مجھے کسی کی پرواہ نہیں ہے کر رہا ہوں نہ منگنی یہ ہی بہت ہے اور اب ایسی باتیں کر کے میرا دماغ خراب کرنے کی ضرورت نہیں ہے دومنٹ کے اندر یہاں سے لے جاؤنگا تمہیں پھر کروادینا میری منگنی۔

ازدیان کے کہنے پر مان نے مسکراتے ہوئے اسے وارن کیا اور اسکے ساتھ اسٹیج پر رکھے صوفے کی طرف بڑھا پہلے ازدیان کو بٹھایا اور پھر خود بھی بیٹھ گیا۔

ازدیان خبردار جو تم یہاں سے ہلی بھی تو چپ چاپ بیٹھی رہو ورنہ مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا۔

مان نے ازدیان کو اٹھتا دیکھ اسکا ہاتھ دباتے ہوئے وارن کیا۔

مان نہیں کریں اٹھنے دیں مجھے دیکھیں آپکے بابا کیسے گھور رہے ہیں۔

ازدیان نے مان کی توجہ عدنان صاحب کی طرف دلائی۔

Posted On Kitab Nagri

کچھ نہیں کہینگے میں دیکھ لونگا تم چپ رہو بس۔

اچھا اپنا موبائل دیں مجھے کام ہے۔

ازدیان نے ماں سے موبائل مانگا تو ماں نے فوراً اپنا موبائل نکال کر ازدیان کو دیا۔

ارے بھابھی آپ ہمارے ساتھ چلیں ہم آپکو اپنے جاننے والوں سے ملواتے ہیں۔

روبیشہ اور عائزہ نے اسٹیج پر آتے ہوئے ازدیان سے کہا۔

ماں آجا کچھ کچھ لوگوں سے ملوانا ہے تجھے۔

ابھی ازدیان کچھ بولتی کہ مغیرہ نے ماں سے کہا جو کہ ازدیان کے میسج کرنے پر پہلی روبیشہ اور عائزہ کو بھیج کر پھر خود آیا تھا تاکہ ماں کو شک نہ ہو کہ ازدیان نے نہیں بلایا ہے۔

میں سب جانتا ہوں تم نے میسج کر کے سب کو بلایا ہے نہ صبر کرو تمہاری کلاس تو میں گھر جا کر لونگا اور خبردار کسی کے بھی ساتھ گھر گئی میں لیکر جاؤنگا ابھی جاؤ انکے ساتھ جب بلایا ہے تو مجھے بھی کچھ لوگوں سے ملنا ہے۔

ماں نے بنا کسی کا لحاظ کیے ازدیان کو گھورتے اسکی چوری پکڑتے ہوئے کہا۔

اچھا یہ موبائل تو لے لیں۔

ازدیان نے ماں کی بات کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے موبائل اسکی طرف بڑھایا۔

اپنے پاس رکھو آپ لوگ پکچرز وغیرہ لے لینا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مان نے ازدیان سے کہا اور مغیرہ کے ساتھ اسٹیج سے نیچے اتر گیا تو پیچھے ازدیان بھی رویشہ اور عائزہ کے ساتھ چل دی۔

--------------

لیڈیز اینڈ جینٹل مین مجھے خوشی ہوئی آپ سب اپنا قیمتی وقت نکال کر ہمیں خوشیوں میں شریک ہوئے جس کے لئے میں آپ سب کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں جیسا کہ آپ سب جانتے ہیں آج کا یہ فنکشن میرے بیٹے کے سردار بننے کی خوشی میں رکھا گیا ہے اور اس خوشی میں میں اپنے بیٹے دہمان درانی کو ایک سرپرائز دینا چاہتا ہوں تاکہ اس خوشی کا مزہ دوبالا ہو سکے تو لیڈیز اینڈ جینٹل مین آج میں اپنے بیٹے دہمان درانی کی انگیجمینٹ اپنی بھانجی منیشہ درانی سے کرنے کا اعلان کرتا ہوں سو پلیز میرے فخر میرا شیر دہمان اور میری پیاری بھانجی منیشہ اسٹیج پر آئے اور اپنے باپ اور ماموں کی رضا میں راضی ہو کر یہ اہم فریضہ انجام دیکر انکا سر فخر سے بلند کرے۔

عدنان صاحب نے مائک میں سب کو اپنی طرف متوجہ کرتے ہوئے کہا جس پر سارا ہال تالیوں سے گونج اٹھا۔

عدنان صاحب کے کہتے ہی ساری لائٹس آف کر دی گئی اور ایک سپاٹ لائٹ میں منیشہ پنک سلیو لیس میکسی میں جیسمین اور اپنی ماں کے ساتھ چلتی ہوئی اسٹیج پر آئی۔

عدنان صاحب نے منیشہ کو اسٹیج پر چڑھنے میں مدد دی اور اسکے سر پر پیار کیا۔

Posted On Kitab Nagri

کیا ہو گیا ہے مان جائے نہ آپ انکل آپ کو اسٹیج پر بلا رہے ہیں۔

ازدیان نے مان سے کہا جو کہ لائٹس آف ہوتے ہی سب سے نظریں بچا کر ازدیان کو سائڈ پر لایا تھا۔

تم میری ساتھ اسٹیج پر چلو گی تو میں جاؤنگا۔

ازدیان کی بات پر مان نے ضدی لہجے میں کہا۔

مان آپ کیوں بچوں کی طرح ضد کر رہے ہیں آپ اپنے اور میرے کے علاوہ مما کے لئے بھی پریشانی کھڑی کر رہے ہیں آپ جانتے ہیں آپکے ایک انکار سے کیا ہو سکتا ہے مما کی پوری زندگی برباد ہو سکتی ہے پلیز آپکو اللہ کی قسم آپ جائیں۔

مان کے ضد کرنے پر ازدیان نے اسے سمجھاتے ہوئے نم لہجے میں کہا۔

ازدیان تم رو رہی ہو؟

مان نے ازدیان کا نم لہجہ محسوس کرتے ہوئے کہا۔

نہیں میں نہیں رو رہی پلیز آپ چلے جائیں میرے لئے اپنی مما کے لئے پلیز کہیں ایسا نہ ہو انکل مما کو سب کے سامنے طلاق دے دیں۔

ششششش ایس کچھ نہیں ہو گا میں جا رہا ہوں۔

مان نے ازدیان کو تسلی دیتے ہوئے کہا اور اسکے سر پر پیار کرتا اسٹیج پر چلا گیا۔

Posted On Kitab Nagri

گڑیا میں جانتا ہو یہ سب آپ کے لئے آسان نہیں ہے میں نے ماں کو آپ کو سب بتانے کا مشورہ اس لئے ہی دیا تھا کیونکہ میں جانتا تھا آپ ماں کو اچھے سے سنبھال سکتی ہو اسے اچھے سے گائیڈ کر سکتی ہو میں جانتا ہوں اس وقت آپکی کیا حالت ہو گی لیکن یقین کریں ماں بلکل بھی خوش نہیں ہے وہ آپ کے علاوہ کسی کو سوچنا بھی خود پر گناہ کر چکا ہے مجھے بہت خوشی ہوئی آپ نے ماں کو سیدھی راہ دیکھائی میری دعا ہے اللہ آپکو اور ماں کو کبھی الگ نہ کرے آپ دونوں کا ساتھ جنت تک قائم و دائم رکھے۔

ماں کے جانے کے بعد مغیرہ ازدیان کو اکیلا دیکھتا اس کے پاس آیا اور اسے سمجھاتے ہوئے کہنے لگا۔

جزاک اللہ بھائی میں جھوٹ نہیں کہونگی میں ہی نہیں ہر لڑکی کے لئے یہ بہت عزیت دے بات ہے کہ اسے اپنا شوہر تقسیم کرنا پڑے اور خاص کر کے میری جیسی لڑکی جسکا سب کچھ اسکا شوہر اسکا مجازی خدا ہے یقین کریں بھائی اللہ کے بعد میری دین دنیا صرف ماں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں تب میرے لئے فرشتہ بنا کر بھیجا جب مجھے اپنے آگے موت کا اندھیر نظر آنے لگا شاید میں تصوّر کر چکی تھی کہ اب مجھے اس زندان سے رہائی میری موت ہی دلوا سکتی ہے کیونکہ کوئی بھی ایسا نہ تھا جو حق کے لئے آواز اٹھاتا لیکن میں خوش تھی کہ مجھے اللہ کے راستے میں موت آئیگی لیکن وہ کہتے ہیں نا کہ انسان سوچتا بہت کچھ ہے لیکن ہوتا وہی ہے جو اللہ چاہتا ہے اللہ نے ماں کو میری اندھیری زندگی میں چراغ بنا کر بھیجا جس نے مجھے اس زندان سے رہائی دلوا کر دوبارہ سے روشنی بھری دنیا دیکھائی جسکو دیکھنے کی شاید میں امید کھو چکی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

بھائی جب اللہ نے مجھے اتنی بڑی آزمائش میں ڈال کر اکیلا نہیں چھوڑا اور مجھے اور میرے ایمان کی حفاظت کی تو اب کیسے مجھے اکیلا چھوڑ دیگا بھائی اللہ نے ہم انسانوں کو دنیا میں بھیجا ہی آزمانے کے لئے ہے تاکہ وہ جان لے ہم کیسے عمل کرتے ہیں دنیا میں جاکر اپنا مقصدِ حیات بھی یاد رکھتے ہیں کہ نہیں ہم انسانوں کا مقصدِ حیات ہی اللہ کی عبادت کرنا اور اسکی شریعت کے مطابق زندگی گزارنا ہے اور بھائی آپ یقین کریں میں تکلیف میں ضرور ہوں لیکن اللہ کی ذات سے مایوس ہرگز نہیں ہو اور میرا کامل یقین ہے اللہ تعالیٰ میرے اور مان کے حق میں بہتر سے زیادہ بہترین کریگا۔

گڑیا مان بہت خوشنصیب ہے جسکے مقدر میں آپ لکھ دی گئی میں بھی اللہ سے دعا کرونگا اللہ مجھے آپ جیسی نڈر صابر شاکر اور نیک سیرت بیوی عطا کرے اور آپکو مان کے ساتھ ہمیشہ خوش رکھے۔

ازدیان کے کہنے پر مغیرہ نے اسکے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا اور عِلمان کی طرف بڑھ گیا جو کہ مغیرہ کو اشارے سے اپنے پاس بلا رہا تھا جبکہ مغیرہ کے جانے کے بعد ازدیان نے اپنی آنکھوں کی نمی اپنے پوروں سے صاف کی جو اسٹیج پر کھڑے مان سے چھپی نہ رہ سکی جس کا اسٹیج پر کھڑے ہو کر بھی سارا دھیان ازدیان کی طرف تھا۔

---------------

کیا ہوا بول کیا بات ہے۔

مغیرہ نے عِلمان کے پاس آتے ہوئے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

تو پوچھ رہا ہے کیا بات ہے تو یہ بتا یہ ہو کیا رہا ہے مجھے کچھ سمجھ نہیں آرہا مان تو شادی کر چکا ہے پھر یہ منگنی اور اگر اس نے منیشہ سے شادی کرنی تھی تو اب ازدیان بھابھی کا کیا ہو گا آخر چل کیا رہا ہے مان کے دماغ میں اسے زرا سا بھی ترس نہیں آیا بھابھی پر دماغ خراب ہو گیا ہے اس کا کیوں زندگی برباد کر رہا ہے وہ بھابھی کی وہ کتنی معصوم ہیں کیا مان نے جو انکل سے کہا تھا وہ سب سچ ہے۔

عِلمان نے مغیرہ کے پاس آتے ہی سوالوں کی بوچھاڑ کر دی۔

ریلیکس عِلمان مان کوئی خوشی سے یہ سب نہیں کر رہا مجبور کیا گیا ہے اسے۔

کیا مطلب ہے تیری بات کا۔

مغیرہ کے کہنے پر عِلمان نے اچھنبے سے پوچھا تو مغیرہ نے الف سے ی تک ساری بات عِلمان کے گوش و گزار کر دی۔

یار واقعی بھابھی کو سلام ہے آجکل کون ایسا کرتا ہے اللہ میرے یار اور بھابھی کی زندگی آسان کرے اور دونوں کو خوش رکھے۔

مغیرہ کی ساری بات سن کر عِلمان نے ازدیان کی تعریف کرتے ہوئے کہا۔

اچھا چل اب کھانا کھلوائیں۔

مغیرہ نے عِلمان سے کہا اور اسے لیکر ہال کے سائیڈ پر بنے کچن کی طرف بڑھ گئے۔

یہ بچی کون ہے مافیہ۔

Posted On Kitab Nagri

مسز عثمان نے ازدیان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے مافیہ بیگم سے پوچھا۔

یہ میری بیٹی ہے ادھر آؤ ازدیان۔

مافیہ بیگم نے مسز عثمان کو جواب دینے کے ساتھ ازدیان کو آواز دیکر اپنے پاس بلایا۔

جی مما کہیں۔

ازدیان نے مافیہ بیگم کے پاس آتے ہوئے پوچھا۔

ازدیان ان سے ملو یہ ہیں مسز عثمان اور میری بہت اچھی دوست بھی۔

اسلام علیکم آنٹی کیسی ہیں آپ؟

مافیہ بیگم کے تعارف کروانے پر ازدیان نے مسز عثمان سے سلام کے ساتھ انکا حال احوال دریافت کیا۔

وعلیکم سلام میں الحمدللہ بلکل ٹھیک مافیہ ماشاءاللہ بہت پیاری اور تمیز دار بچی ہے آپکی۔

مسز عثمان نے ازدیان کو جواب دینے کے ساتھ مافیہ بیگم سے کہا۔

مافیہ میں آپکی بیٹی کو اپنی بیٹی بنانے کے لئے آپکے گھر آنا چاہتی ہو۔

مسز عثمان نے مافیہ بیگم سے ڈھکے چھپے الفاظ میں کہا جو کہ پیچھے سے آتے مان نے بھی سنا۔

ازدیان بات سننا۔

مسز عثمان کی بات سن کر مان نے ازدیان سے تیز آواز میں کہا جس پر ازدیان ایکسکیوز کرتی مان کے ساتھ چلی گئی۔

Posted On Kitab Nagri

جی ضرور آئیں آپکا اپنا گھر ہے جب چاہے آئیں۔

مافیہ بیگم نے کچھ سوچتے ہوئے انہیں جواب دیا اور پھر اپنی باتوں میں لگ گئی۔

--------------

کیا ہوا امان خیریت۔

ازدیان نے ماں سے کہا جو کے اسے گھسیٹتے ہوئے سائیڈ پر لیکر جا رہا تھا۔

ماں کیا ہوا ہے آپ کو۔

وہ آنٹی تمہارے رشتے کی بات کر رہی تھی اور تم خاموش کھڑی تھی۔

ماں ازدیان کو قدرے سائیڈ پر لا کر اس پر دھاڑا۔

ماں اس میں میری کیا غلطی ہے آپ مجھ پر غصہ کر رہے ہیں میں نے ان سے کہا ہے کہ میرے رشتے کی بات کریں۔

ازدیان کچھ بھی ہو جائے میں تمہیں کہیں جانے نہیں دونگا یہ بات یاد رکھنا اگر تم نے بھی کبھی جانے کی بات کی تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا۔

ماں کیا ہو گیا ہے کیسی باتیں کر رہے ہیں کہا جاؤ نگی آپکو چھوڑ کر ہے کون میرا آپ کے سواء اس دنیا میں

۔

ماں کے جنونی انداز میں کہنے پر ازدیان نے اسے سمجھاتے ہوئے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

بس مجھے ایسا لگتا ہے تمہیں مجھ سے کوئی چھین لیگا۔

ازدیان کے کہنے پر مان نے اپنے خدشہ ظاہر کیا۔

پاگل ہو گئے ہیں ایسی کوئی بات نہیں ہے آپکا وہم ہے اور کچھ نہیں مجھے کوئی آپ سے الگ نہیں کر سکتا آپ پریشان نہ ہو میں کہیں نہیں جارہی۔

یار جب مان نے شادی تمہاری بھانجی سے کرنی تھی تو پھر کل نکاح کیوں کیا کسی اور سے ؟

یار بس تم جانتے تو ہو مان کو میرا بیٹا بہت رحم دل ہے اس لڑکی کا کوئی نہیں تھا اور بنا کسی رشتے ہم اسے رکھ نہیں سکتے تھے پھر مان نے منیشہ سے بات کی کہ میں اس سے نکاح کر لیتا ہوں پھر جب کوئی مناسب رشتہ ملیگا تو میں اسے طلاق دیکر اسکی شادی کسی اور سے کر دونگا ورنہ مان محبت تو منیشہ سے کرتا ہے تبھی تو میرے ایک بولنے پر میرے بیٹے نے خوشی خوشی انگیجمینٹ کر لی کیونکہ وہ منیشہ سے محبت کرتا تھا اس لئے میں نے اپنے بیٹے کو آج انگیجمینٹ کا تحفہ دیا۔

مسٹر عثمان کے پوچھنے پر عدنان صاحب نے جھوٹ کہا اس سے بے نیاز کہ پیچھے کھڑا مان اور ازدیان دونوں انکی بات سن رہے ہیں۔

مان نہیں آپ کچھ نہیں کرینگے۔

مان ابھی عدنان صاحب کو مخاطب کر کے کچھ کہتا کہ ازدیان نے اسکا ہاتھ پکڑ کر اسے باز رہنے کا کہا۔

Posted On Kitab Nagri

یار اگر ایسی بات ہے تو پھر میں اپنے بیٹے کے لئے اس بچی کا ہاتھ مانگنے کے لئے تمہارے گھر آنا چاہتا ہوں اس سے پہلے کہ یہ نایاب ہیرا کسی کو مل جائے میں اسے اپنے گھر کی بیٹی بنا کر اپنے گھر چمکانا چاہتا ہوں۔

ٹھیک ہے تمہارا ہی گھر ہے جب چاہے حاضر ہو جاؤ۔

مسٹر عثمان کے کہنے پر عدنان صاحب نے کہا جبکہ اب مان کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوا تو وہ ازدیان کو بیک ڈور سے گھسیٹتے ہوئے ہال سے باہر لا کر اسے کار میں دھکا دیکر بٹھایا۔

مان کیا ہو گیا ہے کہاں جا رہے ہیں آپ۔

چپ ایک لفظ بھی تمہارے منہ سے نہیں نکلنا چاہئے۔

ازدیان کے کہنے پر مان نے اپنی لال انگارہ آنکھوں سے اسے گھورتے ہوئے کہا اور دھاڑ کی آواز سے دروازہ بند کر کے مغیرہ کو میسج کیا اور خود ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھ کر گاڑی اسٹارٹ کر کے آگے بڑھا دی۔

مان پلیز آہستہ چلائیں کیا ہو گیا ہے مان ایکسیڈینٹ ہو جائیگا۔

ازدیان نے مان کو گاڑی بھگاتے دیکھ اسے روکا جس پر مان نے گاڑی کی اسپیڈ اور تیز کر دی۔

مان کو ضد پر آتا دیکھ ازدیان دل ہی دل میں قرآن کی تلاوت کرنے لگی۔

ابھی وہ کچھ آگے ہی پہنچے تھے کہ گاڑی ایک جھٹکے سے رکی۔

شٹ اب اسکو کیا ہو گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

گاڑی کو رکتے دیکھا مان نے اسٹیئرنگ پر مکّہ مارتے ہوئے کہا جبکہ ازدیان نے دوبارہ بولنے کی غلطی نہیں کی۔

مان نے دو تین مرتبہ گاڑی چلانے کی کوشش لیکن گاڑی نہیں چلی تو باہر نکل کر بونٹ کھول کر چیک کرنے لگا۔

کیا ہوا ہے مان جلدی کریں یہ جگہ کافی سنسان ہے اور پھر رات بھی بہت ہو رہی ہے۔

ازدیان نے مان کو کافی دیر سے گاڑی کے بہت باہر کھڑا دیکھ خود گاڑی سے نکلتے مان کے پاس جاتے ہوئے کہا۔

واہ بھئی واہ یہاں تو پریاں آسمان سے اتری ہے شکر ہے ہمیں دیدار ہو گیا ورنہ ہم تو محروم رہ جاتے۔

ابھی کوئی جواب دیتا کہ پیچھے سے بائک پر آتے دو لڑکوں نے ازدیان کو دیکھ کر خباثت سے کہا۔

پردہ نشین اب ذرا یہ پردہ تو ہٹاؤ آخر ہم بھی تو دیکھیں پریاں کیسی ہوتی ہیں۔

مان کو ریئیکٹ نہ کرتا دیکھ دوسرے لڑکے نے معنی خیزی سے دوبارہ بکواس کی۔

ابے یا۔۔۔۔

ابھی وہ دوبارہ کچھ بولتا کہ مان کے مکے سے وہ بائیک سے نیچے جا گرا۔

اور پھر مان نے ازدیان کے روکنے کے باوجود بھی اپنا سارا غصہ ان پر اتار کر انکے نقشے بگاڑ دیے۔

مان بس کریں پولیس آگئی ہے۔

Posted On Kitab Nagri

ازدیان نے پولیس کو آتا دیکھ مان کو ان لڑکوں سے دور کرتے ہوئے کہا جو کہ مار کھا کھا کر نیم بے ہوش ہو چکے تھے۔

کیا ہوا سردار خیریت؟

ایس پی نے گاڑی سے باہر نکلتے ہوئے مان سے ادب سے پوچھا۔

لے جاؤ ان کتوں کو اور ڈال دو جیل میں اور جب تک میں نہ کہوں انکی رہائی نہیں ہونی چاہیئے۔

آپ فکر نہ کریں سردار صاحب جیسا آپ کہینگے ویسا ہی ہو گا۔

ایس پی نے مان سے کہا اور کانسٹیبل کو اشارہ کیا تو وہ ان دونوں کو ہتھکڑی پہنانے لگے۔

ابھی کانسٹیبل انکو ہتھکڑی پہنا ہی رہے تھے کہ ان میں سے ایک نے جھٹکے سے کانسٹیبل سے اپنا ہاتھ چھڑوایا اور پلک جھپکتے ہی اس کی پسٹل لیکر مان کی طرف فائر کیا۔

مان۔۔۔۔۔

ازدیان چیختی ہوئی مان کو دوسری طرف دھکیلتے خود بھی اسکے ساتھ روڈ پر گری جبکہ گولی ہوا میں ہی کہیں گم ہو گی اور کانسٹیبل نے جلدی سے اس لڑکے کو کنٹرول کیا اور گاڑی میں ڈال کر انکو لے گئے

اتنے میں مغیرہ بھی روبیشہ اور عائزہ کے ساتھ وہاں پہنچا جو کہ فنکشن کے بعد گھر جا رہے تھے لیکن مان کے میسج (جس میں مان نے اسے بتایا تھا کہ میری گاڑی خراب ہو گئی مجھے پک کر لو میرے ساتھ ازدیان

Posted On Kitab Nagri

بھی ہے اور لوکیشن بھی بھیجی تھی) آنے پر مغیرہ نے گاڑی اسی روڈ پر ڈال لی اور اب سامنے کا منظر اسکے ہوش اڑانے کے کافی تھا۔

مان بھابھی آپ ٹھیک ہے۔

مغیرہ نے ان دونوں کے پاس آتے ہوئے پوچھا جو کہ اب اٹھ چکے تھے جبکہ روبیشہ اور عائزہ پریشانی سے دونوں کو دیکھ رہی تھی۔

ہاں ہم ٹھیک ہے گھر چلو۔

مغیرہ کے پوچھنے پر مان نے اسپاٹ لہجے میں کہا اور کار کی طرف جانے کے لئے ازدیان ک ہاتھ پکڑا۔

آہہ۔۔مان کے ہاتھ پکڑنے پر ازدیان کی کراہ نکلی تو مان نے ازدیان کی طرف دیکھا جہاں سے بہت تیزی سے خون نکل رہا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

Posted On Kitab Nagri

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

یہ کیسے۔۔۔مان ازدیان سے کچھ پوچھتا کہ اسکی نظر سامنے پڑے کانچ پر پڑی جس پر بھی خون لگا ہوا تھا تو اسے سب سمجھ آگیا کہ ازدیان نے اسے بچانے کے لئے اپنا ہاتھ زخمی کر لیا۔

)ہوا کچھ یوں جب دونوں گرے تو مان کی گردن کے نیچے کانچ تھا جو کہ ازدیان نے دیکھ لیا اور اس نے مان کی گردن کے پیچھے اپنا ہاتھ رکھ دیا جس سے مان کو کچھ نہیں ہوا لیکن وہ کانچ ازدیان کے ہاتھ میں گھس گیا)۔

تم دونوں گاڑی میں جاؤ ہم آتے ہیں۔

مان نے مغیرہ سے کہا اور ازدیان کو لئے اپنی گاڑی کی طرف آیا اور ڈیش بورڈ میں سے ایک باکس نکالا( جو مان ہر وقت اپنی گاڑی میں لازمی رکھا کرتا تھا) جس میں ڈریسنگ کا سامان تھا۔

Posted On Kitab Nagri

مان نے نے آہستہ سے ازدیان کی ہتھیلی سے کانچ نکالا جس پر ازدیان کی سسکی لی۔

اب جب اتنی بہادر بنی ہو تو سہو بھی پھر۔

مان نے ازدیان کی حالت دیکھ کر ہونٹ بھینچتے ہوئے طنزیہ کہا جس پر ازدیان نے خاموش رہنا ہی بہتر سمجھا۔

کانچ نکال کر مان نے آہستہ سے ازدیان کا دستانہ اتارا اور پھر اسکے ہاتھ کی ڈریسنگ کر کے پٹی باندھی اور پھر باکس بند کر کے رکھا اور اپنا کوٹ ازدیان کو پہنایا جسکا سارا دوپٹہ خراب ہو گیا تھا اور خون کے دھبے بھی کپڑوں پر جگہ جگہ لگ گئے تھے جبکہ مان کا کوٹ پہنے سے ازدیان کے ہاتھ بھی چھپ گئے تھے جو کہ دستانے اترنے کی وجہ سے واضح ہو گئے تھے۔

مان نے ازدیان کو دوبارہ اسکا کراؤن پہنایا جو کہ گرنے کی وجہ سے گر گیا تھا اور مان نے اٹھالیا تھا اور پھر دونوں آکر مغیرہ کی گاڑی میں بیٹھ گئے جبکہ انکے آتے ہی مغیرہ نے گاڑی اسٹارٹ کر کے گھر کے راستے پر ڈال دی۔

گھر کے باہر گاڑی روکتے ہی مان فوراً سے نکل کر اپنے کمرے میں چلا گیا تو ازدیان بھی اسکے پیچھے کمرے میں پہنچی اور باقی سب اپنے اپنے کمروں کو چل دیے۔

کمرے میں آتے ہی مان نے گھڑی وغیرہ اتاری اور وارڈروب سے کپڑے لیتا باتھروم میں بند ہو گیا تو ازدیان بھی اپنا حجاب وغیرہ اتارتی ڈریسنگ روم میں چلی گئی

Posted On Kitab Nagri

ازدیان جب تک چینیج کر کے آئیءمان سوچکا تھاتوازدیان بھی چپ چاپ ہنی جگہ پر جا کر سوگئی۔

-----------------

ازدیان کی پوری رات بے چینی سے یہ سوچتے ہوئے گزری کہ اسکا کیا قصور ہے جو مان اس سے بات نہیں کر رہا تھا ابھی بھی وہ بستر پر لیٹی اپنی غلطی تلاش کر رہی تھی کہ اسکی نظر سامنے لگی وال کلاک پر گئی جو تین بجا رہی تھی۔

ازدیان ٹائم دیکھ کر اٹھی اور باتھروم جاکر وضو کیا اور تہجد کی نماز ادا کرنے لگی نماز پڑھنے کے بعد ازدیان نے دعا کی اور قرآن پاک کی تلاوت کرنے لگی ابھی وہ تلاوت کر رہی تھی کہ فجر کی اذان ہو گئی ازدیان نے قرآن پاک رکھا اور اٹھ کر بیڈ کی طرف آکر مان کو اٹھانے لگی۔

مان اٹھ جائیں فجر کی اذانیں ہو رہی ہیں جا کر نماز ادا کریں۔

ازدیان کے ایک دفعہ اٹھانے پر ہی مان اٹھ گیا تھا ایسا لگ رہا تھا کہ وہ بھی سویا نہ ہو مان ازدیان سے بنا کچھ کہے باتھروم چلا گیا مان نے کپڑے چینیج کر کے وضو کیا اور خاموشی سے مسجد چلا گیا۔

ازدیان کو مان کا رویہ بہت تکلیف دے رہا تھا لیکن فلحال وہ نظر انداز کرتی نماز پڑھنے لگی نماز پڑھ کر اس نے دعا کی اذکار پڑھے اور دوبارہ قرآن پاک کی تلاوت کرنے لگی۔

ابھی وہ تلاوت کر رہی تھی مان کمرے میں داخل ہوا اور بیڈ پر جا کر آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر لیٹ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

ماں کو دیکھ کر ازدیان نے جلدی سے قرآن اٹھا کر شیلف پر رکھا اور جائے نماز کو تہہ کر کے اسکی جگہ پر رکھی اور بیڈ پر بیٹھتی ماں کو مخاطب کرنے لگی۔

ماں آپ مجھ سے بات کیوں نہیں کر رہے میرا کیا قصور ہے کم از کم اتنا تو بتائیں آخر میں نے کیا کیا ہے۔

ازدیان سے اب مزید برداشت نہ ہوا تو ماں سے پوچھنے لگی۔

تمہارا کوئی قصور نہیں ہے میں غصے میں تھا اور میں نہیں چاہتا کہ میں غصے میں تمہیں کوئی دکھ پہنچاؤں۔

ازدیان کے پوچھنے پر ماں نے اٹھ کر بیڈ کراؤن سے ٹیک لگاتے ہوئے کہا۔

ماں آپکا جو بھی غصہ ہے جو بھی فرسٹریشن ہے یا کوئی بھی بات ہے جو آپ کو پریشان کر رہی ہے مجھ سے شئیر کریں غصہ کرنا چاہتے ہیں مجھ پر کر لیں لیکن خاموش مت رہیں غصہ کرنے سے آپکا دماغ پر جو بوجھ ہے وہ ہلکہ ہو جائیگا لیکن اس طرح خاموش رہ کر اور مجھ سے بات نہ کر کے آپ خود کو اور مجھے دونوں کو تکلیف پہنچا رہے ہیں۔

بتائیں کیا بات ہے؟

ازدیان نے ماں کو سمجھاتے ہوئے آخر میں سوال کیا۔

کچھ نہیں بس بابا کی بات جب بھی میرے دماغ میں آتی ہے میرا دماغ گھوم جاتا ہے وہ تمہارے رشتے کے لئے ہاں کر رہے تھے حالانکہ جانتے ہیں تم میرے نکاح میں ہو گڈا گڈی کا کھیل سمجھ لیا ہے انہوں نے لیکن میں ایسا کچھ نہیں ہونے دونگا چلو میرے ساتھ۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مان نے غصے سے کہتے ازدیان کا ہاتھ پکڑتے ہوئے کہا۔

کہاں جارہے ہیں مان ہم۔

ازدیان نے مان سے پوچھا جو کہ کھینچتے ہوئے لیکر جارہا تھا صبح کا وقت تھا سب اپنے اپنے کمروں خواب خرگوش کے مزے لوٹ رہے تھے۔

مان نے مافیہ بیگم کے دروازے پر رک کر دستک دی۔

آجائیں۔۔۔

مافیہ بیگم جو کہ بیڈ کراؤن سے ٹیک لگائے تسبیح کررہی تھی دروازہ بجنے کی آواز پر آنے والے کو اجازت دی۔

مافیہ بیگم کے اجازت دیتے ہی مان ازدیان کو لیکر اندر داخل ہوا۔

خیریت میرے بچے آپ صبح صبح یہاں۔

مافیہ بیگم نے ازدیان اور مان کو اپنے کمرے میں آتا دیکھ پیار سے پوچھا۔

مما مجھے آپ سے بہت ضروری بات کرنی ہے آپ تحمل سے سنئیگا۔

کہو مما کی جان میں سن رہی ہوں۔

مان کے تمہید باندھنے پر مافیہ بیگم نے پیار سے کہا تو مان انکے پاؤں کے پاس بیٹھ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

مما کل آپ نے مسز عثمان کو ازدیان کے لئے رشتہ لانے کے لئے ہامی کیوں بھری حالانکہ آپ جانتی ہیکہ ازدیان میرے نکاح میں ہے میری بیوی ہے۔

مان نے شکوے بھرے لہجے میں مافیہ بیگم سے پوچھا جبکہ ازدیان دوسری طرف بیٹھی خاموشی سے دونوں کو دیکھ رہی تھی۔

ظاہر سی بات ہے جب آپ سب کے سامنے اپنی بیوی کے ہوتے ہوئے منگنی کر سکتے ہو تو کیا کوئی آپکی بیوی کا رشتہ نہیں مانگ سکتا لوگوں کے زہنوں میں یہی بات ہو گی کہ بیوی سے بنتی نہیں ہے تبھی تو شوہر دوسری شادی کر رہا ہے اور میں بھی یہی چاہتی ہوں کہ جب آپ دونوں میں نہیں بنتی یا آپ نے مجبوری میں نکاح کیا یا آپ ازدیان کو چھوڑنے کا ارادہ رکھتے ہو تو میں اپنی بیٹی کے لئے کوئی ہمسفر تو ڈھونڈونگی نہ اسکو اپنی زندگی برباد نہیں کرنے دونگی جب مرد کو دوسری شادی کا حق ہے تو عورت کو بھی ہے اس لئے اگر آپ نے منیشہ سے شادی کرنی ہے تو ازدیان کو چھوڑدو میں خود اپنی بیٹی کی اچھی جگہ شادی کروادونگی لیکن میں آپکو ازدیان کی سوتن لانے کی ہر گز اجازت نہیں دونگی اس لئے اگر آپکو منیشہ سے شادی کرنی ہے تو ازدیان کو چھوڑنا ہو گا اس لئے جب مسز عثمان نے پوچھا تو میں نے ہاں کردی کہ آپ تو ازدیان کو چھوڑدو گے تو میں کیوں اتنا اچھا رشتہ جانے دیتی۔

مان کے پوچھنے پر مافیہ بیگم نے سپاٹ لہجے میں کہا۔

Posted On Kitab Nagri

میں نے کب کہا کہ میں نے ازدیان سے مجبوری میں شادی کی ہے یا میں اسکو چھوڑنے کا ارادہ رکھتا ہو یا پھر میں منیشہ سے شادی کرنے کا خواہشمند ہوں ایسا کچھ بھی نہیں ہے میری ایک ہی بیوی ہے اور تاقیامت ایک ہی رہیگی اور وہ ہے ازدیان یہ منگنی بھی میں نے آپکی لاڈلی بیٹی کے کہنے پر کی ہے۔

مان نے پہلے مافیہ بیگم کی پوری بات تحمل سے سنی اور پھر ان سے سوال پوچھے آخر میں ازدیان کو گھورتے ہوئے کہنے لگا۔

کیا مطلب ہے آپکی بات کا۔

مافیہ بیگم نے ناسمجھی سے مان سے پوچھا جو کہ ازدیان کو ہی دیکھ رہا تھا جو اسکو منع کر رہی تھی کہ وہ مافیہ بیگم کو سچ نہ بتائے۔

مما بابا نے مجھے دھمکی دی تھی کہ اگر میں نے کل منگنی نہیں کی تو وہ آپ کو سب کے سامنے طلاق دے دینگے اور جب یہ بات میں نے ازدیان سے کہی تو اس نے کہا کہ میں یہ منگنی کرلوں حالانکہ میں نہیں کرنا چاہتا تھا لیکن ازدیان نے مجھے کہا کہ میں یہ منگنی کرلوں کیونکہ اسکا کہنا تھا کہ وہ اپنی وجہ سے آپکا گھر برباد نہیں ہونے دیگی اس لئے میں نے زبردستی یہ منگنی کی ہے۔

مافیہ بیگم کے کہنے پر مان انہیں ساری بات بتائی جس پر وہ استہزایہ مسکراتے ہوئے کہنے لگے۔

میرے بچے میری وجہ سے اپنا رشتہ خراب نہیں کرو کیونکہ میرے اور آپ کے بابا کے درمیان کوئی پیار محبت والا رشتہ نہیں جس کے ٹوٹنے پر مجھے دکھ ہو گا بلکہ یوں سمجھ لو کہ مجھے تمہارے بابا کے نام کی

Posted On Kitab Nagri

قید سے آزادی ملے گی اب تو میں نے یہ امید بھی چھوڑدی کہ وہ کبھی تو مجھے سمجھینگے کیونکہ جو اپنی پہلی بیوی کو عزت نہیں دے سکا وہ مجھے کیا دیتا بیٹا کچھ لوگ ہوتے ہیں جو ازل سے ابد تک ایک جیسے ہی رہتے ہیں انکا معاملا اللہ پر چھوڑنے میں ہی بھلائی ہے لیکن میں نہیں چاہتی کہ میرے اس نام نہاد رشتے کی وجہ سے میرے بیٹے کی زندگی پر اثر پڑے اگر وہ طلاق دینا چاہتے ہیں تو اچھی بات ہے میں بھی آزاد ہو جاونگی اور تھوڑا کھل کر سانس لونگی باہر کی دنیا دیکھونگی جو تمہارے بابا سے شادی کے بعد مجھ پر حرام کر دی گئی تھی بلکہ یقین کرو میں تو رب کا شکر ادا کرونگی کیونکہ جو اللہ کرتا ہے وہ ہی ہمارے حق میں بہتر ہوتا ہے اور مجھے یقین ہے تم میری بہن کے ساتھ میرے بیٹے ہو اس لئے کبھی بھی اپنی بیوی کی عزت اہمیت مقام اور محبت میں کمی نہ لانا۔

مما آپ بے فکر رہیں اب آپکا بیٹا آگیا ہے نہ اب سب کچھ ٹھیک ہو جائیگا میں آپکا بیٹا بن کر دکھاؤنگا اور اب ہم چلتے ہیں آپ آرام کریں۔

مافیہ بیگم کے سمجھانے پر مان نے انکے سر پر پیار کرتے ہوئے کہا اور ازدیان کے ساتھ اپنے روم کی طرف بڑھ گیا۔

www.kitabnagri.com

------------------

مسٹر عثمان آج رشتے کے لئے آئینگے اور میں انکو ہاں کرنے والا ہوں ساتھ میں آج ہی منگنی کی رسم ادا کر دینگے اس لئے اہتمام کا اچھے سے انتظام کر لیجئیگا۔

Posted On Kitab Nagri

اور مان تم ابھی سب کے سامنے اس لڑکی کو اس رشتے سے آزاد کرو گے۔

سب ڈائننگ پر بیٹھے ناشتہ کر رہے تھے کہ عدنان صاحب نے نیپکن سے منہ صاف کرتے ہوئے مان سے ایسے کہا جیسے کوئی عام بات کی ہو جبکہ انکی بات پر مغیرہ کا منہ میں جاتا ہاتھ رکا شگفتہ بیگم روبیشہ اور عائزہ شاکی نظروں سے اپنے باپ کو دیکھ رہی تھی انکے مقابلے میں ازدیان مان اور مافیہ بیگم پر سکون تھے اور سامنے بیٹھی منیشہ جیسمین اور پھوپھو کی خوشی کی کوئی انتہا نہ تھی جو کہ انکے چہرے پر آتی مسکراہٹ سے واضح معلوم ہو رہا تھا۔

عدنان صاحب کی بات کا مان نے کوئی جواب نہیں دیا اور چپ چاپ اپنا ناشتہ کرتے اٹھ کر گھر سے نکل گیا۔

ابھی اور اسی وقت اس لڑکی کو طلاق دو ورنہ اچھا نہیں ہو گا صبح بھی تم میری بات اگنور کر کے چلے گئے تھے لیکن اب تم ابھی کی ابھی اس لڑکی کو طلاق دو گے۔

عدنان صاحب نے سامنے سے آتے مان کو دیکھ کر کہا جو کہ صبح کا گیا اب آیا تھا۔

میں کسی قیمت پر بھی ازدیان کو طلاق نہیں دونگا چاہے کچھ بھی ہو جائے۔

عدنان صاحب کے دوبارہ وہی بات کرنے پر مان نے دھاڑتے ہوئے کہا جبکہ اسکی آواز سن کر اپنے کمرے میں ظہر کی نماز ادا کرتی ازدیان جلدی سے باہر بھاگی۔

ٹھیک ہے پھر میں جو کرونگا وہ تمہارے لئے اچھا نہیں ہو گا۔

Posted On Kitab Nagri

عدنان صاحب مان سے بھی تیز آواز میں دھاڑے۔

خبر دار اگر آپ نے کچھ بھی غلط کیا میں ازدیان کو کسی صورت طلاق نہیں دونگا سنا آپ نے۔

مان میں نے کہا ابھی کی ابھی اسے طلاق دو۔

طلاق طلاق نہیں دونگا میں طلاق گڈا گڈی کا کھیل سمجھ رکھا ہے آپ نے۔

مان ڈیکوریشن پیس کو زور سے زمین پر مارتے ہوئے دھاڑا۔

ٹھیک ہے بنا طلاق کے یہ اس گھر سے جائیگی لیکن اب یہ تمہاری زندگی اور تمہارے گھر میں نہیں رہے گی کیونکہ منیشہ بہت جلد تمہاری بیوی بنے گی۔

بھاڑ میں گئی یہ منگنی نہیں مانتا میں اس منگنی کو میری ایک ہی بیوی ازدیان ہے اور تا قیامت وہی رہے گی۔

مان میں کہہ رہا ہوا سے طلاق دو ورنہ میں تمہاری ماں کو طلاق دے دونگا۔

مان کو نا مانتے دیکھ عدنان صاحب نے ایک دفعہ پھر کہا۔

کسی میں ہمّت نہیں ہے کہ مجھ سے ازدیان کو الگ کرے نہیں جائیگی وہ مجھے چھوڑ کر نہیں دونگا میں نہیں دونگا کسی قیمت پر نہیں دونگا نہیں دونگا میں طلاق نہیں دونگا مر کر بھی نہیں دونگا۔

مان آپے سے باہر ہوتا لاؤنج میں توڑ پھوڑ کرنے لگا اس وقت مان بلکل بھی اپنے حواس میں نہیں لگ رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

ماں رکیں ماں ہوش کریں ماں رک جائیں ورنہ میں چلی جاؤنگی۔

ماں کو نہ رکتے دیکھ ازدیان اس کا بازو پکڑتے ہوئے دھمکی دی۔

چٹاخ۔۔۔

تم جاؤ گی مجھے چھوڑ کر جان سے مار دونگا۔

ازدیان کے کہنے پر ماں نے اسے تھپڑ مارا جس کو نہ سہتے ہوئے ازدیان نیچے گری۔

ماں کہیں نہیں جارہی ماں ہوش کر۔

مغیرہ نے ماں کے پاس آتے ہوئے اسے سمجھاتے ہوئے کہا۔

ہاں نہیں جارہی میں کہیں نہیں جارہی میں یہی ہوں ماں ہوش میں آئے۔

ازدیان جلدی سے اٹھتے دوبارہ ماں کو قابو کرنے لگی جو کہ شیشے کا جگ اٹھا کر پھینک رہا تھا جبکہ رویشہ اور عائزہ خوف سے روئے جارہی تھی مافیہ بیگم اور شگفتہ بیگم بھی منہ پر ہاتھ رکھے اپنی سسکیوں کا گلہ گھوٹ رہی تھیں جبکہ پھوپھو منیشہ اور جیسمین ازدیان کو تھپڑ پڑتا دیکھ بہت خوش تھی۔

www.kitabnagri.com

نہیں دونگا میں طلاق نہیں چھوڑونگا میں ازدیان کو کہیں نہیں جائیگی دیا کہیں نہیں جانے دونگا میں دیا کو۔

ماں کہتے کہتے بے ہوش ہو گیا۔

Posted On Kitab Nagri

ماں ماں آنکھیں کھولیں ماں کیا ہوا ہے بھائی دیکھیں ماں آنکھیں نہیں کھول رہے ماں آنکھیں کھولیں ماں ایسا مزاق نہ کریں ماں آپکی دیا مر جائیگی بھائی بھائی دیکھیں کیا ہوا ہے ماں کو یہ کچھ بول نہیں رہے۔

ازدیان ماں کا سر اپنی گود میں رکھتی پاگلوں کی طرح کہہ رہی تھی جبکہ مغیرہ جلدی سے ڈاکٹر کو فون کرنے لگا۔

گڑیا کچھ نہیں ہوگا ماں کو ابھی ڈاکٹر آرہا ہے پریشان نہیں ہو اور ابھی ماں کو اندر کمرے میں لٹانا پڑیگا۔

مغیرہ نے روتی ہوئی ازدیان سے کہا اور نوکر کی مدد سے ماں کو کمرے میں لٹایا اتنے میں ڈاکٹر آگیا تو مغیرہ ڈاکٹر کو ماں کے روم میں لے گیا جبکہ ازدیان کا رو رو کر برا حال تھا۔

کیا کہا بھائی ڈاکٹر نے ماں ٹھیک تو ہے نہ۔

ڈاکٹر کے جاتے ہی ازدیان جلدی سے مغیرہ کے پاس آتی بے چینی سے پوچھنے لگی۔

گڑیا سب ٹھیک ہے بس ڈپریشن کی وجہ سے اسکی یہ حالت ہوئی ہے پہلی بھی تائی امی کے انتقال پر اسکی اس طرح طبیعت خراب ہوئی تھی لیکن آپ پریشان نہ ہو ماں ٹھیک ہے ڈاکٹر نے نیند کا انجیکشن لگایا ہے اس لئے وہ سو رہا ہے۔

مغیرہ نے ازدیان سے کہا اور اپنے کمرے میں چلا گیا تو ازدیان بھی جلدی سے کمرے جاتی نماز ادا کرنے لگی کیونکہ بیشک ہر پریشانی کا حل اللہ کے پاس ہے۔

Posted On Kitab Nagri

ازدیان نے نوافل پڑھی اتنے میں عصر کی اذان ہو گئی تو ازدیان نے عصر کی نماز ادا کی اور اذکار پڑھ کر سورۃ البقرہ پڑھ کر قرآن پاک شیلف پر رکھا جائے نماز تہہ کر کے اسکی جگہ پر رکھی پھر مان کے پاس آئی اور اس پر دم کیا تو اسکی نظر خالی جگ پر پڑی ازدیان جگ اٹھاتی پانی لانے کی نیت سے کمرے سے باہر چلی گئی۔

اے لڑکی کیا کب سے کمرے میں گھسی ہوئی ہے چل رات کا کھانا بنا۔

پھوپھو نے ازدیان کو کچن میں آتا دیکھ لیا تھا اس لیے اسکے پیچھے آتی ہوئی بدتمیزی سے ازدیان سے کہنے لگی جو کہ فریج سے بوتل نکال کر اسکا پانی جگ میں ڈال رہی تھی۔

جی ٹھیک ہے میں بنا دیتی ہوں بس یہ جگ رکھ آؤں۔

ازدیان نے پھوپھو کے لہجے کو نظر انداز کرتے ہوئے نرم لہجے میں ہامی بھرتے ہوئے کہا۔

چھوڑ اسکو چل کر کھانا بنا اور منیشہ یہ جگ جا کر مان کے کمرے میں رکھ آؤ۔

پھوپھو نے ازدیان کے ہاتھ سے جگ چھین کر کیچن میں آتی منیشہ کو دیتے ہوئے کہا۔

آپ رہنے دیں میں رکھ آتی ہوں مان کو نہیں پسند کے میرے علاوہ کوئی اور انکا کام کریں وہ غصہ کرینگے۔

پھوپھو کے کہنے پر ازدیان نے انہیں سمجھاتے ہوئے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

او بی بی کس خوش فہمی میں نہ ہو کچھ دن کی مہمان ہو تم یہاں زیادہ اڑنے کی ضرورت نہیں ہے منیشہ نے ہی کرنے ہیں یہ سارے کام اور تمہیں تو جانا ہے یہاں سے اس لئے بہتر ہے تمہارے لئے کہ جو کہا ہے وہ کرو چپ چاپ۔

ازدیان کی بات پر پھوپھو نے استہزایہ ہنستے ہوئے کہا جبکہ منیشہ ایک کٹیلی نظر ازدیان پر ڈالتی جگ لیکر مان کے روم کی طرف بڑھ گئی۔

اچھا آپ بتادیں کیا بنانا ہے کھانے میں؟

ازدیان نے بات ختم کرتے ہوئے پھوپھو سے پوچھا۔

سنگاپورئین رائس بنالو میٹھے میں گلاب جامن اور لبِ شیریں اور سالن میں گرین کڑاہی اور اچار گوشت بنالو۔

ازدیان کے پوچھنے پر پھوپھو نے آرام سے ساری محنت والی چار پانچ ڈشز بتادی۔

ٹھیک ہے میں بنالو نگی۔

ازدیان نے پھوپھو سے کہا تو وہ سر ہلاتی کیچن سے باہر چلی گئی۔

ازدیان نے سب سے پہلے میٹھا بنا کر فریج میں رکھا اور پھر دونوں سالن بنائے اور ابھی سبزی کاٹ ہی رہی تھی کہ مان کی دھاڑ سنتی اپنی انگلی کاٹ گئی ازدیان اپنی انگلی کو نظر انداز کرتی باہر بھاگی جہاں مان کی آواز سن کر سب جمع ہو گئے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

مان جب نیند سے جاگا تو اس نے کمرے میں نظر دوڑائی جو کہ خالی تھا مان نے ازدیان کو آوازیں دیں لیکن کوئی جواب نہ آیا مان کو یہ سوچ کر ہی خوف آرہا تھا کہ کہیں اسکے باپ نے ازدیان کو گھر سے باہر تو نہیں نکال دیا مان جلدی سے اٹھا اور کمرے سے باہر جا کر بلند آواز میں ازدیان کو پکارنے لگا۔

کہاں تھی تم ہاں کہاں تھی تم۔

مان نے ازدیان کو کیچن سے آتے دیکھ تیز آواز میں پوچھا جبکہ سب ان دونوں کو ہی دیکھ رہے تھے۔

وہ مان میں ڈنر بنا رہی تھی۔

ازدیان نے مان کو اتنے غصے میں دیکھ ڈرتے ڈرتے جواب دیا۔

ملازمہ ساری مر گئیں تھی کیا یا پھر آج سے پہلے اس گھر کے کسی فرد نے خود کھانا بنایا ہو میری ماں کے علاوہ تم کیوں بنا رہی تھی کھانا۔

مان وہ۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ کیا ہوا ہے ازدیان کیسے لگی۔

ابھی ازدیان کچھ کہتی کہ مان کی نظر اسکے ہاتھ پر پڑی جو پورا خون میں ہو رہا تھا خون کو نہ روکنے کی وجہ سے وہ سارے ہاتھ پر پھیلنے کے ساتھ فرش پر بھی قطرہ قطرہ گر رہا تھا۔

ازدیان کس نے کہا تھا کھانا بنانے کے لئے۔

مان نے اپنی جیب سے رومال نکل کر ازدیان کے ہاتھ پر باندھتے ہوئے سرد لہجے میں کہا۔

Posted On Kitab Nagri

مان آپ کمرے میں چلیں میں کھانا لاتی ہو صبح کان۔۔۔

میں نے کہا ازدیان کس نے کہا تھا کھانا بنانے کے لئے۔

ازدیان کو بات بدلتا دیکھ مان نے اسکی بات بیچ میں کاٹتے ہوئے سرد لہجے میں کہا جبکہ مان کے اس انداز پر پھوپھو اور منیشہ نے تھوک نگلا۔

وہ پھوپھو۔۔۔

کل سے ناشتہ جیسمین لنچ پھوپھو اور ڈنر منیشہ بنائیگی اور اگر نہیں بنایا تو کل انکو سروینٹ کواٹر میں شفٹ کر دیا جائیگا۔

ابھی ازدیان کچھ کہتی کہ مان نے اپنے فیصلہ سنایا اور ازدیان کا ہاتھ پکڑ تا کمرے میں لے گیا۔

ہاہاہاہاہاہاہاہاہاہا جیسی کرنی ویسی بھرنی اور کروائیں سر دارنی سے کام مان اپنی برداشت سے زیادہ ضبط کر رہا تھا لیکن آپ لوگوں کو عزت راس ہی نہیں ہے اب بھگتیں سزا۔

مان کے جانے کے بعد مغیرہ نے قہقہہ لگاتے ہوئے کہا اور ملازمہ کو ایک کپ کافی کا آڈر دیتا اپنے روم میں چلا گیا کیونکہ کچھ دیر میں اسکی میٹینگ تھی جو کہ اس نے آن لائن لیپ ٹاپ پر اٹینڈ کرنی تھی۔

عائزہ اور روبیشہ بھی اپنی ماں کے روم کی طرف چل دی تاکہ انکو سارا ماجرہ سنا سکیں جبکہ منیشہ جیسمین اور پھوپھو کے چہرے توہین سے سرخ ہو رہے تھے۔

-------------------

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

مان کیا ہو گیا ہے کیا کہہ کر آئے ہیں آپ۔

Posted On Kitab Nagri

ازدیان اب اگر تم نے ہمارے علاوہ کسی کے بارے میں بات کی تو تم دوسرا تھپڑ کھاو گی آج میرے ہاتھ سے اور بیٹھو۔

ازدیان کے کہنے پر مان نے اسے گھورتے ہوئے کہا اور اسے بیڈ پر بٹھا کر سائڈ ٹیبل سے فرسٹ ایڈ باکس نکال کر اسکی ڈریسنگ کرنے لگا۔

کتنا گہرا کٹ لگا ہے ضرورت کیا تھی تمہیں کچن میں جانے کی منہ میں زبان نہیں ہے انکار نہیں کر سکتی سردارنی ہو تم اپنی اہمیت پہچانو اور لوگوں کو بھی ایک سردارنی کی طرح ہی ٹریٹ کرو آئیندہ اگر میں نے تمہیں ایسے کسی کے بھی حکم پر چلتے ہوئے دیکھ لیا تو بہت برا ہو گا دیا اور یہ اپنا حلیہ درست کرواتنی سادہ رہتی ہو میں نے جو ڈریس دلائے تھے ان میں سے پہنو ابھی جا کر بلکہ رکو میں خود نکال کر دیتا ہو تمہیں۔

مان نے ازدیان کو مصنوعی غصے سے ڈانٹا اور خود اٹھ کر وارڈروب کی طرف بڑھا جبکہ ازدیان مان کو دیکھ کر دل ہی دل میں اپنے رب کا شکر ادا کر رہی تھی جس نے اسے اتنے پیارے اور کیئرنگ شوہر سے نوازا

۔

لو یہ پہن کر آؤ۔

مان نے ایک سفید پیروں کو چھوتی گھیر دار فراک جس کی آستین گلے اور باڈر پر باریک سے شیشوں کی بیل لگی ہوئی تھی نکال کر ازدیان کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

مان نے کہنے پر ازدیان بنا کچھ کہے اسکے ہاتھ سے فراک لیتی واشروم چلی گئی پانچ منٹ بعد کپڑے بدل کر باہر آئی اور ڈریسنگ کے سامنے کھڑے ہوکر ازدیان نے اپنے گھٹنوں تک آتے بالوں کی چٹیا بنائی آنکھوں میں تھوڑا سا کاجل اور ہونٹوں پر بلکل لائٹ لپ لوز لگائی جو کہ صرف ہلکہ سا پنک شیڈ دے رہی تھی۔

لو یہ بھی پہنو۔

مان نے موبائل چلاتے ہوئے اسٹیل کی سلور چوڑیاں ایک ہاتھ سے ازدیان کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا اور خود نہ جانے کونسا خزانہ موبائل میں ڈھونڈ رہا تھا جو کہ مل کر ہی نہیں دے رہا تھا۔

ازدیان نے چپ چاپ مان کے ہاتھ سے چوڑیاں لیکر پہنی اور فراک کا دوپٹہ نماز کی اسٹائل میں باندھ کر مان سے مخاطب ہوئی۔

سہی ہے اب لگ رہی ہوں اب سردارنی۔

روکو ایک منٹ۔

ازدیان کے پوچھنے پر مان نے اسے ایک نظر دیکھتے ہوئے کہا اور وارڈروب سے ایک سفید کلر کی سندھی کڑاہی کی شال ازدیان کے کندھے پر ڈالی۔

ہمم اب لگ رہی ہو میری چھوٹی سی سردارنی ایسے رہا کرو۔

مان نے ازدیان کے سر پر پیار کرتے ہوئے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

اب میں چینج کرنے جارہاہوں اور خبر دار جو کمرے سے باہر قدم رکھا بہت برا پیش آؤنگا میں۔

مان نے ازدیان کو تنبیہ کرتے ہوئے کہا اور اپنے کپڑے لیتا واشروم چلا گیا۔

تھوڑی دیر بعد مان وائٹ کاٹن کا سوٹ پہنے باتھروم سے باہر نکل کر ڈریسنگ سامنے کھڑے ہو کر بال بنانے لگا۔

خیریت تو ہے آج آپ کو کونسا دورہ پڑا ہے مان طبیعت تو ٹھیک ہے آپکی۔

ازدیان نے مان کو اپنے جیسا ہم رنگ سوٹ پہنتے دیکھ کہا۔

میری تو الحمدللہ بلکل ٹھیک ہے بیگم لیکن آج ہمیں دیکھ کر بہت سو کی خراب ہونے والی ہے۔

ازدیان کے آئیبرو اچکا کر پوچھنے پر مان نے ہاف وائٹ چادر اپنے گرد لپیٹتے ہوئے اسے جواب دیا۔

اور لوگوں کی طبیعت خراب کرنے کی وجہ ؟

ان سب باتوں کو چھوڑو اور یہاں بیٹھو میں ابھی آیا۔

ازدیان کے پوچھنے پر مان نے اسے بیڈ پر بٹھاتے ہوئے کہا۔

یہ کیا ہے مان؟

ازدیان نے فائل کو دیکھتے ہوئے کہا جو کہ مان نے ابھی اسے دی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

یہ ہے تمہارا حق مہر ایک کروڑ مانگا تھا نہ تم نے تو میں نے اپنا گھر تمہارے نام کر دیا اور اسکی رقم پانچ کروڑ ہے یعنی ایک کروڑ تم نے مانگا اور باقی کے چار میں نے اپنی طرف سے تمہیں دیے ہے اور یہ ہے تمہاری منہ دیکھائی جو میں تمہیں دینا بھول گیا تھا اور میں اسے اترتا ہو نہ دیکھو اور ابھی پہنو اسکو۔

مان نے ڈائمینڈ سیٹ ازدیان کی طرف بڑھاتے ہوئے تنبیہ کی جو اس نے ولیمے والے دن لیا تھا۔

مان کے کہنے پر ازدیان نے گلے میں ڈائمینڈ چین کانوں میں چھوٹے چھوٹے ٹاپس ناک میں نوز پن ایک ہاتھ میں برسلیٹ اور ایک ہاتھ میں انگوٹھی پہن کر دوپٹہ دوبارہ نماز کی اسٹائل میں باندھا۔

یہ سیٹ میں نے رکھ لیا کیونکہ یہ میرا پہلا تحفہ ہے اور بلکل بھی اچھا نہیں لگا آپ نے اپنی پہلی کمائی سے بنایا ہوا گھر میرے نام کر دیا مجھے آپ سے کچھ نہیں چاہئے میں نے اپنی سیفٹی کے لئے ایک کروڑ حق مہر رکھوایا تھا کیونکہ مجھے نہیں پتہ تھا کہ آگے کیا ہونے والا ہے لیکن اب میں مطمئن اور خوش ہو آپکے ساتھ اس لئے یہ آپ اپنے پاس رکھیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ازدیان نے فائل مان کو دیتے ہوئے کہا۔

ازدیان یہ میں نے اپنی خوشی اور تمہاری سیفٹی کے لئے کیا ہے آج میں تمہارے ساتھ ہوں کل نا ہو تو کوئی تمہیں گھر بدر تو نہیں کر سکے گا ویسے یہ حویلی بھی میرے نام ہے میرے دادا نے میرے نام کے تھی نکال تو کوئی تمہیں یہاں سے بھی نہیں سکتا لیکن پھر بھی کبھی ایسا وقت آئے کہ تمہیں یہ حویلی چھوڑنی پڑے تو کم از کم تمہارے پاس چھت تو ہو گی اور بے فکر رہو اس گھر کا صرف اور صرف مغیرہ

Posted On Kitab Nagri

اور علمان کو پتہ ہے باقی کوئی بھی نہیں جانتا اس گھر کے بارے میں ڈنر کے بعد تمہیں دکھا کر لاؤنگا اور پھر آتے ہوئے آئسکریم بھی کھائیں گے اس لئے اب تم اسکور کھو اپنے پاس اور مجھے کوئی انکار نہیں سننا ۔

ماں میں جانتی ہوں آپ نے ایک حقیقت پسند بات کی ہے لیکن پلیز اب یہ مرنے کی بات مت کیجئیگا میں کتنی ہی بہادر سہی لیکن اب مجھ میں آپکو کھونے کا حوصلہ نہیں ہے آپ کے سواء اس دنیا میں رہا ہی کون ہے میرا اور آپ کو کھو کر بچے گا کیا میرے پاس اس لیے پلیز آئندہ ایسی باتیں نہیں کیجئیگا مجھے اپنی خیالی اور خوش حال زندگی میں ہی رہنے دیں مجھے حقیقت سے روشناس نہیں کروائے ورنہ یقین جانیے مجھ سے کمزور لڑکی کسی کو نہیں پائینگے۔

ماں کے کہنے پر ازدیان نے نم آنکھوں سے اسے دیکھتے ہوئے کہا۔

اچھا ٹھیک اب نہیں کہونگا کوئی بھی ایسی بات جس سے میری دیا کو تکلیف ہوتی ہے لیکن اب میں تمہاری آنکھوں میں آنسو نہ دیکھو۔

ماں نے ازدیان کے آنسو صاف کرتے ہوئے تنبیہ کی۔

ٹک ٹک ٹک ۔۔۔

ابھی وہ باتیں ہی کر رہے تھے کہ دروازہ پر دستک ہوئی۔

Posted On Kitab Nagri

آ جائیں۔۔۔ ازدیان نے آنے والے وجود کو کمرے میں آنے کی اجازت دی جبکہ مان اپنے موبائل میں گم ہو چکا تھا۔

چھوٹی سردارنی وہ آپکو اور چھوٹے سردار کو بڑی سردارنی بلا رہی ہیں۔

اجازت ملتے ہی ملازمہ دروازہ کھول کر اندر آئی اور ادب سے نظریں جھکا کر مافیہ بیگم کا پیغام دینے لگی۔

آپ جائیں ہم آتے ہیں۔

ازدیان نے ملازمہ سے کہا تو وہ سر ہلاتی چلی گئی۔

مان آپ نے کچھ کھایا بھی نہیں ہے صبح بھی صبح سے ناشتہ بھی نہیں کیا تھا کچھ کھا لیں۔

ازدیان نے مان کو دیکھتے ہوئے پریشانی سے کہا۔

نہیں اب میں ڈنر ہی کرونگا ابھی فلحال میرا دل نہیں کر رہا اور چلو مما کے پاس چلیں پتہ نہیں کیوں بلایا ہے۔

ازدیان کے کہنے پر مان نے انکار کرتے ہوئے کہا اور ازدیان کو لیکر مافیہ بیگم کے کمرے کی طرف چل دیا۔

---------------

ٹک ٹک ٹک۔۔۔

مان نے مافیہ بیگم کے کمرے کے دروازے پر رک کر دستک دی۔

Posted On Kitab Nagri

آجائیں۔۔۔مافیہ بیگم کے اجازت دینے پر ازدیان اور مان کمرے میں داخل ہوئے جہاں عائزہ رویشہ مغیرہ اور شگفتہ بیگم پہلے سے موجود تھے۔

خیریت آپ سب لوگ یہاں ایک ساتھ۔

مان نے سب کو ایک نظر دیکھ کر کہا اور مافیہ بیگم کی گود میں سر رکھ کر لیٹ گیا جبکہ ازدیان سامنے رکھے صوفے پر عائزہ اور رویشہ کے ساتھ بیٹھ گئی۔

ماشاءاللہ میرے بچے تو بہت پیارے لگ رہے ہیں۔

ہاں بھابھی آج لگ رہا ہے ہمارا مان چھوٹا سا سردار اور ازدیان چھوٹی سی سردارنی۔

مافیہ بیگم کے کہنے پر شگفتہ بیگم کے ہامی بھرتے ہوئے کہا۔

ابے تو یہ بتا آج سورج مشرق کے بجائے مغرب سے نکلا ہے کیا؟

مغیرہ نے مان سے پوچھا۔

اس فضول سوال کی وجہ؟

مغیرہ کے پوچھنے پر مان نے آئیبرو اچکاتے ہوئے پوچھا۔

نہیں اصل میں آج تو نے اپنی مرضی سے کاٹن کا سوٹ پہنا ہے نہ تو۔۔۔

مغیرہ نے وجہ بتاتے ہوئے بات اُدھوری چھوڑدی۔

کیوں میں کیا انسان نہیں یا پھر مسلمان نہیں ہو جو میں شلوار قمیض نہیں پہن سکتا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ماں نے مغیرہ کو گھورتے ہوئے کہا۔

اچھابس اب یہاں اپنی جنگ مت شروع کرو جس کام کے لئے بلایا ہے وہ سنو۔

ہاں بتائیں کیوں بلایا آپ نے؟

عافیہ بیگم کے کہنے پر ماں نے پوچھا۔

اٹھو یہاں سے اور ازدیان آپ میرے پاس آؤ۔

عافیہ بیگم نے ماں کا سر اپنی گود سے ہٹاتے ہوئے کہا۔

ہاں بھئی اب بہو آگئی تو بیٹا کہاں نظر آئیگا۔

ماں نے عافیہ بیگم کی گود سے سر اٹھاتے ہوئے منہ بسورتے ہوئے کہا۔

ازدیان بچے ادھر آؤ۔

عافیہ بیگم کے بلانے پر ازدیان اٹھ کر ماں چھوڑی ہوئی جگہ پر بیٹھ گئی۔

یہ لو یہ ماں کی ماں تمہاری ساس اور میری بہن عافیہ باجی کے ہیں باجی کو بہت شوق تھا جیولری کا تو انہوں نے ماں کی دلہن کے لئے بنوائے تھے اس لئے یہ اب سے تمہارے ہیں۔

عافیہ بیگم نے پانچ گولڈ اور ڈائمینڈ سیٹ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا جو کہ بہت خوبصورت تھے۔

اور یہ میری طرف سے میں بھی تو ماں کی ماں ہوں۔

عافیہ بیگم نے ایک گلوبند والا سیٹ ازدیان کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

اور یہ میری طرف سے کل اتنا موقعہ ہی نہیں ملا کہ اپنی بیٹی کو تحفے دے سکیں۔

شگفتہ بیگم نے ایک ڈائمنڈ سیٹ ازدیان کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا۔

بھابھی یہ میری طرف سے اور یہ رو بیشہ کی طرف سے۔

عائزہ نے ڈائمنڈ رنگ اور ڈائمنڈ ٹاپس دیتے ہوئے کہا۔

اور یہ میری طرف سے۔

سب سے آخر میں مغیرہ نے وائٹ گولڈ کے کڑے ازدیان کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا جس پر ڈائمینڈ لگے ہوئے تھے۔

جزاک اللہ آپ سب کا اور مما ان سیٹ پر آپکا زیادہ حق ہے آپ مما کی بہن ہیں اس لئے یہ آپ رکھیں

۔

ازدیان نے وہ پانچ سیٹ لینے سے انکار کرتے ہوئے کہا۔

نہیں یہ عافیہ باجی نے آپ کے لئے بنوائے تھے میرے پاس اور زیور بھی ہیں لیکن یہ سب تمہارے ہیں میری جان۔

ہاں ازدیان بیٹا بھابھی ٹھیک کہہ رہی ہیں۔

مافیہ بیگم کے کہنے پر شگفتہ بیگم نے ہامی بھرتے ہوئے کہا جس پر ازدیان نے ماں کی طرف دیکھا تو ماں نے آنکھوں سے اشارہ کر کے اسے لینے کا کہا۔

Posted On Kitab Nagri

جزاک اللہ بہت زیادہ آپ نے مجھے اپنی بیٹی سمجھا اتنا پیار دیا ورنہ میں محروم تھی رشتوں سے اللہ نے آپ لوگوں کی شکل میں مجھے ہر رشتے سے نوازہ اس لئے اللہ کے بعد میں آپ لوگوں کی تہہ دل سے شکر گزار ہوں اور رہونگی۔

ازدیان نے اپنی نم آنکھوں سے سب کو دیکھتے ہوئے کہا۔

بیٹا آپ پہلے ہماری بیٹی اور پھر ہمارے لاڈلے بیٹے کی لاڈلی بیوی اور ہماری لاڈلی بہو ہو اور اب تو ایک سردارنی ہو اس لئے آئیندہ اس طرح نہیں کہینگی۔

ٹک ٹک ٹک۔۔۔

ابھی وہ سب باتیں ہی کر رہے تھے کہ دروازے پر دستک ہوئی۔

آجائیں۔۔۔

اجازت ملنے پر ملازمہ اندر آئی اور مؤدب لہجے میں مخاطب ہوئی۔

بڑے سردار آپ سب کو ڈنر پر بلا رہے ہیں۔

آپ جائے ہم آتے ہیں۔۔۔۔۔عائزہ نے ملازمہ سے کہا تو وہ سر اثبات میں ہلاتی چلی گئی۔

چلو بھئی سب ڈنر کریں۔۔۔۔مغیرہ نے اپنی چیئر سے اٹھتے ہوئے کہا تو ایک ایک کر کے سب ڈائننگ ٹیبل کی طرف بڑھ گئے۔

-----------

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

میں نے عائزہ کا رشتہ پکا کر دیا ہے زمان کے بیٹے زبیر سے اور اس جمعے کو نکاح رکھا ہے اس لئے تیاری شروع کریں۔

Posted On Kitab Nagri

عدنان صاحب نے ڈنر کرتے ہوئے ایک نظر سب پر ڈال کر کہا جبکہ عائزہ کا منہ میں جاتا ہاتھ رکا تھا مغیرہ کو کھانسی کا دورہ پڑا تھا جبکہ باقی سب حیرت سے عدنان صاحب کو دیکھ رہے تھے۔

اور آپ نے یہ سوچ بھی کیسے لیا کہ میں اپنی بیس سالہ بہن کی شادی اس چالیس سالہ بڈھے اور تین بچوں کے باپ سے ہونے دونگا۔

عدنان صاحب کے کہنے پر مان نے آئیبرو اچکاتے ہوئے سرد لہجے میں عدنان صاحب سے پوچھا جبکہ ہونٹوں پر جلا دینے والی مسکراہٹ تھی۔

مان یہ مت بھولو کہ میں انکا باپ ہو اور تم بھائی وہ بھی سوتیلے اس لئے جو میں چاہونگا وہی ہوگا۔

آپ جیسے سگوں سے میرے جیسے سوتیلے بہتر ہے بابا جان۔

عدنان صاحب کے تیز لہجے میں کہنے پر مان نے طنز کرتے ہوئے کہا جبکہ مغیرہ تو انکی لڑائی انجوائے کرنے کے ساتھ کھانے سے بھی انصاف کر رہا تھا کیونکہ اسے معلوم تھا جیت مان کی ہونی ہے اس نے آج سے پہلے کسی کی سنی ہے جو اب سنے گا اور جب مان ضد پر آجائے تب تو وہ اپنی بھی نہیں سنتا یہ تو پھر عدنان صاحب ہے۔

مان رشتہ اچھا ہے اور میں زمان کو زبان دے چکا ہوں کہ میری ایک بیٹی کا نکاح میں زبیر سے کرواؤنگا۔

مان کو نہ مانتے دیکھ عدنان صاحب نے اسے سمجھانے کی کوشش کی۔

تو منیشہ کے بارے میں کیا خیال ہے آپکا وہ بھی تو آپکی لاڈلی بیٹی ہے۔

Posted On Kitab Nagri

میری بیٹی کو بیچ میں مت لاؤ مان۔

مان کو منیشہ کا نام لیتا دیکھ پھوپھو فوراً بھڑ کتی ہوئی کہنے لگی۔

کیوں میرے باپ کے اتنے سالوں کی محبت کا صلہ آپ اور آپکی بیٹی انکی زبان کا پاس رکھ کر نہیں دے سکتے کیا حالانکہ منیشہ تو عمر میں بھی بڑی ہے۔

پھوپھو کے کہنے پر مان نے دوٹوک ان کی طبیعت صاف کی۔

مان یہ میرا فیصلہ ہے اور اسکے آگے میں تمہاری بھی نہیں سنو گا اس جمعے کو عائزہ کا نکاح ہے۔

عدنان صاحب نے فیصلہ سناتے ہوئے دوٹوک کہا۔

تو میں نے کب کہا کہ آپ میرا فیصلہ مانے لیکن ایک سردار کے فیصلے کو تو آپکو ماننا ہی پڑے گا مائے ڈیئر باباجان چلو دیا دیر ہو رہی ہے۔

عدنان صاحب کے کہنے پر مان نے بھی دوٹوک کہا اور ازدیان کو کہتا باہر کی طرف چل دیا تو ازدیان بھی ایک نظر سب پر ڈالتی کمرے میں گئی اور عبایہ پہن کر پورچ میں کھڑے مان کی طرف چل دی۔

-----------------

مان اگر آپ کو برا نہ لگے تو ایک بات کہوں؟

ازدیان نے مان کو خاموشی سے ڈرائیو کرتے دیکھ پوچھا۔

میری دیا کو کب سے ضرورت پڑ گئی کچھ بولنے سے اپنے مان کی اجازت لینے کی؟

Posted On Kitab Nagri

ازدیان کے پوچھنے پر مان نے جواب دینے کے بجائے الٹا سول کر ڈالا۔

مان بابا جان نے دوٹوک کہا ہے کہ وہ عائزہ آپی کا نکاح اس سے کروادینگے اس لئے کیونہ ہم اس سے پہلے ہی عائزہ آپی کا نکاح مغیرہ بھائی سے کر دیں اور مجھے لگتا ہے مغیرہ بھائی بھی عائزہ آپی کو پسند کرتے ہیں بلکہ میری نظر میں مغیرہ بھائی سے بہتر آپشن عائزہ آپی کے لئے اور کوئی ہو ہی نہیں سکتا آپ کیا کہتے ہیں؟

ازدیان نے اپنی بات کہتے ہوئے مان کی طرف دیکھتے ہوئے کہا جو کہ سنجیدگی اسے ہی سن رہا تھا۔

دیامیں بھی جانتا ہوں کہ مغیرہ عائزہ کو پسند کرتا ہے اور اس میں کوئی غلط بات نہیں ہے کسی کو پسند کرنا گناہ نہیں ہے لیکن اگر مغیرہ کوئی غلط حرکت کرتا تو میں خود اپنے ہاتھوں سے اسے زندہ زمین میں دفنا دیتا اور شاید اس بات کا مغیرہ کو علم بھی ہے اس لئے مغیرہ نے آج تک کوئی غیر اخلاقی حرکت نہیں کی بلکہ میرا بھی تمہاری طرح یہی خیال ہیکہ عائزہ کے لئے مغیرہ سے اچھا کوئی آپشن ہو ہی نہیں سکتا لیکن میں چاہتا ہوں کہ مغیرہ اور چچی خود عائزہ کا رشتہ مجھ سے مانگے کیونکہ میں نہیں چاہتا کہ غلطی سے بھی کوئی یوں کہے کہ ہم نے خود اپنی لڑکی گھر کے لڑکے پر تھوپ دی میں جانتا ہو چچی یا مغیرہ کبھی مر کر بھی یہ بات نہیں کہینگے لیکن ہم کہنے والوں کی زبان نہیں روک سکتے اس لئے میں چاہتا ہوں کہ چچی عائزہ کا رشتہ مانگیں اور اگر ایسا ہو گیا تو یقین کرو میں کل ہی مغیرہ اور عائزہ کو نکاح کروا کر انہیں امریکہ بھیج دونگا تاکہ بابا انکو کوئی نقصان نہ پہنچا سکیں۔

Posted On Kitab Nagri

دیکھو باتوں باتوں میں گھر آ گیا۔

ازدیان کے کہنے پر مان نے اسے تفصیل سے جواب دیتے ہوئے سامنے گھر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

مان نے گھر کے دروازے پر گاڑی روک کر ہارن دیا تو چوکیدار نے گیٹ کھولا مان نے گاڑی لے جا کر پورچ میں کھڑی کی اور اپنی طرف کا دروازہ کھول کر ازدیان کیطرف آیا اور دروازہ کھول کر اسکو باہر نکالا۔

ماشاءاللہ مان گھر تو بہت پیارا ہے۔

ازدیان نے لان کی طرف دیکھتے ہوئے کہا جہاں ہر طرح کے پھول تھے بیچ میں فوارہ بنا ہوا تھا جسکا کسی آبشار کی طرح بہتا ہوا پانی خوابناک ماحول بنا رہا تھا۔

چلو اندر تو چلو۔

مان نے ازدیان سے کہا اور اسے لئے اندر کی طرف بڑھا جسکا راستہ لان کے بیچ سے گزر کر جاتا تھا مان ازدیان کو لیکر گھر کے اندر داخل ہوا جہاں سیدھے ہاتھ پر ٹی وی لاؤنج بنا ہوا تھا جس میں خوبصورت وائٹ صوفوں کے ساتھ بیچ میں ایک شیشے کی میز رکھی ہوئی تھی سامنے ایل ای ڈی لگی ہوئی تھی اور پھر تھوڑا سا آگے جا کر الٹے ہاتھ کی طرف آؤں تو بہت بڑا امریکن طرز کا کچن بنا ہوا تھا اور پھر تھوڑا آگے

Posted On Kitab Nagri

جا کر ایک ساتھ تین کمرے بنے ہوئے تھے ٹی وی لاؤنج کے پیچھے سے سیڑھیاں اوپر کی طرف جا رہی تھی۔

یہ ہے ٹی وی لاؤنج یہ کچن اور یہ تینوں گیسٹ روم اور اب اوپر چلو۔

ماں نے ازدیان کو نیچے کا گھر دیکھاتے ہوئے کہا اور اسے لیکر اوپر آیا۔

یہ دیکھو یہ تین بیڈ رومز ہیں یہاں بھی ٹی وی لاؤنج اور کچن وغیرہ سب ہے اور یہ ہے سب سے بڑا بیڈروم جو کہ میری پسند کا ہے ایسے تو پورا گھر میں نے اپنی پسند سے بنوایا ہے لیکن یہ روم تمہارے لئے سرپرائز ہے۔

ماں ازدیان کو اوپر کا پورشن دیکھاتے ہوئے ان تینوں کمروں میں سے سب سے بڑا کمرہ دیکھاتے ہوئے کہنے لگا۔

واقعی ماں پورا گھر بہت خوبصورت ہے لیکن یہ کمرہ پورے گھر سے بھی زیادہ خوبصورت ہے۔

ازدیان نے اس روم دیکھتے ہوئے ماں سے کہا جو کہ پورا وائٹ کلر کا تھا وائٹ ہی کلر کا جہازی سائز کا گول شیپ کا بیڈ جس کے چاروں طرف وائٹ ہی پردے لگے ہوئے تھے اور اسکے بلکل سامنے وائٹ کلر کی ڈریسنگ ٹیبل جو کہ گول دائرے کی شکل میں بنی ہوئی تھی ڈریسنگ کے دائیں ہاتھ پر پریئر روم تھا جبکہ بیڈ کے دائیں ہاتھ پر چینجنگ روم جبکہ بائیں ہاتھ پر وائٹ ہی صوفے اور بیچ میں ایک ٹیبل رکھی ہوئی تھے اور اسکے برابر میں ہی باتھروم کا دروازہ تھا۔

Posted On Kitab Nagri

ماں یہ تو بلکل فیری ٹیلز والا روم ہے۔

یہ روم میں نے پاکستان آنے کے بعد فرنش کروایا ہے اور مجھے معلوم تھا میری فیری کو ضرور پسند آئیگا۔

ازدیان کے کہنے ماں نے اسکے گال کھینچتے ہوئے کہا۔

اچھا اب چلیں دیر ہو رہی ہے کافی رات ہو چکی ہے۔

خیر دل تو نہیں کر رہا واپس جانے کا وہاں جھنجھٹ ہی اتنے ہیں لیکن جانا تو پڑیگا۔

ازدیان کے کہنے پر ماں نے برا سا منہ بناتے ہوئے کہا اور ازدیان کو لیکر دوبارہ کار کی طرف بڑھا پہلے کار کا دروازہ کھول کر ازدیان کو بٹھایا اور پھر خود ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھ کر گاڑی ریسٹورینٹ کی طرف ڈال دی۔

ماں آپ مجھ سے اتنی محنت کرتے ہیکہ کل میرے جانے کی بات پر آپ نے مجھے تھپڑ ہی مار دیا۔

ازدیان نے ماں کو خاموشی سے ڈرائیو کرتے دیکھ شرارت سے پوچھا۔

محبت۔۔۔۔میری جھلّی بیگم آپکی محبت ہی تو مجھے پاکستان کھینچ لائی ہے ورنہ میرا تو ساری زندگی یہاں آنے کا کوئی ارادہ نہ تھا۔

کیا مطلب؟

ماں کے ہنستے ہوئے کہنے پر ازدیان نے تعجب سے پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

تم کو یاد ہے میں ایک دفعہ آپکے کالج آیا تھا میں نے تمہیں پہلی دفعہ وہیں دیکھا تھا بلکہ مجھے تمہاری طرف تمہارے سوال نے متوجہ کیا تھا جسکا میرا پاس کوئی جواب نہ تھا اسکے بعد میں پاکستان سے تو چلا گیا لیکن تمہارا وہ سوال میرے دماغ میں جیسے چمٹ گیا تھا جو کہ مجھے بے سکونی میں مبتلا رکھتا تھا میں نے بہت کوشش کی میں اپنے ذہن سے اس بات کو نکال سکوں لیکن شاید اللہ کو مجھے ہدایت دینی تھی حافظِ قرآن میں بچپن سے ہی تھا ایک پل کے لئے بھی تمہارا سوال میرے ذہن سے نہیں جاتا تھا اور پھر جب میں اس سوال کا جواب تلاش کرتا اپنے علم کے مطابق تو مجھے خود سے لڑتے لڑتے کئی گھنٹے بیت جاتے لیکن مجھے کوئی مثبت جواب نہیں ملتا ابھی یہ سلسلہ ختم نہیں ہوا تھا کہ مجھے ایک خواب آنے لگا( پھر مان نے مغیرہ کو بتایا ہوا اپنا پورا خواب ازدیان کے گوش و گزار کر دیا) تمہارے سوال نے جو میرا سکون برباد کیا تھا سو کیا تھا لیکن اس خواب نے مجھ سے راتوں کی نیند تک چھین لی میں بہت پریشان رہنے لگا نہ دل سکون میں تھا اور نہ دماغ میں بہر حال اس وقت میں بے حد پریشان تھا تو میں نے بنا کسی کو بتائے سائکیٹرسٹ کے پاس جانے کا فیصلہ کیا میں نے اپنی ساری پرابلم ڈاکٹر سے شئیر کی انہوں نے مجھے دوائی دی اور یہ کہا کہ بس اسٹریس کی وجہ سے ہے یہ مسلئہ باقی کوئی مسلئہ نہیں ہے۔

میں نے بھی ڈاکٹر کی بات پر یقین کر لیا اور ان کے بتائے گئے طریقے کے مطابق دوائیاں وقت پر کھانے لگا چونکہ ان دوائیوں میں زیادہ تر سکون آور دوائیاں تھی جسکی وجہ سے میں زیادہ تر غنودگی میں رہنے لگا لیکن پھر بھی اس خواب نے میرا پیچھا نہ چھوڑا خیر مہینہ پورا ہوا تو میں دوبارہ ڈاکٹر کے پاس گیا تو

Posted On Kitab Nagri

ڈاکٹر نے کہا آپ کو کوئی بیماری نہیں ہے اور نہ ہی آپکو دوائیوں کی ضرورت ہے بس خود کو ریلیکس رکھیں۔

میں ڈاکٹر کے کلینک سے ایسے ہی پیدل نکل گیا اور اپنی ہی سوچوں میں گم فٹ پاتھ پر چلنے لگا ابھی میں کچھ دیر ہی چلا تھا کہ مجھے وہاں ایک مسجد دیکھائی دی اس وقت میں اتن ٹینشن میں تھا کہ میں بنا کچھ سوچے سمجھے مسجد کے اندر چلا گیا میرا دماغ تو کہیں اور الجھا ہوا تھا اس لیے میں نا سمجھی سے مسجد کے بیچ میں کھڑے ہو کر سب کو دیکھنے لگا۔

ابھی میں وہی کھڑا تھا کہ ایک آدمی نے میرے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کہا کہ آؤ بھائی نماز پڑھے جماعت کھڑی ہو رہی ہے اس وقت میرا دماغ اتنا سن تھا کہ میں بنا وضو اس شخص کے ساتھ ان کے ساتھ جماعت میں کھڑا ہو کر نماز پڑھنے لگا میں نے بنا وضو کے پوری نماز پڑھی اور دعا کے لئے ہاتھ اٹھا کر خالی خالی نظروں سے اپنے ہاتھوں کو دیکھنے لگا پوری مسجد خالی ہو گئی لیکن میں نے اپنی پوزیشن نہیں بدلی بس میں ویسے ہی بیٹھا رہا۔

مجھے مسلسل ایک پوزیشن میں بیٹھا دیکھ مولوی صاحب میرے پاس آئے اور بنا کچھ بولے میرا سر اپنی گود میں رکھ کر میرے بالوں میں انگلیاں چلانے لگے اور ساتھ میں مجھ پر دم بھی کر رہے تھے وہ مولوی صاحب بابا جیسی عمر کے تھے اور پھر مجھے پتہ ہی نہیں لگا کہ میں انکی گود میں کب سویا لیکن مجھے اس دن اتنی گہری اور پر سکون نیند آئی جس کے لئے میں دو سال سے ترس رہا تھا مجھے دوائیوں سے بھی غنودگی

Posted On Kitab Nagri

ضرور رہتی تھی لیکن نیند نہیں آتی تھی لیکن حیران کن بات یہ تھی کہ اس دن مجھے وہ خواب بھی نہیں آیا پھر میری آنکھ فجر کی اذان پر کھلی تو میں نے باجماعت نماز ادا کی اور گھر چلا گیا اس دن میں نے دل سے اسلام قبول کر لیا تھا اور پھر میں روز یونی سے سیدھا مسجد جاتا میں نے اپنا حفظ کیا ہوا قرآن دوبارہ دھرایا اور بہت سا دینی علم وہاں سے حاصل کیا کم از کم سال ایسے ہی گزر چکا تھا میری روز کی یہی روٹین تھی صبح گھر سے آفس اور آفس سے یونی اور پھر یونی سے مسجد اور پھر مسجد سے گھر۔

اور پھر ایک سال بعد مجھے ایک رات پھر وہی خواب آیا جسے میں بھول چکا تھا لیکن اس رات کے خواب میں اس لڑکی کی حالت بہت بری تھی یہاں تک کہ اسکا پورا چہرہ خون سے بھرا ہوا تھا اس خواب نے میرے رونگٹے کھڑے کر دیے میں بہت زیادہ گھبرا گیا تھا پھر میں اسی وقت مولوی صاحب کے پاس گیا اور انہیں اپنے خواب اور تمہاری بات کا مولوی صاحب سے ذکر کیا۔

پہلے تو مولوی صاحب میری بات سن کر مسکرائے اور پھر کہنے لگے کہ جس نے بھی آپ سے یہ سوال کیا ہے وہ آپکے لئے ہدایت کا ذریعہ بنی ہے اسکے ذریعے اللہ نے آپکو ہدایت دی اور آج آپ اسکے ہی گھر میں بیٹھے ہو اور رہی بات خواب کی تو میں اتنا کہنا چاہونگا کہ ہو سکتا ہے آپ کے کوئی اپنے مصیبت میں ہو اور آپ کو پکار رہے ہو یا پھر ایسا بھی ہو سکتا ہے اللہ آپ کو کسی کا محافظ بنانا چاہتا ہے خیر یہ غیب کا علم ہے جو اللہ کے پاس ہے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

آپ ایسا کریں کہ اپنے دوست احباب کو قریبی رشتہداروں کو دیکھیں کہ کہیں وہ کسی مشکل میں تو نہیں ورنہ پھر انتظار کریں کیونکہ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپکا خواب کسی چیز کی طرف نشاندہی کر رہا ہے تو ایسا ممکن بھی ہے تو اللہ خود ہی اس شخص کو آپکے سامنے لے آئیگا اور پھر اس طرح میں پاکستان آگیا یہ پتہ کرنے کہ میرے کوئی اپنے کسی تکلیف میں تو نہیں لیکن تمہیں دیکھ کر مجھے میرے خواب پر یقین ہو گیا پہلے میں اپنی انا میں منہ سے اپنے مسلمان ہونے کا اقرار نہیں کرتا تھا لیکن نکاح والے دن تم نے کروا ہی لیا کیونکہ ہر دفعہ تم مجھے لاجواب کر دیتی ہو۔

اور اب چلو ڈنر کریں باتوں میں میں تو بھول ہی گیا گاڑی ریسٹورینٹ کے آگے روکنی تھی لیکن اپن تو لونگ ڈرائیو پر نکل آئے۔

ازدیان کے پوچھنے پر مان نے اپنے ساتھ ہوئے حادثے تفصیل سے بیان کرتے ہوئے آخر میں ہنستے ہوئے کہنے لگا۔

نہیں مان اب بس گھر چلیں کافی وقت ہو گیا ہے رات بھی کافی ہو رہی ہے اور مجھے بھوک بھی نہیں ہے

۔

بہت پٹو گی دیا میرے ہاتھوں سے دوپہیر کو بھی تم نے کھانا نہیں کھایا اور رات میں بھی دیکھا تھا میں نے کتنا کھایا تھا اس لئے چپ چاپ بیٹھی رہو ڈنر کر کے اور آئسکریم کھا کر ہی گھر جائینگے۔

ازدیان کے انکار کرنے پر مان نے اسے گھورتے ہوئے غصے سے کہا تو ازدیان خاموش ہو گئی۔

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

------------------

کیا کھاؤ گی بتاؤ؟

مان نے مینیو کارڈ ازدیان کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا۔

مجھے سمجھ نہیں آرہا ہے خود منگوالیں میں بھی وہی کھالونگی۔

ازدیان نے ایک بیزار نظر مینیو کارڈ پر ڈال کر ماتھا مسلتے ہوئے مان سے کہا۔

آپ دو چاؤمن لے آئیں۔

ازدیان کے کہنے پر مان نے ویٹر سے کہا تو وہ سر ہلاتا وہاں سے چلا گیا۔

مان نے ازدیان کے پردے کی وجہ سے ایک پرائیویٹ کیبن لیا تھا جو کہ سائیڈ پر بنا ہوا تھا۔

کیا ہوا دیا؟

مان نے ازدیان کو دیکھتے ہوئے پوچھا جس کا چہرہ پیلا پڑ رہا تھا۔

مان گھر چلیں پلیز میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔

ازدیان نے مان کی بات اگنور کرتے ہوئے کہا۔

یہ لو پانی پیو اور بتاؤ کیا ہو رہا ہے۔

مان نے ازدیان کے پاس آتے ہوئے منرل واٹر کی بوتل سے پانی نکال کر گلاس سے ازدیان کو پانی پلاتے ہوئے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

عجیب سے گھٹن ہو رہی ہے اور پتہ نہیں بس عجیب سے طبیعت ہو رہی ہے مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہا۔

مان کے پوچھنے پر ازدیان نے اسے جواب دیا جبکہ ہاتھ پاؤں ٹھنڈے پڑ رہے تھے۔

کچھ بھی نہیں ہے کھانا نہ کھانے کی وجہ سے بی پی لو ہو رہا ہے ڈاکٹر نے سختی سے کہا تھا کہ کھانے کا دیھان رکھنا مجھے نہیں معلوم تھا تم اپنی جان کی ہی دشمن نکلو گی مجھے ابھی اتنا غصہ آ رہا ہے تم پر کہ اچھے سے پٹائی کرو تمہاری۔

مان نے ازدیان کو خود سے لگا کر اسکا دوپٹہ کھول کر اسکے بالوں میں انگلیاں چلاتے ہوئے مصنوعی غصے سے کہا تاکہ ازدیان کا دماغ ڈائیورٹ ہو جائے اتنے میں ویٹر آڈر لے آیا تو مان نے ازدیان کے سر صوفے کی بیک سے لگا کر کیبن کے باہر کھڑے ویٹر سے کھانا لیا اور پھر ازدیان کو کھلایا۔

اب کیسا فیل ہو رہا ہے۔

مان نے ازدیان کو کھانا کھلانے کے بعد پوچھا۔

ہمم اب بہتر ہے۔

دوائی کھائی تھی؟

ازدیان کے جواب دینے پر مان نے دوبارہ پوچھا۔

کونسی دوائی؟

Posted On Kitab Nagri

دیا واقعی اب میرا دل کر رہا ایک دو تو لگا ہی دوں ڈاکٹر نے جو دوائی تم کو دی تھی اسکی بات کر رہا ہوں میں

۔

ازدیان کے ناسمجھی سے پوچھنے مان نے اسے گھورتے ہوئے کہا۔

مجھے تو یہ ہی نہیں پتہ مجھے ڈاکٹر نے دوائی بھی دی ہے لینا تو دور کی بات۔

مان کے پوچھنے پر ازدیان نے خود سے بڑبڑاتے ہوئے کہا جو کہ مان باخوبی سنا۔

گھر جاکر شرافت سے دوائی کھانا سائیڈ ٹیبل کے دراز میں رکھی ہے۔

مان نے ازدیان کو تنبیہ کرتے ہوئے کہا جبکہ ازدیان اب واپس اپنی اصل حالت میں آچکی تھی۔

کھانا نا کھانے کی وجہ سے ہی طبیعت بگڑی ہے اب میں خود تمہارے کھانے پینے کا دیھان رکھونگا۔

مان ازدیان کو ابھی اور ڈانٹتا کہ ویٹر آئسکریم لے آیا جو کہ مان کھانا لینے کے ساتھ آڈر کرچکا تھا۔

یہ کیا بچوں کی طرح کھا رہی ہو آئسکریم دیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہو ادنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

ماں نے ازدیان کے منہ پر لگی آئسکریم کو دیکھتے ہوئے کہا۔

بچی ہوں تو بچوں کی طرح ہی کھاؤ نگی نہ وہ الگ بات ہے ایک بزرگ سے شادی ہو گئی چھوٹی سی عمر میں۔

ماں کے کہنے پر ازدیان نے ماں کی عمر پر چوٹ کرتے ہوئے کہا۔

بیگم صاحبہ میں صرف 22 سال کا ہوں تو بتائیں میں بزرگ کیسے ہوا۔

ازدیان کے کہنے پر ماں نے اسے گھورتے ہوئے کہا۔

ہاں تو میں تو سترہ سال کی ہو میرے لئے تو آپ بزرگ ہی ہوئے۔

ازدیان نے ماں کی گھوری کو نظر انداز کرتے ہوئے ناک سے مکھی اڑانے والے انداز میں کہا۔

Posted On Kitab Nagri

بہر حال محترمہ آپکو اسی بزرگ کے ساتھ ہی ساری زندگی گزارنی پڑیگی۔

ہاں تو میں نے کب انکار کیا۔

مان کے کہنے پر ازدیان نے مزے سے آئسکریم ختم کرتے ہوئے کہا۔

چلیں اب بہت دیر ہو گئی گیارہ بج گئے گھر پہنچتے پہنچتے تقریباً بارہ بج جائینگے۔

ہاں چلو۔۔۔۔۔ ازدیان نے وقت کا حساب لگاتے ہوئے مان سے کہا اور پھر دونوں گھر کے لئے نکل گئے۔

مما مجھے آپ سے کچھ ضروری بات کرنی ہے۔

مغیرہ شگفتہ بیگم کی گود میں سر رکھتے ہوئے کہنے لگا جو کہ ڈنر کے بعد سیدھا انکے روم میں آیا تھا۔

ہاں کہوں میری جان کیا بات ہے۔

مغیرہ کے کہنے پر شگفتہ بیگم نے پیار سے اسکے بالوں میں انگلیاں چلاتے ہوئے کہا۔

مما میں چاہتا ہوں کہ آپ مان اور تائی جان سے میرے لئے عائزہ کا ہاتھ مانگے۔

شگفتہ بیگم کے پوچھنے پر مغیرہ نے سیدھے مطلب کی بات کہی۔

بیٹا آپ نے میرے دل کی بات کہہ دی میں بھی یہی چاہتی ہوں کہ عائزہ یا روبیشہ دونوں میں سے کوئی ایک میرے مغیرہ کی دلہن بنے لیکن اب آپ نے خود ہی عائزہ کا نام لے لیا میں کل ہی مان اور بھابھی سے بات کرتی ہوں اور مجھے یقین ہے وہ مجھے خالی ہاتھ نہیں لوٹائینگے لیکن۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ماں کی بات پر شگفتہ بیگم نے پرجوشی سے کہتے ہوئے آخر میں بات ادھوری چھوڑ دی۔

مما اب آپ اس لیکن سے آگے مت جائیگا مجھے نہیں پرواہ اس نام نہاد باپ کی جس نے آج تک اپنے بیٹے کی شکل تک نہیں دیکھی جب ہمارے دکھوں سے غموں سے انہیں کوئی سروکار نہیں ہے تو ہماری خوشیوں میں شامل ہونے کا حق بھی میں انہیں نہیں دیتا اور یہ آخری مرتبہ انکے متعلق بات ہو رہی ہے آئندہ آپ اس شخص کا نام بھی اپنے تصور میں بھی نہیں لائیں گی میں ہی آپکی زندگی اپکے جینے وجہ ہو اور آپ میرے جینے کی وجہ ہو ہماری دنیا صرف ہم دونوں کی حد تک محدود ہے اسکے لئے ہماری زندگی میں کسی تیسرے شخص کی کوئی گنجائش نہیں چاہے پھر وہ کوئی بھی ہو مطلب کوئی بھی۔

مغیرہ شگفتہ بیگم کی ادھورہ بات کا مطلب سمجھتا سپاٹ لہجے میں کہنے لگا اور اٹھ کر اپنے کمرے میں چلا گیا

۔

--------------

آپی آپ اللہ پر اور اپنے بھائی پر یقین رکھیں کچھ نہیں ہو گا ماں کبھی مر کر بھی آپکی شادی وہاں نہیں ہونے دینگے چاہے اسکے لئے انہیں کچھ بھی کرنا پڑے اس لئے آپ پریشان نہ ہو اور رونا بند کریں ابھی آپکے بھائی زندہ ہیں آپکو کسی سے ڈرنے اور پریشان ہونے کی بلکل ضرورت نہیں ہے۔

ازدیان نے عائزہ کے آنسو صاف کرتے ہوئے اسے سمجھایا۔

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ازدیان فجر کی نماز اور قرآن پڑھنے کے بعد لان میں چہل قدمی کے لئے آئی تھی تو لان میں عائزہ اور روبیشہ پہلے سے ہی موجود تھی عائزہ رو رہی تھی اور روبیشہ مسلسل اسے چپ کروانے کی کوشش کر رہی تھی جبکہ عائزہ چپ ہونے ک نام ہی نہیں لے رہی تھی۔

ازدیان عائزہ کو مسلسل روتے دیکھ اس کے پاس جاکر اسکو تسلی دینے لگی جبکہ مان نماز کے بعد جوگنگ کرنے جاچکا تھا۔

واہ بھئی واہ بڑی محبت ہے نند بھابھی میں خیریت تو ہے صبح صبح اتنا پیار آرہا ہے ایک دوسرے پر۔

مان جو کہ جوگنگ کر کے ابھی لوٹا تھا تینوں کو ایک ساتھ لان میں بیٹھا دیکھ انکی طرف آتے ہوئے شرارت سے کہنے لگا۔

بس عائزہ آپی کو چپ کروا رہی تھی کل سے رو رو کر اپنا حال برا کیا ہوا ہے۔

مان کے کہنے پر ازدیان نے اسے آگاہ کیا۔

ارے بھائی کی جان کیوں پریشان ہوتی ہو آپکا بھائی ہے نہ کچھ نہیں ہو گا ابھی تو والد صاحب کو ناشتے پر ایک اور جھٹکا دینے والا ہوں۔

مان نے عائزہ کو تسلی دیتے ہوئے آخر میں شرارت سے آنکھ مارتے ہوئے کہا۔

مان خبر دار جو آپ نے کوئی الٹی سیدھی حرکت کی۔

ازدیان نے مان کے تعصورات دیکھتے ہوئے تنبیہہ کرتے ہوئے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

دیکھ رہی ہو بہنوں تمہاری بھابھی کیسے آنکھیں دیکھا رہی ہے اور تمہیں پتہ ہے اکیلے میں مجھے مارتی ہے

۔

رہنے دیں بھائی آپ میری بھابھی مار ہی نا لیں اور بھائی میری بھابھی کے لئے خبردار جو آپ نے الٹی سیدھی بات کہی۔

مان کی بات پر عائزہ نے اپنا رونا بھول کر مان کو گھورتے ہوئے کہا۔

واہ بھئی واہ بھائی سے زیادہ بھابھی پیاری ہو گئی۔

عائزہ کے کہنے پر مان نے منہ بسورتے ہوئے کہا جبکہ ازدیان فاتح مسکراہٹ سے مان کو ہی دیکھ رہی تھی

۔

بھائی آپکی جگہ الگ ہے لیکن وہ بات الگ ہے کہ بھابھی کی جگہ کوئی نہیں لے سکتا۔

مان کو ناراض ہوتا دیکھ روبیشہ نے سمجھداری سے کہا۔

آپ لوگ ناشتے کے لئے آجائیں بڑی سردارنی ڈائننگ پر بلا رہی ہیں۔

www.kitabnagri.com

ابھی وہ آپس میں بحث ہی کر رہے تھے کہ ملازمہ نے آکر انکو مافیہ بیگم کا پیغام دیا تو وہ سب اٹھ کر ڈائننگ ہال کی طرف چل دیے جبکہ مان فریش ہونے کے لئے اپنے کمرے میں چلا گیا۔

---------------------

Posted On Kitab Nagri

مغیرہ شام میں تو تیری بھابھی عائزہ اور رویشہ کو شاپنگ پر لے جانا میں نے ان دونوں کا اور دیا کا ایڈمیشن یونیورسٹی میں کروادیا ہے اس لئے جو سامان انکو چاہیئے ہو گا وہ لے آئینگی۔

مان نے ناشتہ کرتے ہوئے مغیرہ کو آڈر دیا جو کہ خود بھی ناشتہ کر رہا تھا۔

اوکے باس جو حکم۔۔۔ مغیرہ نے سینے پر ہاتھ رکھ کر انتہائی عاجزی سے کہا۔

کس سے پوچھ کر تم نے یہ حرکت کی ہے مان۔

عدنان سے نے مزے سے ناشتہ کرتے ہوئے مان سے برہم لہجے میں کہا۔

بابا جان شاید سردار کو کوئی فیصلہ کرنے کے لئے کسی کی اجازت درکار نہیں ہوتی آپ بھی سردار رہ چکے ہیں یہ بات آپ زیادہ جانتے ہونگے۔

عدنان صاحب کے کہنے پر مان نے دل جلادینے والی مسکراہٹ سے انکی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

تم جانتے ہو مان لڑکیوں کو اتنا پڑھانے سے وہ باغی ہو جاتی ہیں۔

اگر منیشہ باغی ہوچکی ہے تو اسکا مطلب یہ نہیں ہیکہ پر کوئی آپکی بیٹی کی طرح نکلے۔

پھوپھو کی بات مان کو ناگوار گزری تھی جس پر مان نے ماتھے پر بل ڈالتے ہوئے مصنوعی مسکراہٹ سے کہا۔

میں نے کب کہا میری بیٹی باغی ہو گئی ہے اور ہر بات میں تم میری بیٹی کو بیچ میں کیوں لاتے ہو۔

مان کے کہنے پر پھوپھو سے تیز لہجے میں کہا۔

Posted On Kitab Nagri

پھوپھو شاید آپ بھول چکی ہیکہ سردار سے اونچی آواز میں بات کرنے کی بھی سزا ہوتی ہے۔

مان نے ان ڈائریکٹ انہیں وارن کرتے ہوئے کہا۔

بس بہت ہو گیا تماشا اور یہ روز روز کا تماشہ میں ہرگز گھر میں برداشت نہیں کرونگا ورنہ میں مجبور ہو جاؤنگا کہ گھر میں بھی ایک سردار کی طرح رہوں اور اب سے میں یہی کرنے والا ہوں کیونکہ کچھ لوگوں کو نرم رویے سدھارنے کے بجائے مزید بگاڑ دیتے ہیں۔

مان نے ایک نظر سب کو دیکھتے ہوئے بلند آواز میں کہا اور لمبے لمبے ڈنگ بھرتا وہاں سے نکلتا چلا گیا۔

--------------------

بھائی مجھے جاتے ہوئے کالج چھوڑ دیجئے گا۔

اریشفہ نے ناشتہ کرتے ہوئے عاہد سے کہا۔

کیوں بھئی میں تو نہیں چھوڑونگا جیسے روز جاتی ہو ویسے ہی جاؤ مجھے پہلے ہی دیر ہو رہی ہے یونی کے لئے اگر تجھے چھوڑنے چلا گیا تو اور دیر ہو جائیگی۔

آپ کو پڑھ کر بڑا کوئی آئینسٹائین بننا ہے اور مجھے پتہ ہے کتنے اچھے اسٹوڈینٹ ہے آپ اس لئے کہیں ایسا نہ ہو میں آپکی تعریفوں کے قصیدے پڑھنے شروع کرو مجھے کالج چھوڑ آئیں۔

عاہد کے کہنے پر اریشفہ نے مزے سے ناشتہ کرتے ہوئے کہا جس پر عاہد اسے گھورنے لگا۔

مما دیکھ رہیں ہیں کیسے بدتمیزی کر رہی ہے یہ مجھ سے۔

Posted On Kitab Nagri

عاہد نے کوئی جواب نہ سوجھتے دیکھ نمرہ بیگم کو اریشفہ کی شکایت کی جو کہ دونوں کی لڑائی کو بیزار گی سے سن رہی تھی کیونکہ روز کا یہی معمول تھا دونوں کا۔

خیر میری بیٹی نے کوئی غلط بھی نہیں کہا برخوردار ہاں وہ بات الگ ہے کہ سچ کڑوا ہوتا ہے۔

ابھی منزہ بیگم اریشفہ کو کچھ کہتی کہ عمران صاحب نے اریشفہ کی سائڈ لی۔

بابا آپ تو بس اپنی لاڈلی کی سائیڈ لینا کبھی بھول کر بھی اسے کچھ مت کہئیگا بس مجھے ڈانٹتے رہتے ہیں جیسے میں آپکا سوتیلا بیٹا ہوں۔

عمران صاحب کے کہنے پر عاہد نے براسا منہ بناتے ہوئے شکوہ کیا۔

ہاں تو مما بابا آپکو کچرے کے ڈبے میں سے اٹھا کر لائے تھے۔

چڑیل اب تو میں بلکل بھی نہیں چھوڑنے والا تمہیں کالج میں تو چلا یونی اب تم پیچھے سے پیدل آتی رہنا۔

اریشفہ کے چھیڑنے پر عاہد نے اسے گھورتے ہوئے کہ اور اپنا بیگ اٹھا کر اریشفہ کے سر پر تھپڑ مار کر باہر بھاگ گیا۔

دیکھ رہے ہیں بابا کتنی زور سے مارا ہے بھائی نے مجھے اور اب مجھے کون چھوڑ کر آئیگا کالج۔

اریشفہ نے عمران صاحب سے روہانسی ہو کر عاہد کی شکایت کرتے ہوئے کہا۔

میں ہوں نہ میرا بچہ بابا کی جان کو بابا چھوڑ کر آئینگے جلدی سے ریڈی ہو جاؤ۔

عمران صاحب نے اریشفہ کے سر پر پیار کرتے ہوئے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

بس ابھی دو منٹ میں آئی۔

اریشفہ عمران صاحب سے کہتی اپنے روم میں بھاگی اور پھر اپنا سامان لیکر اور نقاب لگا کر عمران صاحب کے ساتھ چلی گئی جبکہ پیچھے منزہ بیگم آیت الکرسی پڑھ پر اپنے شوہر اور بچوں پر دم کرنے لگی۔

--------------

مان بیٹا میں آجاؤ اگر آپ فری ہو تو۔

شگفتہ بیگم نے اسٹڈی روم کے دروازے پر دستک دیکر مان سے پوچھا جو کہ کسی فائل پر کام کر رہا تھا۔

ارے چچی جان آئیں وہاں کیوں کھڑی ہے میں فری ہو۔

شگفتہ بیگم کے کہنے پر مان نے احتراماً کھڑے ہو کر عاجز لہجے میں کہا جس پر شگفتہ بیگم صوفے پر جا کر بیٹھ گئیں۔

مان میں چاہتی ہوں کہ عائزہ کو اپنی بیٹی بنالوں۔

شگفتہ بیگم نے ڈھکے چھپے الفاظ میں مان سے اپنے مطلب کی بات کہی۔

چچی دونوں آپکی ہی بیٹیاں ہیں۔

مان شگفتہ بیگم کی بات سمجھ چکا تھا لیکن پھر بھی انجان بنتے ہوئے کہنے لگا۔

نہیں مان تم میری بات نہیں سمجھے میں عائزہ کا رشتہ مانگنا چاہتی ہو مغیرہ کے لئے۔

مان کو نا سمجھتے دیکھ شگفتہ بیگم نے کھل کر کہا۔

Posted On Kitab Nagri

ٹھیک ہے مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے میں مما سے بات کرتا ہوں اگر انہیں مناسب لگا تو انشاءاللہ آج ہی یہ کام سر انجام دینگے کیونکہ اب ہم انتظار نہیں کر سکتے۔

شگفتہ بیگم کے کہنے پر مان نے کچھ دیر سوچنے کے بعد انہیں جواب دیا۔

میں بھابھی سے بات کر چکی ہوں بھابھی نے کہا جو مان چاہئے گا وہی ہو گا اس لئے میں تم سے بات کرو اور جب سب راضی ہیں تو مجھے نہیں لگتا ہمیں دیر کرنی چاہئے۔

جی آپ ٹھیک کہہ رہی ہیں چچی لیکن کیا مغیری راضی ہے اس رشتے کے لئے۔

مان نے شگفتہ بیگم کی بات سے متفق ہوتے ہوئے مغیرہ کے بارے میں پوچھا حالانکہ مان جانتا تھا لیکن پھر بھی اس نے پوچھنا لازمی سمجھا۔

ہاں وہ راضی ہے بلکہ مغیرہ نے ہی مجھے عائزہ کے بارے میں کہا ہے۔

ٹھیک ہے میں مغیرہ سے بات کرتا ہوں آج شام ہی یہ کام سرانجام دینگے لیکن کسی کو پتہ نہیں لگنا چاہئے

۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شگفتہ بیگم کے کہنے پر مان نے تنبیہہ کرتے ہوئے کہا۔

ٹھیک ہے جیسے تمہاری مرضی جو تم کو بہتر لگے بس اب عائزہ میری بہو ہے چلتی ہو اب اپنا کم کرو۔

شگفتہ بیگم نے مان سے دو ٹوک کہا اور وہاں سے چلی گئی کیونکہ اب وہ مغیرہ کو خوشخبری سنانے کا ارادہ رکھتی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

--------------

مغیرہ تو روبیشہ اور عائزہ کو لیکر نکل میں تیری بھابھی کو لیکر آتا ہوں۔

مان نے مغیرہ سے نکاح کے متعلق بات کرلی تھی جس پر مغیرہ نے اپنی پسندیدگی کا اظہار بھی کیا تھا اور اب وہ سب شاپنگ کے بہانے باہر جارہے تھے مان آج ہی ان دونوں کا نکاح کرانے کا ارادہ رکھتا تھا تاکہ عدنان صاحب کچھ نہ کر سکیں۔

مان کے کہنے پر مغیرہ سر اثبات میں ہلاتا روبیشہ اور عائزہ کو اپنے پیچھے آنے کا اشارہ کرتا باہر نکل گیا تو وہ دونوں بھی اسکے پیچھے چلی گئی۔

کیا ہو گیا یار حیات اتنی دیر کر رہی ہو۔

مان نے کمرے میں داخل ہوتے شیشے کے سامنے کھڑے ہو کر اسکارف باندھتی ازدیان سے کہا۔

مان وہ بس مغرب کی اذان ہو گئی تھی تو اس لئے نماز پڑھنے لگ گئی تھی ورنہ قضاء ہو جاتی۔

Posted On Kitab Nagri

مان کے کہنے پر ازدیان نے اسے دیر کرنے کی وجہ بتائی اور اسکے سامنے آکر اسے چلنے کا اشارہ کیا اور پھر وہ دونوں بھی پورچ کی بڑھ گئے جبکہ مان پہلے ہی شگفتہ بیگم اور مافیہ بیگم کو تنبیہہ کر چکا تھا کہ وہ ایک دوسرے سے بھی اس بات کا ذکر نہیں کرینگی۔

-----------------

اسلام علیکم ماموں جان کیا حال ہے۔

مان نے عمران صاحب کے فون اٹھاتے ہی سلام کیا۔

وعلیکم سلام ماموں کے جگر آج کیسے یاد کر لیا ہم غریب لوگوں کو۔

میں نے سوچا میرے ماموں میری شادی میں نہیں آئے جرگے میں نہیں آئے انھوں تو مجھے یاد کیا ہی نہیں شاید انکا خون سفید ہو گیا ہے پاکستان میں رہ کر بھی کیونکہ میں نے تو سنا تھا کہ باہر جا کر لوگ بدل جاتے ہیں لیکن یہاں تو الٹ ہے سب اس لئے میں نے سوچا ذرا آپکو یاد کروادوں کہ ہم بھی آپ کے کچھ لگتے ہیں۔

عمران صاحب کے کہنے پر مان نے طنز کے تیر برسائے۔

ابے او بریک پر پاؤر کھ مطلب کی بات کر کس لئے تو نے مجھے یاد کیا۔

عمران صاحب نے مان کے طنز کے تیر برساتی زبان کو بریک لگاتے ہوئے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

ارے یار ماموں ذرا مغیرہ کے شہر والے گھر تو پہنچیں جو دادا نے اسکے نام کیا تھا اور وہاں ڈنر آپکے گھر ہے ہم سب کا۔

عمران صاحب کی بات پر مان نے کام کی بات کی۔

تو مجھے یہ بتا میں نے تجھے کب ڈنر پر انوائیٹ کیا جو تو یہاں ٹھونسنے کا پلان بنا رہا ہے۔

ٹھیک ہے پھر میں منزہ ممانی سے کہتا ہوں پھوپھا جی غریب ہو گئے تو ہمیں ایک وقت کا کھانا نہیں کھلا سکتے۔

عمران صاحب کے طنزیہ کہنے مان نے انہیں بلیک میل کرتے ہوئے کہا۔

مان تو بڑا کمینہ ہے میں نے ہزار دفعہ کہا ہے پھوپھا جی مت کہا کر لیکن تو بعض نہیں آتا اور تو جب بھی آتا ہے ہم دونوں کی لڑائی کروا کر جاتا ہے ٹھونس لینا یہیں بول دونگا میں منزہ کو ڈنر تیار کر لیں مجھے پتہ ایسے تو نے جان نہیں چھوڑنی اور یہ بتا وہاں کیوں جانا ہے۔

عمران صاحب نے مان کی ٹھیک ٹھاک عزت افزائی کرنے کے بعد پوچھا۔

یار آپکی بھانجی کا نکاح کروانا ہے آپکے بھانجے صاحب سے۔

کیا مطلب ہے مان چھپ کر نکاح کیوں؟

مان کے بتانے پر عمران صاحب نے سنجیدگی سے پوچھا جس پر مان نے ساری بات انکے گوش و گزار کر دی۔

Posted On Kitab Nagri

پھر تو مان یہ بھی ہو سکتا ہیکہ جب اسکو پتہ چلیگا کہ عائزہ کا نکاح ہو چکا ہے تو وہ رویشہ کا نکاح کروا دیگا۔

عمران صاحب نے مان کی ساری بات سننے کے بعد کچھ دیر سوچ کر کہا۔

ہاں کہہ تو آپ ٹھیک رہے ہیں لیکن میں کیا کر سکتا ہوں اب خود ہی تو اپنی بہنوں کو کسی کے سر نہیں تھوپ سکتا نا اس لئے عائزہ کا نکاح ہو جائیگا تو میں اسکی طرف سے فکر مند نہیں ہو نگا باقی دیکھتے ہیں جو اللہ کو منظور۔

عمران صاحب کے پوچھنے پر مان نے اداسی سے کہا۔

مان میں رویشہ کو اپنی بیٹی بنانا چاہتا ہوں کیونکہ میں نہیں چاہتا وہ بے حس انسان میری پھول سے بھانجیوں کو اپنے بزنس کی خاطر استعمال کرے یہ تم بھی جانتے ہو اور میں بھی کہ اس رشتے کہ پیچھے بھی عدنان کا اپنا کوئی مفاد ہو گا میرے بیٹے عاہد کو تم اچھی طرح جانتے ہو اس سے پہلے کہ عدنان انہیں غلط ہاتھوں میں سونپے تم رویشہ کو میری بیٹی بنا دو۔

ٹھیک ہے ماموں مجھے ہوئی اعتراض نہیں ہے لیکن اگر عاہد راضی نہیں ہوا تو اس پر کسی قسم کی زبردستی نہیں کرینگے اور اب میں بھی پہنچنے والا ہوں اس لئے آپ بھی عاہد کو لیکر پہنچیں۔

عمران صاحب کی بات پر مان نے ہامی بھرتے ہوئے ساتھ وارن کیا اور فون بند کر دیا۔

---------------

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

مجھے آپ سب سے ضروری بات کرنی ہے خاص کر عاھد سے۔

Posted On Kitab Nagri

عمران صاحب نے لاؤنج میں آکر ایک نظر سب کو دیکھتے ہوئے کہا جہاں عاہد اور اریشفہ لاؤنج میں بیٹھے باتیں کم لڑ زیادہ رہے تھے جبکہ منزہ بیگم انکی لڑائی سے تنگ آکر سر پکڑے بیٹھی تھی جو کہ چپ ہونے کا نام ہی نہیں لے رہے تھے عمران صاحب کے سنجیدگی سے کہنے پر انکی طرف متوجہ ہوئے۔

عمران خیریت تو ہے آپ پریشان لگ رہے ہیں۔

منزہ بیگم نے عمران صاحب کو دیکھتے ہوئے فکرمندی سے پوچھا۔

منزہ میں نے ایک فیصلہ لیا ہے اور مجھے امید ہے میرے بیوی بچے مجھے سمجھنے کی کوشش کرینگے اور میرے اس عمل میں میرا ساتھ دینگے۔

عمران صاحب نے تمہید باندھتے ہوئے کہا۔

بابا آپ کھل کر کہیں اور نہ ہم نے آج سے پہلے آپ کی خلاف ورزی کی ہے اور نہ ہی اب کرینگے۔

عاہد نے عمران صاحب کو دیکھتے ہوئے سنجیدگی سے کہا۔

عاہد آپکا نکاح ہے آج اور ابھی روبیشہ سے کیا آپ رکھوگے اپنے باپ کا مان؟

www.kitabnagri.com

عمران صاحب اپنی بات کہہ کر عاہد کے جواب کے منتظر تھے۔

بابا جیسے آپکی مرضی مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔

عاہد عمران صاحب کے کہنے پر پہلے تو حیران ہوا اور پھر اپنے باپ کا مان رکھتے ہوئے رضامندی دے دی۔

Posted On Kitab Nagri

صرف نکاح ہی نہیں کرنا اسے بیوی والی عزت مقام اور محبت بھی دینی ہے۔

عاہد کے رضامندی دینے پر عمران صاحب جیسے اسے یاد دلاتے ہوئے کہا۔

بابا آپ بے فکر رہیں آپکو شکایت کا موقعہ نہیں ملیگا۔

مجھے فخر ہے عاہد کہ تم میرے بیٹے ہو۔

عمران صاحب نے عاہد کا ماتھا چومتے ہوئے پیار سے کہا۔

ہاں میں تو کچھ بھی نہیں ہونہ میں تو کسی کو نظر ہی نہیں آتی۔

اریشفہ کو جب دونوں باپ بیٹے کے پیار برداشت نہ ہوا تو فوراً بول پڑی۔

ارے میری شہزادی آپ تو اپنے بابا کی جان ہو۔

اریشفہ کے ناراضگی سے کہنے پر عمران صاحب نے اسکا بھی ماتھا چومتے ہوئے کہا۔

عمران اگر آپکا بچوں سے لاڈ پورا ہو گیا ہو تو میری بات بھی سن لیں۔

جی بیگم بولیں۔۔۔۔ منزہ بیگم کے غصے سے کہنے پر عمران صاحب انکی طرف متوجہ ہوئے۔

عمران میں آپ کو کسی چیز کے لئے منع نہیں کر رہی لیکن کم از کم وجہ تو بتائیں مجھے کہ یہ سب اتنی اچانک خیریت تو ہے۔

منزہ بیگم نے عمران صاحب سے پریشانی سے پوچھا تو عمران صاحب نے اپنی اور ماں کی ساری گفتگو انکے گوش وگزار کر دی اور یہ بھی بتا دیا کہ وہ سب ڈنر یہاں کرینگے۔

Posted On Kitab Nagri

اف اللہ ایسے بھی باپ ہوتے ہیں ایک دفعہ آجائے میری بھابھی پھر دیکھئیے گا بابا ہم دونوں کیسے بھائی کا ریکارڈ لگاتے ہیں۔

عمران صاحب کی بات سن کر اریشفہ نے افسوس سے اور پھر آخر میں عاہد کو دیکھ کر شرارت سے کہا۔

اچھا بیگم اب ہمیں چلنا ہے وہاں سب انتظار کر رہے ہونگے۔

عمران صاحب نے منزہ بیگم سے کہا اور عاہد بھی اپنی ماں سے دعائیں لیتا اور اریشفہ کے سر پیار کرتا اپنے بابا کے ساتھ چلا گیا جہاں آج اسکی زنگی کا نیا باب کھلنا تھا۔

---------------------

گڑیا آج میں نے آپ دونوں کے لئے ایک فیصلہ کیا ہے اور مجھے امید ہے میری شہزادیاں مجھے مایوس نہیں کرینگی۔

مان ازدیان کو لیکر مغیرہ کے گھر پہنچ چکا تھا اور اس نے علمان اور ندیم صاحب (علمان کے والد) کو بھی بلایا تھا گواہ کے طور پر اور اب وہ ان دونوں سے بات کرنے کے غرض سے روم میں آیا تھا جہاں وہ دونوں اور ازدیان بیٹھی تھی ازدیان سب جانتی تھی مان نے ازدیان سے کہا تھا کہ وہ عائزہ اور رویشہ سے بات کرے جس پر ازدیان نے صاف انکار کر دیا تھا یہ کہتے ہوئے کہ آپ انکے بھائی ہو آپکا زیادہ حق ہے اس لئے آپ خود بات کرو اور مان ان دونوں سے بات کرنے آیا تھا کیونکہ نکاح کی ساری

Posted On Kitab Nagri

تیاریاں ہو چکی تھی اور جن جن کو بلایا گیا تھا سب پہنچ چکے تھے جبکہ عمران صاحب اور عاہد پہنچنے والے تھے۔

بھائی آپ حکم کریں ہم کبھی بھی اپنے بھائی کا مان نہیں توڑینگے۔

مان کے کہنے پر رویشہ نے جذباتی ہوتے ہوئے کہا جس پر عائزہ نے اسکی ہاں میں ہاں ملائی۔

ابھی آپ دونوں کا نکاح ہے عائزہ کا مغیرہ کے ساتھ اور رویشہ کا عمران ماموں کے بیٹے عاہد کے ساتھ۔

میں جانتا ہوں آپ دونوں کے لئے اتنی جلدی یہ سب آسان نہیں ہے لیکن میں اپنی بہنوں کو ہر کسی کو نہیں سونپ سکتا اور نہ ہی کسی کو آپ دونوں کا استعمال کرنے دونگا اس لئے مجھے یہ فیصلہ اچانک لینا پڑا۔

مان نے منتظر نظروں سے دونوں کو دیکھتے ہوئے اپنی صفائی دی۔

بھائی ہم جانتے ہیں آپ نے یہ فیصلہ ہم دونوں کی بھلائی کے لئے لیا ہے اور مجھے اپنے بھائی کے کسی فیصلے سے اعتراض نہیں ہے میں راضی ہوں۔

مجھے بھی کوئی اعتراض نہیں میں بھی راضی ہوں۔

عائزہ اور رویشہ دونوں نے مان کو اپنی رضامندی دی جس پر مان نے انہیں گلے لگا کر پیار کیا اور ڈھیروں دعاؤں سے نوازہ۔

Posted On Kitab Nagri

اور پھر تھوڑی دیر میں عائزہ عائزہ عدنان سے عائزہ مغیرہ اور رویشہ رویشہ عدنان سے رویشہ عاہد بن کر عاہد کے سنگ چلی گئی جبکہ عائزہ اور مغیرہ کو ابھی یہی رکنا تھا لیکن ابھی وہ سب عمران صاحب کے گھر ڈنر کرنے کے لئے چل دیے۔

ماما بھیا بھابھی اور بابا لوگ آ گئے۔

اریشفہ پورچ میں رکتی گاڑیوں کی آواز سن کر بھاگتی ہوئی منزہ بیگم کے پاس آئی جو کہ کیچن میں ملازمہ کو کچھ ہدایت دے رہی تھی۔

حد ہو گئی اریشفہ آپ نے تو ڈرا دیا مجھے اتنی تیز چیختے ہیں۔

منزہ بیگم نے اریشفہ کے چیخنے پر اسے گھورتے ہوئے ڈانٹا۔

یار مما بعد میں ڈانٹنا ڈانٹنے کے لیے ساری زندگی پڑی ہے ابھی بھابھی کا استقبال کرنے چلیں۔

اریشفہ نے منزہ بیگم کی ڈانٹ کو کسی خاطر میں نہ لاتے ہوئے کہا اور انہیں کھینچتے ہوئے داخلی دروازے کی طرف لے گئی۔

جہاں عمران صاحب کے حصار میں نروس سی رویشہ اور انکے پیچھے ہی عاہد گھر میں داخل ہوا۔

ماشاءاللہ میری بیٹی تو بہت پیاری ہو گئی میں نے تو بہت پہلے دیکھا تھا جب آپ بہت چھوٹی تھی اب تو آپ بہت پیاری ہو گئیں۔

منزہ بیگم نے رویشہ کو نروس ہوتا دیکھ اسکے سر پر پیار کرتے ہوئے ہلکے پھلکے انداز میں کہا۔

Posted On Kitab Nagri

یار مما مجھے بھی اپنا تعارف کروانے دیں آفٹر آل میری اکلوتی بھابھی ہیں کیوں بھائی کہیں دوسری کرنے کا ارادہ تو نہیں۔

اریشفہ نے منزہ بیگم سے کہتے ہوئے آخر میں عاہد کو شرارت سے آنکھ مارتے ہوئے کہا جس پر عاہد نے اسے ایک نظر گھوری سے نوازہ۔

واہ بھی واہ قسم سے آپ کے قدم بہت شُب ثابت ہوئے ہیں میرے لئے تو میرے بھائی گونگے ہو گئے لیکن آنکھیں بہت کچھ بولنا سیکھ گئیں۔

اریشفہ پھر سے شرارت کرنے سے باز نہیں آئی۔

بیٹا اپنی بھابھی کو اندر تو آنے دو یا یہیں کھڑے رکھو گی۔

عمران صاحب نے اریشفہ کو پیار سے کہا جبکہ منزہ بیگم بس اسکو گھور کر رہ گئیں جس کو وہ کسی خاطر میں نہیں لا رہی تھی۔

جی جی آئیں آئیں ہم تو کب سے آپکے انتظار میں پلکیں بچھائیں بیٹھیں ہیں لیکن بھائی صرف بھابھی کے لئے کیونکہ وہ کہاوت ہے نہ کہ گھر کی مرغی دال برابر آپکا بھی وہ والا حساب ہے۔

اریشفہ کے شرارت سے کہنے پر عمران صاحب کے ساتھ پیچھے سے آتے ماں اور مغیرہ کا بھی قہقہہ گونجا جبکہ عاہد اپنی نئی بیگم اور نئے بنے سسرالیوں کے سامنے اپنی اتنی عزت افزائی ہوتا دیکھ بس کُڑ کر رہ گیا اب اس چڑیل کو کچھ بول بھی نہیں سکتا وہ پھر اسکا ریکارڈ لگانا شروع ہو جاتی۔

Posted On Kitab Nagri

ماما مما کہیں میں اندھی تو نہیں ہو گئی یا پھر مجھے زیادہ دکھنے لگا ہے۔

کیوں کیا ہوا ہے اب تمہیں؟

اریشفہ کے ڈرامائی انداز میں کہنے پر عاہد نے افسوس سے سر نفی میں ہلاتے ہوئے پوچھا جیسے کہہ رہا ہو کہ اسکا کچھ نہیں ہو سکتا۔

یار بھیا مجھے مان بھیا مغیرہ بھیا کے جن کے ساتھ ان کی پریاں بھی نظر آرہی ہیں۔

شہزادی ہم سچ میں ہیں آپکا وہم نہیں ہے۔

اریشفہ کے کہنے مان نے پیار سے اسے جواب دیا۔

مان بھیا سچ سچ بتائیں اب کس بات پر لڑائی کروانے آئے ہیں مما بابا کی۔

نہیں گڑیا ایسی بات نہیں ہے میں بس پھوپھ۔۔۔میرا مطلب آپکی بھابھی کو اپنے گڑیا سے ملوانے لایا تھا آپ تو شادی پر آئی ہی نہیں۔

مان نے صوفے پر بیٹھتے ہوئے کہتے ساتھ عمران صاحب کی گھوری دیکھتے بات بدل گیا جو کہ کچا چبا جانے والی نظروں سے اسے ہی دیکھ رہے تھے وہ سب باتیں کرتے ہوئے اندر آچکے تھے جبکہ منزہ بیگم ملازمہ کو جوس کا کہنے کچن میں گئیں تھی کیونکہ اریشفہ میڈم کو باتوں سے فرست نہیں تھی۔

یار مان بھیا مت ہی پوچھیں آپ نے تو میدان میں آتے ہی چھکّے مارے ہیں ویسے مان بھیا آپس کی بات ہے یار آپ جیسے ضدی اور بوڑھے انسان کو اپنی اتنی پیاری اور چھوٹی سی لڑکی دے کس نے دی۔

Posted On Kitab Nagri

اریشفہ کی بات پر لاؤنج بیٹھے سب افراد کے قہقہے بلند ہوئے جبکہ ماں کا اپنی اتنی عزت افزائی پر منہ کھل گیا۔

اریشفہ بری بات ایسے نہیں کہتے۔

منزہ بیگم جو کے کچن سے آتی اریشفہ کی بات سن چکی تھی اسے گھورتے ہوئے ڈانٹنے لگی۔

یار مما مجھے بس ایک بات سمجھ نہیں آرہی کہ آج کل خوبصورت لڑکیوں کی قحط سالی کے دور میں ماں بھیا کو اتنی پیاری لڑکی مل کہاں سے گئی چلیں مغیرہ بھیا کی تو سمجھ آتی ہے کہ گھر میں تھی تو انہوں نے سوچا کیوں نہ گھر میں ہی رکھ لی جائے اور عاہد بھی کو تو فری میں بیٹھے بٹھائے مل گئی لیکن ماں بھیا کو کہاں سے مل گئی۔

اریشفہ بس کرو چپ کر جاؤ۔

منزہ بیگم نے اب کی بار تھوڑی تیز آواز میں کہا جس پر اریشفہ نے منہ بسورتے ہوئے منہ پر انگلی رکھ لی

۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ممانی نہیں ڈانٹے اریشفہ تو بہت پیاری ہیں آپ میرے سامنے تو بلکل بھی نہ ڈانٹیں۔

منزہ بیگم کے ڈانٹنے پر ازدیان نے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

دیکھا دیکھا یہ ہوتی ہے محبت بھابھی دیکھ رہی ہیں یہاں پر سب میرے اپنے بیٹھے تھے لیکن مجال ہو جو کسی نے میری حمایت کی ہو لیکن آپ تُسی گریٹ ہو یار بھابھی جی اب میں سب سے ناراض ہوں صرف آپ سے باتیں کرونگی میں بس۔

ازدیان کے بولنے پر ایک دفعہ پھر اریشفہ کی زبان نے رفتار پکڑی اور وہ ازدیان کے برابر میں جاکر بیٹھ گئی۔

میم صاحب کھانا لگادیا ہے ٹیبل پر۔

ابھی انکی اور بحث ہوتی کہ ملازمہ نے آکر منزہ بیگم کو اطلاع دی اور پھر وہ سب کھانے کھانے کے لئے ڈائننگ ہال کی طرف چل دیے۔

-------------------

اٹینشن پلیز ایک گیم کھیلتے ہیں ازدیان بھابھی سب سے تین تین سوالات کرینگی اور جس نے صحیح جواب دیا وہ کچھ نہ کچھ سنائیگا۔

کھانا کھانے کے بعد سب لان میں بیٹھے چائے کافی سے لطف اندوز ہورہے تھے کہ اریشفہ نے سب کو اپنی طرف متوجہ کرتے ہوئے کہا۔

ٹھیک ہے لیکن کس طرح کے سوالات؟

مغیرہ نے اریشفہ کے بات پر ہامی بھرتے ساتھ پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

دیکھیں اپن گیم کھیل رہے ہیں اور سوال مجھے پوچھنے ہیں تو میں اپنی مرضی سے پوچھونگی یوں سمجھ لیں آج سب کا ٹیسٹ ہو گا۔

مغیرہ کے کہنے پر اریشفہ کی جگہ ازدیان نے جواب دیا۔

ٹھیک ہے بھئی ہم بھی تیار ہیں ٹیسٹ دینے کے لئے لیٹس اسٹارٹ دی گیم۔

ازدیان کی بات پر مان نے ہامی بھرتے ہوئے کہا۔

چلیں پھر مان آپ سے ہی اسٹارٹ کرتے ہیں سو میرا پہلا سوال ہیکہ۔

حضرت عائشہ کو ان پر بھتان لگنے کی خبر کس نے دی تھی؟

(1 اُمِّ جمیل 2) اُمِّ مسطح 3) اُمِّ سلمہ۔

(2 ازدیان نے مان سے سوال کرنے کے ساتھ آپشنز بھی دیے تاکہ اسے بتانے میں آسانی ہو۔

میرے خیال سے اُمِّ سلمہ۔۔۔مان نے تھوڑا سوچتے ہوئے جواب دیا۔

غلط اُمِّ مسطح تھی۔۔۔۔اچھا اب دوسرا سوال۔

www.kitabnagri.com

آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو کس نے کیا تھا۔

(1 یہودی 2) عیسائی 3) مشرک۔

ازدیان نے دوسرا سوال مان سے پوچھا جبکہ سب خاموشی سے دونوں کو سن رہے تھے۔

شاید مشرک۔۔۔مان نے پھر سے کچھ دیر سوچ کر جواب دیا۔

Posted On Kitab Nagri

غلط یہودی تھا اور اس شخص کا نام لبید بن اعصم تھا اور بعض میں ہیکہ اسکی بہنوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بال مبارک اور کنگھی ایک نر کھجور کے خوشے کے غلاف میں رکھ کر ذروان نامی کنویں کی تہ میں ایک پتھر کے نیچے دبا دیے۔(تفسیر سورۃ الفلق(

ازدیان نے سب کو صحیح جواب بتانے کے ساتھ مختصر سا واقع بھی بتایا۔

اب تیسرا اور آخری سوال یہ ہیکہ۔

سورۃ الاخلاص کا سببِ نزول کیا تھا؟

(1 اللہ تعالیٰ کا حسب نسب بیان کرنا۔

(2 مشرکین کے سوال کا جواب دینا۔

(3 یا ان میں سے کوئی بھی نہیں۔

ان میں سے کوئی بھی نہیں۔۔۔۔مان پھر سے پر سوچ انداز میں جواب دیکر ازدیان کی طرف اس امید سے دیکھا کہ شاید اسکا جواب درست ہو۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

غلط۔۔۔اللہ تعالیٰ کا حسب نسب بیان کرنا۔

ترمذی اور مسندِ امام احمد میں مختلف صحابہ سے روایات ہیکہ مشرکینِ قریش نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے کہا کہ ہمیں اپنے رب کا نسب بتایئے جس پر یہ سورۃ یعنی سورۃ الاخلاص نازل ہوئی اور ابنِ

Posted On Kitab Nagri

عباس وانس بن مالک رضہ وغیرہ سے روایات ہیکہ اس طرح کا سوال یہود وانصاری نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا تھا۔

خیر اب باری ہے مغیرہ بھائی کی آپ کا پہلا سوال ہیکہ۔۔۔۔

سورۃ العصر میں اللہ تعالیٰ نے کس چیز کی قسم اٹھائی ہے۔

(1زمانے کی 2)انسان کی 3)جنات کی۔

(2ازدیان نے اب اپنا رُخ مغیرہ کی طرف کرتے ہوئے پوچھا جبکہ سب دلچسپ نظروں سے ازدیان کو دیکھ رہے تھے۔

انسان کی شاید۔۔۔ مغیرہ نے ڈرتے ڈرتے جواب دیا۔

غلط زمانے کی قسم اٹھا کر کہا ہیکہ بیشک انسان بڑے خسارے میں ہے اور اب سوال نمبر دو آسان ہے سوچ کر جواب دیجئے گا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے کونسے چچا نے بددعا دی تھی؟

(1ابوجہل 2)ابوطالب 3)ابولہب۔

شاید ابوجہل۔۔۔ مغیرہ نے پھر سے پرسوچ انداز میں جواب دیا۔

غلط ابولہب نے۔

Posted On Kitab Nagri

بخار و مسلم کی روایات میں ہیکہ جب آپ کو دعوتِ عام دینے کا حکم دیا گیا تو آپ نے صفا پہاڑی پر چڑھ کر (وَاصَبَاحَاہ) ہائے صبح کی آفت) کی آواز لگائی جو کسی بڑے پیش آنے والے خطرے کی آواز تھی یہ سن کر قریش کے تمام خاندان آپ کی طرف دوڑے جب سبھی جمع ہو گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر میں تمہیں یہ بتاؤں کہ پہاڑ کے پیچھے ایک لشکر تم پر حملہ کرنے کو تیار ہے تو تم میری بات سچ مانو گے؟ لوگوں نے کہا: ہاں ہمیں کبھی تم سے جھوٹ سننے کا تجربہ نہیں ہوا تو اس پر آہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے فرمایا: میں تمہیں خبر دار کرتا ہوں کہ آگے سخت عذاب آرہا ہے جس پر ابو لہب نے کہا: (تَبالَکَ اَلِھذَا اجمَعتَنَا؟) تیرے لئے ہلاکت ہو تو برباد ہو تیر استیاناس ہو (الگ الگ تفاسیر میں ان الفاظ کے الگ الگ ترجمہ دیے گئے ہیں) کیا تو نے ہمیں اس لئے جمع کیا تھا)۔

ازدیان نے مغیرہ کو صحیح جواب بتانے کے ساتھ پورا واقع بتایا۔

اچھا اب تیسر ا اور آخری سوال۔

حضرت عائشہ رضہ پر کس صحابی کے نام کی تہمّت لگائی گئ تھی؟

(1 سیدنا صفوان رضہ 2) سیدنا زبیر رضہ 3) سیدنا حضیر رضہ۔

سیدنا صفوان۔۔۔ ازدیان کے سوال کرنے پر مغیرہ کے جھٹ سے جواب دیا۔

جی بلکل یہ جواب صحیح ہے آپکا۔

اب ہم سوال کرینگے عاہد بھائی سے تو آپکا پہلا سول ہیکہ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دو بیٹیاں کلثوم اور رقیہ کی شادی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے کونسے چچا کے بیٹے سے ہوئی تھی۔

(1 ابو لہب 2) ابو جہل 3) ابو طالب۔

ابو جہل۔۔۔۔عاہد نے ازدیان کے سوال پر تکّہ لگایا۔

غلط ابو لہب۔۔۔ازدیان نے اسے صحیح جواب سے آگاہ کیا۔

اب دوسرا سوال یہ ہیکہ۔۔۔

وہ کون عورت تھی جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے دروازے پر کانٹے پھینکا کرتی تھی۔

(1 اُمِّ جمیل 2) اُمِّ مسطح 3) اُمِّ حفصہ۔

شاید اُمِّ جمیل۔۔۔۔عاہد نے پھر تکّہ لگایا۔

جی آپکا جواب درست ہے اب آتے ہیں تیسرے سوال کی طرف۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے ابو لہب کے کونسے بیٹے کو بددعا دی تھی؟

(1 عتبہ 2) عتیبہ 3) ان میں سے کوئی نہیں۔

شاید عتبہ۔۔۔عاہد نے پر سوچ انداز میں جواب دیا۔

غلط عتیبہ کو دی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

نبوت سے قبل آپ کی دو بیٹیوں: رقیہ اور کلثوم کی شادی ابو لہب کے دو بیٹوں عتبہ اور عتیبہ سے طے ہو چکی تھی جب آپ دعوت لیکر اٹھے تو ابو لہب نے کہا کہ میرے لئے تم سے ملنا اس وقت تک حرام ہے جب تک محمد کی بیٹیوں کو طلاق نہ دو چنانچہ انہوں نے آپکی دونوں بیٹیوں کو طلاق دے دی بلکہ عتیبہ تو جہالت میں اس قدر بڑھا کہ اس نے آپ کے منہ مبارک پر تھوک دیا جو آپ پر نہیں پڑا اور آپ کی بد عا کہ وجہ سے سفر شام کے دوران اسے شیر نے پھاڑ کھایا۔(تفسیر سورۃ اللھب)۔

اب آتے ہیں ہم روبیشہ آپی کی طرف تو آپکا پہلا سوال ہیکہ۔۔۔

ریاکاری کیا ہے؟

(1شرکِ اصغر (چھوٹا شرک)2)شرکِ اکبر (بڑا شرک)3) تکبر۔

شرکِ اصغر۔۔۔۔ازدیان کے پوچھنے پر روبیشہ نے جھک کر جواب دیا۔

ہہم درست ہے آپکا جواب اب آتے ہیں دوسرے سوال کی طرف۔۔۔

کافر کے کیا معنٰی ہیں؟

(1شرک کرنیوالا2)حسد کرنے والا3)انکار کرنے والا۔

انکار کرنیوالا یعنی اللہ کی آیات اور اس کی شریعت اور قرآن وحدیث کا انکار کرنیوالا۔

ازدیان کے پوچھنے پر روبیشہ نے تفصیل سے جواب دیا۔

بلکل صحیح جواب اب آتے ہیں تیسرے سوال کی طرف۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا ہیں؟

(1نور2)بشر3)مخلوق۔

شاید نور۔۔۔روبیشہ نے سوچ کر جواب دیا۔

نہیں غلط آپ صلی علیہ وآلہ وسلّم بھی بشر ہیں جسکے متعلق اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہیکہ ہم نے تمام امت میں نبی بھیجے جو انہیں میں سے ہیں یعنی وہ بھی انسانوں میں سے ہی ہیں اور انسان ہی ہیں۔(القرآن)۔

ازدیان نے دلیل کے ساتھ سب کو درست جواب بتایا۔

اب باری ہے ماموں جان آپکی ازدیان نے عمران صاحب کی طرف اپنا رخ کر کے کہا۔۔۔۔تو آپکا پہلا سول ہیکہ۔

کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے بلی اور اسکے جھوٹے کو پاک قرار دیا ہے۔

(1 ہاں یا نا۔۔۔

نہیں۔۔۔شاید جائز نہیں ہے عمران صاحب نے پر سوچ انداز میں جواب دیا۔

غلط بلی اور اسکا جھوٹا جائز ہے ابو داؤد کی ایک حدیث میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے بلی اور اسکے جھوٹے کو پاک قرار دیا ہے۔

سجدہ میں جاتے ہوئے زمین پر پہلے کیا رکھیں؟

Posted On Kitab Nagri

(1 ہاتھ2)پاؤں3)گھٹنے۔

گھٹنے---۔ نہیں غلط ہاتھ۔

ابن ابی داؤد کی حدیث نمبر 840 میں ہیکہ سجدہ میں جاتے ہوئے زمین پر پہلے ہاتھ رکھیں پھر گھٹنے رکھیں۔

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri
whatsapp _ 0335 7500595

ازدیان نے صحیح جواب بتانے کے ساتھ حدیث سنائی۔

سلام کے بعد تکبیر کیسے پڑھنی چاہئے؟

(1 دھیمی آواز سے 2)بلند آواز سے 3) چیخ کر۔

بلند آواز سے۔۔۔ہمم صحیح جواب۔

صحیح مسلم کی حدیث نمبر 591 میں ہیکہ سلام کے بعد بلند آواز سے تکبیر کہیں پھر تین دفعہ استغفرُللہ کہیں۔

ازدیان نے انکو حدیث سنائی۔

اب باری ہے عائزہ آپی کی تو آپکا پہلا سوال ہیکہ۔۔۔

وہ کونسے سے صحابی تھے جنہیں لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا بیٹا کہہ کر پکارنے لگے تھے۔

(1 زید بن حارث 2) مسطح بن اثاثہ 3)ان میں سے کوئی نہیں۔

زید بن حارث۔۔۔ازدیان کے پوچھنے پر عائزہ نے پرجوش آواز میں جواب دیا۔

ہمم بلکل درست زید بن حارث ہی تھے اب دوسرا سوال ہے کہ۔۔۔

وہ کونسی سورت ہے جسے قرآن پاک کا خلاصہ کہا گیا ہے؟

Posted On Kitab Nagri

(1 سورۃ البقرہ 2)سورۃ الفاتحہ 3)سورۃ ال عمران۔

سورۃ الفاتحہ۔۔۔ہمم صحیح ہے اور اب تیسرا اور خری سوال۔

وہ کونسی آیت ہے جسے سورۃ الفاتحہ کا خلاصہ کہا گیا ہے؟

(1 آیت نمبر 3۔2)آیت نمبر 4۔3)آیت نمبر 2۔

شاید آیت نمبر 3۔۔۔۔نہیں غلط جواب آیت نمبر 4 کو کہا گیا ہے۔

اب باری ہے ممانی جان کی تو آپ کا پہلا سوال ہیکہ۔۔۔۔

ہدایت کی کتنی قسمیں ہیں؟

(1 چار 2)پانچ 3)دو۔

شاید دو۔۔۔جی ہدایت کی دو ہی قسمیں ہیں 1)ہدایت توفیق و عمل جو صرف اللہ تعالیٰ ہی دے سکتے ہیں جبکہ دوسری ہدایت دلالت و رہنمائی جو کہ انبیاءورُسل اور ان کی منہج پر چلنے والے دے سکتے ہیں۔

آمین کے کیا معنیٰ ہیں؟

(1 قبول فرمالے 2)پورا کرنا 3)ہدایت دینا۔

قبول کرنا۔۔۔ہمم درست ہے آپکا جواب اب تیسرا اور آخری سوال۔

وہ کونسے صحابی ہیں جنکو دیکھ کر شیطان بھی اپنا راستہ بدل لیتا تھا۔

(1 حضرت ابو بکر صدیق 2)حضرت عثمان غنی 3)حضرت عمر فاروق۔

Posted On Kitab Nagri

شاید حضرت ابو بکر۔۔۔ نہیں غلط جواب حضرت عمر فاروق رضہ تھے۔

اب باری ہے ہماری پیاری اریشفہ کی تو آپکا پہلا سوال ہیکہ۔۔۔

وہ کونسی آیت ہے جو حضرت عمر فاروق رضہ کی ہدایت کا ذریعہ بنی۔

(1 سورۃ البقرہ آیت نمبر 30۔

(2 سورۃ الحجرات آیت نمبر 16۔

(3 سورۃ طٰہٰ آیت نمبر 17۔

سورۃ طٰہٰ آیت نمبر 1 شاید۔۔۔ ہم آپ نے تکّہ لگایا ہے لیکن صیح لگا ہے۔

وہ کونسے نبی ہیں جنہیں خلیل اللہ کا خطاب ملا۔

(1 حضر موسیٰ 2) حضرت لوط 3) حضرت ابراہیم۔

حضرت ابراہیم بھابھی۔۔۔ ہم صیح جواب اور آخری سوال ہے کہ۔

وہ کونسے صحابی تھے جنہوں نے اپنی بیوی کو انکی خواہش پر خود غسل دیا تھا؟

www.kitabnagri.com

(1 حضرت عمر 2) حضرت علی 3) حضرت عثمان۔

شاید حضرت عمر۔۔۔ نہیں غلط جواب حضرت علی نے حضرت فاطمہ کی خواہش پر انہیں خود غسل دیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

سو رزلٹ یہ ہیکہ ماں نے ایک سوال کا بھی جواب نہیں دیا باقی سب کے بھی ایک یا دو غلط ہیں اس لئے کوئی بھی نہیں جیتا اور یہ بہت ہی افسوس کی بات ہے۔

بھابھی واقعی جیتا تو کوئی بھی نہیں ہے اس لئے آپ ہی کچھ سنا دیں۔

ازدیان کے کہنے پر اریشفہ نے منہ بسورتے ہوئے اس سے فرمائش کی۔

ہاں بھابھی کی آواز بھی ماشاءاللہ بہت پیاری ہے۔

اریشفہ کے کہنے پر عائزہ نے کہا اور رویشہ نے بھی اسکی ہاں میں ہاں ملائی۔

اچھا ٹھیک ہے ۔۔۔ سب کے فورس کہنے پر ازدیان نے کیا اور پڑھنا شروع ہوئی جب کہ سب دم سادھے اسے ہی دیکھ رہے تھے۔

کوئی تلاش کرنا چاہے تو تلاش کر سکے نہ۔

چن چن کے میرے ٹکڑے پوری لاش کر سکے نہ۔

کوئی تلاش کرنا چاہے تو تلاش کر سکے نہ۔

چن چن کے میرے ٹکڑے پوری لاش کر سکے نہ۔

میں کٹوں کچھ اس ادا سے کہ ہر جز میرا بکھر جائے۔

نہ کفن مجھے کوئی دے نہ جنازہ کوئی پڑھائے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

میں کٹوں کچھ اس ادا سے کہ ہر جز میرا بکھر جائے۔

نہ کفن مجھے کوئی دے نہ جنازہ کوئی پڑھائے۔

نہ ہو دفن کرنیوالا نہ قبر کوئی بنائے۔

کوئی نشان میرا پوچھے تو نشان بتا سکے نہ۔

کوئی تلاش کرنا چاہے تو تلاش کر سکے نہ۔

چن چن کے میرے ٹکڑے پوری لاش کر سکے نہ۔

قیامت کے دن میرا اللہ جب مجھے بُلائے۔

میرا جسم بنایا جائے یہ سوال اٹھایا جائے۔

قیامت کے دن میرا اللہ جب مجھے بلائے۔

میرا جسم بنایا جائے یہ سوال اٹھایا جائے۔

یہ حال تمہارا کیوں ہے اس حال میں کیوں ہو آئے۔

سر سجدہ ریز ہو جائے زبان کچھ بتا سکے نہ۔

کوئی تلاش کرنا چاہے تو تلاش کر سکے نہ۔

چن چن کے میرے ٹکڑے پوری لاش کر سکے نہ۔

میری دیکھ کر یہ حالت میرا اللہ مسکرائے۔

Posted On Kitab Nagri

حکم ہو کہ میرا شہید سر سجدے سے اٹھائے۔

ستر کو ساتھ لیکر جنت میں چلا جائے۔

پھر موت آنا چاہے تو بھی آسکے نہ۔

کوئی تلاش کرنا چاہے تو تلاش کرسکے نہ۔

چن چن کے میرے ٹکڑے پوری لاش کرسکے نہ۔

جنت میں جب میں پہنچوں میرا اللہ یہ فرمائے۔

میرا شہید جو بھی مانگے وہ عنایت ہو جائے۔

جنت میں جب میں پہنچوں میرا اللہ یہ فرمائے۔

میرا شہید جو بھی مانگے وہ عنایت ہو جائے۔

کوئی تلاش کرنا چاہے تو تلاش کرسکے نہ۔

چن چن کے میرے ٹکڑے پوری لاش کرسکے نہ۔

واہ بھابھی واقعی ماشاءاللہ بہت پیاری آواز ہے بھابھی۔

ازدیان کے خاموش ہوتے ہی اریشفہ اسکی تعریف کی جس پر منزہ بیگم بھی اسکی بات سے متفق ہوئی۔

اچھا اب ہم چلتے ہیں کافی وقت ہو گیا ہے۔

Posted On Kitab Nagri

مان کے کھڑے ہوتے ہوئے کہا اور سب سے مل کر ازدیان کو لیکر وہاں سے چلا گیا تو پیچھے مغیرہ بھی سب سے مل کر عائزہ کو لیکر اپنے گھر طرف چل دیے۔

سردار گستاخی معاف مگر ایک فریادی فریاد لیکر آیا ہے آپکے پاس۔

وہ سب ڈائننگ ہال میں ناشتہ کر رہے تھے کہ ایک ملازم ڈر سے کانپتے ہوئے ادب سے کہنے لگا۔

آپ انکو ڈرائینگ روم میں بٹھائیں میں آتا ہوں۔

مان نے ملازم کو ڈرتے دیکھ نرم لہجے میں کہا تو وہ سر اثبات میں ہلاتا چلا گیا۔

مان تم نے اس ملازم کی گستاخی پر اسے جانے کیسے دیا ایسے تو سب تمہارے سر پر بیٹھے گے۔

عدنان صاحب کو مان کی یہ حرکت ناگوار گزری تھی اس لئے فورا تنبیہ کرتے ہوئے کہنے لگے۔

کیسی گستاخی بابا جان میری نظر میں تو کوئی ایسی گستاخی نہیں کی گئی۔

اس کی ہمت کیسے ہوئی تمہیں ناشتہ کرتے ہوئے ڈسٹرب کرنے کی یہ گستاخی نہیں تو کیا ہے۔

عدنان صاحب نے مان کی بات پر دانت پیستے ہوئے اسے آگاہ کیا۔

بابا کبھی آپ نے لوگوں اپنا سمجھنا تو دور آپ کبھی اپنے غرور سے باہر نہیں نکلے جو آپ کو کسی کا احساس ہو خیر میں چلتا ہو کوئی مہمان میرا انتظار کر رہا ہے اور دیا آپ ملازمہ کے ساتھ ریفریشمنٹ بھجوائیں اندر

۔

Posted On Kitab Nagri

مان نے عدنان صاحب سے کہنے کے بعد دیا سے کہا اور ڈرائینگ روم کی طرف بڑھ گیا جبکہ عدنان صاحب پیچھے کھول کر رہ گئے۔

--------------------

اسلام علیکم---

مان نے ڈرائینگ روم میں داخل ہوتے ہی سلام کیا۔

سردار رحم کریں سردار میری بیٹی کا معاملا ہے سردار ہم بے قصور ہیں سردار رحم کریں میری بیٹی معصوم ہے۔

مان کے روم میں داخل ہوتے ہی جمشید نامی آدمی مان کے قدموں میں بیٹھ کر زاروقطار روتے ہوئے کہنے لگا۔

چاچا یہ آپ کیا کر رہے ہیں اٹھیں اس طرح کر کے مجھے شرمندہ نہ کریں یہاں صوفے بیٹھے اور پانی پئیں۔

مان نے انکو اپنے قدموں سے اٹھا کر صوفے پر بٹھا کر پانی دیتے ہوئے کہا۔

اب بتائیں کیا بات ہے؟

جمشید کو تھوڑا ریلیکس ہوتا دیکھ مان نے نرمی سے پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

ٹھیک ہے آپ پریشان نہ ہو آپکے بچے میرے بہن بھائی ہیں اور میں اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ ناانصافی نہیں ہونے دونگا آپ بے فکر رہیں اور ابھی اپنے گھر جائیں شام پانچ بجے جرگے میں ملاقات ہو گی اور کچھ بھی ہو جائے آپ اور آپکے بچے جرگے میں ڈرینگے نہیں کچھ بھی ہو کھل کر کہنا ہے۔

مان نے جمشید نامی شخص کی پوری بات سن کر انہیں تسلی دیتے ہوئے کہا اتنے میں ملازمہ ریفریشمنٹ لے آئی جو کہ ازدیان نے بھیجا تھا۔

یہ لیں چائے پیئں اور ساتھ بسکٹ کھائیں۔

مان نے چائے اور بسکٹ جمشید چاچا کے سامنے کرتے ہوئے کہا۔

سردار اسکی کیا ضرورت تھی ہم غریب لوگ آپ بڑے لوگوں کی مہمان نوازی کے لائق نہیں ہیں سردار۔

چاچا مہماں اللہ کی رحمت ہوتا ہے یہ سب اللہ کی دین ہے مجھ میں اور آپ میں کوئی فرق نہیں یہ سب اللہ کا دیا ہوا ہے تو میں کس بات پر غرور کرو آپ اس طرح کی بات کر کے مجھے شرمندہ کر رہے ہیں آپ مہمان ہیں اور ہر مہمان کہ مہمان نوازی کرنا میزبان کا فرض ہے اور مہمان غریب یا امیر نہیں ہوتا اس لئے میرا مان رکھنے کے لئے آپ کھا لیں۔

جمشید صاحب کی بات پر مان نے شائستگی سے کہا تو جمشید نے چائے اور بسکٹ کھا لیے۔

Posted On Kitab Nagri

آپ کا میں کس طرح شکر ادا کروں سر دار میرے پاس وہ الفاظ نہیں ہیں اللہ آپ جیسا سر دار سب کو دے اللہ آپکو ہمیشہ خوش رکھے اب میں چلتا ہوں۔

جمشید چاچا مان کو دعاؤں سے نوازتے وہاں سے چلے گئے۔

غفور گاؤں میں اعلان کروادو شام پانچ بجے جرگہ ہے اور عورتیں بھی جرگے میں لازمی شرکت کرینگی

۔

جمشید چاچا کے جانے کے بعد مان نے اپنے خاص بندے غفور سے کہا اور اپنے کمرے کی طرف چل دیا کیونکہ اب اسے ازدیان سے اس بارے میں مشورہ کرنا تھا آخر کو وہ اسکی سر دارنی تھی۔

-------------

جرگے میں تمام گاؤں کے لوگ آچکے تھے اور اب صرف انتظار مان کا تھا اتنے میں مان بلیک شلوار قمیض پر اسکن شال اوڑھے گاڑی سے نکلا اور دوسری طرف آکر دروازہ کھولا جس میں سے بلیک عبایا پہنے ہاتھوں میں دستانے پہنے ازدیان باہر نکلی اور دونوں ایک دوسرے کے ہم قدم آگے بڑھے۔

سلام سر دار۔۔۔

سلام سر دارنی۔۔۔

انکے جرگے میں داخل ہوتے ہی سب نے کھڑے ہو کر ادب سے نظریں جھکائے سلام کیا جسکا دونوں نے سر کے اشارے سے جواب دیا اور پھر وہ دونوں شہزادہ شہزادی تخت نشین ہو گئے۔

Posted On Kitab Nagri

انکے بیٹھتے ہی سب لوگ دوبارہ اپنی جگہوں پر بیٹھ گئے اور سردار کے بولنے کا انتظار کرنے لگے۔

آج پہلی مرتبہ ایسا ہوا تھا کہ جرگے میں عورتوں کو بھی شامل کیا گیا تھا اور سردار کے ساتھ سردارنی آئی تھی ورنہ کسی بھی فیصلے میں عورت کو بولنے کا حق نہیں تھا لیکن اب سب کچھ بدل گیا تھا۔

جی تو آپ لوگ بتائیں کیا مسلئہ ہے آپ کے ساتھ۔

مان نے مقابل کو مخاطب کرتے ہوئے کہا۔

سردار جمشید کے بیٹے نے میرے بڑے بیٹے کا قتل کیا ہے اور روایات کے مطابق انکی بیٹی کو ونی کیا جائے یا پھر قتل کے بدلے قتل۔

میں نے صرف آپکا مسلئہ پوچھا ہے فیصلہ سنانے کا حق نہیں دیا۔

مان نے اچھے سے مقابل کی طبیعت صاف کی۔

اب میں نے آپ کی بات سن لی اس لئے اب آپ خاموش رہیں اور راحم آپ بتاؤ کیا آپ نے انکے بیٹے کا قتل کیا ہے۔

مان نے جمشید چچا کے بیٹے راحم سے پوچھا۔

نہیں سردار میں نے اسے دھکّہ ضرور دیا تھا لیکن گولی نہیں چلائی تھی بلکہ میرے پاس تو پسٹل بھی نہیں تھی۔

آپ کے پاس کوئی ثبوت ہے جس سے ثابت ہو کہ آپکے بیٹے کا قتل راحم نے کیا ہے؟

Posted On Kitab Nagri

مان نے راحم کی بات سن کر مقابل سے پوچھا جبکہ مان کی بات پر وہ گڑبڑا گئے آج سے پہلے کبھی کسی نے اتنی تفتیش کہاں کی تھی جو مالدار ہوتا بس اسی کے حق میں فیصلے دیے جاتے تھے لیکن اب سب الٹا ہو رہا تھا۔

سردار راحم کو میرے بیٹے کے ساتھ لڑتا دیکھا گیا ہے۔۔۔

گستاخی معاف سردار لیکن یہ سارا جھگڑا ابھی کا نہیں بہت پہلے کا ہے اور مجھ سے منسلک ہے اس لئے میں آپکی اجازت سے ساری کہانی بتانا چاہو نگی۔

ابھی مقابل اپنی بات پوری کرتا کہ پردے کے پیچھے سے یشفہ جمشید نے اسکی بات کاٹتے ہوئے کہا۔

اے لڑکی اپنی اوقات بھ۔۔۔

خاموش یہاں سب کی اوقات ایک ہی ہے اور کس نے حق دیا ہے آپ لوگوں کو کسی عورت کو بھری محفل میں بے عزت کرنے کا اب آواز نہ آئے کسی کی اور گڑیا آپ یہاں آئیں اور اپنی سردارنی کے پاس بیٹھ کر ساری بات بتائیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یشفہ کو بولتا دیکھ جرگے میں سے ایک آدمی اسکی توہین کرنے لگا جسکی بات کو آدھے میں کاٹ کر ہی مان نے دھاڑتے ہوئے کہا اور یشفہ کو بولنے کا کہا۔

ارے ادھر نہیں اوپر بیٹھو میرے پاس آپ تو میری بہن ہو۔

Posted On Kitab Nagri

ازدیان نے یشفہ کو اپنے قدموں میں بیٹھتے دیکھ کر کہا اور اسے اٹھا کر اپنے پاس بٹھایا اور اسے بولنے کا اشارہ کیا۔

میں اپنے ماں باپ کہ اکلوتی بیٹی ہوں میری مما کا میری پیدائش پر ہی انتقال ہو گیا تھا جہاں یہاں سب بیٹی کو بوجھ سمجھتے تھے لیکن میرے بابا نے کبھی مجھے بوجھ نہیں سمجھا مجھ سے بڑا ایک بھائی ہے راحم انہوں نے اور بابا نے مجھے بہت لاڈ پیار سے پالا میں بچپن سے ہی غریبی دیکھتی آرہی ہوں لیکن پھر بھی میرے بابا نے اپنی استطاعت کے مطابق مجھے شہزادی بنا کر پالا میرے بھائی نے کبھی مجھے کسی چیز کی کمی محسوس ہونے نہیں دی غرض کہ مجھ میں میرے باپ بھائی کی جان ہے۔

مجھے پڑھنے کا بہت شوق تھا اور میرے بھائی کو بھی اور بابا بھی چاہتے تھے کہ وہ ہم دونوں کو پڑھائیں اس لئے بابا نے بھائی اور میرا شہر کے سکول میں داخلہ کروا دیا۔

میں بہت ذہین تھی اور بھائی بھی کلاس کے ٹاپر تھے ہم دونوں کو صبح بابا اسکول چھوڑ کر آتے اور آتے ہوئے ہم دونوں بہن بھائی ساتھ واپس آتے اسی طرح دن گزرتے گئے اور بھائی کا میٹرک کلئیر ہو گیا چونکہ بھائی کو بھی پڑھنے کا بہت شوق تھا اس لئے بھائی نے شہر کے ہی کالج میں داخلہ لے لیا چونکہ بھائی نے میٹرک میں ٹاپ کیا تھا جسکی وجہ سے انہیں اسکالرشپ ملی تھی وہ بھی شہر کے جانے مانے کالج کی اس لئے بھائی کو پیسوں کا کوئی مسلئہ نہیں ہوا اور بھائی نے ساتھ ساتھ شہر میں ہی کالج کے بعد جاب کرنی شروع کر دی بابا نے بہت منع کیا کہ وہ پڑھائی پر توجہ دیں لیکن بھائی یہ کہہ کر منع کر دیا کہ میں

Posted On Kitab Nagri

اب بڑا ہو گیا ہوں اور میری بھی کچھ ذمہداریاں ہیں اور میں نہیں چاہتا کہ میری بہن کی کوئی بھی خواہش ادھوری رہے اور پھر بھائی کی اس بات کے آگے بابا چپ کر گئے اسی طرح دن گزرتے گئے اور میرا ابھی میٹرک کلئیر ہو گیا میں نے بھی میٹرک میں کافی اچھے نمبر اٹھائے تھے لیکن مجھے اسکالرشپ نہیں مل سکی جس پر میں اداس تھی اور میں نے اپنے حالات دیکھ کر آگے پڑھنے کا ارادہ ترک کر دیا لیکن میرے بھائی نے مجھے بنا بتائے میرا داخلہ اپنے کالج میں کروادیا وہاں کے سر ندیم بہت کا پریٹو پرنسپل ہیں بھائی نے انہیں اپنی پریشانی بتائی جس پر انہوں نے مجھے اپنی طرف سے اسکالرشپ دیکر کالج میں داخلہ دے دیا اور پھر جب یہ بات بھائی نے مجھے بتائی تو میری خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہ تھا اور پھر میں بھی بھائی کے ساتھ کالج جانے لگی اور پھر شروع ہوئی میری آزمائش کیونکہ اسی کالج میں طاہر زلفقار بھی پڑھتا تھا پڑھتا کم گنڈہ گردی زیادہ کرتا تھا۔

مجھے اس کالج میں دیکھ کر اس نے مجھے اپنی پراپرٹی سمجھ لیا چونکہ میں اس کالج میں اپنے گاؤں کی واحد لڑکی تھی اس لئے وہ مجھے ہر طریقے سے پریشان کرتا غرض کے میں اسکے نام سے پورے کالج میں بدنام کر دی گئی اور پھر جب یہ بات بھائی کو پتہ چلی تو بھائی اسکے سر پہنچ گئے اور اس سے بازپرس کرنے لگے تو اس نے جواب میں بھائی کو دھمکی دی کہ وہ کسی نہ کسی طریقے سے مجھے حاصل کرلیگا اور پھر باندھی بنا کر رکھیگا اور وہ کچھ نہیں کر سکے گے بھائی اس کی یہ بات سن کر ڈر گئے اور پھر جب میں نے اسکی دھمکی سنی تو میں نے کالج جانا بند کر دیا کیونکہ وہاں پر طاہر نے میرا جینا حرام کر دیا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ابھی کچھ ہی دن گزرے تھے کہ میں کل بھائی کے ساتھ کھیتوں میں گھومنے کے لئے چلی گئی۔

ہمارے کھیت اور طاہر والوں کا ٹیوب ویل ساتھ ساتھ ہیں تو کافی دن سے طاہر اپنے ٹیوب ویل کا سارا پانی ہمارے کھیتوں میں بہادیتا جس سے ہماری ساری فصل برباد ہو گئی بابا نے طاہر سے نرمی سے بات کی کہ وہ ایسانہ کریں تو طاہر نے بابا سے بدتمیزی کی اور کہا کہ وہ تو کریگا جاہے جسکو چاہے بولے انکی کوئی نہیں سنے گا اسکی بات سن کر بابا مایوس ہو کر لوٹ آئے کیونکہ سچ بھی یہی تھی لیکن بابا پریشان رہنے لگے۔

اور پھر کل میں اور بھائی کھیتوں میں چہل قدمی کر رہے تھے کہ زلفقار صاحب کے چھوٹے بیٹے طارق نے ٹیوب ویل کا پانی ہمارے کھیتوں میں چھوڑ دیا جس پر بھائی نے اسے کہا پانی بہانہ بند کرے ورنہ اچھا نہیں ہو گا جس پر طارق بھائی کا گریبان پکڑ کر مارنے لگا اور ساتھ ساتھ کہنے لگا کہ اسکی ہمت کیسے ہوئی کہ بھائی نے اسے دھمکی دی جب کہ میں مسلسل چیخ کر ان دونوں چھڑوانے کی کوشش کر رہی تھی۔

طارق کے مسلسل بھائی کو مارنے پر بھائی نے خود کو بچانے کے لئے اسے دھکہ دیا جس پر وہ پیچھے کی طرف گرا لیکن وہ گرا بھائی کے دھکہ دینے پر نہیں تھا وہ گولی لگنے کی وجہ سے گرا تھا کوکسی نے پیچھے سے سائلینسر لگی پسٹل سے چلائی تھی لیکن وہ گولی اسکے کندھے پر لگی تھی کیونکہ خون کندھے سے ہی نکل رہا تھا میں اور بھائی اس سچویشن سے گھبر ائے اور وہاں سے فوراً گھر چلے گئے اور جا کر سارا ماجرا بابا کو بتایا بابا جانتے تھے کے روایات کے مطابق مجھے ونی کر دیا جائیگا اس لئے بابا اور بھائی نے اس سارے معاملے

Posted On Kitab Nagri

میں میرا نام چھپا دیا لیکن میں اپنی وجہ سے اپنے بھائی کو سزا نہیں ہونے دے سکتی بے قصور تو ہم دونوں ہیں لیکن اگر آپکو پھر بھی سزا دینی ہے تو مجھے دیں میں آپ کے آگے ہاتھ جوڑتی ہو میرے بھائی کو چھوڑ دیں۔

یشفہ اپنی ساری بتاتی آخر میں ہاتھ جوڑتی ہوئے ازدیان سے کہنے لگی۔

چپ بلکل اور یہ ہاتھ نیچے کرو کسی بے قصور کو سزا نہیں ملیگی اور پانی پیئو۔

ازدیان نے یشفہ ہے ہاتھ نیچے کرتے ہوئے اسے پانی پلایا۔

آج میں ازدیان دہمان درانی اور اس گاؤں کی سر دارنی ونی کا اصول ختم کرتی ہوں آج سے سزا صرف مجرم کو دی جائیگی وہ بھی شریعت کے مطابق چاہے وہ امیر ہو یا غریب۔

ازدیان نے یشفہ کو پانی پلا کر تیز آواز میں اعلان کیا جس پر مان لبوں پر مسکراہٹ سجائے اپنی شیرنی کو دیکھ رہا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

مان نے ندیم صاحب کے کالج کا نام سن کر مان نے ندیم صاحب کو کال کر کے طاہر کے بارے میں انفورمیشن لی تو انہوں نے بھی یشفہ کے سچ ہونے پر مہر لگا دی۔

فون بند کر کے مان نے ایک نظر راحم کے چہرے کو دیکھا جو کہ نیل و نیل ہو رہا تھا جس سے ثابت تھا کہ یشفہ سچ بول رہی ہے۔

غفور اندر آؤ۔

مان نے ایک نظر جرگے پر ڈال کر غفور کو آواز دی تو مان کی آواز سنتے ہی غفور طارق کی گردن پکڑے اندر داخل ہوا جبکہ طارق کو دیکھ کر سب حیران رہ گئے کیونکہ وہ بلکل صحیح سلامت تھا۔

Posted On Kitab Nagri

توبتائیں زلفقار صاحب آپ کا بیٹا تو زندہ ہے تو آپ کس کا مقدمہ لیکر میرے پاس آئے ہیں۔

مان نے تمسخر اڑاتی نظروں سے زلفقار صاحب کو دیکھتے ہوئے کہا۔

میں آپ سب کو بتاتا ہوں یہ سب ایک پلان تھا صرف اور صرف یشفہ گڑیا کو حاصل کرنے کے لئے راحم پر قتل کا الزام لگایا گیا جس کی سزا کہ طور پر یشفہ کو ونی کر کے طاہر کے نکاح میں دے دیا جاتا اور طاہر اپنے کہے کے مطابق یشفہ جمشید کو باندھی بنا کر رکھتا لیکن شاید آپ سب بھول گئے ہیں آپ لوگوں کا سردار میں ہوں جس کے دل میں اللہ کا خوف تھا ہے اور انشاءاللہ مرتے دم تک رہیگا۔

خیر اب باری آتی ہے سزا کی تو جمشید صاحب کتنا نقصان ہوا ہے آپکا۔

مان نے سب سے کہنے کے ساتھ جمشید صاحب کو مخاطب کرتے ہوئے پوچھا۔

سردار ایک لاکھ۔۔۔۔۔۔ہمم ٹھیک ہے۔

تو زلفقار صاحب آپ ایک لاکھ روپے جمشید صاحب کو ادا کرینگے اس وجہ سے جو آپکی وجہ سے انکا نقصان ہوا۔

جمشید صاحب آپکے کتنے کھیت خراب ہوئے ہیں۔

مان نے زلفقار صاحب سے کہنے کے ساتھ دوبارہ جمشید صاحب سے پوچھا۔

سردار پانچ۔۔۔مان کے پوچھنے پر جمشید صاحب نے جواب دیا۔

Posted On Kitab Nagri

تو ذلفقار صاحب آپ ایک لاکھ روپے کے ساتھ اپنے پانچ سر سبز کھیت جمشید صاحب کے نام کرینگے اور جمشید صاحب کے بنجر کھیت آپکے نام کر دیے جائینگے اور آپ کے بیٹے طاہر کو یشفہ جمشید کو ایک سال ہراس کرنے کے جرم میں ایک سال تک زندان میں ایک قیدی بنا کر رکھا جائیگا اور مجھے امید ہے کسی کو میرے فیصلے سے کوئی اعتراض نہیں ہو گا اور غفور یہ سارے معاملات کل تک مکمل ہو جانے چاہیئے۔

مان نے دوٹوک اپنا فیصلہ سنایا اور غفور کو تنبیہہ کرتا ازدیان کو لیکر وہاں سے نکلتا چلا گیا۔

مان رویشہ کہاں ہے کل آپ لوگوں کے ساتھ گئی تھی لیکن واپس نہیں آئی میں نے سوچا آپ سے پوچھوں لیکن موقع ہی نہیں ملا۔

مان اور ازدیان اس وقت مافیہ بیگم کے روم میں تھے کہ مافیہ بیگم نے کل سے اپنے ذہن میں چلتا سوال مان سے پوچھا۔

مما کل ایک نہیں دو فرض ادا کیے ہیں میں نے ماموں نے عاہد کے لئے رویشہ کا رشتہ مانگا تھا اور میں انکار نہیں کر سکا میں نے عائزہ کے ساتھ رویشہ کا بھی نکاح کروا دیا ورنہ کیا پتہ بابا عائزہ کی جگہ رویشہ ک نکاح اس زبیر سے کروا دیتے۔

مافیہ بیگم کے پوچھنے پر مان نے انہیں سب کچھ سچ سچ بتایا۔

Posted On Kitab Nagri

مجھے فخر ہے اپنے بیٹے پر جب سے آپ آئے ہو آپ نے بہت کچھ کیا ہے ہمارے لئے بھی اور غریب عوام کے لئے بھی مغیرہ بتا رہا تھا آپ نے گاؤں کے اسکول کی رینویشن کروائی ہے اور استادوں کے تنخواہ بھی بڑھائی ہے۔

مافیہ بیگم نے مان کو فخر سے دیکھتے ہوئے کہا۔

مما اتنی تعریفیں نہ کریں مجھے ہضم نہیں ہو رہی۔

مافیہ بیگم کی بات پر ازدیان نے مان کو چھیڑتے ہوئے کہا۔

کیوں بھئی کیوں ہضم نہیں ہو رہی میڈم آپکو۔

اصل میں مجھے یقین نہیں آ رہا نہ کہ بڑھاپے میں بھی اتنا دماغ چلتا ہے لوگوں کا۔

ہاہاہاہاہاہاہاہاہاہاہا۔۔۔۔ازدیان کے کہنے پر شگفتہ بیگم اور مافیہ بیگم کا قہقہہ گونجا جبکہ ازدیان اپنی بات کہتی فوراً سے بھاگ گئی کیونکہ مان اسے خونخوار نظروں سے دیکھ رہا تھا۔

مان بچی ہے بلکل اور شرارتی بھی ہے۔

جی بلکل بہت شرارتی ہے آپکی بہو۔

عافیہ بیگم کے کہنے پر مان نے منہ بسورتے ہوئے کہا اور انکی گود میں سر رکھ کر لیٹ گیا۔

-------------------

کیا کھا رہی ہو؟

Posted On Kitab Nagri

مان نے ازدیان کو بیڈ پر بیٹھے کچھ کھاتے دیکھ پوچھا۔

برف کھا رہی ہو کھائینگے۔

کیاااا پاگل لڑکی برف بھی کوئی کھانے کی چیز ہے۔

ازدیان کے کہنے پر مان نے صدمے سے پوچھا۔

ہاں کھانے پینے دونوں کی ہے جم جائے تو کھالو اور پگھل جائے تو پی لو۔

ازدیان نے مان کو جواب دینے کے ساتھ برف کا پیس منہ میں رکھا۔

حد ہو گئی بچوں جیسی حرکتیں ہیں بلکل تمہاری۔

بچی ہوں تو بچوں جیسی ہی ہو گی اب بوڑھے لوگوں کی طرح تھوڑی ہو نگی۔

مان کے کہنے پر ازدیان نے ٹکا سا جواب دیا جبکہ مان افسوس سے سر نفی میں ہلاتا وارڈروب میں سے کپڑے نکالنے لگا جیسے کہہ رہا ہو اس کا کچھ نہیں ہو سکتا۔

یہ کیا ہے دیا؟۔۔۔مان نے وارڈروب سے ایک چھوٹی سی شاپر نکال کر ازدیان کو دیکھاتے ہوئے پوچھا ۔

ملتانی مٹی ہے اور کیا ہے۔

مان کے پوچھنے پر ازدیان نے سکون سے جواب دیا۔

دیا وہ تو مجھے بھی نظر آتا ہے یہ بتاؤ کرتی کیا ہو اسکا۔

Posted On Kitab Nagri

ازدیان کے جواب پر مان نے اسے گھورتے ہوئے دانت پیس کر کہا۔

کھاتی ہوں قسم سے اتنی ٹیسٹی ہوتی ہے آپ بھی ٹیسٹ کریں۔

مان کے پوچھنے پر ازدیان برف کا پیالہ سائیڈ پر رکھتی مان کے پاس آکر شاپر اسکے ہاتھ سے چھین کر اس میں ایک پیس مان نکال کر مان کی طرف بڑھاتی ہوئی کہنے لگی۔

یہ کیا فضول حرکتیں کرتی ہو تم خون تو پہلے ہی تم میں نہیں ہے یہ کھا کر اور اپنی جان کی دشمن بن رہی ہو دوائی تو تم سے کھائی نہیں جاتی یہ فضول چیزیں کھالیتی ہوں ہاں۔

مان نے ازدیان کا ہاتھ دور کرتے ہوئے اسے گھورتے ہوئے کہا۔

زیادہ نہیں کھاتے تھوڑی سی کھاتی ہوں۔

مان کے گھورنے پر ازدیان نے منمناتے ہوئے اپنی صفائی دی۔

میڈم اب کھا کر دکھاؤ تم میں بھی دیکھتا ہوں کون لا کر دیتا ہے تمہیں یہ فضول چیزیں حالت دیکھو اپنی پہلے ہی اتنی کمزور ہو یہ چیزیں کھاوگی تو نظر بھی نہیں آوگی۔

ویسے اور کیا کیا پسند ہیں محترمہ کو۔

مان ازدیان سے طنزیہ پوچھا۔

مجھے پسند ہیں گول گپے، کاٹن کینڈی، لیز رریڈ والا فلیور، چاؤمن، اسپیگٹی، بریانی، زنگر برگر، شاورمہ، پزا، اور اور اور ابھی یاد نہیں آرہا باقی بعد میں بتاؤ نگی۔

Posted On Kitab Nagri

ازدیان ماں کا طنز نہ سمجھتے ہوئے شروع ہو چکی تھی جبکہ ماں اسکی معصومیت پر مسکرادیا۔

اچھا اب وعدہ کرو ایسی چیزیں نہیں کھاؤ گی جس سے تمہاری صحت خراب ہو۔

اچھا ٹھیک ہے وعدہ لیکن ہر چیز پر پابندی نہیں لگائیں گے۔

ماں کے کہنے پر ازدیان نے وعدہ کرنے کے ساتھ شرط رکھی۔

ٹھیک ہے جو چاہئے ہو مجھے کہنا میں خود منگوادونگا ٹھیک ہے۔

ٹھیک ہے۔۔۔۔ ماں کے پوچھنے پر ازدیان نے سر اثبات میں ہلاتے ہوئے ہامی جس پر ماں اسکے ماتھے پر پیار کرتا باتھروم چلا گیا۔

-------------

کیا آپ خوش ہیں اس شادی سے کہیں آپ سے زبردستی تو نہیں کی گئی۔

سب کے جانے کے بعد عاہد اور رویشہ روم میں آئے تو رویشہ نے عاہد سے سوال کیا جو کہ موبائل یوز کر رہا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں جھوٹ نہیں بولوں گا کیونکہ جھوٹ کی بنیاد پر رشتے پائیدار نہیں بنتے میں آپکی ساری سچویشن سے آگاہ ہوں لیکن میں نے شادی اپنی مرضی سے کی ہے بابا نے مجھے انکار کا حق دیا تھا لیکن میں نے انکار نہیں کیا کیونکہ میری شروع سے یہی سوچ تھی کہ اپنے والدین کی پسند سے شادی کرونگا شادی تو ایک دن کرنی ہی تھی اور پھر جب بابا نے نے آپکا نام لیا تو میں نے فوراً ہاں کر دی حالانکہ آپکو دیکھنا تو دور میں

Posted On Kitab Nagri

آپکا نام تک نہیں جانتا تھا لیکن مجھے اللہ کے بعد اپنے والدین پر یقین ہے کہ وہ میرے لئے کبھی کوئی غلط فیصلہ نہیں کرینگے بس میری دو ہی خواہش تھی کہ میری بیوی باحیا ہو اور اسکی زندگی میں آنے والا میں پہلا شخص بنو اور اللہ کے کرم سے اللہ نے میری دونوں خواہش پوری کی اس سے زیادہ مجھے کچھ نہیں چاہئے۔

آپ بے فکر رہیں آپکو عزت اور مقام دینا میرا فرض ہے اور انشاءاللہ میں کوشش کرونگا کہ میری وجہ سے آپکی آنکھیں کبھی نم نہ ہو۔

روبیشہ کے پوچھنے پر عاہد نے اپنا موبائل سائیڈ پر رکھتے ہوئے تفصیل سے کہا۔

آپکا بہت شکریہ میں کبھی آپکا احسان نہیں بھولونگی آپ نے مجھ پر بہت بڑا احسان کیا ہے---

ایسی کوئی بات نہیں ہے میں نے کسی پر کوئی احسان نہیں کیا بلکہ اللہ نے مجھ پر کرم کیا ہے جو اتنی پیاری بیوی مجھے عطا کی ہے اور کبھی بھی آپ خود کو احساسِ کمتری کو شکار نہیں ہونے دینگی ہم دونوں کا رشتہ ایسا ہیکہ اگر ہم ایک دوسرے کے لئے جان بھی دے دیں تو کسی پر کوئی احسان نہیں ہوگا اس لئے آئیندہ میں آپکے منہ سے ایسی کوئی بات نہ سنو اور اب سو جائیں رات کافی ہو گئی ہے۔

عاہد نے روبیشہ کو پیار سے سمجھاتے ہوئے کہا جس پر روبیشہ سر اثبات میں ہلاتی سونے کے لئے بستر پر لیٹ کر آنکھیں موند گئی۔

\-----------------------

Posted On Kitab Nagri

عائزہ یہ مت سمجھنا کہ میں نے تم سے شادی ترس کھا کر کی ہے اصل بات تو یہ ہیکہ میں شروع سے آپکو پسند کرتا تھا لیکن کبھی میں نے اپنی کسی حرکت سے ظاہر نہیں ہونے دیا کیونکہ میں نہیں چاہتا تھا کہ میری ذرا سے غلطی کی وجہ سے آپ پر کوئی سوال اٹھائے اپنے کردار کو رسواء کرے کیونکہ میرے نزدیک اگر پسند آپکو برائی کے لئے ابھارتی ہے تو وہ پسند نہیں شیطان کی ایک چال ہوتی ہے جس میں آجکل کے ہم جیسے کمزور ایمان والے لوگ پھنس جاتے ہیں۔

اور ابھی بھی ماں نے مجھ سے نہیں کہا کہ میں آپ سے شادی کرو بلکہ میں نے مما سے کہا کہ وہ آپکا رشتہ میرے لئے مانگیں ماں سے اور مما کی بھی یہی خواہش تھی اس لئے جب سب راضی تھے تو دیر کرنا مناسب نہیں لگا کیونکہ حالات ایسے نہیں تھے کہ شادی دھوم دھام سے کی جاتی اور ماں نے آپکا ایڈمیشن کروادیا ہے یونیورسٹی میں اور میں آپکو پڑھائی سے نہیں روکونگا بلکہ کل نہیں پرسو تیار رہنا میں خود آپکو یونی چھوڑ کر آؤنگا بھابھی اور روبیشہ بھی پرسو سے یونی آئینگی اور اب رات بہت ہوگئی ہے تھک گئی ہونگی سوجائیں۔

مغیرہ نے عائزہ کی سوالیہ نظروں کو دیکھتے ہوئے اسکی غلط فہمی دور کرنے کے ساتھ اسے سونے کی تائید کی جس پر عمل کرتی عائزہ سونے کے لئے لیٹ گئی۔

------------------------

Posted On Kitab Nagri

ویسے ماں آپ نے کبھی اپنے بچپن کے بارے میں نہیں بتایا مطلب کے آپ نے کیسے مزے کیے بچپن میں کون کونسے گیمز کھیلے مطلب بچپن کی کوئی بھی یاد کبھی آپ نے شئیر نہیں کی۔

ازدیان نے ماں سے پوچھا جو کہ صوفے پر بیٹھا لیپ ٹاپ میں کچھ کام کر رہا تھا۔

میرا بچپن اتنا خاص نہیں ہے تم بتاؤ تم نے کون کونسے گیمز کھیلے اور کتنی شرارتیں کی کس کس کو تنگ کیا۔

اگر آپ میرا بچپن سنے گے تو سو ہی جائینگے لیکن میرا بچپن ختم نہیں ہو گا میں نے تو ہر لڑکوں والے کام کیے ہیں مطلب کہ کنچے کھیلنا، گلی ڈنڈا، لٹو جالی وانجی، چور پولیس، لوہا لکّڑ، برف پانی، ہاتھی کی سونڈ، بالشت، لال پری آنا، کھو پے کھو، کرکٹ، فٹ بال، ٹینس، باسکٹ بال، اور مجھے نام یاد نہیں آرہے لیکن میں نے ہر لڑکیوں اور لڑکوں والے گیم کھیلیں ہیں سب کے گھروں کی بیل بجا کر بھاگتے تھے کبھی کسی کے گھر کی دیوار پر لال انک سے لکھ دیتے کہ کوئی آنے کو ہے کبھی چوکیدار کو ڈرا دیتے تھے رمضان میں سب کے گھروں کی بیل بجا کر انہیں سحری کے لئے اٹھاتے تھے ہم اپنے محلے کے دہشت گرد تھے ہمارے گروپ کے علاوہ ہمارے محلے میں کوئی آ نہیں سکتا تھا ایک دفعہ تو ہم نے مٹی کے برتن اور چولہا بنا کر اس میں آلو کا سالن بنایا تھا اور ہم نے تو چیزیں بھی بیچی ہیں باقاعدہ دکان لگا کر بہت مزہ کیے ہیں میں نے بچپن میں میرا اب بھی دل کرتا ہے کھیلنے کو لیکن کس کے ساتھ کھیلوں کوئی ہے ہی نہیں کھیلنے والا۔

Posted On Kitab Nagri

ماں کے پوچھنے پر ازدیان اپنے بچپن کی باتیں بتانے لگی جو کہ ماں دلچسپی سے سن رہا تھا لیکن آخری بات ازدیان نے افسردگی سے کہی۔

محترمہ دیا صاحبہ اب آپکی کھیلنے کی عمر نہیں ہے اب آپ شادی شدہ ہیں اپنی زمیداریوں کو سنبھالیں۔

ماں نے ازدیان کو افسردہ دیکھ کر اسے چھیڑتے ہوئے کہا۔

ہاں میں تو بوڑھی ہو گئی ہو نہ جو میری عمر نکل گئی دراصل قصور آپکا نہیں آپکی عمر کا ہے عمر کے ساتھ ساتھ آنکھیں کمزور ہوتی جارہی ہیں آپکی کوئی بات نہیں اس عمر میں ہوتا ہے۔

ازدیان ماں کے کہنے پر اچھی طرح اسے تپاتی کمفرٹر اوڑھ کر سو گئی۔

ماں اٹھ جائیں یونی جانا ہے لیٹ ہو جائینگے۔

ازدیان ماں کو کب سے اٹھا رہی تھی جو کہ اٹھنے کی نام ہی نہیں لے رہا تھا۔

ٹھیک ہے نہ اٹھیں میں خود اکیلی چلی جاؤنگی یونی۔

ماں کو نہ اٹھتے دیکھ ازدیان نے اسے دھمکی دی اور وارڈروب سے اپنے کپڑے لیتی باتھروم میں بند ہو گئی۔

ازدیان کے جانے کے بعد ماں نے آنکھیں کھول کر ادھر ادھر دیکھا لیکن ازدیان میڈم کہیں نہیں تھی۔

یہ صحیح ہے بات نہ مانو تو دھمکی سے کام نکلوالو۔

Posted On Kitab Nagri

ازدیان کو باتھروم سے باہر آتے دیکھ ماں نے منہ بسورتے ہوئے کہا۔

ہاں تو ایڈمیشن بھی آپ نے ہی کروایا ہے میں نے تو نہیں کہا تھا آپ کو۔

یعنی میڈم کو پڑھنے کا کوئی شوق نہیں افسوس ہوا سن کر۔

ماں نے ازدیان کی بات سن کر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔

آپ کے اس سوال کا جواب تو میرے زرلٹ ریکارڈز دینگے اور اب زیادہ باتیں نہ کریں جا کر ریڈی ہو ورنہ میں سچ میں چلی جاؤنگی۔

جارہاہو لیکن یہ دھمکی آئندہ مت دینا کیونکہ میں جانتاہو میری بیگم کو ڈرائیونگ نہیں آتی اور غیر محرم کے ساتھ آپ مر کر بھی نہیں جائینگی اس لئے آئندہ سوچ سمجھ کر دھمکی دینا بیگم۔

ماں نے ازدیان کا گال کھینچتے ہوئے کہا اور کپڑے لیکر باتھروم چلا گیا جبکہ پیچھے ازدیان اپنی بیوقوفی پر خود کو کوس کر رہ گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یار میری جیکٹ کہاں ہے۔

دیا میرے شوز کہاں ہے۔

دیا یہ کف بند کر دو یار۔

یار بیگم میں کب سے آواز دے رہاہو تم سن ہی نہیں رہی۔

Posted On Kitab Nagri

مان نے صوفے پر تیار بیٹھی ازدیان کو گھورتے ہوئے کہا جو کہ اسکو ہی دیکھ رہی تھی لیکن اسکی آوازیں سن کر بھی ان سنی کر دی تھی۔

میں انتظار کر رہی تھی کہ آپ اپنے سارے کام ایک ساتھ بول دیں تا کہ میں ایک ساتھ ہی سارے کام کر دوں کیونکہ اس وقت آپ بلکل بچے بن رہے ہیں۔

مان کے گھورنے پر ازدیان نے اسے ڈبل گھوری سے نوازتے ہوئے کہا۔

اچھا یار یہ کف بند کرو پھر دیر ہو جائیگی اور تم نے سوئیٹر کیوں نہیں پہنا۔

مان نے ازدیان کو گھورتے ہوئے کہا۔

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri
آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کرسکتے ہیں۔
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

مجھے سردی نہیں لگتی میں نہیں پہن رہی۔

ازدیان نے ماں کے کف بند کرتے ہوئے مصروف لہجے میں کہا۔

ازدیان مار کھاؤ گی چپ چاپ سوئیٹر پہنو۔

اچھا ٹھیک ہے پہن رہی ہو غصہ نہ کریں۔

ازدیان نے ماں کو غصہ ہوتے دیکھ ہار مانتے ہوئے کہا اور اسے جیکٹ پہنانے لگی۔

پہلے سوئیٹر پہنو میں خود کر لونگا اپنے کام۔

www.kitabnagri.com

یہ لیں پہن لی بس خوش اب چلیں دیر ہو رہی ہے۔

ماں کے ناراضگی سے کہنے پر ازدیان نے وارڈروب سے سوئیٹر نکال کر پہنا اور برے برے منہ بناتے ہوئے ماں سے کہنے لگی۔

اچھا یہ لو یہ پیسے رکھو اپنے پاس کام آئینگے۔

Posted On Kitab Nagri

مان نے ہزار ہزار کے کئی نوٹ ازدیان کو دیتے ہوئے کہا۔

میں کیا کرونگی اتنے پیسوں کا مجھے کوئی ضرورت نہیں پیسو کی میں نہیں لے رہی۔

مان کے کہنے پر ازدیان نے انکار کرتے ہوئے کہا۔

دیا یار بحث نہیں رکھو اپنے پاس ضرورت پڑیگی یونی میں اب ہر جگہ میں تو نہیں ہونگا اس لئے رکھو یہ پیسے کام آئینگے۔

ازدیان کے انکار کرنے پر مان نے اسے سمجھاتے ہوئے کہا۔

اچھا ٹھیک ہے لیکن بس ہزار روپے بہت ہیں میں کیا کرونگی اتنے پیسوں کا۔

دیا میں نے کہا بحث نہیں کرو اب آواز نہیں آئے رکھو سارے پیسے چپ چاپ۔

اچھا ٹھیک ہے غصہ تو نہ کریں لے رہی ہو۔

مان کے غصہ کرنے پر ازدیان نے منمناتے ہوئے کہا اور پیسے رکھ لیے۔

اگر اتنا ہی ڈر ہے میرے غصے کا تو غصہ دلانے والے کام ہی کیوں کرتی ہو۔

ازدیان کے منمنانے پر مان نے اسے گھورتے ہوئے کہا۔

اچھا نہ چلیں اب دیر ہو رہی۔

ازدیان نے مان کو وقت کا احساس دلایا اور پھر دونوں نیچے ڈائننگ ہال کی طرف چل دیے۔

--------------------

Posted On Kitab Nagri

روبیشہ اور عائزہ کہاں ہیں؟

عدنان صاحب نے روبیشہ اور عائزہ کو ڈائننگ پر نا پا کر پوچھا۔

بڑی جلدی یاد آگی آپ کو وہ تو کل بھی نہیں تھی خیر وہ اپنے سسرال ہیں۔

عدنان صاحب کے پوچھنے پر مان نے طنزیہ کہتے ہوئے ان کے سر پر بم پھوڑا۔

کونسا سسرال ہاں کونسی شادی کس سے پوچھ کر کی تم نے انکی شادی اور کس سے کی ہے انکی شادی بتاؤ۔

مان کی بات سن کر عدنان صاحب دھاڑے جس کا مان پر ذرہ برابر بھی اثر نہیں ہوا۔

میری دونوں بہنیں اپنے گھروں میں کم از کم اس زندان سے زیادہ خوش ہیں اور رہی بات شادی کی تو پرسوں ہی میں نے اپنی بہنوں کو رخصت کیا ہے اور اگر بات کرتے ہیں پوچھنے کی تو سن لیں آپ نے پوچھا تھا مجھ سے میری بہن کا رشتہ کرتے وقت اس لئے میں بھی آپ کا ہی بیٹا ہوں آپ نے رشتہ کیا میں نے ڈائریکٹ رخصت کر دیا کیونکہ میں کسی کو اجازت نہیں دونگا کہ وہ میری معصوم بہنوں کو اپنے مفاد کے لئے استعمال کریں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عدنان صاحب کے دھاڑنے پر مان نے جلا دینے والی مسکراہٹ لبوں پر سجاتے ہوئے عدنان صاحب کو جواب دیا جس پر وہ کھول کر رہ گئے۔

تمہاری وجہ سے میری زبان خراب ہو گئی بیٹیاں تو اپنے باپوں پر جان تک قربان کر دیتی ہیں لیکن میری تو میری زبان کا پاس نہیں رکھ سکیں۔

Posted On Kitab Nagri

صحیح کہا آپ نے بابا کہ بیٹیاں اپنے باپ پر اپنی زندگی وقف کر دیتی ہیں بشرط یہ کہ وہ باپ کہلانے کے لائق ہو اور رہی بات زبان کی تو کیوں ہوئی آپکی زبان خراب اس گھر سے بیٹی دینے کا وعدہ کیا ہے نہ آپ نے تو منیشہ کا آپشن تو ابھی بھی ہے آپ کے پاس منیشہ کا نکاح کروادیں زبیر سے۔

مان نے طنزیہ لہجے میں عدنان صاحب کو آئینہ دیکھایا۔

اب تم ہمیں بتاؤ گے کہ ہمیں کیا کرنا ہے۔

عدنان صاحب سے کوئی جواب نا بن پڑا تو مان پر برس پڑے۔

میں کون ہوتا ہوں آپکو بتانے والا خیر ویسے بھی مجھے دیر ہو رہی ہے دیا کا آج فرسٹ ڈے ہے یونی کا اور میں لیٹ نہیں ہونا چاہتا اور آپ بیٹھ کر سوچے آپکو کیا کرنا ہے ہم تو چلے چلو دیا۔

عدنان صاحب کے کہنے پر مان نے مزے سے انہیں آگ لگاتے ہوئے دیا سے کہا اور باہر پورچ کی طرف بڑھ گیا تو ازدیان بھی اسکے پیچھے چل دی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

----------------

پریشان نہیں ہونا اور بہادری سے کام لینا یہاں پر سب کی ریگنگ ہوتی ہے اس لئے دھیان سے رہنا روبیشہ اور عائزہ بھی آتی ہونگی پھر تم تینوں ساتھ چلی جانا اور ہاں تم تینوں کا ڈیپارٹمنٹ ایک ہی ہے اس لئے ساتھ ساتھ رہنا اور اگر کوئی مسلئہ ہو تو عِلمان یہیں پڑھاتا ہے اور ہو سکتا ہے آپ لوگوں کو بھی کوئی سبجیکٹ پڑھائے اس لئے اگر کوئی مسلئہ ہو تو اسے کہہ دینا ورنہ پھر مجھے کال کر دینا موبائل بند نہیں

Posted On Kitab Nagri

ہونا چاہئے جب کال کرو تو ریسیو کر لینا اور اگر کلاس میں ہو تو فری ہو کر کال بیک لازمی کرنا پیسے اپنے پاس لازمی رکھنا کبھی بھی ضرورت پڑ سکتی ہے اور جوس وغیرہ پیتی رہنا کینٹین سے بھوکی نہیں رہنا اور اگر طبیعت ٹھیک نہ ہو تو مجھے کال کر دینا میں لینے آجاؤنگا لیکن میرے علاوہ کوئی کچھ بھی کہے اسکے ساتھ نہیں جانا یہاں تک کہ مغیرہ اور عاہد کے ساتھ بھی نہیں جانا جب تک میں اجازت نا دو اور یونی سے باہر نہیں نکلنا جب تک میں فون کر کے پنے آنے کی اطلاع نہ دوں اور اگر مجھے دیر ہو جائے آنے میں تو مجھے کال کر کے یاد دلا دینا اور جب تک میں نا آجاؤ رومیشہ اور عائزہ کو جانے نہیں دینا بھلے عاہد اور مغیرہ لینے آجائیں ان سب باتوں کو سننے کے ساتھ ان پر عمل بھی کرنا ہے۔

مان نے یونیورسٹی کے باہر گاڑی روک کر ازدیان کو لمبا چوڑا لیکچر دیا جس پر ازدیان نے جمائی لی۔

دیا میں تمہیں سمجھا رہا ہوں اور تم ہو کہ سن ہی نہیں رہی۔

مان نے ازدیان کو جمائی لیتا دیکھ گھورتے ہوئے کہا۔

اصل میں آپکا لیکچر سنتے سنتے مجھے نیند آگئی اب اس میں میرا کیا قصور۔

مان کے گھورنے پر ازدیان نے انتہائی معصومیت سے کہا۔

ٹک ٹک ٹک۔۔۔۔

ابھی مان ازدیان کی کلاس لیتا کہ گاڑی کا شیشہ بجا جس سے مان شیشے کی طرف متوجہ ہوا جہاں رومیشہ عاہد اور مغیرہ عائزہ کھڑے تھے ان چاروں کو دیکھ کر وہ دونوں بھی باہر نکلے۔

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم بھائی بھابھی کیسے ہیں آپ۔

مان اور ازدیان کے باہر نکلتے ہی رویشہ اور عائزہ نے ایک ساتھ پوچھا۔

وعلیکم سلام ہم الحمدللہ بلکل ٹھیک میری شہزادیاں کیسی ہیں۔

الحمدللہ بھائی ہم بھی بلکل ٹھیک اب وقت زیادہ ہو رہا ہے ہمیں چلنا چاہیئے۔

رویشہ نے مان کو جواب دینے کے ساتھ وقت کا احساس دلایا۔

ہاں چلو آپ لوگ جاؤ اور عاہد آپ ان تینوں کا خیال رکھنا ٹھیک ہے اللہ حافظ اور مغیرہ تو میرے ساتھ چل مجھے تجھ سے کچھ کام ہے۔

مان نے عاہد کو ہدایت دیتے ہوئے کہا جو کہ یونی کے لاسٹ ائیر میں تھا اور آخر میں مغیرہ کو مخاطب کیا جس پر عاہد سر اثبات میں ہلاتا مان کے بغلگیر ہو کر یونی کے اندر چلا گیا تو وہ تینوں بھی اسکے پیچھے باتیں کرتی چل دی جبکہ مغیرہ مان کی بتائی ہوئی جگہ پر اس سے ملنے چل دیا۔

-------------------

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں مان بول کیا بات ہے خیریت تو ہے؟

مغیرہ نے مان کے سامنے والی چیئر پر بیٹھتے ہوئے کہا کیونکہ مان نے مغیرہ کو بات کرنے کے لئے ریسٹورینٹ کا ایڈریس دیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

مغیرہ میری بات کو دیھان سے سن آج بابا کو پتہ لگ گیاہیکہ میں نے رو بیشہ اور عائزہ کی شادی کر دی ہے لیکن انہیں یہ نہیں پتہ کہ کس سے کی ہے یہ ہے تیرا اور عائزہ کا ویزہ اور ٹکٹ تم آج رات کی فلائٹ سے امریکہ جا رہے ہو میں نہیں چاہتا بابا تم لوگوں کو کوئی نقصان پہنچائیں اور میں یہ بھی جانتا ہوں کہ بابا چین سے نہیں بیٹھیں گے اس لئے میں چاہتا ہوں تم لوگ وہاں چلے جاؤ تا کہ وہاں سکون سے رہو اور وہاں کا سارا بزنس تو سنبھال لے وہاں پر تجھے کوئی مسلئہ نہیں ہو گا عائزہ کو سمجھانا تیرا کام ہے اور مجھے یقین ہے وہ حالات کو سمجھے گی اور اگر پھر بھی نا مانے تو میں خود اسے سمجھا دونگا بس تم لوگ آج ہی یہاں سے چلے جاؤ میں نے ماموں سے بھی بات کر لی ہے اور وہ بھی راضی ہے تمہارے ساتھ رو بیشہ اور عاہد بھی آج ہی امریکہ جا رہے ہیں عاہد وہاں پر ماموں کا بزنس سنبھالے گا اس لئے تم لوگوں کو کوئی پریشانی نہیں ہو گی تم لوگ وہاں سکون سے رہو گے تو میں بھی بے فکر رہو نگا باقی میں پیچھے سب خود سنبھال لو نگا۔

مان نے مغیرہ کے پوچھتے ہی اسے ساری بات سمجھائی۔

ٹھیک ہے جیسے تو کہے گا ویسا ہی ہو گا لیکن تو مجھ سے کچھ نہیں چھپائیگا وعدہ کر۔

مغیرہ نے مان کی بات پر مانتے ہوئے وعدہ لیا۔

Posted On Kitab Nagri

ٹھیک ہے وعدہ اور مجھے یقین ہے تو مجھے غلط نہیں سمجھیگا اور میں نے رو بیشہ اور عائزہ کا ایڈمیشن امریکہ کی یونی میں کروادیا ہے میں نے آج انہیں اس لئے نہیں روکا کیونکہ میں چاہتا تھا وہ تینوں آپس میں تھوڑا وقت گزار لیں۔

مان نے مغیرہ سے وعدہ کرتے ہوئے مزید ہدایت دی اتنے میں ویٹر کافی لے آیا جسکا مان پہلے ہی آڈر دے چکا تھا اور وہ دونوں خاموشی سے کافی پینے لگے کیونکہ اب کہنے کے لئے دونوں کے پاس کوئی الفاظ نہ تھے زندگی میں پہلی مرتبہ ایک دوسرے سے دور ہو رہے تھے اور ہونا بھی ضروری تھا کیونکہ یہ تو مقدر کے کھیل ہے کس کو کہاں پہنچادے کس کو کیا خبر خیر ابھی تو بہت کھیل باقی ہیں کیونکہ زندگی خود ایک کھیل ہے۔

اور پھر وہ چاروں مان کی بات کا مان رکھ کر اور حالات کی نوعیت کو سمجھ کر اندھیری رات میں اپنے ملک کو خیر آباد کہہ گئے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دس مہینے بعد۔۔۔

مان ہسپتال کے کوریڈور میں پریشانی سے ٹہل رہا تھا جبکہ ازدیان پچھلے آدھے گھنٹے سے آپریشن تھیٹر میں زندگی اور موت کے بیچ لڑ رہی تھی۔

مبارک ہو مسٹر دہمان اللہ نے آپکو ایک ساتھ تین بچوں سے نوازہ ہے لیکن۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ڈاکٹر نے آپریشن تھیٹر کے باہر آتے ہوئے مان سے کہتے ہوئے بات اُدھوری چھوڑ دی۔

لیکن کیا ڈاکٹر آگے بولیں۔۔۔

ڈاکٹر کے بات ادھوری چھوڑنے پر مان نے خوف سے پوچھا۔

مسٹر دہمان اللہ کو یہی منظور تھا اللہ نے آپکو تین بچے دیے ہیں دو بیٹے اور ایک بیٹی جن میں سے ایک بیٹے کا انتقال ہو چکا ہے جبکہ دوسرے بیٹے کو ہم نے وینٹیلیٹر پر رکھا ہے اسے سانس میں مسلئہ ہو رہا ہے جبکہ آپکی بیٹی بلکل ٹھیک ہے لیکن پھر بھی ہم نے ابھی انھیں نرسری میں رکھا ہے ایک گھنٹے بعد آپ مل سکتے ہیں لیکن فلحال آپ اپنے اس بچے کو لے جسے اللہ نے آپکو دیکر دوبارہ اپنے پاس بلالیا آپکی وائف بلکل ٹھیک ہیں اور انہیں نیند کا انجیکشن نہیں چڑھا جسکی وجہ سے وہ ہوش میں آچکی ہیں آپ ان سے مل لیں اور انکو انکا بیٹا دیکھا دیں۔

ڈاکٹر نے اس مرے ہوئے بچے کو مان کو دیتے ہوئے کہا اور وہاں سے چلی گئی۔

میرا بیٹا میرا شہزادہ بابا کی جان۔

مان نے اس مرے ہوئے بچے کو پیار کرتے ہوئے کہا جبکہ چہرہ آنسوؤں سے تر اللہ نے خوشی دی بھی تو آزمائش کے ساتھ۔

مان بیٹا صبر کرو ابھی ازدیان کو بھی آپ کو ہی سنبھالنا ہے میرے بچے اللہ کو جو منظور تھا اسکی رضا میں راضی ہو جاؤ۔

Posted On Kitab Nagri

ماں کو روتا دیکھ مافیہ بیگم نے اسے سمجھاتے ہوئے کہا جس پر وہ اپنا مرا ہوا بیٹا لیکر ازدیان کے روم کی طرف چل دیا جسکو ابھی ہی پرائیویٹ روم میں شفٹ کر دیا گیا تھا۔

ماں دیکھائیں میرے بیٹے کو کیسا ہے میرا شہزادہ۔

ازدیان جو کہ ماں کے ہی انتظار میں تھی ماں کی گود میں بچے کو دیکھتی مسکراتے ہوئے کہنے لگی جس پر ماں کا ضبط ٹوٹنے لگا۔

ماں نے بچے کو لیجا کر ازدیان کے برابر میں لٹایا اور ازدیان کو سہارا دیکر ٹیک لگا کر بٹھایا اور بچے کو اسکی گود میں دیا۔

ماں یہ اتنا ٹھنڈا کیوں ہو رہا ہے نہ آنکھیں کھول رہا ہے۔

ازدیان نے بچے کو پیار کرتے ہوئے کہا جو کہ ماں کی کاپی تھا۔

ازدیان اللہ نے ہمیں ایک اور آزمائش میں ڈالا ہے اللہ نے ہم سے اپنی امانت واپس لے لی آخری مرتبہ اپنے بیٹے کو دیکھ لو۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ازدیان کے کہنے پر ماں نے ہچکیوں سے روتے ہوئے کہا۔

نہیں نہیں یہ نہیں ہو سکتا ماں پاگل ہو گئے ہیں آپ میرا بیٹا ہے کچھ نہیں ہوا اسے میں کہیں جانے نہیں دونگی آپ دیکھنا ابھی اپنی آنکھیں کھولیگا۔

Posted On Kitab Nagri

مما کے شہزادے مما کی جان آنکھیں کھولو میرے مصطفیٰ میری جان آنکھیں کھولو آپ مما کو پریشان نہ کرو یار تنگ کر رہے ہو نہ آپ مما کو اپنے بابا کو آنکھیں کھول کر دیکھاؤ دیکھو آپکے بابا کیا کہہ رہے ہیں گندے ہیں آپکے بابا میری جان آنکھیں کھولو مصطفیٰ میری زندگی آنکھیں کھولو مصطفیٰ نہیں یہ نہیں ہو سکتا ماں ہمیں کسی اور ڈاکٹر کو دیکھائینگے یہاں کہ ڈاکٹر سب خراب ہیں ہم کسی اور کو دیکھائیں گے میرا بیٹا مجھے چھوڑ کر نہیں جا سکتا مما کا شہزادہ ہے میں نے تو ابھی اپنے مصطفیٰ کو پیار بھی نہیں کیا میں نہیں جانے دونگی اپنے بیٹے کو۔

ازدیان ہوش میں آؤ اللہ کو یہی منظور تھا ہمارا دوسرا بیٹا بھی وینٹیلیٹر پر ہے لیکن اللہ کے کرم سے بیٹی ٹھیک ہے۔

ازدیان کے ہذیانی انداز میں کہنے پر ماں اسے جھنجھوڑتے ہوئے کہا جو کہ مصطفیٰ کو خود میں بھینچ چکی تھی
۔

بیٹی مر جاتی لیکن بیٹے کو نہیں مرنا چاہیے تھا اس لڑکی کی وجہ سے ہوا ہے یہ جب سے آئی ہے ناک میں دم کر کے رکھا اس نے اس کم ذات کی بیٹی میرے ایک پوتے کو تو کھا گئی اور اب دوسرا ابھی موت کے منہ میں ہے۔

عدنان صاحب بنا ازدیان کی پرواہ کیے دھاڑے۔

Posted On Kitab Nagri

کیا ہو گیا ہے بابا جب آپ تسلی نہیں دے سکتے تو آپ کو کوئی حق نہیں ہے اس طرح کہنے کا وہ میری بھی بیٹی ہے چلے جائے آپ یہاں سے۔

عدنان صاحب کی بات پر مان نے بھی غصے سے کہا جبکہ مافیہ بیگم اور مغیرہ کے علاوہ سب گھر پر تھے جنکو کچھ پتا ہی نہیں تھا۔

عدنان صاحب کو غصے سے کہنے کے بعد مان نے مغیرہ کو ازدیان سے مصطفیٰ لینے کا اشارہ کیا جس کو ازدیان پیار کرتے ہوئے باتیں کر رہی تھی اس وقت وہ بلکل بھی اپنے حواس میں نہیں تھی۔

جبکہ مغیرہ مان کا اشارہ سمجھتا ازدیان کے پاس آیا اور اپنے ہاتھ اسکے سامنے کرتے ہوئے کہنے لگا۔

گڑیا اللہ کی امانت اسے لوٹانے کا وقت آگیا ہے آپ میرے شہزادے کو مجھے دے دیں۔

نہیں بھائی میں کہیں جانے نہیں دونگی آپ لوگ سمجھ کیوں نہیں رہے کچھ نہیں ہوا میرے بیٹے کو خبردار کسی نے دور کیا مجھ سے میرا بیٹا۔

مغیرہ کے کہنے پر ازدیان نے پیچھے ہوتے ہوئے مصطفیٰ کو زور سے خود میں بھینچا جبکہ ازدیان کی حالت دیکھ کر سب کا دل پھٹنے کو تھا۔

نہیں مان آپ ایسا نہیں کر سکتے میرے بچے کو مجھے دیں میں مر جاؤنگی مان مجھے دیں اسے مان میں نے اسے پیار بھی نہیں کیا کہاں لیکر جا رہے ہیں بھائی میں کسی کو معاف نہیں کرونگی میرے مصطفیٰ کو دیں مجھے مان میرے بیٹا ما۔۔ن می۔۔۔را۔۔بی۔۔۔ٹا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ازدیان کو مصطفیٰ کو نا دیتا دیکھ مان نے ازدیان سے زبردستی مصطفیٰ کو لیکر مغیرہ کو دیا جس پر وہ اسے لیکر باہر چلا گیا جبکہ ازدیان چیختی چلاتی مان کے بازوؤں میں بے ہوش ہو گئی۔

---------------------

ڈاکٹر ڈاکٹر۔۔۔

ازدیان کو بے ہوش ہوتا دیکھ مان نے ڈاکٹر کو بلایا جبکہ مان کے بلانے پر ڈاکٹر نے ازدیان کا چیک اپ کر کے اسے نیند کا انجیکشن لگا دیا۔

مسٹر دہمان آپکی وائف کو ابھی آپکے بیٹے کا صدمہ لگا ہے اس لئے انکو ریلیکس کرنے کے لئے میں نے انہیں نیند کا انجیکشن دیا ہے آپ جا کر بچے کی تدفین کر آئیں جب تک یہاں پر نرس آپکی مسز کا خیال رکھ لینگی۔

ڈاکٹر نے ازدیان کا چیک اپ کرنے کے بعد مان سے کہا اور وہاں چلی گئی۔

اللہ میری حیات کو اور مجھے صبر جمیل عطا کرے۔

مان سوئی ہوئی ازدیان کے سر پر پیار کرتا اور اللہ سے دل ہی دل میں دعا کرتا وہاں سے چلا گیا۔

------------------------

یا اللہ ہماری آزمائش کم کر میرے مالک وہ تیری امانت تھا تو نے لے لی لیکن میرے رب مجھے اور میری بیوی کو صبر عطا کر ایسا صبر جو یعقوب نے یوسف کے مرنے کی خبر سننے کے بعد کیا تھا ایسا صبر جیسا ایوب

Posted On Kitab Nagri

نے اپنی بیماری پر کیا ایسا صبر جیسا یونس نے مچھلی کے پیٹ میں کیا ایسا صبر جیسا تیرے محبوب نے اپنے چار بیٹوں کو دفنا کر کیا۔

اے میرے مولا ایک کو تو تو نے لے لیا باقی دو بھی تیری امانت ہے میرے رب ان دونوں کو صحت عطا کر میرے مالک اب میری بیوی کوئی غم نہیں سہہ پائیگی اس نے بہت کچھ سہا ہے میرے اللہ اب ہم دونوں سے یہ دو پھول نا لینا یا اللہ میں اسے کیسے سنبھالو مجھے سمجھ نہیں آرہا یا اللہ ہمیں صبر عطا کر۔

مان مصطفیٰ کی تدفین کے بعد ڈائریکٹ ازدیان کے پاس ہسپتال آیا تھا لیکن اسے سوتا دیکھ کر پاس بنی مسجد میں نوافل پڑھ کر اپنے رب سے اپنے دل کا بوجھ ہلکہ کر کے دوبارہ ہسپتال ازدیان کے پاس چلا گیا

۔

---------------------------

نہیں دور رہیں میں نہیں دونگی اپنی بیٹی میں جانتی ہو آپ اسکو مارنے آئیں ہیں دور رہیں۔

ازدیان اپنی کچھ گھنٹے کی بیٹی کو خود میں بھینچتی ہوئی دہمان سے کہنے لگی جو کہ اپنی بیٹی کو گود میں لیکر پیار کرنا چاہتا تھا۔

دماغ خراب ہو گیا ہے ازدیان تمہارا وہ میری بھی بیٹی میں کیوں مارونگا اسکو؟

ازدیان کے اسطرح کہنے پر دہمان اس کے نزدیک آتے ہوئے غصے سے کہنے لگا۔

Posted On Kitab Nagri

نہیں میں جانتی ہو آپ اسکو زندہ دفنادو گے دیکھو میرے قریب مت آؤ میں چلی جاؤ نگی اپنی بیٹی کو لیکر لیکن میں آپ کو اپنی بیٹی کو مارنے نہیں دو نگی۔

آہہہہہہہ-----

ازدیان دہمان کو خود کے قریب آتا دیکھ جھٹکے سے بیٹھ سے اٹھ کر دوسری طرف بھاگی جبکہ اسکے ایسا کرنے سے اسکے ٹانکے ٹوٹ گئے اور خون رسنے لگا اور وہ کراہنے لگی سر بھی مسلسل چکرا رہا تھا لیکن وہ زبردستی خود کو بے ہوش ہونے سے روکے ہوئے تھی لیکن زیادہ دیر نہ رہ سکی اور اسکے پہلے وہ زمین پر گرتی دہمان نے ایک ہاتھ سے اسے اور دوسرے ہاتھ سے اپنی بیٹی کو سنبھالا۔

پہلے اس نے ازدیان کو اسکے بیڈ پر لٹایا اور پھر اپنی بیٹی کو پیار کر کے احتیاط سے لٹایا اتنے میں ڈاکٹر روم میں داخل ہوئی تو دہمان نے ساری بات ڈاکٹر کے گوش گزار کی جو کہ ازدیان کو چیک کر رہی تھی۔

انکا بی پی بہت ہائی ہے شاید انہوں نے کسی بات کی ٹینشن لی ہے اور انکے ٹانکے بھی ٹوٹ چکے ہیں ہمیں فوراًانہیں آئی سی یو میں شفٹ کرنا ہو گا ورنہ انکی زندگی بھی خطرے میں پڑھ سکتی ہے۔

ڈاکٹر نے دہمان کو ساری صورتحال سے آگاہ کیا اور ازدیان کو اسٹریچر پر لیٹاتے آئی سی یو کی طرف چل دی جبکہ پیچھے دہمان ابھی بھی ازدیان کے رویہ کی وجہ سوچ رہا تھا جو کہ اسکے سمجھ سے باہر تھی۔

---------------------

کیا ہوا امان کہاں ہے بھابھی۔

Posted On Kitab Nagri

مغیرہ نے ماں سے پوچھا جو کہ سارے کام نبٹا کر ابھی ماں کے پاس آیا تھا۔

یار مجھے کچھ سمجھ نہیں آرہا دیا کہہ رہی ہے میں اپنی بیٹی کو زندہ ڈفنا دونگا میں کیوں کرونگا ایسا وہ میری بھی تو بیٹی ہے اور کون باپ اپنی بیٹی کو زندہ دفنائیگا۔

مغیرہ کے پوچھنے پر ماں نے دکھ سے کہا۔

ماں قصور بھابھی کا نہیں ہے بھابھی کے دماغ میں تایا ابو کی باتیں گردش کر رہی ہیں جس کے خوف کے زیر ثاثر بھابھی کسی ہشر بھی یقین نہیں کر پارہی انہوں نے ابھی اپنے ایک لختِ جگر کو کھویا ہے اور دوسرے کو کھونے کی وہ طاقت نہیں رکھتی اس لئے انکار ئیکشن ایسا ہے فکر نہیں کر انشاءاللہ سب ٹھیک ہو گا اور میری شہزادی کہاں ہے۔

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

مغیرہ نے ماں کو سمجھاتے ہوئے ساتھ میں اسکی بیٹی کا پوچھا۔

وہ دیا کی طبیعت خراب ہوگئی تھی اس لئے نرس اسے نرسری میں لے گئی تھی جالیکر آجا میری شہزادی کو میں نے تو صحیح سے دیکھا بھی نہیں ہے اور میرے شہزادے کی طبیعت معلوم کر کیسا ہے اب وہ۔

مغیرہ کے پوچھنے پر ماں نے کہا جس پر وہ سر اثبات میں ہلاتا وہاں سے چلا گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ڈاکٹر کیسی ہے میری وائف؟

ڈاکٹر کو آئی سی یو سے باہر آتا دیکھ ماں نے بے چینی سے پوچھا۔

مسٹر دہمان آپکی مسز اب آوٹ اوف ڈینجر ہیں ابھی وہ دوائیوں کے زیرِ اثر ہیں چاہے تو آپ مل سکتے ہیں لیکن انکے ٹانکیں دوبارہ لگائے گئے ہیں جسکی وجہ سے انکی بہت کیئر کرنی پڑیگی اور ان سے کوئی ایسی بات نہیں کیجیئیگا جس کو وہ اپنے دماغ پر لے لیں ورنہ انکا بی پی ہائی ہو جائیگا ابھی تو ہم نے کنٹرول کر لیا

Posted On Kitab Nagri

ہے لیکن اگر بار بار بی پی ہائی ہوا تو انکو یہ بیماری رہنے لگ جائیگی جو کہ اتنی سی عمر میں بہت خطرناک ہے
۔

ڈاکٹر دہمان کو ازدیان کی ساری کنڈیشن سے آگاہ کرتی چلی گئی جبکہ مان دل ہی دل میں اپنے رب کا شکر ادا کرتا ازدیان کے روم کی میں چلا گیا۔

دیا یار اٹھو کب سے سو رہی ہو اتنا تو کبھی نہیں سوتی تم دیا نماز کا وقت ہو رہا ہے یار اٹھو۔

مان جو کہ ابھی کمرے میں آیا تھا سوتی ہوئے ازدیان کو اٹھاتے ہوئے کہنے لگا۔

ازدیان ضد کر کے دوسرے دن ہی گھر آ گئی تھی جبکہ ثمامہ کی طبیعت بھی بہتر تھی اس لئے ڈاکٹر نے ڈسچارج کر دیا تھا اس لئے مان ازدیان کی ضد کے آگے ہار مانتے ہوئے ثمامہ عرفیہ اور دیا کو لیکر گھر آ گیا تھا جہاں پر دیا کا سب بہت خیال رکھ رہے تھے دیا نے بھی اپنے بچوں کے لئے خود کو سنبھال لیا تھا جبکہ مغیرہ اور عاہد روبیشہ اور عائزہ کے ساتھ دوبارہ امریکہ چلے گئے تھے۔

یار دیا اٹھو دیکھو ثمامہ رو رہا ہے شاید اسے بھوک لگی ہے۔

مان سونے دے نہ نیند آ رہی ہے۔

مان کے اٹھانے پر دیا نے نیند میں ہی مان کو جواب دیا اور دوبارہ سو گئی۔

Posted On Kitab Nagri

جب سے دیا ہسپتال سے آئی تھی سو ہی رہی تھی نہ کھانے کا ہوش تھا اور نا ہی نماز جبکہ مان جانتا تھا چاہے کچھ بھی ہو جائے دیا نماز چھوڑنے تو دور قضاء بھی نہیں کرتی تھی لیکن اب اسے ہوش ہی نہیں تھا نماز کا

۔

ازدیان کے کہنے پر مان نے ثمامہ کو اٹھایا اور دیا کے سر پر پیار کر کے کچھ سوچتا ہوا عافیہ بیگم کے کمرے کی طرف چل دیا کیونکہ عرفیہ انکے پاس ہی تھی اس لئے اب مان کو اپنی شہزادی سے ملنا تھا۔

میں مما کے روم میں ہوں ثمامہ کی فیڈر بنا کر وہی لے آؤ۔

مان نے کمرے سے نکل کر کام کرتی ملازمہ سے کہا اور عافیہ بیگم کے روم کی طرف بڑھ گیا۔

-----------------

اسلام علیکم مما کیسی ہے آپ؟

مان نے کمرے میں داخل ہوتے ہی عافیہ بیگم سے پوچھا۔

وعلیکم سلام میں بلکل ٹھیک بچے آپ بتاؤ ازدیان کیسی ہے مجھے اسکی طبیعت ٹھیک نہیں لگ رہی جب سے ہسپتال سے آئی ہے خود بھی سو رہی ہے اور دونوں بچے بھی بس سوتے رہتے ہیں۔

عافیہ بیگم نے مان کے سلام کا جواب دینے کے ساتھ پریشانی سے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں مما میں نے بھی نوٹ کیا ہے کتنا ہی اٹھا لو اٹھتی نہیں مجھے تو سمجھ نہیں آرہا ایسی بھی کیا نیند ہو گئی میں ڈاکٹر سے پوچھا تھا کہ کوئی نیند کی گولی دی ہے کیا آپ نے تو انہوں نے کہا کہ نہیں میں نے تو نہیں دی بلکہ اگر وہ خود بھی لے رہی ہیں تو نہ لیں کیونکہ اسکو اور بچوں تینوں کے لئے نقصان دہ ثابت ہو گا۔

ڈاکٹر کی بات سن کر میں نے پورا کمرہ بھی چیک کیا لیکن مجھے نیند کی دوائی کہیں نہیں ملی اس لئے میں سوچ رہا تھا ایک دفعہ ڈاکٹر کے دیکھا دینا چاہیئے پتہ نہیں کیا ہو گیا ہے مجھے تو کچھ بھی سمجھ نہیں آرہا۔

عافیہ بیگم کے کہنے پر مان نے انہیں پریشانی سے کہا۔

ہاں صحیح کہہ رہے ہو ابھی لیکر جاؤ ازدیان کو بچوں کو میں اور شگفتہ سنبھال لینگی۔

ہاں مان بھابھی صحیح کہہ رہی ہیں بچے آپ لے جاؤ ازدیان کو اور ثمامہ کو مجھے دے دو۔

عافیہ بیگم کے کہنے پر کمرے میں داخل ہوتی شگفتہ بیگم نے بھی متفق ہوتے مان سے کہا جس پر مان نے ثمامہ کو شگفتہ بیگم کو دیا جو کہ دوبارہ سو گیا تھا اور خود اپنے کمرے کی طرف چل دیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

---

مسٹر دہمان کیا آپکی وائف نشہ کرتی ہیں مطلب کہ ڈرگس وغیرہ کچھ بھی۔

مان ازدیان کو ہسپتال لیکر آیا تھا جہاں ڈاکٹر نے ازدیان کی رپورٹ وغیرہ کروائی تھی اور اب وہ رپورٹ دیکھ کر مان سے پوچھنے لگی۔

Posted On Kitab Nagri

آپ کیا بول رہی ہیں آپ کو اندازہ ہے میری وائف مر کر بھی کبھی ایسی حرکت نہیں کر سکتی آپکو غلط فہمی ہوئی ہے۔

ڈاکٹر کی بات سن کر مان نے بھڑکتے ہوئے کہا۔

دیکھیں مسٹر دہمان اگر آپ اتنے یقین سے کہہ رہے ہیں تو ہو سکتا ہے وہ خود نہیں لیتی ہو لیکن انہیں دی جارہی ہو کسی بھی چیز کے ذریعے۔

کیا مطلب ہے آپکی بات کا آپ کھل کر کہیں۔

ڈاکٹر کی بات سن کر مان نے نا سمجھی سے پوچھا۔

دیکھیں مسٹر مان ہو سکتا ہے آپکی وائف کو کسی کھانے میں ملا کر یا پھر کسی جوس وغیرہ میں ملا کر دی جارہی ہو اور اگر ایسا ہے تو یہ بہت خطرناک بات ہے آپکی وائف اور آپکے بچوں کے لئے ایک تو آپکی وائف اتنی چھوٹی عمر میں تین بچوں کی ماں بن گئی اور پھر انہیں بلڈ پریشر بھی ہائی ہو جاتا ہے اور اب یہ نشہ یہ سب چیزیں بہت خطرناک ہے اور ظاہر سی بات ہے جو ماں کھاتی پیتی ہے بچوں پر تو اسکا اثر پڑتا ہے اسی وجہ سے آپکے بچے بھی اس نشے کے زیرِ اثر ہے یہ تو اللہ کا شکر ہیکہ ابھی زیادہ وقت نہیں ہوا ابھی ہی اگر آپ یہ سب چیزیں کنڑول کر لینگے تو بڑے نقصان سے بچ سکتے ہیں ورنہ اللہ نا کرے کوی بڑا نقصان اٹھانا پڑ جائیگا آپکو۔

مان کے پوچھنے پر ڈاکٹر نے تفصیل سے اسے سمجھایا۔

Posted On Kitab Nagri

توان سب چیزوں کے لئے مجھے کیا کرنا پڑیگا؟

ڈاکٹر کی ساری بات سن کرمان نے پریشانی سے پوچھا۔

سب سے پہلے تو آپ اپنی وائف کے کھانے پینے پر نظر رکھیں اور جو چیز آپکو مشقوق لگے آپ اسکو لیبارٹری بھیج کر ٹیسٹ کروائے اور جب رپورٹ مثبت آجائے تو دیکھیں وہ چیز کس نے بنائی ہے پھر اس سے تفتیش کریں اسطرح آپ مجرم تک پہنچ سکتے ہیں لیکن ساتھ ساتھ آپکو اپنی وائف کو بزی کرنا پڑیگا

مطلب کے آپکی وائف پڑھتی ہے تو انکو یونی بھیجیں تاکہ جتنا ہوسکے وہ گھر سے دور رہ سکیں اس طرح آپکو بھی مجرم کو پکڑنے میں آسانی ہوگی۔

ساتھ میں آپکو اپنے بچوں کے بھی کھانے پینے کا خیال رکھنا پڑیگا ہوسکتا ہے کوئی آپکی وائف اور بچوں دونوں کو مارنا چاہتا ہے کیونکہ جو یہ ڈرگس دی جارہی ہے بہت ہی خطرناک ہے اس سے موت بھی واقع ہوسکتی ہے اور چھوٹی عمر میں تو زیادہ اٹیک کرتی ہیں یا پھر آسان سا حل ہے مجرم پکڑے جانے تک آپ اپنی وائف اور بچوں کو لیکر کہیں اور شفٹ ہو جائیں۔

تھینکس ڈاکٹر آپ نے بہت آسانی کہ ہے میرے لئے میں آپکا مشکور ہوں۔

مان نے ڈاکٹر کی ساری بات سننے کے بعد عاجزی سے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

مسٹر مان آپکی وائف ہے ہی اتنی کیوٹ کے کوئی بھی انکی طرف اٹریکٹ کر سکتا ہے چاہے لڑکے ہو یا لڑکیاں یہ تو آپکی وائف پردہ کرتی ہے ورنہ شاید ابھی کوئی اور لے جاچکا ہوتا۔

ڈاکٹر مان کے کندھے پر سر رکھے سوتی ازدیان کو دیکھ کر مان سے شرارتی لہجے میں کہا۔

خیر کیوٹ تو واقعی بہت ہے ساتھ شرارتی بھی لیکن آپ کی یہ بات غلط ہے کہ کوئی اور لے جاتا کیونکہ اللہ نے میرے نصیب میں لکھا تھا تو مجھے ہی ملنی تھی۔

اچھا اچھا سوری بس میں تو مزاق کر رہی تھی اللہ آپ دونوں کی جوڑی سلامت رکھیں ازدیان مجھے بلکل اپنی بہنوں کہ طرح عزیز ہو گئی ہے اللہ آپ دونوں کو خوش رکھے کبھی میرے گھر چکر لگائیگا میں آپکو اور ازدیان کو اپنی فیملی سے ملوانا چاہو نگی اور اگر آپکو میری کسی مدد کی ضرورت پڑے تو میں حاضر ہوں بلکہ مجھے خوشی ہو گی۔

مان کے ناراضگی سے کہنے پر ڈاکٹر حفشہ نے ازدیان کو سوتے دیکھ محبت سے کہا۔

جی ضرور بہت شکریہ آپکی محبت کا لیکن فلحال مجھے ابھی مجرم کو پکڑنا ہے جس نے میرے بیوی بچوں کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی خیر اب میں چلتا ہو اللہ حافظ۔

مان نے ڈاکٹر سے کہا اور ازدیان کو لیتا وہاں سے چلا گیا۔

-----------------------

کیا ہوا بیٹا کیا کہا ڈاکٹر نے سب ٹھیک تو ہے۔

Posted On Kitab Nagri

عافیہ بیگم نے مان اور ازدیان کو آتا دیکھ پریشانی سے پوچھا جبکہ شگفتہ بیگم بھی سوالیہ نظروں سے انہیں ہی دیکھ رہی تھی۔

مما روم میں چلیں وہاں بات ہو گی۔

مان نے عافیہ بیگم سے کہا اور نیند میں جھولتی ازدیان کو کمرے میں لے گیا۔

بیٹا بتاؤ کیا کہا ڈاکٹر نے مجھے پریشانی ہو رہی ہے۔

عافیہ بیگم نے کمرے میں آتے دوبارہ پوچھا جس پر مان نے ساری بات انکے گوش و گزار کر دی۔

یا اللہ اس حد تک چلے گئے یہ ظالم لوگ اللہ کا قہر نازل ہو جو بھی یہ سب کر رہا ہے مان آپ یہاں سے جاؤ ازدیان کو لیکر آج ہی میں اپنے بچوں پر کسی کا برا سایہ بھی برداشت نہیں کرونگی اس لئے آپ ازدیان کو لیکر جاؤ حالت دیکھو کیا ہو گئی ہے میری شہزادی کی آنکھ کھول کر ہی نہیں دیکھ رہی۔

مان کی ساری بات سننے کے بعد عافیہ بیگم نے روتے ہوئے کہا۔

ہاں مان کچھ دن آپ لوگ امریکہ چلے جاؤ جب تک مجرم کا پتہ نہیں چلتا۔

عافیہ بیگم کے کہنے پر شگفتہ بیگم نے بھی انکی ہاں میں ہاں ملائی جبکہ مان نے انکی بات سن کر پر سوچ انداز میں سر کو جنبش دی۔

ازدیان اٹھو یار صبح ہو گئی ہے۔

مان سونے دیں مجھے نیند آرہی ہے۔

Posted On Kitab Nagri

نہیں دیا بس بہت ہو گیا اٹھنے کی کوشش کرو وہ دیکھو بچے بھی رونہ شروع ہو گئے ہیں انہیں بھوک لگ رہی ہے فیڈر پلاؤ انہیں۔

ازدیان کے کہنے پر مان نے اسے اٹھاتے ہوئے بچوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

ارے مما کی جان کو کیا ہوا کیوں میری بچے رو رہے ابھی مما فیڈ کروائینگی بس بس چپ۔

مان کے کہنے پر ازدیان جلدی سے اٹھتی روتے ہوئے ثمامہ سے پیار سے باتیں کرنے لگی۔

اچھا آپ یہ فیڈر عرفیہ کو پلائیں میں ثمامہ کو پلا رہی ہو۔

ازدیان نے مان سے کہا تو وہ بھی سر اثبات میں ہلاتا اس سے فیڈر لیتا روتی ہوئی عرفیہ کو گود میں لیکر اسے پلانے لگا۔

ہم امریکہ جارہے ہیں۔۔۔۔۔مان نے عرفیہ کو فیڈر پلاتے ہوئے ازدیان سے کہا۔

مان میں سب جانتی ہوں لیکن بھاگنا تو کوئی حل نہیں دیکھیں کل سے آپ نے میرے کھانے پینے کا خیال رکھا ہے تو آج میں اٹھ گئی ہوں پہلے سے بہتر ہوں میں اب یہاں پر رہا ہی کون ہے اور اگر اپن بھی چلے گئے تو مما اور شگفتہ چچی اکیلی رہ جائینگی ویسے ہی انہیں کوئی اہمیت نہیں دیتا اور اگر آپ بھی چلے گئے تو انکی توزنگی تنگ کردینگی پھوپھو اور پھر آپ کی یہاں کتنی زمیداریاں ہیں وہ کون سنبھالے گا جس ظلم کو مٹانے کی خاطر آپ نے ناچاہتے ہوئے بھی سرداری لی تھی تو پھر آپ کے جانے کے بعد دوبارہ وہی ظلم کی داستان شروع ہو جائیگی اور جو آپ نے اتنی محنت کر کے یہاں کا قانون سدھارا ہے

Posted On Kitab Nagri

اسکول کالجز بنوائے ہیں لوگوں کی جابز لگوائی ہیں اور بہت سے کام جو آپ نے کیے ہیں دن رات محنت کر کے تو اگر آپ چلے گئے تو سب درھم برھم ہو جائیگا میں ہی نہیں بہت سے لوگوں کی زندگی آپ نے سنواری ہے انکی زندگی پھر سے برباد ہو جائیگی اور بہت سے معصوم دوبارہ ظلم کی بھینٹ چڑھا دیے جائینگے۔

آپ نے یہاں رہ کر لوگوں کی حفاظت کی ہے اس گاؤں کی حفاظت کی ہے اس لئے اسی طرح اپنے بیوی بچوں کی حفاظت کریں باقی اللہ سب کا نگھبان ہے۔

مان کے کہنے پر ازدیان نے اسے تفصیل سے سمجھایا۔

ہمم صحیح بول رہی ہو دل میرا ابھی نہیں ہے جانے کو کیونکہ جو میں نے نظام شروع کیا ہے بابا کی مخالت کر کے اسے میں ہی چلا سکتا ہوں۔

دیکھیں مان اگر ہم یہاں رہینگے تو آپ مجرم تک آسانی سے پہنچیں گے آپ ایک کام کریں کچن میں ہائڈن کیمرہ لگوادیں خود ہی دودھ کا دودھ پانی کا پانی ہو جائیگا مجرم خود آپ کے سامنے ہو گا۔

اچھا چلو ٹھیک ہے اب میں ناشتہ منگوا رہا ہوں فریش ہو کر ناشتہ کرو بچے بھی سو گئے ہیں۔

ازدیان کی بات سن کر مان نے اسے کہتے ہوئے سوئے ہوئے بچوں کی طرف توجہ دلائی جس پر ازدیان بچوں کو سلا کر فریش ہو کر دوبارہ روم میں آئی اتنے میں ملازمہ بھی دونوں کا ناشتہ لے آئی تھی۔

---------------------------

Posted On Kitab Nagri

صاحب جی وہ آپ دونوں کو کچھ بتانا تھا۔

ملازمہ نے ٹرے ٹیبل پر رکھ کر ان دونوں کو ایک نظر دیکھتے ہوئے ڈرتے ہوئے کہا۔

جی کہیں آپ پہلے بیٹھ جائیں صوفے پر۔

ملازمہ ہے کہنے پر ازدیان نے اسے ڈرتے دیکھ پر سکون کرنے کے لئے نرم لہجے میں کہا۔

صاحب جی میں بہت گناہگار ہوں آپ دونوں کی مجھے معاف کر دیں لیکن میں مجبور تھی وہ مجھے منیشہ بیبی اور پھوپھو نے یہ سفید پاؤڈر دیا تھا کہ میں روز چھوٹی سردارنی کے کھانے میں یہ ملایا کروں اور اگر میں نے ایسا نہ کیا یا پھر کسی کو بتایا تو وہ میرے بچوں کو ماردینگی اور بچوں کی پیدائش سے پہلے بھی میں نے انہیں خود چھوٹی سردارنی کے جوس میں کچھ ملاتے دیکھا تھا اور جب انہوں نے دیکھا کہ میں نے دیکھ لیا ہے تو انہوں نے کہا کہ اب میں یہ کام روز کرونگی اور اگر میں نے نہیں کیا تو وہ میرے بچوں کو ماردینگی لیکن اسی دن وہ جوس پی کر ازدیان بیبی کی طبیعت خراب ہوگئی اور آپ ان کو بروقت ہسپتال لے گئے ورنہ مصطفیٰ بابا کے ساتھ چھوٹی سردارنی اور دونوں بچوں کو بھی نقصان اٹھانا پڑتا صاحب جی میں کبھی مر کر بھی ایسا نہیں کرتی لیکن میں مجبور تھی میرے بچے کو وہ ظالم عورتیں ماردینگی لیکن اب مزید مجھ سے یہ سب نہیں کیا گیا اس لئے میں نے آپ دونوں کو سب سچ بتادیا اب آپ جو چاہے مجھے سزادیں لیکن میرے بچے کو ان دونوں سے بچالیں میں مرتے دم تک آپکا یہ احسان نہیں بھولونگی۔

Posted On Kitab Nagri

ملازمہ نے ہچکیوں سے روتے ساری سچائی دونوں کے گوش و گزار کر دی جبکہ اس انکشاف پر تو دونوں پتھر کے ہو گئے دماغ ماؤف ہو گیا تھا کچھ سمجھ ہی نہیں آرہا تھا زبان پر جیسے قفل لگ گیا تھا دماغ میں بس ایک ہی بات گردش کر رہی تھی کہ اسکے لختِ جگر کو قتل کیا گیا تھا۔

ماں میرا مصطفیٰ ماں مجھے مصطفیٰ چاہیئے ماں مجھے میرا بچہ لادیں ماں میں آپ سے کچھ نہیں مانگو نگی مجھے میرا بچہ لادیں آخر کیا قصور تھا اس معصوم کا وہ تو دنیا میں بھی نہیں آیا تھا ماں ان ظالموں اسکو بھی نہیں چھوڑا ماں میں اس گلٹ میں مر جاؤ نگی کہ میں اپنے بچے کے حفاظت نہ کر سکی مجھے میرا بچہ چاہیئے مجھے مصطفیٰ چاہیئے ماں میں آپکی ہر بات مانو گی بس مجھے مصطفیٰ لادیں میں چلی جاؤ نگی یہاں سے بہت دور جہاں کسی کا بھی سایہ میرے بچوں پر نہیں پڑیگا بس مجھے میرا مصطفیٰ لادیں۔

ازدیان نے ملازمہ کی بات دماغ پر لے لی تھی جس سے وہ ہذیانی انداز میں ماں کے کالر پکڑ کر زارو قطار روتے چیختے ہوئے کہنے لگی۔

ممانچی ماں کو بولیں مجھے میرا مصطفیٰ لادیں میں چلی جاؤ نگی یہاں سے ہمیشہ کے لئے بہت دور مجھے مصطفیٰ چاہیئے مما میں نے اسکی شاپنگ کی تھی اسکے کپڑے ایک منٹ رکیں میں آپکو دیکھاؤ۔

عافیہ بیگم اور شگفتہ بیگم جو ازدیان کی چیخ و پکار سنتی کمرے میں آئی تھی ازدیان ماں کو حرکت نا کرتے دیکھ فوراً سے ان کے پاس لپکتے ہوئے انہیں کہا اور وارڈروب کی طرف بڑھی۔

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

یہ یہ دیکھیں یہ میرے مصطفیٰ کے کپڑے یہ دیکھیں اس کے چھوٹے چھوٹے جوتے اسکی چپل دیکھیں پیاری ہیں نہ مما بولیں نہ مان کو مجھے لا کر دیں مصطفیٰ کو چچی میں مر جاؤ نگی اسکے بغیر وہ تو میرا پیارا بیٹا تھا نہ کوئی کیوں نہیں سن رہا مان لا کر دیں نہ مجھے مصطفیٰ کو میں آپکو کبھی معاف نہیں کرونگی مجھے مصطفیٰ چاہئے

۔

ٹھیک ہے کوئی نہیں جا رہا نہ میں جا رہی ہوں اپنے مصطفیٰ کو ڈھونڈنے وہ میرا انتظار کر رہا ہو گا اسے بھوک لگ رہی ہو گی ہاں رو رہا ہو گا آپکو تو پرواہ نہیں ہے میں جا رہی اپنے بیٹے کو لینے۔

از دیان کسی کو اپنی بات نا سنتا دیکھ چیختی ہوئی ننگے سر ننگے پاؤں باہر کو بھاگی۔

دیا ہوش میں آؤ اللہ کے پاس ہے وہ کہاں سے لاؤ گی اسے ہوش میں آؤ دیا میرے ضبط کی قناطیں ٹوٹ رہی ہیں مت کرو اس طرح مر رہا ہوں میں تمہیں اس حالت میں دیکھ کر چپ کر جاؤ تھک گیا ہوں میں یار ایک بیٹے کو کھو چکا ہوا اب تمہیں کھونے کی ہمت نہیں ہے مجھ میں سنبھالو خود میرے لئے بچوں کے لئے۔

مان دیا کو بھاگتے دیکھ ہوش میں آیا اور اسے پکڑتے ہوئے خود میں بھینچتے ہوئے کہنے لگا جبکہ چہرہ اسکا بھی آنسوؤں سے تر تھا باقی سب بھی منہ پر ہاتھ رکھ کر اپنی سسکیوں کا گلہ گھونٹ رہے تھے۔

دیا دیا اٹھو دیا کیا ہوا ہے۔

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کرسکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

مان ازدیان کا چہرہ تھپتھپاتے ہوئے اسے اٹھانے لگا جو کہ بے ہوش ہو گئی تھی۔

یار دیا کیوں پریشان کر رہی ہوں اٹھو دیا دیکھو بچے کیسے رو رہے ہیں اٹھو دیا تنگ نہیں کرو یار دیا میں پہلے ہی پریشان ہوں۔

Posted On Kitab Nagri

مان ازدیان کو اٹھاتے ہوئے کہنے لگا جیسا کہ وہ اسے سن رہی ہوں۔

مان بیٹا ازدیان کو بیڈ پر لٹاؤ اور ڈاکٹر کو فون کرو۔

مان کے ہاتھ پاؤں کو پھولتے دیکھ چچی نے اسے سمجھاتے ہوئے کہا جبکہ عافیہ بیگم اپنی آنکھوں کے سامنے اپنی اولاد کو تڑپتا دیکھ خود کو بے بسی کی انتہا پر محسوس کر رہی تھی جو ایک ماں ہو کر بھی اپنی اولاد کے لئے کچھ نا کر سکی اور نا ہی اب کچھ کر پا رہی تھی سوائے آنسو بہانے کے۔

ڈاکٹر حفشہ پلیز جلدی گھر آئیں دیا بے ہوش ہو گئی ہے۔

مان نے ڈاکٹر حفشہ کو فون کرتے ہوئے پریشانی سے کہا جس پر ڈاکٹر حفشہ نے پندرہ منٹ میں پہنچنے کا کہہ کر فون بند کر دیا جبکہ عافیہ بیگم اور شگفتہ بیگم دونوں روتے ہوئے بچوں کو چپ کروانے لگی جو کہ شاید شور سن کر ڈر گئے تھے یا وہ بھی اپنے ماں باپ کے دکھ میں شامل تھے۔

---------------------------

کیا ہوا تھا مسٹر دہمان آپکی وائف کو۔

ڈاکٹر نے ازدیان کا چیک اپ کرنے کے بعد مان سے پوچھا جس پر مان نے الف سے ی تک ساری بات انکے گوش س گزار کر دی چونکہ ڈاکٹر حفشہ پہلے ہی سب کو کمرے سے نکال چکی تھی اس لئے اب مان سے کھل کر بات کر رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

آپکی ملازمہ سچ کہہ رہی ہے رپورٹ کے مطابق بھی انہیں زہر دیا گیا تھا جس کا اثر صرف مصطفیٰ پر ہوا اور بروقت ہسپتال لانے کی وجہ سے آپکی وائف اور دونوں بچے بچ گئے میں نے آپکو یہ بات اس لئے نہیں بتائی تھی کیونکہ اس وقت آپ اس کنڈیشن میں نہیں تھے کہ میں آپ سے یہ بات شئیر کرتی لیکن میں بعد میں بتانے کا ارادہ رکھتی تھی اور کل جب آپ میرے پاس ازدیان کو لیکر آئے تو میں تب بھی آپکو بتانے والی تھی لیکن میں نے سوچا جب آپ یہ پتا لگا لینگے کہ کون آپکی بیوی بچوں کا دشمن ہے تو خود ہی آپ کو سب سچ پتہ چل جائیگا اور ممکن تھا کہ آپ میری بات پر یقین نا کرتے اس لئے میں نے آپکو نہیں بتایا خیر ازدیان نے کھانے پینے کا خیال رکھیں وقت پر دوائیاں دیں اور انہیں ٹینشن سے دور رکھیں میں نے نیند کا انجیکشن لگایا ہے تھوڑی دیر میں انہیں ہوش آجائیگا لیکن جب تک یہ خود نا اٹھیں انہیں ڈسٹرب مت کیجئےگا باقی اللہ بہتر کریگا۔

ڈاکٹر مان کو ازدیان کی طبیعت کا بتا کر وہاں سے چلی گئی جبکہ مان بھی بیڈ کراؤن سے ٹیک لگا کر آنکھیں موند گیا کیونکہ ابھی وہ سب کچھ بھلائے خود کو ازدیان کو پر سکون کرنا چاہتا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

غفور مہینہ شروع ہو چکا ہے اس لئے ہر مہینے کی طرح اب بھی گاؤں کے ہر گھر میں راشن بھجواؤ کوئی بھی گھر ایسا نہ ہو جہاں لوگ بھوکے سو رہے ہوں ورنہ ان سب کا حساب تم دوگے اور جمشید چچا کو بھیجو۔

مان نے ڈیرے پر بیٹھے سامنے بیٹھے غفور کو حکم دیا جس پر وہ سر اثبات میں ہلاتا وہاں سے چلا گیا۔

Posted On Kitab Nagri

سردار آپ نے بلایا؟

غفور کے جانے کے پانچ منٹ بعد ہی جمشید چچا کمرے میں داخل ہوتے پوچھنے لگے۔

اسلام علیکم چچا کیسے ہیں آپ گڑیا اور راحم کیسے ہے؟

مان نے چچا کو اشارے سے بیٹھنے کا کہتے ساتھ پوچھا۔

وعلیکم سلام سردار میں بلکل ٹھیک اور بچے بھی الحمدللہ ٹھیک ہے آپ نے جو ہم پر احسان کیا ہے ہم مرتے دم تک نہیں بھول سکتے ہماری ان ظالموں سے جان چھڑوا کر میری بچی کا کالج میں داخلہ کروایا اور آج آپکی وجہ سے میری بیٹی بارھویں کے پرچے دے رہی ہے اور بیٹا جامعہ میں پڑھ رہا ہے اور ساتھ نوکری بھی دلوائی آپ نے ہمارے دن بدل دیے اب اس گاؤں کا کوئی بھی شخص غریب ہو یا امیر بنا کسی ڈر خوف کے پرسکون زندگی گزار رہے ہیں آپ نے اس گاؤں کی کایا پلٹ کر رکھ دی اس گاؤں کے معصوم لوگوں کو ظالموں سے بچایا آپ ہمارے لئے کوئی مسیحا بن کر آئے ہیں اللہ آپکا سایہ ہم ہر ہمیشہ قائم رکھے اللہ آپکو لمبی اور خوشیوں بھری زندگی عطا کرے۔

www.kitabnagri.com

چچا اب آپ مجھے شرمندہ کر رہے ہیں یہ سب کچھ میں آپ لوگوں کے لئے نہیں بلکہ اپنی آخرت سنوارنے کے لئے کر رہا ہوں بلکہ میں تو مشکور ہوں آپ لوگوں کا جنہوں نے مجھے نیکی کمانے کا اور حق اور باطل کی جنگ لڑنے کا موقعہ دیا اور میں مشکور ہوں اللہ کا جس نے مجھے دولت کی فراوانی اور اقتدار دونوں عطا کیے اور انکے ساتھ ساتھ میرے ضمیر کو زندہ رکھا اور مجھے توفیق اور ہمّت عطا کی کہ میں حق

Posted On Kitab Nagri

کو بلند کر کے باطل کو مٹادوں میں تو بندہِ بشر ہوں میری کہاں اوقات کہ میں اسکے حکم کے بغیر ایک پتہ بھی یہاں سے وہاں کر سکوں یہ سب تو میرے رب نے کیا ہے اور میں جتنا شکر ادا کرو اپنے رب اتنا کم ہے کہ اس نے ان سب چیزوں کے لئے اس حق اور باطل کی جنگ کے لئے مجھے چنا اور مجھے ظلم و زیادتیوں سے بھرے میدان میں تنہا لڑنے کے لئے بھیجا اور پھر میری مدد میری بیوی کے ذریعے کی جو کہ یہ لڑائی پہلے سے لڑ رہی تھی اور پھر اس نے میری ہمّت اور حوصلے کو ٹوٹنے نہیں دیا میری رہنمائی کی میرے ہر سکھ دکھ کا اس نے مجھ سے پہلے کھڑے ہو کر استقبال کیا اور میری زندگی سنوار دی۔

جمشید چچا کے محبت سے کہنے پر مان نے عاجزی سے کہا اور پھر آخر میں محبت سے ازدیان کا ذکر کیا۔

اچھا چھوڑیں ان سب باتوں کو میں نے آپ کو اس لئے بلایا تھا کہ اس پورے سال میں جتنی بھی فصل کا پرافٹ ہمیں ہوا ہے اسکا چوتھائی حصہ گاؤں کے قریب دوسرے گاؤں کے لئے استعمال کریں یعنیٰ راشن وغیرہ اور تعمیراتی کام جو بھی انکی ڈیمانڈ ہو آپ ان سے بات کرلیں کہ انکو کیا چاہئے پھر ہم وہی انکو مہیا کرینگے اور اس پرافٹ کا چوتھائی حصہ جو ہے وہ مدارس مسجد شیلٹر ہوم دارالامان اینجیوز وغیرہ میں بھجوادیں اور جو باقی چوتھائی حصہ ہے اس سے اسکالرشپ پر بچوں کی پڑھائی کا کام کریں ابھی ارحم یہاں نہیں ہے وہ یونی گیا ہوا ہے اس لئے آپ سے کہہ رہا ہوں اگر وہ یونی سے آجائے تو میرے پاس بھیج دیجئیگا میں اسے اچھے سے سمجھادونگا کہ کیا کرنا ہے سب سے پہلے آپ آس پاس کے گاؤں میں

Posted On Kitab Nagri

راشن وغیرہ بھجوائیں اور انکی ڈیمانڈ معلوم کریں کہ وہ کیا چاہتے ہیں جو انکی متفق رائے ہوگی ہم اس پر ہی کام کرینگے ٹھیک ہے آپ اب جا کر بھلے اپنا کام کریں۔

مان نے جمشید چاچا کو سب کچھ سمجھاتے ہوئے کہا جس پر وہ سر اثبات میں ہلاتے چلے گئے۔

جمشید چچا مان کے پاس منشی گری کا کام کرتے تھے زمینوں کے سارے حساب کتاب وہی کرتے تھے اس لئے مان نے انہیں بلایا تھا اور اب وہ راحم کو بھی سمجھانے کا ارادہ رکھتا تھا۔

------------------------

ٹرن ٹرن ٹرن۔۔۔

مان جمشید چچا کے جانے کے بعد گھر جانے کے لئے اٹھ ہی رہا تھا کہ اسکا موبائل بجا مان نے موبائل پاکٹ سے نکال کر اسکی اسکرین دیکھی جس پر مغیرہ کی کال تھی جسے دیکھتے ہی مان کے لبوں پر تبسم بکھرا اور اس نے فوراً سے کال یس کر کے موبائل کان سے لگایا۔

اسلام علیکم کیا حال ہے گڑیا کیسی ہے عاہد اور روبیشہ کیسے ہیں؟

مان نے فوراً کال اٹھاتے ہی ایک ساتھ کافی سوال کر ڈالے۔

وعلیکم سلام اور الحمدللہ سب ٹھیک ہیں ابھی تھوڑی دیر پہلے ہی روبیشہ اور عاہد کے پاس سے آئے ہیں تجھ سے ضروری بات کرنی تھی اس لئے سوچا فون کر لو۔

خیریت مغیرہ تو پریشان لگ رہا ہے جو بات ہے کھل کر بتا۔

Posted On Kitab Nagri

مان نے مغیرہ کی آواز میں پریشانی محسوس کرتے ہوئے پوچھا۔

مان وہ جو یاسر اشفاق ہے نہ جیسمین کا بھائی اور اپنے بزنس کا تھرٹی پرسنٹ کا پاٹنر اس نے اور اسکے باپ نے شرط رکھی ہیکہ اگر تو نے بھابھی کو طلاق دیکر جیسمین سے شادی نہیں کی تو وہ اپنے سارے شئیرز واپس لے لینگے اور تو جانتا ہے اگر ایسا ہو گیا تو اپنا کتنا نقصان ہو جائیگا۔

مان کے پوچھنے پر مغیرہ نے ساری بات اسکے گوش وگزار کر دی۔

تو سارے دشمن ایک ساتھ حملہ آور ہو رہے ہے کوئی بات نہیں اس بار کسی کو بھی مایوس نہیں لوٹاؤنگا اب میں اپنے اصل سے روشناس کرواؤنگا کہ آخر دہمان درانی ہے کیا چیز خیر اس میں اتنا پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے اس نے مجھے دھمکی دیکر اپنے پیر پر خود کلہاڑی ماری ہے اور تو میری بات غور سے سن یاسر اور اسکے باپ اشفاق سے اس معاملے میں تفصیلی بات کر اور اسے ریکارڈ کر کے میڈیا پر دے دیں اور ساتھ میڈیا پر اس بات کا اعلان کر دے کہ ہم خود ان سے پاٹنرشب ختم کر رہے ہیں اور انکے شئیر لوٹا دے اور عاہد کے ساتھ پارٹنرشپ کر لے میں ماموں سے بات کر لونگا اس سے ہمیں کوئی نقصان نہیں ہو گا بلکہ الٹا اسی کو سارا نقصان ہو گا ہمارے بعد ان سے کوئی پارٹنرشپ نہیں کریگا اور انکے شئیر ٹکے بھاؤ بھی کوئی نہیں خریدیگا میں ایسا نہیں کرتا لیکن اس نے میری زندگی کو مجھ سے چھیننے کی دھمکی دی ہے جس پر اسے روڈ پر لانا تو بہت چھوٹی سزا ہے میرا دل تو اس پر اسکی سانسیں تنگ کرنے کا کر رہا ہے لیکن میں ظالم اور قاتل نہیں کہلوانا چاہتا خود کو اس لئے رعایت کر دی ہے اسکی سزا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

میں اور اب تو مجھے فون تب ہی کریگا جب سارے نیوز اینکر چیخ چیخ کر اسکی بربادی کا اعلان دنیا میں کر رہے ہونگے تب تک کے لئے اللہ حافظ۔

مان نے مغیرہ کو سارا پلان سمجھا کر فون بند کر کے جیب میں رکھا اور ڈیرے سے نکلتا چلا گیا کیونکہ اب اسکا رخ گھر کی طرف تھا جہاں اسکی جان سے پیاری بیوی اور بچے اسکا انتظار کر رہے تھے۔

----------------------

دیا اب طبیعت کیسی ہے کھانا کھایا دوائی لی؟

مان نے کمرے میں آتے ہی ازدیان سے ایک ساتھ کئے سوال کر ڈالے۔

جی بہتر ہے ابھی کھانا کھا کر دوائی لی ہے آپ بیٹھو میں کھانا منگواتی ہوں۔

مان نے پوچھنے ازدیان نے اسے نم لہجے میں جواب دیا اور اٹھ کر جانے لگی کہ مان نے ہاتھ پکڑ کر دوبارہ اسے بٹھایا۔

کیا ہوا ہے کیوں رو رہی ہوں کسی نے کچھ کہا ہے؟

مان نے ازدیان کا نم لہجہ محسوس کر کے نرمی سے پوچھا۔

دیا مجھے بتاؤ کیا بات پریشان کر رہی ہے اگر کچھ پوچھنا ہے تو پوچھو یوں رو کر خود کو مجھے کیوں پریشان کر رہی ہوں شاباش بتاؤ کیوں پریشان ہو۔

مان نے ازدیان کو نرمی سے سمجھاتے ساتھ دوبارہ پیار سے پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

ماں مجھے ڈر لگتا ہے ہم نے اپنا ایک بیٹا کھو دیا میری غفلت کی وجہ سے کہیں ظالم میرے ان دو معصوموں کو بھی مجھ سے نا چھین لے جب سے مجھے معلوم ہوا ہے میرے مصطفیٰ کو مارا گیا ہے میرے دل میں ڈر بیٹھ گیا ہے جو نہ مجھے رات کو سکون لینے دیتا ہے اور نہ ہی دن کو چین اور آپکے بابا تو میری بیٹی کو پسند نہیں کرتے وہ اس معصوم کو اپنے بھائی کا قاتل کہتے ہیں ماں اسے ابھی دنیا میں آئے دن ہی کتنے ہوئے ہیں وہ کیسے مار سکتی ہے میرے مصطفیٰ کو ماں میں خود پر ہر ظلم ہر ستم منہ پر قفل لگا کر سہہ لونگی لیکن میرے بچوں کو جس دن کچھ ہوا میں مر جاؤنگی میں ان کو تکلیف میں نہیں دیکھ سکتی میں انکے بغیر زندہ رہنے کا سوچ بھی نہیں سکتی۔

ازدیان نے روتے روتے اپنے دل کی ساری بات ماں کو بتائی جو کہ عزیت سے اسے دیکھ رہا تھا کیا تھی وہ اور کیا بنا دیا تھا ظالم لوگوں نے۔

پہلے اسکی شرارتیں اور مسکراہٹ ختم نہیں ہوتی تھی اور اب آنسو نہیں سوکھتے تھے۔

ششششش۔۔۔چپ بلکل سب سے پہلے یہ بات اپنے دماغ میں بٹھالو تم نے کچھ نہیں کیا تمہارا اس سب میں کوئی قصور نہیں ہے یہ سب اللہ کی مرضی تھی اور اب کچھ نہیں ہو گا میں ہو نہ سب سے پہلے اللہ پر اور اسکے بعد مجھ پر بھروسہ رکھو جو ہونا تھا ہو چکا میری لاعلمی میں اب مجھے سب معلوم ہے اور اب ہر کوئی اپنے انجام کو پہنچے گا جو کھیل ان لوگوں نے شروع کیا ہے اسے ختم اب میں کرونگا بے فکر رہو تم پر اور بچوں پر ایک آنچ بھی آنے نہیں دونگا اللہ پر یقین رکھو وہ سب بہتر کریگا میری حیات تو اتنی بہادر

Posted On Kitab Nagri

ہے پھر کیسے تم ان ظالموں سے ڈر گئی جنکا اب تک تم ڈٹ کر مقابلہ کرتی آئی ہو مجھے ہمّت دیتی آئی ہو زندگی اور موت اللہ کے ہاتھ میں ہے یہ ایمان ہے نہ تمہارا اسکے بغیر کوئی پتہ بھی اپنی جگہ سے نہیں ہل سکتا کسی کو مارنا تو بہت دور کی بات ہے اللہ سے دعا کرو اور خود کو پر سکون رکھو تاکہ تمہارا سکون دیکھ کر تمہارے دشمن بے سکون ہو جائیں تم تو اتنی بہادر اور اتنی حقیقت پسند ہو پھر آج کیوں اس ڈر کو اپنے دل میں بیٹھنے دیا تم ہی کہتی ہو نہ کہ مؤمن کو کسی بات کا ڈر اور خوف نہیں ہوتا کیونکہ وہ اللہ پر توّکل کرتے ہیں تو پھر اپنے رب پر اپنے توّکل کو کیوں ٹوٹنے دے رہی ہوں ایسی باتیں کر کے اللہ پر کامل یقین رکھو وہ سب بہتر کریگا۔

ازدیان کے روتے ہوئے کہنے پر مان اسے خود سے لگاتے ہوئے سمجھایا جس پر ازدیان نے سمجھتے ہوئے سر کو جنبشن دی اور اپنے آنسو صاف کیے کیونکہ مان کے سمجھانے پر اب وہ کافی سنبھل گئی تھی۔

میں فریش ہونے جارہا ہوں کھانا یہی منگوا لو دونوں ساتھ کھائیں گے۔

مان نے ازدیان کو خود سے الگ کرتے ہوئے کہا اور وارڈروب سے اپنے کپڑے لیتا فریش ہونے چلا گیا جبکہ ازدیان بھی بنا بحث کیے ملازمہ کو کھانے کا کہنے کے لئے انٹرکام کی طرف بڑھی جو کہ مان نے ہی لگوایا تھا تاکہ ازدیان کو سیڑھیاں اترنی نا پڑے۔

Posted On Kitab Nagri

ازدیان نے انٹر کام پر ملازمہ کو کھانے کا کہا اور خود ماں کا انتظار کرنے لگی کیونکہ اسے پتہ تھا ماں اسکے بغیر کھانا نہیں کھائیگا اس لئے ازدیان بھوک نا ہوتے ہوئے بھی دو چار نوالے ماں کے ساتھ کھالیا کرتی تھی تاکہ وہ بھوکا نا رہے۔

ناظرین ہم آپکو بتاتے چلیں کہ مشہور بزنس ٹائیکون اشفاق ملک اور انکے بیٹے یاسر ملک نے مشہور بزنس ٹائیکون دہمان درانی سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنی وائف کو طلاق دیکر انکی بیٹی جیسمین ملک سے شادی کریں ورنہ وہ ان سے پاٹنر شب ختم کر دینگے جس پر دہمان درانی کے بھائی مغیرہ درانی نے ان کا جواب دیا کہ وہ خود اشفاق ملک اور یاسر ملک کو انکے شئیرز دیکر پاٹنر شپ ختم کرنے کا اعلان کرتے ہیں اور ساتھ ساتھ مشہور بزنس ٹائیکون عمران درانی اور انکے بیٹے عاہد درانی کا آپس میں پاٹنر شپ کا اعلان

۔

ناظرین بتاتے چلیں کہ اشفاق ملک کے مطالبے پر دہمان درانی کا کہنا ہیکہ وہ مر کر بھی ایسا نہیں کرینگے اور انہوں نے انکی بیوی کا نام لے کر بہت غلط مطالبہ کیا ہے جسکا خمیازہ انہیں بھگتنا پڑیگا۔

نیوز اینکر چیخ چیخ کر اشفاق ملک اور یاسر ملک کی عزت کی دھجیاں بکھیر رہا تھا جبکہ وہ باپ بیٹے سر تھامے بیٹھے تھے دہمان نے صرف ایک دھمکی کی بہت بڑی سزا دی تھی انہیں۔

Posted On Kitab Nagri

عدنان درانی یہ سب میں نے تمہارے کہنے پر کیا ہے اور تمہارا بیٹا مجھے سڑک پر لے آیا میں اسے نہیں چھوڑونگا یہ یاد رکھنا تم میری عزت کا جنازہ نکال کر اس نے اچھا نہیں کیا اب اسے میری بربادی کی قیمت اپنی جان سے چکانی ہوگی۔

اشفاق ملک عدنان درانی کو فون کرتا دھاڑا اور بنا اسکی بات سنے فون کھٹاک سے بند کر دیا۔

ناصر ناصر۔۔۔اشفاق ملک فون بند کرتے دھاڑتے ہوئے اپنے آدمی کو پکارنے لگا۔

جی جی صاحب۔۔۔اشفاق ملک کے دھاڑنے پر ناصر دوڑتا ہوا حاضر ہوا اور ڈرتے ہوئے کہا۔

دہمان درانی کے گھر پر نظر رکھو جیسے ہی وہ گھر سے نکلے اس کا پیچھا کرو اور کسی سنسان جگہ پہنچ کر اسکا کام تمام کر دو آج ہی مجھے اسکی موت کی خوشخبری مل جانی چاہیئے۔

اشفاق ملک نے دھاڑتے ہوئے ناصر کو حکم دیا جس پر وہ سر اثبات میں ہلاتا باہر بھاگا کہ کہیں ساری بے عزتی کا غصہ اس پر نا اتر جائے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

-----------------

مما مجھے لگتا ہے یہ ملازمہ اب اس ڈائن کو وہ دوائی نہیں دے رہی آج کل سوتی نہیں ہے اٹھی رہتی ہے اچھا ہوتا اسی دن مر جاتے یہ تینوں بھی لیکن ماں نے انہیں بچالیا اب کچھ اور کرنا پڑیگا۔

منیشہ نے کمرے ٹہلتے ہوئے اپنی ماں سے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں ایک سال ہونے کو ہے مان کی شادی کو اور اولاد بھی جلدی ہو گئی ہم ابھی تک کچھ نہیں کر سکے کبھی بھی کچھ کرنے کی کوشش کرو کیسے نہ کیسے وہ گالی بچ جاتی ہے اب اسکا پکا انتظام کرنا پڑیگا کیونکہ اگر اب اسکا انتظام نہ کیا تو وہ ہمارے لئے اور زیادہ خطرہ بن جائیگی۔

کسی کو فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے بس اب دیکھتے جاؤ میں کیا کرتا ہوں بس خاموش تماشائی کی طرح تماشا دیکھو اس گالی کی بے بسی کا اور اس مرتبہ تو مان بھی نہیں بچا پائیگا اور اسکے بعد سردارنی منیشہ ہی بنے گی اس لئے بے فکر رہو۔

پھوپھو کے کہنے پر عدنان صاحب نے اپنے ناپاک ارادوں کو سوچتے ہوئے شیطانی مسکراہٹ سے کہا۔

بھائی صاحب میری بیٹی نے بہت صبر کر لیا اب آپ جلدی کریں جو کرنا ہے یہ میری بیٹی کی جگہ تھی جو آج اس گالی نے لی ہوئی ہے۔

بے فکر رہوں تم اب سب میرے پلان کے مطابق ہی ہو گا۔

پھوپھو کے کہنے پر عدنان صاحب نے انہیں تسلی دیتے ہوئے کہا اور پھر تینوں کے چہروں پر شیطانی مسکراہٹ رقص کرنے لگی۔

---------------------------

دیا کہ اگر تمہیں یہ سب آسائیشیں چھوڑنی پڑی تو کیا تم میرے ساتھ گزارا کر لو گی؟

مان نے لیپ ٹاپ پر کام کرتے ازدیان سے پوچھا جو کہ سماویہ اور عرفیہ کو فیڈر ہلا رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

یہ کیسی بات کر رہے ہیں آپ مان آپ میرے مزاجی خنذ ہیں میرے بچوں کے باپ ہیں مجھے آپ ہر حالت میں مرتے دم تک قبول ہو بلکہ میں تو دعا کرتی ہوں کہ اللہ آپکا اور میرا ساتھ جنت میں بھی قائم رکھیں آپ اگر مجھے جھونپڑی میں بھی رکھینگے نہ میں تب بھی اُف نہیں کہونگی روزی عورت کے نصیب کی ہوتی ہے اور میں نے آپ سے ان آسائیشوں کو دیکھ کر شادی نہیں کی تھی شادی کے لئے آپ نے فورس کیا تھا مجھے افسوس ہوا آج تک آپ مجھے سمجھ نہیں سکے میں نے کبھی آپ سے پیسوں کی یا ڈائمنڈ جیولری یا کسی بھی ایسی چیز کی خواہش نہیں کی آج تک کیونکہ مجھے ان چیزوں کی تمنا ہی نہیں ہے آپ مجھے دو وقت کی روٹی بھی دے دینگے تو آپ کے ساتھ خوش ہوں میں کیوں چھوڑ کر جاؤنگی آپکو آئیندہ ایسی فضول بات مت کیجئےگا ورنہ میں بات نہیں کرونگی۔

مان کے پوچھنے پر ازدیان اپنے ماتھے پر بل ڈالے مان کو سناتی چلی گئی۔

یار میں تو بس ایسے ہی پوچھ رہا تھا تم تو ناراض ہو گئی اچھا سوری۔

مان ازدیان کو ناراض ہوتا دیکھ لیپ ٹاپ بند کر تا بیڈ پر اسکے پاس بیٹھتے ہوئے کان پکڑ کر معافی مانگنے لگا۔

مان آج آپ نے یہ بات کہہ دی آئیندہ نہیں کرنا ورنہ میں بہت برا پیش آؤنگی بلکہ آپکو ایسی بیوی بن کر دکھاؤنگی جو آپ کی ناک میں دم کر دیگی پھر آپ کو پتہ چلیگا بیویاں ہوتی کیسی ہے مجھ جیسی معصوم بیوی مل گئی نا اس لئے دماغ آسمان پر ہیں آپکے۔

Posted On Kitab Nagri

ازدیان نے ماں کے ہاتھ نیچے کرتے ہوئے خفگی سے کہا۔

اچھا نا اب نہیں کرونگا مجھے میری دیا ہی پسند ہے اور ہمیشہ رہیگی اور ہمیشہ ایسی ہی رہنا ہر پل ساتھ میرے قدم سے قدم ملا کر چلنا میں گرنے لگوں تو مجھے سہارا دینا میں بھی نماز میں دعا کرتا ہوں کہ جنت میں مجھے تمہارا ہی ساتھ ملے۔

اچھا اب میں باہر جا رہا ہوں کسی کام سے کچھ دیر تک آجاؤنگا پریشان نہیں ہونا۔

ماں کہاں جا رہے ہیں آپ خیریت تو ہے رات کے آٹھ بج رہے ہیں ابھی جائینگے تو آئینگے کب آپکو پتہ ہے نہ میں کتنا پریشان ہو جاتی ہوں۔

ماں کے کہنے پر ازدیان نے فکرمندی سے کہا۔

مجھے ضروری کام ہے بس صرف آج جانے دو آئندہ نہیں جاؤنگا اور پریشان نہیں ہونا بس تھوڑی دیر میں آجاؤنگا۔

اچھا چلیں ٹھیک ہے جائیں لیکن جلدی آجائیگا اور اگر لیٹ ہو جائیں تو مجھے فون لازمی کر دیجئیگا۔

اچھا ٹھیک ہے اللہ حافظ۔

ازدیان کے ہدایت دینے پر ماں نے اسے کہا اور اسکے سر پر پیار کرتا کمرے سے نکلتا چلا گیا۔

Posted On Kitab Nagri

ماں کے جانے کے بعد ازدیان نے بچوں کو عافیہ بیگم کو دیکر نماز قرآن پڑھا اور پھر بچوں کو دوبارہ کمرے میں لاکر انہیں سلاتے ہوئے خود بھی لیٹ گئی اور انہیں سلاتے سلاتے خود بھی سو گئی ابھی اسے سوئے کچھ ہی دیر گزری تھی کہ اسکا موبائل بجا جو کہ سائیڈ ٹیبل پر ہی رکھا تھا۔

ازدیان نے فون اٹھا کر دیکھا تو ماں کی کال تھی ازدیان نے کال یس کر کے کان سے لگاتے شروع ہو گئی

۔

اسلام علیکم ماں کہاں ہے آپ ابھی تک آئے نہیں پتہ بھی میں کتنی پریشان ہو جاتی ہوں میں نے کھانا بھی نہیں کھایا ابھی تک اگر کھالیتی تو دوبارہ کھانا پڑتا اس لئے ابھی تک آپکے انتظار میں بھوکی بیٹھی ہوں لیکن آپکو پرواہ ہی نہیں ہے۔

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

وعلیکم سلام بچے آپکے شوہر کا ایکسیڈینٹ ہو گیا تھا میں انہیں ہسپتال لیکر آیا ہوں اور گھر اطلاع دینے کے لئے آپکو فون کیا ہے آپ لوگ ہسپتال پہنچ جائے۔

ازدیان کو مسلسل بولتا دیکھ فون کرنے والے آدمی نے نرم لہجے میں کہا جبکہ ازدیان تو ماں کے ایکسیڈینٹ والی بات پر ساکت ہو گئی تھی موبائل ہاتھ سے چھوٹ کر بیڈ پر گرا اور منٹوں میں آنسوؤں سے تر ہو گیا کیا وہ پھر سے اپنے کسی جان سے پیارے شخص کو کھونے جا رہی تھی۔

www.kitabnagri.com

نہیں نہیں ایسا نہیں ہو سکتا ماں ٹھیک ہے ہاں ٹھیک ہے مجھے انکے پاس جانا چاہیئے۔

ازدیان خود سے بڑبڑاتی اٹھی اور ننگے سر اور ننگے پاؤں باہر بھاگی ماں کا سن کر اسے بچے بھی بھول گئے تھے۔

-----------------

Posted On Kitab Nagri

ہاں ہو گیا کام صحیح ہے مرنا نہیں چاہئے کسی قیمت پر بھی ساری جائیداد اسکے نام ہے لیکن رات بھر اسے وہی ہسپتال میں رکھنا تاکہ میں یہاں اسکے بیوی بچوں کا کام تمام کر سکوں آج میری جیت ہو گی۔

ازدیان ابھی لاؤنج میں ہی پہنچی تھی کہ عدنان صاحب کی آواز نے اسکے قدم جکڑے جو کہ پیٹھ کیے آہستہ سے اپنے ناپاک ارادوں سے مقابل کو آگاہ کر رہے تھے۔

عدنان صاحب کی بات پر ازدیان ہوش میں آئی اور دبے قدموں سے دوبارہ اپنے کمرے میں بچوں کے پاس بھاگی کیونکہ آج اسے اپنے ساتھ اپنے بچوں کو بھی ان ظالموں سے بچانا تھا۔

ازدیان نے کمرے میں آتے ہی کمرہ اچھی طرح لاک کیا اور فون اٹھا کر نسرین (وہ ملازمہ جس نے ماں کو سب سچ بتایا تھا) کو فون کیا جو اس نے دوسری بیل پر اٹھالیا۔

اسلام علیکم نسرین باجی آپ اپنے شوہر سے کہیں حویلی کے پچھلے گیٹ کے باہر کھڑے ہو جائیں اور آپ پچھلے لان میں مجھے ملے مجھے یہاں سے نکلنا ہے پلیز میری مدد کریں میری اور بچوں کی جان خطرے میں ہے۔

ازدیان نے نسرین کو مختصر سا بتایا کیونکہ انکے پاس وقت کم تھا۔

چھوٹی سردارنی آپ پریشان نہ ہو میں اور میرا شوہر آپکو صحیح سلامت یہاں سے نکال دینگے۔

ملازمہ نے ازدیان کو تسلی دی اور فون بند کر دیا۔

Posted On Kitab Nagri

فون کے بند ہوتے ہی ازدیان نے جلدی سے ایک پرس نکالا اس میں پیسے (جو مان اسے خرچ کرنے کے لیے دیتا تھا لیکن وہ جمع کرلیا کرتی تھی) پرس میں رکھے ایک پرچی پر کچھ لکھا اور اور اس پرچی کو مان کے ہینگ ہوئے کوٹ کی جیب میں ڈال کر عبایا پہنا اور اسکے اوپر چادر لی اور دونوں بچوں کو اچھی طرح لپیٹ کر انہیں بمشکل ساتھ اٹھاتی اپنا ہینڈ بیگ کندھے پر ڈالے چھپتی چھپاتی بیک گارڈن میں آئی جہاں نسرین پہلے سے کھڑی تھی۔

ازدیان کو آتا دیکھ نسرین جلدی سے اسکی طرف بڑھی اور اس سے ثمامہ کو لیا اور پھر دونوں حویلی کا پچھلا گیٹ عبور کر گئی۔

---------------

وہ دونوں باہر آئی تو نسرین کا شوہر پہلے ہی گاڑی لئے کھڑا تھا تو وہ دونوں چپ چاپ گاڑی میں بیٹھ گئی اور انکے بیٹھتے ہی غفور نے گاڑی آگے بڑھادی۔

چھوٹی سردارنی کہاں جانا ہے آپکو؟

غفور نے گاؤں کی حدود سے باہر نکلتے ہوئے ازدیان سے پوچھا کیونکہ ابھی وہ جس سڑک پر سفر کر رہے تھے وہ شہر کی طرف جاتی تھی۔

یہ ایڈریس ہے آپ مجھے یہاں پہنچادیں۔

Posted On Kitab Nagri

غفور کے پوچھنے پر ازدیان ایک پرچی اسکی طرف بڑھاتے ہوئے کہا جس پر غفور نے وہ پرچی بلکل کنارے سے پکڑلی کیونکہ وہ سمجھ گیا تھا کہ ابھی وہ اپنے حواس میں نہیں ہے ورنہ اسے ڈائریکٹ مخاطب کرنے کی غلطی نہیں کرتی۔

رات کے بارہ بجے غفور ازدیان کو باحفاظت اس ایڈریس پر اتار چکا تھا۔

ازدیان نے گاڑی سے نکل کر اس دروازے کو دیکھا جو اسکے سکھ دکھ اسکے بچپن کا ساتھی تھا ہر دکھ سے نجات اسے یہاں سے ملی تھی۔

ازدیان ایک ہاتھ سے ثمامہ کو پکڑتی دوسرے ہاتھ سے ڈرتے ہوئے دستک دینے لگی کہ کہیں وہ لوگ گھر تو نہیں چھوڑ گئے جن کے پاس وہ پناہ لینے آئی تھی ورنہ اس بھری دنیا میں تھا ہی کون اسکا اور جو تھا اسے وہ اپنے بچوں کی خاطر چھوڑ آئی تھی۔

ازدیان نے دروازہ نہ کھلنے پر دوبارہ اور تیسری دفعہ دستک دی لیکن دروازہ نہیں کھلا تو وہ مایوس ہو کر پلٹنے لگی۔

ابھی وہ پلٹی ہی تھی کہ کھٹک کی آواز کے ساتھ دروازہ کھلا اور ایک ادھیڑ عمر آدمی ان سب کو غور سے دیکھنے لگا۔

بابا مجھے نہیں پہچانا آپکی گڑیا آج پھر مصیبت میں آپکے در پر کھڑی ہے۔

ازدیان نے اس شخص کے چہرے پر شناسائی کی رمق دیکھ کر رندھے ہوئے لہجے میں کہا۔

Posted On Kitab Nagri

ازدیان میری ازدیان میرا بچا کہاں تھے آپ اپنے بابا کو چھوڑ کر چلی گئیں یہ بھی نہیں سوچا کیا حال ہو گا آپ کے بعد ہمارا اور پھر کوئی رابطہ بھی نہیں کیا۔

وہ شخص ازدیان کو پہچانتے ہی اس کے سر پر ہاتھ رکھے نم آنکھوں سے اسے دیکھتے ہوئے کہنے لگا۔

ارے سفیان صاحب میری بیٹی کو اندر تو آنے دیں ساری بات یہاں ہی کر لینگی کیا؟

مسز سفیان جو کہ سفیان صاحب کے اتنی دیر تک واپس نا آنے پر تفتیش کے لئے دروازے پر آئی تھی انکی بات سن کر کہنے لگی۔

ہاں کیوں نہیں اندر آؤ میرا بچہ میری شہزادی کا گھر ہے آپ دونوں بھی اندر آئیں۔

مسز سفیان کے کہنے پر سفیان صاحب نے ازدیان کے ساتھ نسرین اور غفور کو بھی اندر آنے کا کہا۔

نہیں سر معذرت ہمیں دیر ہو رہی ہے ہمیں صبح ہونے سے پہلے دوبارہ حویلی پہنچنا ہے انشاءاللہ پھر کبھی

۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سفیان صاحب کے کہنے پر غفور نے شائستگی سے کہا اور پھر اسکے اشارہ کرنے پر نسرین نے ثمامہ کو مسز سفیان کو دیکر وہ دونوں دوبارہ حویلی چل دیے جبکہ ازدیان انکے ساتھ گھر میں داخل ہو گئی۔

-----------------

مان کی گاڑی ابھی گھر سے تھوڑی دور ہی آئی تھی کہ اسے محسوس ہوا کہ کوئی اسکا پیچھا کر رہا لیکن اس نے نظر انداز کیا۔

Posted On Kitab Nagri

مان کبھی بھی ازدیان کے منع کرنے باوجود گھر سے نہیں نکلتا لیکن آج مغیرہ عاہد رو بیشہ اور عائزہ نے آنا تھا اور مان نے انکی آمد کی خبر کسی کو نہیں دی تھی اس لئے اب وہ خود ہی انہیں ائیر پورٹ سے پک کرنے جا رہا تھا۔

مان کو مسلسل محسوس ہو رہا تھا کہ کوئی اسکا پیچھا کر رہا ہے بلکہ یقین ہو گیا تھا لیکن مان نے گاڑی نہیں روکی کیونکہ وہ چاہتا تھا جو کوئی بھی ہے وہ خود سامنے آئے۔

مان کی گاڑی ابھی گاؤں کی حدود سے تھوڑی سنان جگہ پر ہی آئی تھی کہ سامنے والے نے اپنی گاڑی میں بیٹھے سائلینسر لگی گن سے فائیر کیا جو کہ مان کی سائیڈ والی کھڑکی کا شیشہ چکنا چور کر گئی اور کچھ کانچ مان کے بازو پر بھی لگے جس کی وجہ سے مان کے بازو سے خون پانی کی طرح بہنے لگا۔

مان نے گاڑی سنبھالنے کی بہت کوشش کی لیکن نہیں کر پایا اور گاڑی بے قابو ہوتی سامنے درخت سے جا لگی جبکہ بہت زیادہ خون بہنے ہی وجہ سے مان غنودگی میں جا رہا تھا اور اسکے سامنے بار بار اپنے بچوں اور ازدیان کا چہرہ سامنے آ رہا تھا ہمّت جواب دے رہی تھی لیکن اسے ہمّت کرنی تھی اپنے بیوی بچوں کے لئے۔

مان نے دل ہی دل قرآنی آیات پڑھیں اور دروازہ ان لاک کر کے اسے کھولا اور گاڑی سے کود گیا جبکہ اسکے کودتے ہی مقابل نے گاڑی روکی اور اندھا دھند اسکی گاڑی پر فائیر کیے جسکی وجہ سے پوری گاڑی میں آگ لگ گئی جب وہ مطمئن ہو گئے کہ اب مان جل کر راکھ ہو گیا تو اپنی گاڑیوں میں بیٹھتے دوبارہ

Posted On Kitab Nagri

چلے گئے جبکہ مان جو کہ اللہ کو یاد کرتا ہمّت کرتا آنکھیں کھولے لیٹا تھا اس نے تھوڑی اور ہمّت کی اور خود کو گھسیٹتے ہوئے سڑک کی طرف لایا اور پھر ساری ہمّت جواب دیتے وہ وہی بے ہوش ہو کر زمین پر گر گیا جبکہ ہوش کھونے سے پہلے اسکی آنکھوں میں اپنے بچوں اور ازدیان کا پریشان چہرہ لہرایا۔

روبیشہ میں تو سب سے پہلے بھائی بھابھی اور بچوں سے ملنے انکے روم میں جا رہی ہوں تمہیں ملنا ہے تو آجاؤ باقی مما اور چچی سے صبح مل لینگے۔

عائزہ نے حویلی میں داخل ہوتے ہی روبیشہ سے کہا جو کہ سب کو سرپرائز دینے اور مان کے پک نہ کرنے کی وجہ سے ٹیکسی سے آئے تھے اور مان کے روم کی طرف بڑھ گئی تو روبیشہ مان اور عاہد بھی اسکے پیچھے مان کے روم کی طرف چل دیے۔

روبیشہ بھابھی اور بچے نہیں ہیں اور یہ کمرہ کیوں بکھرا ہوا ہے؟

عائزہ جیسے ہی ازدیان کے روم میں داخل ہوئی بکھرے ہوئے روم کو دیکھ کر اپنے پیچھے آتی روبیشہ سے کہنے لگی۔

جس کے الماری کے پٹ کھلے ہوئے تھے جس میں سے کچھ کپڑے نیچے گرے تھے بیڈ شیٹ بھی سلوٹ زدہ تھی کشن سارے نیچے گرے ہوئے تھے غرض کے سارا روم ہی درہم برہم تھا۔

عائزہ بھابھی کبھی روم کو گندہ نہیں رکھتی اللہ خیر کرے تم الماری میں کپڑے رکھو میں روم سیٹ کرتی ہوں۔

Posted On Kitab Nagri

عائزہ کے کہنے پر رویشہ نے اس سے کہا اور دونوں اپنے کاموں میں لگ گئی جبکہ مغیرہ کی چھٹی حس بہت کچھ غلط ہونے کا احساس دلا رہی تھی۔

یہ کیا ہے؟

عائزہ جو کے زمین پر پڑا امان کا کوٹ اٹھا کر ہینگ کر رہی تھی اس میں سے ایک پرچی گری تو عائزہ نے اسے اٹھاتے ہوئے کہا جس پر وہ تینوں بھی اسکی طرف متوجہ ہوئے۔

لاؤ اسکو مجھے دو۔

مغیرہ نے فوراً سے عائزہ کے ہاتھ سے پرچی لیتے ہوئے کہا اور کاغذ کو کھول کر پڑھنا شروع کیا۔

اسلام علیکم ماں میری اور بچوں کی جان خطرے میں ہے اس لئے میں یہاں سے جا رہی ہوں بچوں کو لیکر مجھے یقین ہے آپ مجھے ڈھونڈ لینگے ایڈریس میں نہیں لکھ رہی کیونکہ میں نہیں جانتی کہ یہ کاغذ آپ کے ہاتھ لگے گا بھی کہ نہیں جانتی ہوں آپ اس وقت ہسپتال میں ہیں لیکن بے بسی دیکھیں میں آپ سے ملنے بھی نہیں آسکتی مجھے بچوں کی خاطر یہ قدم اٹھانا پڑیگا ماں میں دعا کرونگی اللہ آپ کو سلامت رکھے آپ کا سایہ میرے اور میرے بچوں پر قائم رکھے ماں جیسے ہی آپ ٹھیک ہو جائیں تو مجھے جلدی ڈھونڈ لیجئیگا کیونکہ آپ سے زیادہ محفوظ مقام میرے اور بچوں کے لئے کوئی نہیں ہے اگر آج میں یہاں سے نہیں گئی تو صبح آپکو میری اور بچوں کی لاش ملتی مجھے معاف کر دیجئیگا میں یہاں سے جا رہی ہوں تب تک کے لئے جب تک آپ مجھے خود ڈھونڈ نہیں لیتے۔

Posted On Kitab Nagri

اللہ حافظ فی امان اللہ۔

اُف یہ کیا ہو گیا مان کہا ہے اب کوئی بھی نہیں بچیگا ہر کوئی اپنے کیا بھگتے گا مان کسی کو نہیں چھوڑیگا۔

مغیرہ نے کاغذ مروڑتے ہوئے غصے سے کہا۔

ٹرن ٹرن ٹرن۔۔۔۔۔

ابھی کوئی کچھ کہتا کہ ازدیان کا سائیڈ ٹیبل پر رکھا موبائل بجا(جو کہ وہ جلدی میں بھول گئی تھی)تو سب اسکی طرف متوجہ ہوئے۔

شاید بھابھی کا فون ہے میں دیکھتی ہوں۔

روبیشہ سب سے کہا اور بیڈ کی طرف بڑھ کر سائیڈ ٹیبل سے فون اٹھایا۔

بھائی کا فون ہے۔۔۔روبیشہ نے سب سے کہا اور کال یس کر کے فون اسپیکر پر ڈالا۔

اسلام علیکم بیٹا آپ ابھی تک آئی نہیں آپ کا شوہر ایمرجنسی میں ہے آپ لوگ آجائیں تو میں بھی گھر جاؤنگا میرے بیوی بچے میرا انتظار کررہے ہونگے۔

فون کے ریسیو ہوتے ہی وہ آدمی جس نے ازدیان کو پہلے اطلاع دی تھی دوبارہ فون کر کے کہنے لگا۔

آپ ہسپتال کا نام بتائیں ہم آرہے ہیں۔

مغیرہ نے اس آدمی سے کہا اور جس پر اس نے ہسپتال کے نام بتا کر فون بند کر دیا۔

Posted On Kitab Nagri

میں اور عاہد ہسپتال جارہے ہیں آپ لوگ بھی روم میں جاؤ اور مما اور تائی جان کو ابھی کچھ نہیں بتانا سب کو صبح سب پتا چل جائیگا فلحال ہم ہسپتال جارہے ہیں پریشان نہیں ہونا سب بہتر ہو گا۔

مغیرہ نے ان دونوں کو تسلی دیتے ہوئے کہا اور عاہد کے ساتھ ہسپتال کے لئے نکل گیا جب کہ پیچھے وہ دونوں بھی اپنے کمرے میں چلی گئی۔

-----------------------

ازدیان نے سفیان صاحب اور مسز سفیان کے پوچھنے پر بھی انہیں کچھ نہیں بتایا تھا بلکہ یہ کہہ کر انہیں چپ کروادیا تھا کہ میں یہاں رہنے آئی ہوں دو تین دن پھر واپس چلی جاؤ نگی۔

جبکہ ازدیان کی بات سن کر وہ دونوں مطمئین تو نہیں ہوئے تھے لیکن خاموش ضرور ہو گئے تھے۔

میں کمرے میں جارہی ہوں آپ لوگ بھی آرام کریں۔

ازدیان نے انکی کچھ کھوجتی نظروں سے نظریں چراتے ہوئے کہا اور اپنے کمرے میں آگئی۔

کمرے میں آکر اس نے بچوں کو کھلا پلا کر سلایا اور خود ساری رات بے چینی سے جاگتی رہی جبکہ جاگتے جاگتے اسے تہجد کا وقت ہو گیا تو وہ اٹھ کر تہجد ادا کرنے لگی اور پھر نماز پڑھ کر اپنے رب سے محو گفتگو ہو گئی۔

یااللہ مان کی حفاظت کرنا اے میرے رب ان ظالم لوگوں سے میرے شوہر کی حفاظت کرنا اگر انکو کچھ ہو گیا تو میرے ساتھ میرے بچے اور وہ گاؤں درھم برھم ہو جائیگا اے مالک الملک اب مجھ میں اپنے

Posted On Kitab Nagri

کسی جان سے پیارے کو کھونے کی ہمّت نہیں ہے اے میرے رب میرے مان کی حفاظت کرنا یا اللہ انہیں ہمّت و حوصلہ دینا کہ وہ ظالموں کو نیست و نابود کر سکیں انہیں اتنا ظرف دینا کہ اگر مقابل جان سے پیارا بھی ہو تو وہ ناانصافی نا کریں یا اللہ انکی کاوشوں اور انکی محنت کو رائیگاں جانے نہ دینا اے میرے رب تو ہر چیز پر قادر ہے اے میرے مالک میرے شوہر کا سایہ مجھ پر اور میرے بچوں پر ہمیشہ قائم رکھنا اے پاک پروردگار تو عاؤں کو سننے والا اور قبول کرنے والا ہے اے بادشاہوں کے بادشاہ میری دعا قبول فرما میرے مان کی حفاظت فرما آمین۔

ازدیان زار و قطار روتے ہوئے تہجد میں اپنے رب سے اپنے شوہر کی سلامتی کی دعا مانگ رہی تھی اور اسے یقین تھا بیشک وہ رب ہر چیز پر قادر ہے وہ اسکی ضرور سنے گا۔

ازدیان نے تہجد کی نماز پڑھ کر قرآن پاک کی تلاوت کی اتنے میں فجر کی اذان ہو گئی تو اس نے قرآن پاک بند کر کے فجر کی نماز ادا کی اور اذکار پڑھے اسکے بعد دوبارہ قرآن پاک کی تلاوت کی اور پھر بچوں کے رونے کی آواز سن کر قرآن پاک بند کرتی انکی پاس جا کر انہیں سنبھالنے لگی جو کہ ایک ساتھ بلند آواز میں رو رہے تھے۔

----------------------

کہاں ہے مان کیسا ہے کیا کہا ہے ڈاکٹر نے؟

Posted On Kitab Nagri

مغیرہ اور عاہد جو کہ ریسیپشن سے مان کا روم پوچھ کر وہی آئے تھے سامنے کھڑے ادھیڑ عمر کے شخص سے بے چینی سے پوچھنے لگا جو کہ مان کو ہسپتال لایا تھا۔

بچے وہ ٹھیک ہیں آپ پریشان نہ ہو ڈاکٹر نے نیند کا انجیکشن لگایا ہے اس لئے صبح تک اٹھ جائینگے۔

مغیرہ کے پریشانی سے پوچھنے پر اس شخص نے شائستگی سے کہا۔

کیسے ہوا یہ سب ؟

اس شخص کے نرمی سے کہنے پر مغیرہ نے دوبارہ پوچھا۔

بچے جب میں جائے وقوع پر پہنچا تو آپکا بھائی سڑک پر بے ہوش پڑا تھا جبکہ بازو اور سر سے خون نکل رہا تھا اور انکی گاڑی میں آگ لگی ہوئی تھی جو کہ میرے پہنچنے تک ہلکی ہو چکی تھی اور پھر میں انکو اس حالت میں دیکھ کر فوراً ہسپتال لے آیا لیکن اب میں چلتا ہوں میری بیوی پریشان ہو رہی ہو گی۔

مغیرہ کے پوچھنے پر اس شخص نے اسے تفصیل سے بتایا اور ان سے مصافحہ کرتا وہاں سے چل گیا جبکہ پیچھے مغیرہ سر پکڑ کر بیٹھ گیا کہ اگر اب مان نے ازدیان کا پوچھا تو کیا جواب دیگا۔

کیسا ہے مان طبیعت تو ٹھیک ہے۔

مغیرہ مان کو ہوش میں آتا دیکھ پوچھنے لگا۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں میں ٹھیک ہوں دیا کیسی ہے میں جانتا ہوں پریشان ہو رہی ہو گی اس نے کھانا بھی نہیں کھایا ہو گا بتا وہ ٹھیک تو ہے نہ کہیں اس نے طبیعت تو خراب نہیں کر لی اپنی دوائی لی تھی اس نے۔

مان نے مغیرہ کو جواب دینے کے ساتھ بے چینی اور پریشانی کے ملے جلے لہجے میں مغیرہ سے پوچھا۔

یہ کیا ہے مغیرہ میں تجھ سے کچھ پوچھ رہا ہوں۔

مان کے پوچھنے پر مغیرہ نے اپنی پوکٹ سے ازدیان کا لکھا ہوا خط نکال کر مان کو دیا جس پر ماں ماتھے پر بل ڈالتا غصے سے مغیرہ سے کہنے لگا۔

اسکو کھول کر پڑھ لے تجھے خود ہی اپنے سوالوں کے جواب مل جائینگے۔

مان کے غصہ کرنے پر مغیرہ نے کہا جس پر مان فوراً سے وہ خط کھول کر پڑھنے لگا جیسے جیسے وہ پڑھتا جارہا تھا اسکا چہرہ غصے سے لال ہوتا جارہا تھا۔

یہ کیا کر رہا مان پاگل ہو گیا ہے۔

خط کو پڑھتے ہی مان اپنے ہاتھ سے ڈرپ کھینچ کر نکالنے لگا جس پر مغیرہ نے اسے ڈانٹتے ہوئے کہا۔

مغیرہ مجھے اس وقت روکنے کی غلطی غلطی سے بھی مت کرنا اب وقت آگیا ہے ہر کسی کو اسکے انجام تک پہنچانے کا اب وقت آگیا ہے دشمنوں کو انکی اوقات یاد دلانے کا خیر سب ڈیوز کلئیر کر دینا میں جارہا ہوں۔

مغیرہ کے روکنے پر مان نے سرد لہجے میں کہا اور بنا کوئی دوسری بات سنے وہاں سے نکلتا چلا گیا۔

Posted On Kitab Nagri

---------------------------

بابا مجھے اپنے گھر جانا ہے آپ مجھے چھوڑ کر آئے ماں کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔

ازدیان نے ناشتہ کرتے ہوئے سفیان صاحب سے کہا کیونکہ وہ سوچ چکی تھی کہ اب مزید ان پر بوجھ نہیں بنے گی بلکہ ممکن ہیکہ اس کے یہاں رہنے سے یہ معصوم لوگ بھی دشمنوں کی نظر میں آجائے اس لئے ازدیان نہیں چاہتی تھی کہ اسکی وجہ سے انہیں کوئی بھی مصیبت دکھ یا پریشانی کا سامنا کرنا پڑے اس لئے ازدیان نے آج ہی یہاں سے اپنے گھر جانے کا فیصلہ کیا جو کہ ماں نے حق مہر کی رقم کے بدلے اسے گفٹ کیا تھا۔

بیٹا لیکن آپ تو دو تین دن رکنے آئی تھی نہ تو پھر اتنی جلدی کیوں جارہی ہو رات کو تو آئی تھی آپ۔

ازدیان کے کہنے پر مسز سفیان نے پریشانی سے پوچھا۔

نہیں مما پریشانی والی بات نہیں ہے آئی تو میں دو تین دن کے لیے تھی لیکن ماں کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے اس لئے جارہی ہوں پھر دوبارہ ملنے آؤنگی ماں کے ساتھ انشاءاللہ۔

اچھا ٹھیک ہے جیسے میرے بچے کی مرضی چلو پھر تیار ہو جاؤ میں چھوڑ آتا ہوں۔

ازدیان کے مسز سفیان کو تسلی دینے پر سفیان صاحب نے اسکے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے اسے تیار ہونے کا کہا تو وہ بھی سر اثبات میں ہلاتی کمرے میں عبایا پہننے چلی گئی۔

اچھا مما اللہ حافظ پکّا دوبارہ آؤنگی ملنے ماں کے ساتھ ناراض نا ہونا پلیز۔

Posted On Kitab Nagri

ازدیان نے عبایا پہن کر باہر آتے ہوئے مسز سفیان کو گلے لگاتے ہوئے کہا اور پھر انکی گود سے عرفیہ کو لیا جبکہ ثمامہ سفیان صاحب کی گود میں تھا اور پھر وہ اپنی اصل منزل کی طرف گامزن ہو گئی۔

------------------------

کیا خبر ہے؟

مان ہسپتال سے ڈائریکٹ ڈیرے پر آیا تھا اور اب اپنے سامنے بیٹھے اپنے مقبر سے سپاٹ لہجے میں پوچھنے لگا۔

سردار آپکے سامنے اشفاق ملک نے جو شرط رکھی تھی وہ آپ کے بابا کے کہنے پر رکھی تھی اور پھر جب آپ نے اس کے مطالبے کے بدلے جو اسے سزا دی اس سے وہ آگ بگولہ ہو گیا اور اپنے ساتھیوں کو آپکو مارنے کا حکم دیا اور آپکا ایکسیڈینٹ اسی نے کروایا تھا جبکہ آپکے بابا نے یہ کہاں تھا کہ آپکو زندہ رکھا جائے مرنے نہ دیا جائے کیونکہ ساری جائیداد آپکے نام ہے اور انہوں نے ہی کل رات منیشہ بی بی اور اپنی بہن کے ساتھ مل کر چھوٹی سردارنی اور دونوں بچوں کو مارنے کا پلان بنایا تھا۔

www.kitabnagri.com

وہ اپنے پلان پر عمل کرتے اس سے پہلے ہی میں چھوٹی سردارنی کو ان ظالموں سے محفوظ کرنا چاہتا تھا لیکن پتہ نہیں کیسے انکو پہلے ہی پتہ چل گیا سب اور وہ غفور اور انکی بیوی کی مدد سے دونوں بچوں کو لیکر حویلی سے بھاگ گئی اور اب ان دونوں کے علاوہ کسی کو بھی نہیں پتہ وہ کہاں گئی ہیں۔

Posted On Kitab Nagri

مغیرہ یاسر ملک اور اشفاق ملک کے جتنے بھی غلط دھندوں کے ثبوت ہے اپنے پاس وہ میڈیا اور پولیس کے حوالے کر دو شام تک مجھے وہ تینوں جیسمین ملک یاسر ملک اور اشفاق ملک سلاخوں کے پیچھے چاہئے کیونکہ جیسمین بھی پوری پوری اپنے باپ بھائی کے ساتھ ملی ہوئی ہے۔

اس آدمی کی بات سن کرمان نے اپنے ساتھ بیٹھے مغیرہ سے کہا اور وہاں سے نکلتا چلا گیا کیونکہ اب اسے دوسرے دشمنوں کو انکے انجام تک پہنچانا تھا جبکہ ازدیان کو ڈھونڈنا اس نے خود ہی شروع نہیں کیا تھا کیونکہ وہ چاہتا تھا سب مجرموں کو انکے اصل تک پہنچانے کے بعد ہی وہ ازدیان کو واپس لیکر آئے تاکہ وہ بنا کسی ڈر اور خوف کے اسکے ساتھ پر سکون زندگی گزار سکے۔

--------------------------

مسٹر عدنان درانی مس منیشہ درانی اور عدنان درانی کی سسٹر کو اریسٹ کرو۔

کیوں بھئی کیا کیا ہے ہم نے اور آپ لوگوں کی ہمّت کیسے ہوئی یہاں اس حویلی میں قدم رکھنے کی کس نے ہمارے خلاف رپورٹ درج کروائی ہے۔

میں نے۔۔۔ دہمان درانی اور اس گاؤں کے سردار نے۔

پولیس کے کہنے پر عدنان صاحب نے بھڑکتے ہوئے پوچھا جس پر دہمان نے انکے مقابلے آتے ہوئے انہیں آگاہ کیا۔

Posted On Kitab Nagri

اور کیوں کیا تم نے ایسا ؟ ضرور بھڑکایا ہو گا تمہیں تمہاری بیوی نے ہمارے خلاف اور خود بھاگ گ۔۔۔۔۔

خبر دار جو ایک لفظِ غلط بھی میری بیوی کے بارے میں کہا تو میں بھول جاؤنگا آپ رشتے میں میرے باپ لگتے ہیں۔

اور آپ کو اپنا گناہ جاننا ہے تو ٹھیک ہے سب کے سامنے میں آپکو آپکے گناہوں سے آگاہ کرتا ہوں۔

آپ میری ماں کے قاتل ہو آپ نے میری بیوی کو پورے ایک سال بے جا حبس میں رکھا اور روز اس پر اتنا تشدد کیا کہ وہ موت کے منہ تک پہنچ گئی آپ میری بیوی کے باپ کے قاتل ہوں یہ تو بہت مختصر ہے آپکے گناہوں کی فہرست تو بہت لمبی ہے۔

سب سے پہلے آپ نے میرے جان سے پیارے دادا کا قتل کیا آپ نے میری ماں کا قتل اس لئے کیا کیونکہ وہ جان چکی تھی کہ آپ ہر غلط کام میں اشفاق ملک کے ساتھ ملوث ہے بلکہ آدھے گناہگار ہیں آپ نے فرعون کی طرح گاؤں کے معصوم لوگوں پر ظلم کیا اور دیکھیں آج میرے رب نے آپکی رسی کھینچ لی آپ نے میری بیوی پر ایک سال تک تشدد کیا صرف اور صرف اس وجہ سے کہ وہ آپکے سامنے جھکی نہیں اس نے اللہ کے ساتھ شرک نہیں کیا جس کی سزا میں آپ نے اسکے ہی سامنے اسکے باپ کو بے رحمی سے قتل کر دیا تا کہ لوگوں کے دلوں میں آپکی دہشت بیٹھ جائے لوگ آپ کے سامنے سر نہ اٹھا سکیں اپنی آزادی کی آواز کو اپنے حلق میں دبا لیں۔

Posted On Kitab Nagri

اور ایک اور راز بتاؤ چلیں آپ سب کو ایک ایسا راز بتاتا ہوں جس سے آج تک آپ لوگ نا آشنا ہیں۔ مان نے ڈرامائی انداز میں کہتے ہوئے ایک طائرانہ نظر سب پر ڈالتے ہوئے کہا اور پھر دوبارہ عدنان صاحب سے مخاطب ہوا جبکہ سب دھم سادھے باپ بیٹے کو ایک دوسرے کے مقابل دیکھ رہے تھے۔

ذیشان چاچو اس ظالم شخص کی قید میں تھے انہوں نے کوئی دوسری شادی نہیں کی اور ناہی وہ چچی اور مغیرہ کو چھوڑ کر گئے بلکہ انہیں تا عمر کے لئے اس بے حس شخص نے قید کر لیا صرف اس لیے کیونکہ انکو ڈر تھا کہ کہیں دادا جان سردار چاچو کو نہ بنا دیں اور دادا جان کا ارادہ بھی چاچو کو ہی سردار بنانے کا تھا لیکن جب اس شخص کو معلوم ہوا کہ اس کا ڈر یقین میں بدلنے والا ہے تو اس نے دادا جان سے بغاوت کی جسکی وجہ سے دادا جان نے اپنی ساری جائیداد اپنے بیٹوں کے نام کرنے کے بجائے میرے اور مغیرہ کے نام کر دی اور میری ماں نے بھی اپنے نام نہاد شوہر کا شیطانی روپ دیکھ کر اپنا سب کچھ میرے نام کر دیا جسکی وجہ سے اس نے دادا جان کو قتل کر کے چاچو کو قید کر لیا تاکہ سرداری انکے حصے میں آئے اور یہی ہوا یہ اس گاؤں کے سردار بن بیٹھے پلان تو بہت اچھا بنایا تھا لیکن ایک غلطی صرف اور صرف ایک غلطی کی وجہ سے یہ شکست کھا گئے اور وہ تھی مجھے سردار بنانا اور آج انکی وہی غلطی انکے سامنے انکی سزا بنے کھڑی ہے۔

مان ایک ساتھ ہے در پے اپنے سینے میں دبے ہر راز سے پردہ اٹھاتا چلا گیا۔

کی۔۔اش۔۔بوت ہے تمہارے پاس ان باتوں کو ہاں ؟

Posted On Kitab Nagri

ماں کے تمام راز فاش کرنے پر عدنان صاحب نے ہکلاتے ہوئے کہا جبکہ شگفتہ بیگم تو اس انکشاف پر صدمے سے گرنے کو تھی جس پر مغیرہ نے آگے بڑھ کر انہیں سنبھالا جبکہ اسکا خود کا دل بھی خون کے آنسو رو رہا تھا کہ ساری زندگی اس نے اپنے باپ سے بدگمانی میں گزار دی جبکہ اسکا باپ تو کسی ناکردہ جرم کی سزا کاٹ رہا تھا۔

سارے ثبوت آپکو کوٹ میں مل جائینگے بے فکر رہیں آپ کا ہی بیٹا ہوں کچے کام نہیں کرتا۔

پچتاؤ گے تم ماں پچھتاؤ گے واقع میں نے تمہیں سردار بنا کر بیر بڑی غلطی کی کیونکہ بھول گیا تھا کہ تم بھی اسی عورت کے بیٹے ہو جس میں حق اور باطل کی جنگ لڑنے کا جنون تھا اور دیکھو بچاری ماری گئی اپنے جنون کے ساتھ ہی قبر میں اتار دی گئی اور کسی کو کان و کان خبر بھی نہیں اور اب تمہارا بھی یہی حال ہو گا کیونکہ جو بھی میرے راستے میں آئیگا اسکا یہی حال ہو گا اتنا اچھا پلان بنایا کہ اس گالی کو موت کے گھاٹ اتارنے کا لیکن بھاگ نکلی سالی لیکن کوئی بات نہیں کوشش جاری رہے گی اب بھی میں پیچھے نہیں ہٹوں گا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لے جائے اس آدمی کو اس پہلے کہ میں خود اپنے ہاتھوں سے اسے موت گھاٹ اتار دوں۔

عدنان صاحب کے منہ سے اپنی دیا کے لئے ایسے لفظ سن کر اس نے دھاڑتے ہوئے اہلکار سے کیا جس پر وہ عدنان صاءب کو ہتھکڑی لگاتے گھسیٹتے ہوئے لے گئے جبکہ اسکے حویلی سے باہر نکلتے ہی گاؤں ہے

Posted On Kitab Nagri

لوگوں نے اس پر ٹماٹروں انڈوں پتھروں کالے پانی کے برسات کردی جس سے بمشکل بچتے بچاتے اہکار اسے لیکر موبائل میں بیٹھے تھے۔

جو شخص ازدیان کو سزا دیکر عبرت کا نشان بنانا چاہتا تھا آج وہ خود پورے گاؤں کے سامنے عبرت کا نشان بنتے ہوئے اس گاؤں سے رخصت ہوا تھا۔

ماں بیٹا لیکن ہمارا کیا قصور ہے ؟

ماں ابھی عدنان صاحب کے سوال کا جواب دیتا کہ ماں کو بپھر تا دیکھ پھوپھو نے منمناتے ہوئے کہا جبکہ عدنان صاحب کا چہرہ لٹھے کی مانند سفید ہڑ چکا تھا کیونکہ آج انہیں کوئی راہِ فرار نظر نہیں آرہی تھی۔

ہاہاہاہاہاہاہاہاہاہاہا۔۔۔ آپ کے جرم آپ کا قصور آپ کے گناہ اچھا چلیں چھوڑیں یہ بتائیں کہ کہاں سے شروع کرو آپ دونوں ماں بیٹی کے گناہوں کی فہرست۔

پھوپھو کے پوچھنے پر ماں نے تمسخر سے ازیت بھرا قہقہہ لگاتے ہوئے برف کی مانند سرد لہجے میں کہا جس سے پھوپھو اور منیشہ کا چہرہ سفید پڑنے لگا کیونکہ اب انکے گناہوں کے منظرِ عام پر آنے کی باری تھی کیونکہ آج ماں ہر لحاظ بلائے طاق رکھے ہر ایک کو کڑی سے کڑی سزا دینی کی ٹھان چکا تھا کیونکہ ان سب نے مل کر اسکی طاقت اسکی زندگی اسکی حیات کو اور بچوں کو دور کرنے کی کوشش کی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

آپ لوگوں کے گناہ تو کوٹ میں میں ثبوتوں کے ساتھ پیش کرونگا آپ لے جائے سب کو اور کڑی سے کڑی سزا دلوانے کی کوشش کریں۔

مان نے پھوپھو کو جواب دینے کے ساتھ ایس پی سے کہا جو ان تینوں کو ہتھکڑی لگاتا لے گیا۔

جبکہ ان سب کے حویلی سے باہر نکلتے ہی گاؤں کے لوگوں نے ان پر ٹماٹروں انڈوں پتھروں کا لے پانی کے برسات کر دی جس سے بمشکل بچتے بچاتے اہکار انہیں لیکر موبائل میں بیٹھے تھے۔

جو شخص ازدیان کو سزا دیکر عبرت کا نشان بنانا چاہتا تھا آج وہ خود پورے گاؤں کے سامنے عبرت کا نشان بنتے ہوئے اس گاؤں سے رخصت ہوا تھا۔

ہر کوئی اپنے انجام کو پہنچ چکا تھا۔

-------------------------

ایک سال بعد۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ازدیان یار جلدی کرو ہمیں جانا ہے دیر ہو رہی ہے مصطفیٰ بھی رو رہا ہے اتنی دیر لگا دی ہے تم نے۔

بس نقاب لگا کر آ رہی ہوں دو منٹ۔

مان کے جھنجھلاتے ہوئے کہنے پر ازدیان نے کہا اور نقاب لگاتی باہر بھاگی جہاں شگفتہ بیگم عافیہ بیگم زیشان صاحب مغیرہ عائزہ مان سب اسکا ہی انتظار کر رہی تھے۔

Posted On Kitab Nagri

چلو بچو دیر ہو رہی ہے۔۔۔زیشان صاحب نے سب سے کہا جس پر سب سر ہلاتے اپنی اپنی گاڑیوں میں سوار ہو گئے اب انکا رخ گاؤں میں بنے کالج کی طرف تھا جہاں آج سب انوائٹڈ تھے جبکہ رویشہ عاہد عِلمان اریشفہ موحد یشفہ اور ارحم انشرح پہلے ہی پہنچ چکے تھے۔

اس ایک سال میں بہت کچھ بدل گیا تھا مان نے سرداری زیشان صاحب کو دے دی تھی جبکہ وہ اور مغیرہ بزنس سنبھال رہے تھے جو کہ وہ پاکستان ہی شفٹ کر چکے تھے اور انہوں نے عمران صاحب اور عاہد کے ساتھ پاٹنرشپ کرلی تھی جبکہ عِلمان کی شادی عاہد کی بہن اریشفہ سے اور اسکے چھوٹے بھائی موحد کی شادی یشفہ سے اور راحم کی شادی انشرح سے ہو گئی تھی جو کہ اس کے ساتھ یونیورسٹی میں پڑھتی تھی جبکہ مغیرہ اور عائزہ کو اللہ نے ایک پیاری سی بیٹی سے نوازہ تھا اور عاہد اور رویشہ کو بیٹے سے جبکہ مان اور ازدیان کو اللہ نے ایک اور بیٹے سے نوازہ تھا جسکا نام انہوں نے مصطفیٰ رکھا تھا اور اب وہ پر سکون زندگی ایک دوسرے سنگ گزار رہے تھے اور آج کالج کے فنکشن میں انہیں خاص بلایا گیا تھا اور اب وہ کالج کی طرف ہی گامزن تھے جبکہ عدنان صاحب کو پھانسی کی سزا سنائی گئی تھی اور یاسر ملک اشفاق ملک منیشہ پھوپھو اور جیسمین کو عمر قید سزا سنائی گئی تھی جبکہ جیسمین تو جہل میں رہتے رہتے پاگل ہو گئی تھی اور دوسروں کو نقصان پہنچانے لگی تھی جسکی وجہ سے اسے پاگل خانے منتقل کر دی گیا تھا اور اپنی بیٹی کی حالت دیکھ کر اشفاق ملک صدمے سے چل بسے جبکہ یاسر ملک پھوپھو اور منیشہ بامشقت عمر قید کی سزا کاٹ رہے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

---------------------

اسلام علیکم ایوری ون امید ہے سب خیریت سے ہونگے۔

خیر میں آپکا زیادہ وقت نہیں لونگی بس مختصر سے لفظوں میں میں آپ سب کو مقصدِ حیات سے روشناس کروانا چاہونگی۔

مقصدِ حیات کا مطلب ہے زندگی کا مطلب تو ہماری زندگی کا مطلب کیا ہے پیسہ دولت عزت شہرت سیکیور فیوچر؟ نہیں یہ سب نہیں بلکہ ہمارا مقصدِ حیات ہے اللہ اور اسکے رسول کی عبادت کرنا اور اسکے ساتھ کسی کو شریک نا ٹھہرانا۔

اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتے ہیکہ (نہیں ہم نے پیدا کیا انسانوں کو اور جنوں کو مگر اپنی عبادت کے لئے (القرآن) ایک اور جگہ قرآن میں آتا ہیکہ بیشک ہم نے پیدا کیا انسانوں کو تاکہ وہ اللہ کی بندگی کریں اسکی اطاعت کریں)۔

اور آج کل ہم کیا کر رہے ہیں کس چیز کے پیچھے بھاگ رہے ہیں پیسے کے لڑکیوں کے شہرت کے دولت کے حالانکہ اللہ نے بتایا ہیکہ رزق نصیب کا ہوتا ہے جتنا نصیب میں ہوگا اتنا مل جائیگا لیکن ہم پھر بھی اسکے پیچھے بھاگ رہے ہیں ہم نے پیسا کمانے کو ہی اپنا مقصدِ حیات بنالیا ہے اور دنیا میں آنے کا اصل مقصد بھول بیٹھے ہیں ہم اللہ کی نافرمانیوں میں اس قدر آگے بڑھ چکے ہیکہ ہمیں وہ نافرمانی وہ غلط کام غلط لگتا ہی نہیں ہے بلکہ ہم اپنے اس کام کو جسٹیفائی کرنے کے لئے بھونڈی دلیلیں پیش کرتے ہیں ہمیں

Posted On Kitab Nagri

چاہئے کہ ہم اپنا مقصدِ حیات پہچانے اور اللہ کی بتائی ہوئی شریعت اور اپنے نبی کی سنت پر عمل کر کے ہیں دنیا اور آخرت دونوں سنواریں دنیا تو ویسے بھی فانی ہے دائمی تو آخرت ہے اللہ سے دعا کرتی ہوں اللہ ہم سب کو اپنے اصل کی پہچان کروائے اور ہمیں صحیح اور غلط کو پہچاننے کی صلاحیت عطا کریں اور ہم سب کی مغفرت فرمائے اور ہمیں سیدھے راستے پر چلنے کی توفیق عطا کرے تاکہ اپنی دنیا کے ساتھ ساتھ آخرت بھی سنوار سکیں۔

)وما علینا الا البلاغ المبین (اور نہیں ہے میرے ذمے مگر صرف واضح تبلیغ کرنا)۔

ازدیان نے کالج کے ہیڈ کے اسرار پر چھوٹی سی تقریر کی اور پھر فنکشن ختم ہوتے ہی سب اپنی اپنی پرسکون منزلوں کی طرف چل دیے۔

ختم شد-----

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595